باکمال عاملین کے بے مثال تجربات

الٓمّٓ
حٰمٓ عٓسٓقٓ
نٓ
الٓمّٓصٓ
حٰمٓ
یٰسٓ
کٓھٰیٰعٓصٓ
قٓ
امین

افادات: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی پی ایچ ڈی (امریکہ)

باکمال عاملین کے
بے مثال تجربات

عامل کامل اور اطباء حضرات کی زندگی کے وہ راز
جو وہ اب تک اوروں سے چھپاتے رہے قارئین
کی خدمت میں من وعن پیش کئے جا رہے ہیں

افادات

شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم العالیہ
پی۔ ایچ۔ ڈی (امریکہ)

دفتر ماہنامہ عبقری

جملہ حقوق بحق ادارہ محفوظ ہیں

نام کتاب : باکمال عاملین کے بے مثال تجربات

افادات : شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی دامت برکاتہم پی۔ایچ۔ڈی (امریکہ)

نظر ثانی : حضرت مولانا مفتی محمد ولید الرشیدی حفظہ اللہ

ناشر : عبقری پبلیکشنز مرکز روحانیت وامن 78/3 ‘مزنگ چونگی‘
قرطبہ چوک‘ لاہور

قیمت : =/250 روپے

اس ویب سائٹ سے لاکھوں لوگ اپنے گھریلو مسائل
کے حل کے سلسلے میں استفادہ کرتے ہیں

www.ubqari.org

042-37425801,37425802-3

فہرست مضامین

دوسری روحانی کلاس	15
کتابوں سے محبت	15
قلمی مخطوطات	16
فتاویٰ عالمگیری اور گھر میں قبر	17
بادشاہ ہمایوں کی کتابوں سے محبت	18
ایک دلچسپ حکایت	19
بخل کی انتہا	20
علم دوستی کا مزاج	21
خوابوں کی حقیقت اور اس کے اصول	22
خواب میں بیماریوں کا علاج اور نشاندہی	22
مستقبل بینی کا ذریعہ	23
خواب زمان ومکان سے آزادی کا زینہ	24
خواب کی تعبیر میں باکمال ہستیاں	25
حدیث مبارکہ میں خواب کی اہمیت	26
جُہلا کا اہل علم بن جانا	27
خوابوں کی تعبیر سیکھنے کیلئے ہدایات	28
حکیم جن سے ملاقات	28
چائے بڑے بڑے نشوں کی ابتداء	29
کتابوں سے دوری	30
دنیا میں جنت کی لذت	31
روحانی کلاس کے شرکاء کے مشاہدات	32
شہداء کی حالت	32
سلاطین کے خواب اور ان کی حقیقت	33
میاں نواز شریف کا خواب	33
میاں صاحب کے خواب کی تعبیر	34
تشخیص کے لیے باکمال دعا	35
مانگنا بھکاری سے سیکھیں......!	36
استخارے کے لیے کمال کی دعا	37
مکار جن کی معافیاں	38
غبار خاطر	39
بنیاد کی پختگی	40
ملکہ زبیدہ کا خواب	41
بدنظری سے نجات کا نسخہ	41
بداخلاقوں سے اخلاق سیکھیں	42
بھڑ کاٹنے کا عمل اور یقین اعظم	43
خواب کی تعبیر کو سمجھنے کے رہنما اصول	44
گدھے کو چپ کرانے کا نسخہ	45
قواعد عملیات	46
خوشبو کا بکثرت استعمال	46
عطر پینے والا جن	47
عرب لوگوں کی خوشبو سے محبت	48
خوشبودار تیل کی دُھونی	49
فنگر پامسٹ کا علم......ضروری احتیاط	50
علم میں ترقی کا گر	51

خوابوں پر غور و فکر کریں	52
”یا علیم علمنی“ کے کمالات	52
”یا علیم علمنی“ سے چوروں کا سراغ	53
جسم روح کا محتاج	54
روح زمان و مکان سے آزادی کا زینہ	55
خواب اصلاح کا ذریعہ	56
حروف تہجی کے پراسرار کمالات و مشاہدات	57
قدردانوں کیلئے	57
نصیحت کے انمول موتی	58
قیمتی جوہر	59
حروف تہجی میں ساری کائنات کا راز	60
دنیا و آخرت میں گھاٹے کا سامان	61
حروف تہجی ناممکنات کا حل	62
جنات کی ہوشیاریاں	63
میاں بیوی کے جھگڑے کیلئے	64
ذہنی تکلیفوں اور ٹینشن سے نجات	65
حروف تہجی سے مشکلات کا حل	66
حروف تہجی کی خاص تعداد	67
درود ابراہیمی سے حفاظت	67
جملہ مسائل کے حل کیلئے	68
ہواؤں کو مسخر کرنے کیلئے	69
دل کو طاقتور بنائیں	70
عملیات میں کامیابی کیلئے یکسوئی کی ضرورت	71
وجدان کی تشریح	72
سوز و ساز، نالہ و فریاد	73
حروف تہجی اللہ کے کلام کا نور	74
حروف صوامت سے حفاظت	75
حروف صوامت لکھنے کا طریقہ	76
حروف صوامت والی روٹی کے کمالات	77
سورت ماعون سے کیڑے مکوڑوں کا خاتمہ	78
حروف تہجی کے موکلات	79
حروف تہجی کے انوکھے کمالات	80
ٹھیکے پر عمل نہ کرائیں	80
بیٹا باپ کا جنازہ کیوں پڑھائے؟	81
مشکوک چیزوں سے بچیں......!	82
حروف تہجی کی دل میں عظمت ہو	83
لفظ ”ق“ کے حیرت انگیز کرشمات	84
زیر زمین مخلوق کے رزق کا نظام لفظ ”ق“ میں ہے	84
حضرت معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق	85
کائنات کے راز جاننے کا عمل	86
لفظ ”ق“ کے عجب کمالات	87
کائنات کا سارا رزق اور کمال	89
حزب البحر کے انوکھے کمالات	90
بیماریوں، پریشانیوں اور مشکلات کا حل	90

یرقان اور ہیپاٹائٹس کے لیے روحانی وظیفہ	91
چہرے کے جملہ امراض کیلئے	92
شادیوں کی بندش کیلئے	93
حیرت انگیز ٹوٹکے	93
گدھے کے ناخن سے مرگی کا علاج	93
آیت لطیف کے کرشمات	94
مقدمات سے خلاصی کیلئے	94
وجدان کسے کہتے ہیں؟	95
مشکلات سے خلاصی	96
مال کی حفاظت	97
قدرت کی چھپی مخلوقات کا نظر آنا	97
آیت لطیف سے گھریلو الجھنوں کا حل	98
روحانی کلاس میں شرکاء کے مشاھدات وتجربات	99
اَفَحَسِبْتُم اوراذان کے کمالات	100
دردسر کانسخہ اور جنت...!	101
قرض کی وصولی کیلئے	102
حادثات سے حفاظت کا عمل	103
بے پردگی کے نقصانات	104
حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل سے جان کی حفاظت	105
محترم نذیر احمد ظفر صاحب کے مشاہدات	106
انسولین اور شوگر سے نجات	106
محترم حافظ محمد رمضان صاحب کے تجربات	107
سحرزدہ کیلئے خاص تیر بہدف عمل	107
مردانہ قوت کی بندش کا توڑ	107
جنات اور نظر بد کیلئے خاص عمل	108
نظر بد اور خسرہ کی بیماری دور	109
محترم محمد اشرف صاحب کے مشاہدات	110
جریان، احتلام اور نامردی کا شرطیہ علاج	110
محترم ہارون الرشید صاحب کے تجربات	114
کمر درد اور گھٹنے کے درد کا علاج	114
فالتو چربی اور موٹاپے کا علاج	115
گمشدہ اشیاء مل گئیں	117
محترمہ رابعہ قمر صاحبہ کے تجربات	118
دانتوں کا درد	119
اللہ سے باتیں	119
آب زم زم کی کرامت	120
سلائی مشین ٹھیک ہوگئی	121
ہر مسئلے کا حل	122
اللہ پاک کے نام کے کمالات	123
نزلہ زکام کیلئے ٹوٹکہ	124
ہر قسم کے نقصانات سے بچنے کیلئے	125
محترمہ شیزا ماہین صاحبہ کے مشاہدات	125
کیبل اور ٹی وی سے نجات	126
نور نے راستہ بنادیا	127
آیت کریمہ کی کرامت	128
محترمہ فردوس صاحبہ کے مشاہدات	129

ٹی وی ڈراموں سے جان چھوٹ گئی 129
سورۃ کوثر کی برکت سے شوگر ختم 130
جتنے پیسوں کی ضرورت تھی...... اتنے مل گئے 131
لفظ اللہ لکھنے کی برکت 132
محترم خالد محمود کھوسہ صاحب کے تجربات 133
6سورتوں کی برکت...... گاڑی کا انجن 134
بیروزگار کو روزگار مل گیا 135
پیچش، قبض کیلئے آزمودہ نسخہ 136
محترم شفیق الرحمٰن صاحب کے مشاہدات 136
آزمودہ طبی نسخہ جات 137
محترم محمد نواز صاحب کے مشاہدات 138
آزمودہ نسخے 138
پروفیسر حافظ مسعود الحسن صاحب کے تجربات 139
ہچکی بند کرنے کا مجرب نسخہ 140
جوڑوں کے درد کے لئے 141
محترم حافظ غلام مرتضٰی صاحب کے تجربات 142
قبض کیلئے نسخہ 142
ہر قسم کے یرقان کیلئے 143
طلاء کیلئے 144
محترم شیر اعظم خان صاحب کے تجربات 145
کھانسی کا علاج 145
محترم شمیم الظفر صاحب کے تجربات 145
تسبیح خانے کا فیض 145
محترم حافظ عبدالرزاق صاحب کے مشاہدات 146
مشکل آسان اور قرضہ ادا...... 146
محترم ظہیر حسین کاظمی صاحب کے مشاہدات 146
گردے کی پتھری ختم 146
قرآنی آیات سے لاعلاج بیماری کا علاج 147
محترم محمد احمد بٹ صاحب کے تجربات 148
یا حی یا قیوم پڑھنے سے راہیں آسان 148
محترم رضوان علی صاحب کے مشاہدات 148
محترم قاری عبدالرشید صاحب کے مشاہدات 149
1۔ خاتون طلاق سے بچ گئی 149
3۔ جوڑوں کے درد سے نجات 150
محترم محمد الیاس صاحب کے مشاہدات 151
محترم انیس الرحمٰن صاحب کے مشاہدات 151
موتی مسجد والے عمل کی برکات 151
محترم مقصود احمد صاحب کے مشاہدات 152
پرانی داڑھ درد سے نجات 152
محترم محمد عمران اعوان صاحب کے مشاہدات 153
بخل شکنی سے پاک...... تسبیح خانے کا پیغام 153
گھروں میں اولاد نرینہ کی آمد 154
محترم غلام سرور صاحب کے مشاہدات 154
ڈوبی ہوئی رقم کی واپسی 154
محترم محمد فیضان صاحب کے مشاہدات 155

دودھ کی مقدار میں اضافہ	156
محترم محتشم بشیر صاحب کے مشاہدات	157
محترم شکیل ارشد صاحب کے تجربات	157
درود پاک کی تسبیح سے بے انتہا نفع	157
محترم چوہدری نثار صاحب کے مشاہدات	158
تسبیح خانے کی برکت سے اپنا گھر مل گیا	158
محترم حکیم اللہ دتہ صاحب کے تجربات	158
سانپ، بچھو کے کاٹے سے آرام	158
موت کی گھڑیوں میں آسانی کیلئے	159
محترم عارف ایوب صاحب کے مشاہدات	160
ان، ہیلر چھوٹ گیا	160
حیرت انگیز طور پر کارڈ مل گیا	161
محترم طارق عزیز صاحب کے مشاہدات و تجربات	162
سفر کی دعا کی برکت سے حادثے سے بچ گئے	162
محترم غلام مرتضیٰ صاحب کے تجربات	163
ہر قسم کے درد سے نجات	163
محترم خالد محمود صاحب کے تجربات	163
ہر قسم کی بواسیر کیلئے	163
محترم سید ہارون صاحب کے مشاہدات	164
گمشدہ موٹر سائیکل مل گئی	164
محترم محمد بشیر صاحب کے مشاہدات و تجربات	165
سورہ یٰسین کی برکت سے مظلوم کو رہائی ملی	165
محترم شیر زمان صاحب کے مشاہدات	166
زندگی مال سے نہیں...... اعمال سے بنتی ہے	166
محترم محمد شہباز صاحب کے مشاہدات	168
عملیات سے مشکلات کا حل	168
محترم محمد شہزاد صاحب کے مشاہدات	168
وظائف سے مشکلات کا حل	168
محترم محمد نواز صاحب کے مشاہدات	170
“کتاب” مجھے شفاء کیسے ملی سے علاج	170
محترم حکیم محمد کریم صاحب کے مشاہدات	171
قرض سے نجات اور گناہوں سے حفاظت	171
محترم بابر ظہیر صاحب کے مشاہدات	171
گمشدہ گاڑی مل جانا	172
محترم حافظ محمد حسن صاحب کے مشاہدات	173
درس کی برکت سے اول پوزیشن	173
بیماری اور پریشانیوں سے چھٹکارا	174
محترم عامر حسین صاحب کے مشاہدات	174
سورہ کوثر سے روزگار کا انتظام	174
محترم شکیل احمد صاحب کے مشاہدات	175
فائدے، ہی فائدے	175
محترم محمد ایوب صاحب کے مشاہدات	175
کالی کھانسی کا علاج	175
محترم ڈاکٹر حبیب اللہ صاحب کے مشاہدات	176
مختلف وظائف کے تاثرات	176

محترم محمد علی صاحب کے تجربات 177
گھر میں برکتیں ہی برکتیں 177
مریض کو سکون کی نیند آنے لگی 178
رشتوں کی بندشیں ٹوٹ گئیں 179
محترم مشتاق احمد چشتی صاحب کے مشاہدات 179
سورہ قریش کے ورد سے مشکل حل 180
محترم سید خادم حسین صاحب کے تجربات 181
شدید ایکسڈنٹ میں معمولی چوٹ لگی 181
محترم مولانا حافظ تبسم صاحب کے مشاہدات 182
وظیفے سے لوگوں کو شفاء 182
محترم محبوب احمد صاحب کے مشاہدات 182
خبیث سے خبیث جن بھاگ جائے گا 183
کالے علم کے ماہر عاملوں سے مقابلہ 184
محترم محمد ناصر صاحب کے مشاہدات 185
شدید داڑھ درد فوراً ختم ہوگیا 186
محترم محمد حنیف صاحب کے مشاہدات 187
باری کے بخار کیلئے 187
سورہ یٰسین سے اپنڈیکس کے آپریشن سے بچت 187
جریان واحتلام کا سستا علاج 187
جوڑوں کے درد کیلئے 188
محترم محمد عرفان صاحب کے مشاہدات 189
گھر سے شیاطین نکل گئے 189
جادو جنات کے اثرات ٹل گئے 189
محترم حاجی محمد اقبال صاحب کے مشاہدات 190
بخار، سر درد اور نظر بد سے حفاظت 190
محترم عاصم سعید صاحب کے تجربات 191
مختلف امراض سے شفاء 191
محترم حاجی روشن صاحب کے تجربات 191
چوہے، چھپکلی، کیڑے وغیرہ غائب 191
محترمہ رشیدہ خانم صاحبہ کے مشاہدات 192
منزل پڑھنے کی افادی 192
برسٹ کی گلٹیاں ختم 193
گردے کی پتھری ختم 193
پیشاب کے قطروں کا علاج 193
طبی تجربات ومشاہدات 194
آنکھ میں چبھن کا علاج 194
موشن کا علاج 194
محترم محمد عبدالرشید بھٹی صاحب کے مشاہدات 195
باآسانی سواری کیلئے 196
لاچار مریض کی موت میں آسانی 196
محترم عمر فاروق صاحب کے مشاہدات 197
نیک اعمال سے اللہ کی غیب سے حفاظت 197
زلزلہ زدگان کی خدمت کے دوران نوکری ملی 198
دوران سفر حفاظت 198
سورہ کوثر کی برکت سے فضول خرچی ختم 199
مرحومین کو ایصال ثواب کرنے کا فائدہ 199

محترم مقبول احمد صاحب کے مشاہدات 200
پاؤں کا شدید درد ہمیشہ کیلئے ختم ہوگیا 200
دل کے مریض کی طبیعت بحال 201
افحسبتم اور اذان کے عمل سے پسلی کا درد ٹھیک ہوگیا 201
گردوں کے مرض میں مبتلاء مریض کو شفاء 201
چوری کا ڈر و خوف نہیں رہتا 202
محترم محمد ارشد صاحب کے مشاہدات 202
پاگل بیٹا ٹھیک ہوگیا 202
خواب میں جنات اور شیاطین کی آمد 203
کانوں کا بہنا یا پیپ آنا 203
بہتی آنکھ کا کامیاب علاج 204
محترم عارف محمود صاحب کے مشاہدات 204
محترم محمد ذیشان صاحب کے مشاہدات 205
تسخیر کیلئے 205
چور پکڑنے کیلئے 205
نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت 206
ولادت میں آسانی کیلئے 206
راستہ پانے کیلئے 207
محترم عقیل احمد عباسی صاحب کے مشاہدات 207
اعمال سے مختلف امراض اور پریشانیوں کا علاج 207
مشکلات کے حل کیلئے 208
شادیوں کی بندش کیلئے 209
دردوں کیلئے لاجواب عمل 210
محترم محمد سمیع اللہ صاحب کے مشاہدات 211
جادوئی اثرات کو ختم کریں 211
نا سمجھ آنے والا مرض 211
محترم قاری نوید احمد صاحب کے مشاہدات 212
سورہ کوثر کی برکت سے 18 سال بعد بیٹے کی پیدائش 212
دوستوں کا قرض اتر گیا 213
6سال سے روٹھی بیوی خود بخود گھر آگئی 213
میاں بیوی کا مسئلہ حل ہوگیا 213
پورے خاندان کا موذی مرض سے شفاء پانا 214
یا حفیظ پڑھتے ہی ڈاکو گر گئے 215
محترم عادل کامران صاحب کے مشاہدات 215
چھوٹے سے اعمال کمالات کے پہاڑ 215
ولادت میں بہت آسانی ہوگئی 217
سرکاری نوکری مل گئی 218
چھوٹے بچوں کی حفاظت 218
اعمال سے بدیقین نہ ہوں 218
محترم مطلوب احمد باجوہ صاحب کے مشاہدات 219
ٹیسٹ میں پاس ہونے کیلئے 219
ناکارہ گردے نے کام کرنا شروع کردیا 219
انمول خزانے کی فضیلت 220
محترم ارشد پرویز صاحب کے مشاہدات 220
کسی شخص کی ناراضگی اور شر سے بچنا 220

محترم محمد ندیم صاحب کے مشاہدات 221
حضرت احمد لاہوری رحمہ اللہ کا دور یاد آ گیا 221
لفظ اللہ کے پڑھنے کا فائدہ 221
محترم مقصود احمد صاحب کے تجربات 222
چہرے کی سوزش......دم کرنے سے ختم 222
اعمال سے پاؤں کی تکلیف کا علاج 222
محترم محمد عمر فاروق صاحب کے مشاہدات 223
محترم حافظ خضر حیات صاحب کے تجربات 223
اندھا دھند گولیوں کی بارش سے محفوظ رہا 224
تقویت دماغ کیلئے 224
محترم منظور احمد صاحب کے مشاہدات 224
گھر کے قریب ٹرانسفر کیلئے آیت کریمہ 224
محترم محمد احمد رضا صاحب کے مشاہدات 225
نہ ختم ہونیوالے موہکوں کا کامیاب علاج 225
جادوگر کا جادو ٹوٹ گیا 226
محترم عبدالقادر صاحب کے مشاہدات 227
یاحفیظ سے اپنی حفاظت 227
اللہ تعالیٰ نے نماز و قرآن پڑھنے کی توفیق دیدی 227
محترم حکیم عبدالماجد صاحب کے تجربات 228
نشہ چھڑانے کے لئے 228
محترم اعجاز احمد شیخ صاحب کے مشاہدات 228
حسن اخلاق تسبیح خانہ کی روایت 228
محترم عامر رشید صاحب کے مشاہدات 229
محترم گلفام یوسف صاحب کے مشاہدات 229
محترم محمد اکرم خان صاحب کے مشاہدات 229
یاحفیظ سے بغیر لاک گاڑی کی حفاظت 230
محترم حافظ مزمل اقبال صاحب کے تاثرات 230
عبقری رسالہ کے وظائف۔۔۔روحانی سکون 230
محترم قاری محمد اکرم صاحب کے مشاہدات 230
دو انمول خزانے کی فضیلت 230
محترم جنید اقبال صاحب کے مشاہدات 232
ابو کی ناراضگی ختم ہوگئی 232
کھیعص کے کمالات 232
محترم مظفر حسین صاحب کے تجربات 233
شدید پیچش فوراً بند ہوگئے 233
جوہر شفاء مدینہ کے نسخے سے فائدہ 233
کراماتی تیل کی مالش کے فوائد 233
محترم ارباب رابیل صاحب کے مشاہدات 234
درود پاک سے جنت پائیں 234
محترم عبدالوہاب صاحب کے مشاہدات 234
چھوٹے اعمال اور بے بہا فوائد 234
محترم حمید اللہ سرحدی صاحب کے مشاہدات 235
محترم نعمان انجم صاحب کے مشاہدات 235
عبقری کے وظائف سے مشاہدات 235
محترم زاہد علی صاحب کے مشاہدات 236
بستر پر پیشاب کرنیوالے بچوں کیلئے عمل 236
محترم محمد زاہد صاحب کے تجربات 236
جلے ہوئے کیلئے خاص نسخہ 236

محترم نوشیر خان صاحب کے تاثرات 237
عبقری رسالے کے ٹوٹکوں سے فوائد 237
محترم طارق علی صاحب کے مشاہدات 237
دوانمول خزانہ نے نماز کا پابند بنا دیا 237
سورہ فاتحہ کے عمل سے بہن کی شادی ہوگئی 237
محترم بابر علی فرید صاحب کے مشاہدات 240
آگ لگی موٹر سائیکل پر سورۃ کوثر کی برکت 240
غریب لڑکی کی شادی میں کھانے کی برکت 240
محترم محمد لطیف صاحب کے مشاہدات 241
المحتم اور اذان کا عمل 241
محترم محمد عدین شمسی صاحب کے مشاہدات 241
یا حفیظ اور گاڑی کی حفاظت 241
دروازے کا تالا ٹوٹنا ختم ہوگیا 241
ڈراؤنے خواب سے نجات 242
بجلی کے بل میں حیرت انگیز کمی 242
محترم بشیر احمد صاحب کے مشاہدات 242
تسبیحات کا معمول 242
ناممکن طور پر سواری مل گئی 243
گھریلو معاشی حالات میں بہتری 243
روزانہ استعمال ہونیوالا پٹرول 3 دن چلنے لگا 243
محترم حفیظ اللہ صاحب کے مشاہدات 244
دوانمول خزانہ نمبر1 پڑھنے سے عزت ملنے لگی 244
محترم چوہدری امجد صاحب کے مشاہدات 244
''یا قہار'' پڑھنے سے نمازوں کی پابندی 244
انسانیت کی خدمت اور خیر خواہی کیلئے کوشاں 245
محترم قاری محمد عارف صاحب کے مشاہدات 246
جریان واحتلام کیلئے مجرب نسخہ 246
محترم محمد ظاہر شاہ صاحب کے تجربات 247
معدے کا بوجھ اتر گیا 247
محترم محمد معین صاحب کے مشاہدات 248
چھوٹے اعمال سے کامیاب علاج 248
محترم محمد عمر صاحب کے مشاہدات 248
ڈاکٹروں کے بتائے آپریشن سے بچت 248
روٹھی بیوی میکے سے واپس آگئی 249
محترم ولدار محمد صاحب کے مشاہدات 250
محترم بلال احمد صاحب کے مشاہدات 250
روزانہ کا معمول 250
محترم سید مخدوم حسین صاحب کے مشاہدات 251
محترم سہیل احمد صاحب کے تجربات 252
وظیفہ سے مکان کی تعمیر کیلئے پیسوں کا بندوبست 252
محترم محمد یونس صاحب کے مشاہدات 252
ہر کام غیب کے خزانوں سے پورا ہوجاتا ہے 252
محترم چوہدری نذیر احمد صاحب کے مشاہدات 253
مالی پریشانیاں دور ہوگئیں 253
محترم محمد اعجاز خان صاحب کے تجربات 253
گردے کی پتھری کیلئے مفید 253
محترم عامر رشید صاحب کے مشاہدات 254

دو رکعت نفل حاجت سے مشکل کا حل 254
سورہ قریش کا عمل پڑھنے سے ٹریفک کی روانی 254
محترم حکیم میاں افتخار احمد صاحب کے مشاہدات 254
وضو کے تین گھونٹ پانی سے کاروبار میں وسعت 254
محترم بدر الزماں صاحب کے مشاہدات 255
طبی اور روحانی علاج کیلئے مختلف ٹوٹکے 255
محترم حافظ محمد رمضان صاحب کے مشاہدات 256
سنگین نوعیت کے 10 مقدمات سے خلاصی 256
محترم حکیم محمد انور مطیع صاحب کے مشاہدات 257
مقوی خاص 257
محترم حکیم عبدالستار صاحب کے تجربات 258
خونی و بادی بواسیر کا کامیاب علاج 258
محترم محمد افضل صاحب کے مشاہدات 258
محترم انجینئر اعجاز خان صاحب کے مشاہدات 259
روزانہ کے معمولات میں تسبیحات 259
محترم محمد ظفر اقبال صاحب کے مشاہدات 260
اذان والے عمل کا فیض 260
تسبیح خانے میں آکر دل کو سکون ملتا ہے 260
محترم رضوان ریاض صاحب کے مشاہدات 261
محترم قاری نیاز احمد صاحب کے مشاہدات 262
''یا قہار'' جنات کیلئے تیر بہدف عمل 262
بسم اللہ سے سر درد کا مجرب علاج 262
محترم محمود احمد صاحب کے مشاہدات 263
''یا قہار'' جنات کیلئے تیر بہدف عمل 263
گاڑی لوٹنے سے حفاظت 263
محترم محمد عامر برنی صاحب کے مشاہدات 265
عرصہ دراز کا مرض ختم ہوگیا 265
تسبیح خانے کے لنگر سے شفاء 266
محترم محمد عزیز الدین صاحب کے مشاہدات 266
کلمہ شہادت سے دل کی تکلیف کا علاج 266
محترم عبدالسلام صاحب کے تجربات 266
پیسے صرف کرنے کا معمول 266
نزلہ کھانسی کا آزمودہ علاج 267
محترم خالد پرویز صاحب کے مشاہدات 267
بخار کے متعلق مشاہدہ و تجربہ 268
ھوالشافی / نسخہ 268
محترم رضوان انور صاحب کے مشاہدات 268
عبقری سے تعلق کے بعد ملا خواب میں وظیفہ 268
محترم محمد مشتاق صاحب کے مشاہدات 269
الحمدللہ بیٹے کی شادی ہوگئی 269
محترم محمد عاطف صاحب کے مشاہدات 269
شادی میں رکاوٹیں ختم ہوگئیں 269
محترم مسعود صادق صاحب کے مشاہدات 272
عبقری رسالہ سے رہنمائی 272
محترم ارشاد احمد وٹو صاحب کے مشاہدات 272
محترم شفقت محمود صاحب کے تجربات 273
محترم محمد شفیق صاحب کے تجربات 275
محترم محسن محمود کے مشاہدات 276

انتساب

(۱) اپنے مرشد کریم رحمہ اللہ کے نام جنہوں نے مجھے لوگوں کے دکھ، درد میں دادرسی صرف پڑھائی نہیں بلکہ بار بار اسی کی عملی مشق کروائی اور ذرا سی کوتاہی پر بھرپور سرزنش فرمائی ...... میری نااہلی کہ اس مقام پر تو نا آسکا جس پر حضرت رحمہ اللہ لانا چاہتے تھے لیکن جو ہوں یہ آپ رحمہ اللہ کی جوتیوں میں بیٹھنے ہی کا نتیجہ ہے۔

(۲) ہر اس دوست کے نام جو میری ایک پکار پر روحانی کلاس میں حاضر ہوئے اور سالہا سال کے مشاہدات و تجربات جو انہوں نے بہت محنت اور مجاہدے سے حاصل کیے ان کا نچوڑ جو ان کے سینوں میں دفن تھا وہ مشاہدات مخلوق خدا کی خیر خواہی اور بھلائی کی نیت سے بیان کیے۔ اللہ کریم ان کو اپنے شایان شان جزائے خیر عطا فرمائے۔

حال دل

عام طور پر لوگ بخیل اس کہتے ہیں جو مال کے خرچ کرنے میں ضرورت سے زیادہ اختیاط سے کام لیتا ہو۔ یہ بخل کا بہت مختصر اور محدود مطلب ہے۔ لوگ اعمال کے اعتبار سے بھی بخیل ہوتے ہیں اس بخل کو وہ لوگ بخوبی جانتے ہیں جو عملیات یا طب کے شعبے سے منسلک ہیں یا ان کا اس سے کسی طرح پالا پڑا ہے۔

میں نے اس راہ میں بڑے دھکے کھائے، ایک ایک عمل کیلئے میلوں میل سفر کیا، کئی کئی دفعہ منتیں کی، سالا سال چکر کاٹے، اکثر جگہ تو آخری نتیجہ سوائے نہیں یا ٹال مٹولی کے کچھ نہ نکلا۔ ایک دوست بتانے لگے کہ مجھے پتہ چلا ایک شخص کے پاس لاعلاج بیماری کیلئے ٹوٹکہ ہے اور واقعی وہ لاجواب تھا جب جو جہاں سے آیا اللہ کریم نے اسے ناامید نہ لوٹایا۔

آپ میں سے ہر شخص کی چاہت ہوگی کہ آخر وہ کیا نسخہ یا عمل تھا...... اس کا جواب شاید اب آپکو قیامت تک نہ مل سکے۔

کیونکہ ؎

رہی دل کی دل میں حسرتیں　　جو قضا نے آ کر مٹا دیا

وہ شخص اپنے راز لئے دنیا سے چلا گیا اور کسی کو بھی اس کی ہوا تک نہ لگنے دی۔

ایک دن بڑے کامل عامل جنہوں نے بہت چلے اور وظیفے کئے ہوئے تھے، مجھے ملنے کیلئے آئے میں نے ان سے عرض کیا اپنے کچھ اعمال اور ان کے کچھ مشاہدات بیان کریں تاکہ میں عبقری میں مخلوق خدا تک عام کرسکوں۔ تو ایک دم ان کے چہرے کا رنگ اتر گیا، لہجہ بدل گیا اور مزاج میں قدرے سختی لئے مجھے کہنے لگے کیا میرے اعمال اتنے سستے ہیں کہ میں ہر نااہل تک ان کو پہنچادوں......

آپ یقین جانئے جس وقت سے میں عملیات کے شعبے میں آیا ہوں اس وقت سے ایک عزم کیا ہے کہ جو میرا ہے وہ تیرا ہے اور جو تیرا ہے وہ سارے عالم کا ہے۔

ماہنامہ عبقری، میسج ٹویٹر، عبقری ویب سائٹ، ہفتہ وار درس، روحانی کلاس، کتب ورسائل اس کی دلیل ہیں اور موجودہ کتاب اسی بخل شکنی کا ایک حصہ ہے جس میں ایسے عامل حضرات جو ملک بھر سے تشریف لائے ہوئے تھے ان کے تجربات و مشاہدات کو جمع کیا ہے۔

اللہ سے دعا ہے کہ وہ کریم میرے لفظوں لہجوں کو اخلاص عطا فرمائے اور خالص اپنی رضا کا ذریعہ بنائے اور زیادہ سے زیادہ مخلوق کی چاہے وہ انسان ہوں یا جنات ان کی دادرسی کا ذریعہ بنادیں۔

قارئین! سے ایک التماس ہے کہ اگر یاد آجائے تو میرے، میری نسلوں اور فقیر سے وابستہ تمام حضرات کے ایمان کامل کیلئے ضرور دعا کیا کریں۔ آپ کا مجھ پر احسان عظیم ہوگا۔

خواستگار اخلاص وعمل
بندہ: حکیم محمد طارق محمود چغتائی مجذوبی عفی اللہ عنہ

OOO……OOO

فراخ دلی کا مظاہرہ

9-12-2012 کو حضرت والا دامت برکاتہم کی دوسری روحانی کلاس منعقد ہوئی جس میں ملک بھر سے عامل کامل اور طبیب حضرات شریک ہوئے۔

حضرت والا نے بھی تسبیح خانے کی بخل شکنی کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے خوب فراخ دلی کا مظاہرہ کیا اور سالہا سال کی محنت کے بعد جو تجربات حاصل ہوئے تھے وہ بیان فرمائے۔

اس کے علاوہ عاملین اور اطباء حضرات نے بھی اپنی زندگی کے وہ راز بیان کئے جو وہ اب تک ہر کسی سے چھپاتے رہے۔ قارئین کی خدمت میں من وعن پیش کئے جارہے ہیں۔

دوسری روحانی کلاس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ
وَافْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَنْتَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَاَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ

کتابوں سے محبت

میرا بچپن ایسا گزرا کہ جس میں کتابوں کی طلب اور چاہت تھی۔ ایک دفعہ عید پر مجھے اڑھائی روپے عیدی ملی (اب تو اڑھائی روپے رہے ہی نہیں)۔ ہمارے یہاں ایک کتابوں والا ہوتا تھا، میں اڑھائی روپے لے کر اسکے پاس گیا، میں نے ایک کتاب پسند کی غالباً اُس کتاب کی قیمت اڑھائی روپے سے کم تھی لیکن اُس دکاندار نے پیسے دیکھتے ہی میرے سامنے کتاب کی قیمت بڑھادی اور کہنے لگا: اتنے روپے کی ہے....!

اُس دکاندار کا اصول تھا کہ وہ سپارے اور قاعدے اٹھا کر پھینک دیتا تھا، میں نے خود دیکھا تھا (اللہ ہماری بے ادبی سے حفاظت فرمائے)۔ چنانچہ جب میں نے اس دکاندار سے پوچھا کہ کتاب کی قیمت تو اتنی نہیں ہے تو اُس نے کتاب اٹھا کر دوسرے کونے میں پھینک دی اُس کا ایک تکیہ کلام ہوتا تھا ''بندے دا پتر'' (بندے کا پتر)۔ اُس نے کہا: بندے کے پتر لینی ہے تو لے ورنہ بھاگ جا یہاں سے میں تو کتاب اتنے کی ہی دونگا...! اُس دکاندار کو پتہ تھا کہ یہ کتابوں کا شوقین، پاگل اور دیوانہ ہے یہ میری منہ مانگی قیمت پر کتاب لے گا۔ پھر میں اماں رحمہا اللہ کے پاس گیا اور کہا کہ اماں وہ کتاب تو اتنے پیسوں کی ہے؟ اماں رحمہا اللہ نے کہا: تجھے

کیا پڑی ہے عیدی جا کے کھالی.....! میں نے کہا: نہیں اماں! میں کتاب لوں گا۔ اب ظاہر ہے عمر کے کس حصے میں عیدی ملتی ہے آپ ذرا (Comparison) کریں، اس کا موازنہ کریں یہ محض اللہ کا فضل ہے گھر کا ایک ماحول تھا۔

قلمی مخطوطات

والد صاحب رحمہ اللہ 1958ء میں سائیکالوجی کے ماسٹر ڈگری ہولڈر تھے۔ اُس وقت سائیکالوجی کا ماسٹر صرف جامعہ کراچی میں ہوتا تھا۔ اسکے علاوہ پاکستان میں کہیں نہیں ہوتی تھی اور اُس یونیورسٹی کا ایک معیار (stander) تھا۔ ہمارے گھر میں ایک وسیع لائبریری تھی۔ جس میں سونے، زمرد، یاقوت، شنگرف اور ہاتھ کے لکھے ہوئے یعنی قلمی مخطوطات صدیوں پرانے غالباً آٹھ سو یا نو سو سال پرانے اب بھی رکھے ہوئے ہیں۔ ایسے علمی ماحول اور علمی گھر میں میں نے آنکھ کھولی۔

والد صاحب کو کتابوں کا شوق

ہم دو بھائی ہیں۔ بڑے بھائی نے بستر پر بیٹھ کے کتاب کا ایک ورق پھاڑا تو انھیں پھاڑنے میں مزہ آیا یعنی ورق پھاڑنے سے جو آواز نکلتی ہے اُس ورق پھاڑنے کا مزہ آیا، اُس نے دوسرا پھاڑا اور مزہ آیا، تیسرا پھاڑا پھر اور مزہ آیا یہاں تک کہ ساری کتاب پھاڑ دی۔ اماں رحمہا اللہ گھر کے کام کر رہی تھیں۔ میں چھوٹا تھا میں نے دیکھا تو ساری کتاب پھٹی ہوئی تھی۔ اماں رحمہا اللہ نے بھائی کو کچھ نہیں کہا۔ رات کو والد صاحب رحمہ اللہ اپنے کام سے گھر تشریف لائے تو اماں رحمہا اللہ کہنے لگیں: آپ کے بیٹے نے آج یہ کیا ہے؟ والد صاحب رحمہ اللہ کے وہ الفاظ مجھے ابھی تک یاد ہیں اور شاید کبھی نہ بھولیں، فرمانے لگے: چلو کسی طریقے سے اس نے کتاب کو ہاتھ تو لگایا آج پھاڑنے والا بنا ہے کل بنانے والا بنے گا.....!!

علم کا ورثہ......اصل ورثہ

کتاب سے دوستی اور کتاب سے محبت یہ ورثہ میرے پردادا کا تھا۔ انکی زندگی

میں علمی ذوق بہت زیادہ تھا، کتابوں کا ادب مثالی تھا، اہل علم اور بزرگوں کی خدمت میں بہت اٹھنا بیٹھنا تھا آپ رحمہ اللہ کا وصال 1933ء میں ہوا، اُنکی طرف سے ہمیں دو چیزیں ایک جاگیر اور دوسرا کتابوں کا ورثہ ملا۔ جاگیروں سے مراد زمینیں اور باغات وغیرہ ہیں میں سمجھتا ہوں کہ زمینیں اور باغات تو بہت سے لوگوں کے پاس ہوتے ہیں لیکن علم اصل ورثہ ہے۔ یہ ہے علم سے دوستی، علم سے محبت...!

فتاویٰ عالمگیری اور گھر میں قبر

حاصل پور میں مولانا سید عبداللہ صاحب جو فقیر درویش انسان ہیں۔ میں اُنکے پاس بیٹھا تھا وہ فرمانے لگے کہ میرے ابا جی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ''فتاویٰ عالمگیری'' کتاب خریدنے کے پیسے نہیں تھے۔ تو گھر میں ایک قبر کھود کر (گھڑا کھودا) اس میں بھوسہ (پرالی) بچھایا اور سردیوں میں اس میں سو جاتے تھے۔ آخر انہوں نے بستر بیچ دیا اور ان پیسوں سے ''فتاویٰ عالمگیری'' کتاب خریدی۔ مولانا عبداللہ صاحب زندہ ہیں اور وہ کتاب ابھی تک اُنکے پاس موجود ہے، یہ ہے علم سے دوستی کتابوں سے دوستی....!

علم دوست ماحول

میرے والد صاحب رحمہ اللہ نے بتایا کہ نورالحق سہی صاحب بہت علم دوست تھے کیونکہ والد صاحب رحمہ اللہ خود کتاب و علم دوست تھے اور خود بہت اعلیٰ تعلیم یافتہ تھے۔ نورالحق سہی صاحب سے اسی وجہ سے تعلق تھا وہ بھی زمیندار تھے اور اُنکے والد صاحب کے بہت سے باغات تھے۔ سہی صاحب سے اکثر بیٹھ کر باتیں ہوتی تھیں۔ میرے والد صاحب رحمہ اللہ تاجر بھی تھے، انہوں نے ایک دفعہ مجھے خود فرمایا کہ سہی صاحب کتابوں کے بارے میں بہت حساس تھے وہ کہتے تھے کہ لوگ کہتے ہیں کہ کتابوں کی چوری جائز ہے اور کتاب مانگ کر نہ دینا گویا ''عندالتوقان'' ٹھیک ہے۔ اب ''عندالتوقان'' کی تشریح علمائے کرام ہی جانتے ہیں۔

علمی لطیفہ

ایک دفعہ میں ایک اللہ والے کے پاس بیٹھا تھا وہ فرمانے لگے کہ ایک فقہ کی کتاب میں مسئلہ لکھا تھا کہ " النکاح واجب عندالتوقان" (غلبہ شہوت کی حالت ہوتو نکاح کرنا واجب ہوتا ہے)"عندالتوقان" کے لفظ سے طالب علم سمجھا شائد "توقان" کسی امام وعلامہ کا نام ہے۔ تو اس نے اس عبارت کا یوں ترجمہ کردیا کہ امام "توقان" کے نزدیک نکاح کرنا واجب ہے۔

تو سہمی صاحب اسی واقعہ کی مناسبت سے کہا کرتے تھے کہ " عندالتوقان" کتاب کی چوری جائز ہے۔

بادشاہ ہمایوں کی کتابوں سے محبت

جوہر آفتاب کی'' ہمایوں نامہ''ایک نایاب کتاب ہے۔ ہمایوں اکبر بادشاہ کا باپ تھا، ہمایوں کے ساتھ ایک بندہ اُسکی ڈائری لکھتا تھا۔ وہ ان سے کتاب لینے بار بار آتا تھا۔ ہمایوں ایک دفعہ بیوی کو برقعہ پہنا کے لے آیا اور کہنے لگا: اس کو لے جا لیکن کتاب نہ لے کر جا...! وہ شرمندہ ہو کے چلا گیا۔ ؎

ہمیں دنیا سے کیا مطلب مدرسہ ہے وطن اپنا
کتابوں میں دفن ہونگے ورق ہوگا کفن اپنا

سینے کا علم بخل کی نظر

میں نے کتابوں سے زیادہ سینوں سے سیکھا ہے۔ یہ سینے کا جو علم ہے اس کی روایت بڑی مضبوط ہوتی ہے اور اس کی تحقیق بڑی لاجواب ہوتی ہے۔ سینے سے سینہ...! لیکن کیا کروں یہ سینے کا علم بخل کی نظر ہوگیا۔

لاجواب دم......بخل کی نظر

میرے والد صاحب رحمہ اللہ علیہ کے ایک مالی تھے ان کی سوسال سے زیادہ عمر تھی۔ میرے والد صاحب رحمہ اللہ فوت ہوگئے ہیں ان کے پاس صلہ رحمی کی نیت

سے ملنے گیا کہ والد کے دوستوں کو ملنے جانا چاہیے۔ انکا چھوٹا سا باغیچہ تھا میں وہاں گیا تو وہ مجھے دیکھ کر بہت خوش ہوئے کہ میرا بھتیجا مجھے ملنے کیلئے آیا ہے۔ پیچھے دور سے آواز آئی تو کہنے لگے: اچھا اچھا ٹھیک ہے۔ میں نے پوچھا: کیا ہوا؟ کہنے لگے: مجھ سے کوئی دم کرانے والا آیا ہوگا۔

میں نے پوچھا: آپ دم بھی کرتے ہیں؟ (مجھے پتہ نہیں تھا کہ وہ دم وغیرہ بھی کرتے ہیں کیونکہ میں کچھ اپنے مشاغل میں مصروف رہتا تھا جبکہ میرے بھائی کا تعارف اُن سے زیادہ تھا۔ باغات کا سارا نظام بھائی نے سنبھالا ہوا ہے چونکہ رابطہ ان سے ہوتا ہے) کہنے لگے: میرے پاس بہت دور دور سے لوگ کینسر اور گندے پھوڑوں کے زخموں پر دم کرانے کیلئے آتے ہیں اور دم کرنے سے ان کو شفاء ملتی ہے۔ میرے ذہن میں پھر وہی کھلبلی شروع ہوگئی کہ یا اللہ! یہ دم کون سا ہوگا؟ میں نے ان کی خدمت میں عرض کیا کہ اگر یہ دم آپ مجھے بتا دیں تو؟ کہنے لگے: ہاں ضرور بتاؤں گا ان کو دم کرنے کے بعد...! میں نے سوچا ابھی بتاتے ہیں۔ پھر ایک اور بندے کو دم کرنے کے بعد کہنے لگے: پھر بتاؤں گا۔ آخر کار میں واپس آ گیا تو میرے بھائی نے کہا یہ نہیں بتائیں گے۔ انکے ایک بیٹے نے کہا تھا: ابا جی! مجھے تو بتا دیں...؟ انہوں نے اپنے بیٹے کو نہیں بتایا تجھے کیا بتائیں گیں...؟ ان کی زندگی کی شام تھی۔ اور وہ دم کا علم لے کر ہی وہ دنیا سے رخصت ہوگئے اور علم بخل و بخیلی کی نظر ہوگیا۔

ایک دلچسپ حکایت

مولانا حکیم عبداللہ صاحب رحمہ اللہ جہانیاں والے نیک درویش اور تقویٰ والے انسان تھے۔ ان کے خلوص کی برکت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انکی کتابوں کو عالم میں پذیرائی بخشی، ان کے اندر اخلاص اور خلوص تھا، وہ توحید پرست انسان تھے۔ ان کے بیٹے مجھے بتانے لگے کہ ابا جی کے پاس ایک بندہ آیا اور کہنے لگا: میں تنگ دست ہوں کوئی نسخہ دے دیں بچوں کی کوئی روزی ہو جائیگی۔ تو ابا جی نے کوئی نسخہ دے

دیا اور وہ لے کے چلا گیا۔ اللہ پاک کا ایسا نظام ہوا رزق اُس کے ساتھ چل پڑا۔ اللہ کریم نے اس نسخہ کو ذریعہ بنا دیا۔ کچھ عرصہ کے بعد پھر آیا اور کہنے لگا: جی! آپ نے ایک نسخہ دیا تھا میرے دن تو اچھے ہو گئے ہیں، کوئی ایک اور نسخہ دے دیں؟ انہوں نے پوچھا: وہ پہلے والا نسخہ کیا دیا تھا؟ کہنے لگا: میں کیوں بتاؤں...؟ یعنی جس شخص نے بتایا تھا اسی سے چھپا رہا تھا کیسی دلچسپ بات ہے....!

بخل کی انتہا

میں اپنے دفتر میں کھڑا تھا۔ بہت سے لوگ حکیم طارق کا نام مجھ ہی سے پوچھتے ہیں کہ حکیم طارق کون ہے؟ میں نے کہا: ابھی تو بیٹھے نہیں ہیں (کیونکہ میں اس وقت کھڑا تھا) دفتر میں ٹائم کی ترتیب ہے آپ فلاں جگہ سے جا کر ٹائم لے لیں۔ (سچ کہہ رہا ہوں نیت کا حال تو اللہ ہی جانتے ہیں۔ اللہ معاف فرمائے خدانخواستہ کوئی نخرہ نہیں بسمصروفیت کی وجہ سے ٹائم دینا پڑتا ہے)۔ کسی نے کہہ دیا یہی تو حکیم طارق ہے وہ شخص کہنے لگا جی! میں بہت بڑا عامل ہوں، اس اس طرح میرے پاس عمل ہیں، میں آپ کا رسالہ پڑھتا ہوں، آپ کی کتابوں سے بہت کچھ حاصل کیا ہے اور میں نے بڑے بڑے عمل آزمائے، نسخے آزمائے مجھے بہت فائدہ ہوا اور میرے پاس کئی عمل ہیں۔ میں نے پوچھا: اچھا تو کھڑے کھڑے کچھ عمل دے دیں؟ فوراً ان کا لہجہ بدل گیا اور کہنے لگے: جی اتنے قیمتی عمل میں آپ کو سڑک پر کھڑے کھڑے کیسے دے دوں؟ آپ میرے پاس آئیے گا پھر دوں گا۔ میں نے مصافحہ کرتے ہوئے کہا: میں آپ کے گھر میں میگزین کی شکل میں عمل پہنچاتا ہوں اور آپ کہتے ہیں کہ میرے پاس چل کر آؤ گے تو پھر میں دوں گا حالانکہ جتنے بھی لوگ مجھے کوئی عمل دیتے ہیں میں ان کو امانت سمجھ کے چھاپ دیتا ہوں۔ کچھ نہیں چھپاتا چلو کسی کا تو بھلا ہو جائے۔

کر بھلا......سو ہو بھلا

آج میں آپ کو اللہ کی توفیق سے بتاتا ہوں کہ میں یہ سمجھتا ہوں جو کریم مولا کی

میرے اوپر عطا ہے اس کی بنیاد یہی ہے کہ مجھے جو ملتا ہے وہ دے دیتا ہوں۔ اب یہ ہر بندے کا اپنا ظرف ہے وہ میری باتوں کو جیسے مرضی لے، یہ ہر بندے کی اپنی سوچ، خیال اور گمان ہے کہ وہ میری باتوں کو جیسے مرضی سمجھے لیکن حقیقت یہی ہے اللہ کرے ایسا ہو کہ میں امانت سمجھ کر آگے بتا دیتا ہوں، میں دل چیر کے کیسے دکھاؤں کہ میں سچ بول رہا ہوں یا جھوٹ بول رہا ہوں، یہ میرا اور اللہ کا معاملہ ہے۔

علم دوستی کا مزاج

علم دوستی کا مزاج بنائیں اور اپنی طبیعت کے اندر للّٰھیت کا ایک اعلیٰ مزاج بنائیں کہ جو میرے پاس ہے اس سے کسی بندے کا فائدہ ہو جائے۔

عبقری کے وزیٹرز کی تعداد

میرے پاس نومبر 2013ء کی رپوٹ ہے۔ ویب سائٹ کے منفرد اور پہلی مرتبہ کے Visiter's کی تعداد 31,901 تھی اور اس ماہ (دسمبر میں) کل Visiter's کی تعداد 88,000 ہے۔ ویب سائٹ پیجز پڑھے جانے کی تعداد 5,29,553 پچھلے تین ماہ میں ویب سائٹ پر پڑھے جانیوالے پیجز کی تعداد 12,95,579 ہے اور آن لائن پڑھے جانیوالے میگزین کے صفحات کی تعداد 9,40,352 ہے۔ جبکہ ہمارے پاس اس وقت بیرون ملک میں جو عبقری میگزین پڑھے اور درس سنے جا رہے ہیں ان ممالک کی تعداد 135 ہے۔ ان کے ہمارے پاس اعداد و شمار محفوظ ہیں، آپ ویب سائٹ کھولیں تو آپ کو سارا پتہ چل جائے گا کہ دنیا میں ایک ماہ کے دوران لاکھوں کی تعداد میں لوگ لاکھوں پیجز پڑھ رہے ہیں۔

عبقری کی مقبولیت کی بنیاد...!

''عبقری'' کی مقبولیت کی بنیاد تین چیزیں ہیں: سب سے پہلے اللہ کا فضل... بلکہ اللہ کا فضل نہیں...... اللہ ہی کا فضل ہے، دوسری چیز مخلص ساتھی ہیں اللہ پاک اپنے اخلاص والے بندوں کی محنت کو ضائع نہیں کرتا ''اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ''

اللہ پاک اپنے محسنوں کے اجر کو ضائع نہیں کرتا، مخلصین ساتھی خدمت کر رہے ہیں، اور تیسری چیز یہ کہ عبقری بے شمار لوگوں کے ان گنت مسائل کو مسنون و قرآنی حل پیش کرتا ہے۔ ہر طرف مسائل کی آواز لگتی ہے مگر مسائل کا حل نہیں دیا جاتا، ہر طرف مسائل نظر آتے ہیں کہ یہ مسئلہ ہے، یہ قومی مسائل ہیں، یہ معاشرے کے مسائل ہیں اور ہمارے پاس یہ یہ مسائل ہیں مگر مخلوق کو ان مسائل کا حل نہیں ملتا، مخلوق پریشان ہے مخلوق کو حل چاہیے اور جب مخلوق کو اس کا حل (مسنون اعمال اور قرآنی آیات کے ذریعے) ملتا ہے تو پھر اللہ اپنے نام کی برکت سے اُنکے مسائل کو حل کر دیتا ہے اور پھر مخلوق متوجہ ہو جاتی ہے۔ تو تیسری چیز مسائل کا قرآنی و مسنون اعمال سے حل ہے۔

☆ خوابوں کی حقیقت اور اس کے اصول ☆

نبی اور غیر نبی کے خواب میں فرق

کبھی آپ نے خوابوں پر غور کیا کہ خواب کی زندگی میں کیا حقیقت ہے؟ خواب کا ہماری زندگی کیساتھ کیا تعلق ہے؟ سچا اور جھوٹا خواب کسے کہتے ہیں؟ خواب کا وحی کے ساتھ بھی تعلق ہے۔ حدیث میں آتا ہے مفہوم ہے: غیر نبی کو جو خواب آتا ہے وہ وحی نہیں ہوتی وہ الہام ہوتا ہے، مبشرات اور بشارتیں ہوتیں ہیں اور اللہ کے نبی کو جو خواب آتا ہے وہ وحی ہوتی ہے۔ "اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی" خواب کا ہماری زندگی سے بڑا تعلق ہے۔

خواب میں بیماریوں کا علاج اور نشاندہی

خواب نفسیاتی بیماریوں کا علاج، نفسیاتی بیماریوں کی نشاندہی، جناتی بیماریوں کا علاج، جناتی بیماریوں کی نشاندہی اور خواب کے ذریعے جادو کے کئی علاج بھی ملتے ہیں اور خواب جادو کی علامات (Symptoms) بھی کرتے ہیں، خواب جادو کی نشاندہی، جسمانی بیماریوں کا علاج، جسمانی بیماریوں کی نشاندہی، اخلاقی و روحانی

بیماریوں کا علاج اور خواب روحانی بیماریوں کی نشاندہی بھی ہے۔

خواب روحوں سے ملنے کا ذریعہ

خواب انبیاء ورسول علیہم السلام، اولیاء وصالحین رحمہم اللہ، آباؤ اجداد، والدین، بڑوں، دوستوں اور محسنین سے ملاقات کا ذریعہ بھی ہے۔ ذکر، فکر اور قبولیت عبادت کی نشاندہی کا اظہار بھی خوابوں کے ذریعے ہوتا ہے۔ میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ خواب ایک واسطہ اور ذریعہ ہے انسان کی رہنمائی کا۔

مستقبل بینی کا ذریعہ

خواب مستقبل بینی کا ذریعہ ہے۔ بعض اوقات انسان کہتا ہے کہ مستقبل میں کیا ہوگا...! بعض اوقات خواب سے نشاندہی ہو جاتی ہے۔ پھر کہتا ہے اوہو یہ خواب تو میں نے کتنا عرصہ پہلے دیکھا تھا، یہ چیز تو اتنا عرصہ پہلے میرے مشاہدے میں آئی تھی۔ اس طرح آپ کی زندگی میں کئی مشاہدات ہونگے۔

بچپن کا خواب رہنمائی کا ذریعہ

میں بچپن میں ایک خواب دیکھا کرتا تھا کہ میں بیٹھا ہوں جیسے بچے ریت میں پاؤں ڈال کر چھوٹے چھوٹے گھروندے بناتے اور مکان بناتے ہیں ویسے ہی میں بیٹھا ہوں اور مکان بنا رہا ہوں اور ایک باباجی آتے ہیں وہ پاؤں سے سارے توڑ کے چلے جاتے ہیں۔ لیکن مجھے غصہ نہیں آتا، میں پھر بنانا شروع کر دیتا ہوں، اس طرح کا خواب آتا۔ ایک دفعہ میں نے ان باباجی سے پوچھا کیوں توڑ رہے ہیں؟ تو فرمانے لگے: یہ شرک، بدعت اور یہ غیر شرعی چیزوں کے گھروندے ہیں اس لئے میں ان کو توڑ رہا ہوں۔ بہت عرصے کے بعد ایک ہستی سے ملاقات ہوئی جن کو میں نے اپنا شیخ اور مرشد بنایا اور پھر انکی زندگی میں جب دیکھا تو میں نے کہا اوہو یہ اس خواب کی نشاندہی ہے اور وہ شکل واقعی وہی تھی۔ پاؤں سے چلتے ہوئے ایسے پاؤں مار کر میرے سارے گھروندے انہوں نے توڑ دیئے۔

خواب زمان ومکان سے آزادی کا زینہ

خواب سے مستقبل بینی ملتی ہے اور مستقبل کے معاملات کی نشاندہی ہوتی ہے۔ آپ اپنی زندگی کے اردگرد نظر ڈال کے دیکھیں آپ کو اس کا احساس بھی ہوگا، ادراک بھی ہوگا اور سو فیصد ہوگا اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ خواب زمانیت اور مکانیت سے آزادی کا زینہ ہے۔ خواب میں انسان زمان اور مکان سے آزاد ہو جاتا ہے۔

عزیز مصر کا خواب

یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام قید میں تھے اس وقت جو خواب بادشاہ نے دیکھا تھا وہ کسی نبی اور رسول نے نہیں دیکھا اور نہ ہی کسی ولی اور کسی صالح شخص نے دیکھا بلکہ ایک بادشاہ نے دیکھا تھا۔ قرآن نے اس کی ولایت، نیکی اور صالحیت کی کوئی نشاندہی نہیں کی پس اسے بادشاہ قرآن نے لکھا ہے۔ خواب یہ تھا اس نے دیکھا کہ سات دبلی گائیں اور سات موٹی گائیں، سات سرسبز وشاداب بالیاں اور سات خشک بالیاں ہیں۔ اب ہوا یہ کہ سات جو دبلی گائیں تھیں انہوں نے سات موٹی گائیں کو کھالیا اور جو سات خشک بالیاں تھیں انہوں نے سات سرسبز وشاداب بالیوں کو کھالیا۔

خواب کی تعبیر

تعبیر بتانے والوں نے بہت کوشش کی کہ اس کی تعبیر بتائیں مگر کوئی نہ بتا سکا۔ اللہ جل شانہٗ کے بعد سب سے کامل علم اللہ کے نبی کا ہوتا ہے۔ اب یوسف علیہ الصلوٰۃ والسلام اللہ کے امر سے جیل میں تھے۔ انہوں نے تعبیر دی کہ سات سال خشک سالی اور سات سال ہریالی کے ہیں، یہ چودہ سال کا نظام ہے اور چودہ سال کیلئے سارا غلہ اکٹھا کیا گیا۔ یہ مستقبل بینی کا نظام ہے۔

سیاسی قلابازیاں

میرے پاس ایک مذہبی جماعت کے لیڈر آئے۔ انکا بہت شور ہوا اور انکا بہت غلغلہ

تھا۔ مخلوق نے سمجھا کہ پس اب اقتدار ان کے پاس ہوگا۔ ایک بندہ آ کر مجھے کہنے لگا: میں نے ایسے خواب دیکھا ہے۔ میں نے اس کی تعبیر میں کہا کہ یہ اوران کی ساری پارٹی ہار جائیگی۔ کہنے لگے: جی کیسی بات کرتے ہیں، ہر طرف جھنڈے، شور اور ہر طرف ان کی آوازیں ہیں۔ میں نے کہا: اللہ کا علم کامل اور میرا علم ناقص ہے۔ خواب کی تعبیر جو تھوڑی سی میں دے سکتا ہوں اور جو کچھ تھوڑی سی جانتا ہوں اس کے مطابق چاروں شانے چت ہار جائیگا اور ایسے ہی ہوا نشان ہی نہ رہا بعد میں ان کے نعرے مذاق بن گئے۔

خواب کی تعبیر میں باکمال ہستیاں

حضرت جعفر صادق رحمہ اللہ تعالیٰ خواب کی تعبیر میں بہت باکمال تھے۔ عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ علیہ خواب کی تعبیر میں بہت باکمال تھے۔ قاضی شریح رحمہ اللہ جن کو لوگ قاضی سمجھتے تھے لیکن وہ خواب کے معاملے میں بہت باکمال تھے اور مشہور و معروف امام ابن سیرین رحمہ اللہ تعالیٰ خواب کی تعبیر کے امام تھے۔ ''تعبیر الرؤیا'' خوابوں کی تعبیر پر لاجواب کتاب ہے حالانکہ فن تعبیر کے علاوہ ان میں اور بڑے بڑے کمالات تھے لیکن زیادہ شہرت فن تعبیر میں پائی ہے۔ آپ تعبیر کی دنیا کی تاریخ کا ضرور مطالعہ کریں۔

خوابوں پر انسانی مزاجوں کا اثر

ایک بات ذہن میں رکھیے گا کہ خوابوں کے اوپر مزاجوں کا بہت اثر ہوتا ہے۔ ہماری طب کے اندر چار مزاج ہیں۔ (۱) دموی (۲) بلغمی (۳) صفراوی اور (۴) سوداوی مزاج ہے۔ سوداء کا مزاج سرد اور خشک ہوتا ہے جو خواب سوداوی مزاج والا دیکھے گا اس کی تعبیر اور ہوگی۔ اگر آپ تعبیر کے اندر انشرح چاہتے ہیں۔ آپ چاہتیں ہیں کہ تعبیر کے اندر آپ کو کمالات ملیں تو اس کیلئے آپ محنت کریں۔

خواب کو معمولی نہ سمجھئے

آپ خوابوں کو سمجھیں، خوابوں کی ایک دنیا ہے۔ صوفی عبداللہ صاحب رحمہ اللہ

ماموں کانجن کے ایک بزرگ گزرے ہیں۔ اللہ ان پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائے۔ بہت باکمال درویش تھے، ان کے بوڑھے بوڑھے متعلقین سے میں جا کر ملتا ہوں، ان کے ایک دوست سے مجھے میرے ایک دوست نے ملوایا۔ ابھی حال ہی میں ان پر ایک کتاب لکھی گئی ہے۔ وہ خوابوں کو نظر انداز نہیں کرتے تھے ان پر توجہ فرماتے تھے۔

حدیث مبارکہ میں خواب کی اہمیت

حدیث میں موجود ہے کہ سرورکونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز فجر کے بعد نمازیوں کی طرف منہ کر کے بیٹھ جاتے تھے اور فرماتے تھے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہو تو بتائے اسکے بعد آپ ﷺ اسکی تعبیر بیان فرماتے تھے۔ خواب کوئی ایسی چیز نہیں ہے کہ اسے نظر انداز کر دیا جائے۔ ہاں تھوڑا سا اس کی تعبیر کے اوپر توجہ کر لی جائے کہ اس کی تعبیر کیسے دی جائے اور کن حالات کو سامنے رکھ کر دی جائے۔

چارپائی کے نیچے خزانہ

ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک بندہ آیا کہنے لگا: جی میں نے خواب دیکھا کہ رات کو میری چارپائی کے نیچے آگ جل رہی ہے۔ فرمایا: جلدی جا اپنی چارپائی کے نیچے کھود اس کے نیچے خزانہ ہے۔

اشتہاری مجرم کی نشاندہی

ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے پاس کچھ عرصہ کے بعد ایک اور بندہ آیا اور اُس نے کہا: جی میں نے دیکھا ہے کہ میری چارپائی کے نیچے آگ جل رہی ہے۔ فرمایا: اس کونے میں جا کے بیٹھ جا اور آپ نے چپکے سے اپنے ساتھی کو کہا: کوتوال شہر کو بلا کے لا یہ اشتہاری مجرم ہے گرفتاری نہیں دے رہا تھا آج آ گیا ہے اور واقعی ایسا تھا۔ یوں سمجھ لیں وہ شخص حکومت کو مطلوب تھا اور اس کو پکڑوا دیا۔ بہت سے لوگوں کی جان چھوٹ گئی۔ یہ کیا ہے؟ اور کیوں ہے؟ حالات کو سامنے رکھ کے خواب کی تعبیر...... مزاج کو سامنے رکھ کے خواب کی تعبیر...... پیشوں کو سامنے رکھ کے خواب کی تعبیر....!

مرد اور عورت کے خواب کی تعبیر میں فرق

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ اس امت کے بہت بڑے محدث اور فقیہ تھے۔ وہ ہمیشہ پیشہ اور حالات پوچھتے تھے؟ عورت کے خواب کی تعبیر اور مرد کے خواب کی تعبیر مختلف ہے۔ ہم میں سے اچھے خاصے پڑھے لکھے بندوں نے جنتریاں رکھی ہوئی ہیں یا خواب نامہ یوسفی رکھے ہوئے ہیں۔ دو دو ہزار صفحات کی جو کتابیں چھپی ہوئی ہیں وہ پڑھنے کی توفیق ہی نہیں ہوتی۔ کون پڑھے...؟ پتہ نہیں ان میں کیا لکھا ہوتا ہے۔

جُہلا کا اہل علم بن جانا

ہمارے محلے میں ایک خاتون خواب کی تعبیر بتاتی تھیں۔ بیچاری ان پڑھ تھیں اور کہتی تھیں جس نے بھی خواب کی تعمیر پوچھنی ہو مجھ سے پوچھے ....! اس کو لفظ تعبیر کہنا نہیں آتا تھا بلکہ تعمیر کہتی تھیں۔

جس علم سے اہل علم کی توجہ جائیگی وہ جُہلا کے پاس چلا جائیگا اور پھر جہلا اہل علم بن جائینگے۔ کیوں؟ اگر سارے اندھے ہونگے تو کانا راجہ ضرور بولے گا۔ جب علم ملنگوں کے پاس چلا جائے گا جبکہ علم ان کے پاس جانہیں سکتا اور وہ کہتے ہیں: ہم اہل علم ہیں۔ یہ اس وقت ہوگا جب پڑھے لکھے اور اہل علم حضرات اس طرف سے توجہ ہٹا لیں گے اور خوابوں کے اوپر توجہ نہیں کریں گے۔

وحی اور الہام کا علم جنتریوں میں؟

میں ایسے علم کی طرف آپ کی توجہ دلا رہا ہوں جو علم عمومیت کے اعتبار سے ختم ہوکر جنتریوں میں آ گیا ہے۔ کیسا ظلم ہے......! وحی کا علم اور الہام کا علم اور لدنی اور وہبی علم جنتریوں میں آ گیا ہے اور اچھے خاصے بندے جنتریاں اٹھائے یا جنتریاں نما کتابیں اٹھائے مخلوق خدا کو تعبیر دے رہے ہیں۔

محدثین کے تجربات

ایک بات یاد رکھیے گا سچے خواب کی تعبیر میں یہ بات شامل ہے کہ تعبیر دینے والا

مخلص، صاحب علم ہو کیونکہ وہ جو بولے گا وہ ہو جائے گا۔ بعض اوقات خواب تعبیر پر معلق ہوتے ہیں۔ یہ میں اپنی طرف سے نہیں کہہ رہا بلکہ بڑے بڑے محدثین کے میرے پاس تجربات ہیں۔

خوابوں کی تعبیر سیکھنے کیلئے ہدایات

پہلی بات

آپ خواب کی تعبیر کو اگر سیکھنا سمجھنا چاہتے ہیں تو سب سے پہلی چیز آپ مزاج کو سمجھیں کہ لوگوں کے مزاج کیا ہیں۔ اگر شہری آدمی آیا ہے تو وہ کس قسم کی غذائیں کھاتا ہے؟ اور اگر دیہاتی آدمی آیا ہے تو وہ کس قسم کی غذائیں کھاتا ہے؟

حکیم جن سے ملاقات

ایک جن نے عجیب بات بتائی۔ پچھلے دنوں ایک صاحب میرے پاس آئے میں نے انکی نبض دیکھی..... دیکھ کر ایک دم میں نبض چھوڑ کر بیٹھ گیا، اس کی کیفیت کو دیکھ کر اللہ کے علم سے مجھے محسوس ہوا کہ ان کے اوپر جن کی حاضری ہے۔ میں نے پوچھا: کہاں سے آئے ہو؟ ان کی آواز ایک دم بدلی اور کہنے لگے: میں بڑی دور سے آیا ہوں۔ میں نے پوچھا کیا کرتے ہو؟ کہنے لگے: میں حکیم ہوں۔ میں نے پوچھا: پھر تو ہماری یاری ہوگی، میں ہنس پڑا۔ پھر میں نے پوچھا کوئی تجربے اور نسخے بتاؤ؟ میں طالب علم ہوں۔ کہنے لگے: میں تو آپ کا عبقری پڑھتا رہتا ہوں، آپ سے ملنے آیا ہوں، پہلے شناسائی انمول خزانے سے ہوئی تھی۔ خیر وہ لمبی چوڑی باتیں ہیں.....!

وہ جن کہنے لگا: جب سے لسی گئی ہے اور چائے آئی ہے اس وقت سے قتل وغارت زیادہ ہوگئی ہے، بلڈ پریشر زیادہ ہوگیا ہے، ٹینشن زیادہ ہوگئی ہے، جھگڑے زیادہ ہوگئے ہیں، معدے کی تیزابیت، گیس، تبخیر زیادہ ہوگئی ہے، شوگر زیادہ ہوگئی ہے، جوڑوں کا درد شروع ہوگیا ہے کیونکہ چائے پی پی کے تو لبلبہ سوکھ جاتا ہے اور اپنی

انسولین نہیں بناتا اب اگر شوگر نہیں ہوگی تو کیا ہوگا؟ اور جوڑوں کے اندر کی (Lubrication) جسے اندر کی گریس کہتے ہیں وہ ختم ہوگئی، غلبہ شہوت زیادہ ہوگیا ہے جسے دوسرے لفظوں میں فحاشی کہتے ہیں، فحاشی اُس جن نے نہیں کہا میں کہہ رہا ہوں، اُس نے غلبہ شہوت کہا، سانس پھولنا زیادہ ہوگیا ہے۔ کہنے لگے: پہلے لسی پیتے تھے اور اسی پر کام کرتے تھے اور صبح شام تک سانس نہیں پھولتا تھا اب وہی کام کر کے چائے پینے بیٹھ جاتے ہیں۔

چائے بڑے بڑے نشوں کی ابتداء

پھر اُس حکیم جن نے ایک عجیب بات کہی۔ کہنے لگے: چائے بڑے بڑے نشوں اور ہیروئن کی ابتداء ہے کیونکہ اس میں نشہ ہے آپ اس کی (Pharmacology) اٹھائیں (Analysis) کریں۔ (Analysis) کیا کریں گے بلکہ لکھے ہوئے ہوتے ہیں تو اسکے (Analysis) میں نشہ ہے۔ اب ایک چائے پینے والا خواب دیکھتا ہے اور ایک لسی پینے والا خواب دیکھتا ہے۔ ان دونوں کے خوابوں میں بہت فرق ہے۔

غذاؤں کے زندگی پر اثرات

اللہ نے عورت کو آنکھ سے دیکھ کر پرکھنے کا فن دیا ہے۔ ایک خاتون کہنے لگیں: میرے جوان بیٹے جو حسن ابدال کیڈٹ کالج میں پڑھتے تھے، ہاسٹل سے چھٹی پر گھر آئے تو میرے گھر میں خدمت کرنیوالی جوان ملازمہ تھی میں نے لڑکوں کی نظریں اوپر نیچے بدلی ہوئی دیکھیں۔ وہ خاتون کہنے لگیں: میں نے لڑکوں کی بدلی ہوئی نظریں دیکھیں تو میں نے کہا: اوہو...! وہاں مرغن چیزیں کھاتے ہیں، چائے پیتے ہیں، بیف، مٹن اور چکن کھاتے ہیں یہ سب اس خوراک کا اثر ہے گویا غلبہ شہوت ہے۔ میں نے مونگ کی دال کالی مرچ میں کھلانا اور لسی پلانا شروع کر دی، چند دنوں میں بچوں کی نظریں ٹھیک ہوگئیں۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ

فاطمہ بنت عبدالملک عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ کی اہلیہ تھیں۔ ایک خاتون ان کے

پاس آئی۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ گھر کا گارا اور پانی بنا رہے تھے۔ امیر المومنین کنوئیں سے ڈول نکالتے ہوئے بار بار اپنی بیوی کو دیکھ رہے تھے۔ وہ عورت پرانی، بوڑھی اور بہت منجھی ہوئی تھی اسے پتہ نہیں تھا یہ امیر المومنین ہیں بلکہ وہ سمجھی کہ یہ شائد ان کے غلام ہیں۔ کہنے لگیں: تیرے غلام کی نظر ٹھیک نہیں ہے خیال کرنا...! انہوں نے کہا: دیوانی یہی تو میرے شوہر ہیں۔

دو احتیاطیں

(1) چائے پینے والے اور لسی پینے والے میں بہت فرق ہوتا ہے ان کے مزاجوں میں اور ان کی طبیعتوں میں فرق ہوتا ہے۔ اس لیے بعض اوقات تعبیر کی غلطی نہ کر جانا۔ چائے پینے والا بھی عجیب وغریب ایسے خواب دیکھتا ہے جو خود لسی پینے والا نہیں دیکھ سکتا، یہ بھی غلطی نہ کر جانا پان اور نسوار کھانے والا بھی ایسے خواب دیکھ جاتا ہے جو پان نسوار نہ کھانے والا بھی نہیں دیکھ سکتا۔

(2) ایک چیز اور بھی بتادوں جہلا کے خوابوں کو کبھی نظر انداز نہ کرنا۔ علمی دنیا سے ان کا ذہن صاف ہوتا ہے۔

کتابوں سے دوری

چند کتابوں کی طرف میں آپ کو رہنمائی کرتا جو بہت ہی اہم ہیں طب کے حوالے سے ہماری طب کی ایک کتاب ہے علامہ نفیسی رحمہ اللہ کی ''شرح اسباب'' آج کل تو حکیم حضرات کو اصل عربی کتب پڑھنے کا موقع ہی نہیں ملتا۔ یہ بہت باریک، دقیق علمی کتاب ہے۔ ایک اور کتاب بھی ہے اس کا نام ''بحران'' ہے۔ کیا دور تھا حکیم اعظم خان رحمہ اللہ جو حکیم اجمل خان رحمہ اللہ کے بڑے تھے جو ایسی دقیق کتابیں پڑھتے تھے، ایک اور کتاب ''الحاوی'' ہے جو میں نے بھی کچھ پڑھی ہے۔

شرح اسباب

شرح اسباب میں ایک بات لکھی ہے کہ جو صاحب علم اور (Thinker)، پڑھا لکھا

تاجر ہوگا یا جسکی مصروفیت کا تعلق ذہن سے ہوگا، اور جس کا جماع اور جس کا ذہن اس قسم کی مصروفیات سے بالکل صاف ہے، مزدور مزدوری کر کے اور تاجر تجارت کر کے آیا ہے اسکے جماع کرنے میں فرق ہے۔ بڑی عجیب بات لکھی ہے کہ خطرہ ہے جو پڑھا لکھا، صاحب کمال اور صاحب علم ہے اسکے جماع سے غبی اور جوان پڑھ، بے فائدہ شخصیت ہے اِسکے جماع سے باکمال پیدا ہوں۔ غبی کہتے ہیں ذہنی معذور، ذہنی کمزور اور کند ذہن... اس لیے جرنیلوں کی بائیسویں گریڈوں کی لسٹوں میں اکثر دیہاتوں کے، ان پڑھوں کے اور نچلے طبقے سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے نام زیادہ آتے ہیں۔ آپ نے شاید یہ تجربہ نہیں کیا؟ اُن کا ذہن بالکل صاف ہمہ تن اسی کام میں مصروف ہوتا ہے اور جب کہ دوسرے لوگوں کا ذہن کبھی ادھر جائیگا تو کبھی اُدھر جائے گا کہ وہ کام بھی کرنا ہے اور وہ کام بھی کرنا ہے۔ وہ ان کی ساری کیفیات عورت میں منتقل نہیں ہوسکیں گی البتہ اُس ان پڑھ کی ساری کیفیات عورت میں منتقل ہوجائیں گی۔

دنیا میں جنت کی لذت

اس دنیا میں اللہ نے کافر کو بھی دنیاوی جنت کی نعمت دی ہوئی ہے اور مسلمان کو بھی ایک جنت کی نعمت دی ہوئی ہے۔ آپ حیران ہونگے کہ اللہ نے کافر کو بھی اور مسلمان کو بھی جنت کی نعمت دی ہوئی ہے...! ایک جنت کی لذت دی ہے اور وہ لذت انزال ہے یہ صرف جنت کی لذت ہے اور یہ جنت کی لذتوں میں سے ایک لذت ہے۔

ایک راز کا انکشاف

میں نے کئی غسال حضرات سے پوچھا اور اسکی تحقیق میں گیا، میں نے کئی غسل دینے والوں سے پوچھا: انہوں نے کہا: جی اکثر جو میتیں ہم دیکھتے ہیں ان کا پیشاب یا پاخانہ نکلا ہوا ہوتا ہے، حالت نزع میں موت قریب ہے، پاخانہ نہیں تو پیشاب تو اکثر کا نکلا ہوا ہوتا ہے۔ کوئی کوئی میت ایسی ہوتی ہیں جن کا پیشاب نہیں نکلا ہوا ہوتا بلکہ انزال ہوا ہوتا ہے۔ اللہ اپنے خاص خاصانِ خاص کے ساتھ کیا کریگا؟ اسے لذت

انزال میں ڈال کے جان نکال لے گا۔ یہ عجیب بات ہے۔ یہ بات سب سے پہلے میں نے مکہ مکرمہ میں مکی صاحب رحمہ اللہ سے سنی جو بہت بڑے عالم ہیں۔ میں نے سوچا......! یہ بندہ حرم میں بیٹھ کر (Non-Authentic) غیر معتبر باتیں نہیں کرتا کیونکہ حرم مکی کے اندر ادھر اُدھر کی باتیں ہو ہی نہیں سکتیں۔ آل سعود کو اللہ جزائے خیر دے انہوں نے بہت سی چیزوں کو محفوظ کر دیا۔ میں اسکی تحقیق میں پڑا اور میں نے سوچا: اس کی تحقیق کا بہترین ذریعہ ایک تو کتابیں ہیں اور دوسرا مشاہدہ ہے۔ اب میں کتابیں کہاں سے لاؤں مجھے اس کا حوالہ نہیں مل سکتا۔ مکی صاحب رحمہ اللہ میرے والد صاحب رحمہ اللہ کے بچپن کے کلاس فیلو تھے۔ میں نے پھر بھی حوالے دیکھے۔ (غسال) غسل دینے والے کہتے ہیں کہ بعض میتیں ہمیں ایسی ملیں۔

کیونکہ غسل دینے والا ستر کھولتا ہے تو اس کا ہاتھ ستر تک پہنچتا ہے وہ جو کپڑا اُتارتا ہے اُس کپڑے میں پیشاب کا اظہار بھی ہوتا ہے۔ میت نے دھوتی، پینٹ یا شلوار جو بھی پہنی ہوئی ہو اس میں پاخانے اور انزال کا بھی اظہار ہوتا ہے۔ یہ ایک راز ہے جو میں آپ کو بتا رہا ہوں۔

موت کی آخری ہچکی کو ذرا غور سے سن
زندگی بھر کا خلاصہ اسی آواز میں ہے

روحانی کلاس کے شرکاء کے مشاہدات

شہداء کی حالت

ایک صاحب بتاتے ہیں اکثر شہیدوں کو جب غسل دیتے ہیں تو ان کے ساتھ ایسے ہی انزال ہوا ہوتا ہے۔

ایک اور صاحب بتاتے ہیں کہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ افغانستان میں ایک صاحب شہید ہوئے ان کو غسل دیا تو ان کو انزال ہوا تھا۔

مارٹر کی گولی

☆ ایک صاحب بتاتے ہیں کہ جنگ میں ہمارا ایک دوست شہید ہو گیا اسے مارٹر کی گولی لگی تھی اس نے اپنے ساتھی کو بتایا کہ دیکھو میرے ماتھے پر کیا ہوا ہے کسی مچھر نے کاٹا ہے کیا؟ اس نے دیکھا تو سر سے خون نکل رہا تھا اسے جب غسل دینے لگے تو اسکو انزال ہوا تھا۔

حدیث کا مفہوم ہے: ''شہید کو ایسے تکلیف ہوتی ہے جیسے چیونٹی کاٹتی ہے۔''

☆ ایک صاحب کہنے لگے ایک نمازی کو میں نے غسل دیتے ہوئے اسکی حالت یہ دیکھی تھی۔ معلوم ہوا کے یہ بات حقیقت ہے۔

سلاطین کے خواب اور ان کی حقیقت

میاں نواز شریف کا خواب

شہداء، فقراء، امراء، سلاطین اور بادشاہوں کے بھی خواب ہوتے ہیں۔ مجھے ایک آرمی کے عالم ملے غالباً ان کا نام مولانا اسلم صاحب رحمہ اللہ تھا۔ کہنے لگے: جب نواز شریف جیل میں تھے تو میں وہاں خطیب تھا۔ اس وقت ان کی پوسٹنگ ڈیرہ نواب چھاؤنی میں تھی، مجھے یہ بات انہوں نے بتائی۔ انہوں نے جیل والوں سے کہا مجھے سیکھنے سکھانے کیلئے عالم دیا جائے تو میری ڈیوٹی لگی۔ نواز شریف مجھ سے خواب کی تعبیر پوچھتا کہ میں نے یہ خواب دیکھا ہے۔ کہنے لگے: میں نے کہا مجھے پتہ نہیں۔

معدوم علم

عالم ہو اور خواب کی تعبیر نہ جانے میں یہی تو رونا رو رہا ہوں کہ یہ علم معدوم ہو گیا ہے، یہ علم مٹ گیا ہے۔ عالم اگر خواب کی تعبیر نہیں بتائے گا تو ملنگ تو ضرور بتائے گا۔ پھر چلتی پھرتی گلیوں میں میری اماں رحمہا اللہ علیہ کے پاس آنے والی مائی خواب کی تعبیر (جس کو وہ لفظ تعمیر بولا کرتی تھی) ضرور بتائے گی، پھر جنتریاں ہی

بتائیں گی اور کون بتائے گا...؟

میاں صاحب کے خواب کی تعبیر

اب وہ کہنے لگے میں پریشان ہوا آخر میں نے ابن سرین رحمۃ اللہ علیہ کی ''تعبیر الرؤیا'' لاکر دے دی۔ انہیں کہا: میاں صاحب مجھے تو پتہ نہیں اس میں سے دیکھ کر آپ خود معلوم کرلیں۔ لیکن ایک بات جو بتائی وہ یہ تھی: کہنے لگے: اسکے خواب میں نے خود محسوس کیا کہ بعد میں سچے ثابت ہوئے۔

سلاطین کو خوابوں میں ہدایات

سلاطین کے جو خواب ہوتے ہیں ان کی حقیقت کچھ اور ہوتی ہے۔ سلاطین کے خواب مستقبل بینی کی نشاندہی بھی کرتے ہیں، حال کے احوال کی اصلاح کی بھی کوشش کرتے ہیں اور سلاطین کے خواب جو ہیں وہ کچھ چیزوں کی اطلاعات اور انہیں کچھ ہدایات بھی ہوتی ہیں۔

زرداری کے سچے خواب

مجھے اندرون سندھ سے ایک صاحب بتانے لگے کہ میرا ایک سندھی قریبی دوست ہے۔ کچھ سیاست سے زیادہ تعلق نہیں ہے۔ جب زرداری صاحب جیل میں تھے اس وقت اس نے کچھ خواب دیکھے اور وہ ایسے ایسے تھے پھر باتوں باتوں میں کہنے لگے: اسکے وہ خواب سچے ثابت ہوئے۔

شاہجہان کا خواب

جب شاہجہان قید میں تھا تو اس وقت اس نے ایک خواب دیکھا کہ کچھ لوگ مجھے باندھ رہے ہیں لیکن میں انکی بندشیں چھڑوا رہا ہوں اور انہوں نے مجھے چھوڑ دیا۔ لیکن میرا اپنا ایک قریبی خون آیا یعنی میرا خونی رشتہ دار آیا اور اس نے مجھے ہاتھ سے پکڑ کے ایک احاطے میں بند کر کے باہر سے دروازہ بند کر دیا۔ انہوں نے کہا: آپ کو یہ باندھے گے نہیں میں آپ کا ساتھ دیتا ہوں، آپ چپ کر کے یہاں بیٹھے رہیں۔

خود ہی کہنے لگے: کچھ ہی عرصے کے بعد مجھے نظر بند کر دیا گیا اور نظر بند کرنیوالا خود میرا خونی رشتہ دار تھا۔ خواب کے ذریعے مستقبل کی آ گاہی ہوئی ہے۔

تشخیص کے لیے باکمال دعا

آپ خواب کی تعبیر میں صاحب کمال بننا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے "یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُاَخْبِرْنِیْ یَاوَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِالدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ" یہ لفظ خواب کی تعبیر کے لیے کمال ہے۔ اس دعا کو پڑھنے کے بعد اللہ جل شانہٗ دل کے اندر ایک الہام کر دیتے ہیں اور اس کی تعبیر فوری نقد ملتی ہے، اللہ پاک اس کی تعبیر کا فوری الہام کر دیتے ہیں، یہ دعا کشف کیلئے لاجواب ہے اور کشف کے جتنے بھی حصے ہیں جن میں "کشف القبور"، "کشف الصدور" اور "کشف الوراء" ہیں ان سب کیلئے لاجواب ہے۔

دلوں کے راز جاننے کی جستجو

مشرف دور میں حالات کو کنٹرول کرنے کیلئے ہر شہر میں میجر مانیٹرنگ کیلئے بیٹھائے گئے۔ ایک میجر مانیٹرنگ کا انچارج تھا اس کو روحانیت کا شوق تھا۔ اس کو کسی نے کہا: حکیم طارق ہے وہ تھوڑی سی روحانیت کی الف، ب جانتا ہے۔ اس نے ایک فوجی میرے پاس بھیجا۔ اُس نے آ کر کہا کہ وہ مانیٹرنگ کے صاحب آپ کو بلا رہے ہیں۔ میں نے پوچھا: کیوں خیریت ہے؟ کہنے لگا: میں نہیں جانتا۔ میں نے اسے کہا کہ اُن سے کہو کہ میرے پاس خود آئیں میں نے کون سا جرم کیا ہے جو مجھے بلا رہے ہیں؟ جاؤ ان سے جا کر کہہ دو۔ اس نے پھر کہا: جی وہ آپ سے کچھ سیکھنا چاہتے ہیں۔ میں نے کہا: اسے اب تو خود ہی آنا چاہیے۔ خیر وہ میرے پاس آ کر کہنے لگے: مجھے "کشف الصدور" کا شوق ہے کہ لوگوں کے دلوں میں کیا ہے۔ میں چاہتا ہوں مجھے جہاں بیٹھایا گیا ہے میں وہاں غریب کی غریب پروری، دادرسی کروں۔ ان

کا نام میجر خرم تھا اور وہ ملتان کے رہنے والے تھے۔ نمازی، طبعاً شریف شخص تھے۔ کہنے لگے: لوگ آکر اپنے معاملات بیان کرتے ہیں کیا واقعی وہ سچ بولتے ہیں یا جھوٹ بولتے ہیں؟ مجھے کیسے پتہ چلے گا؟ آپکے پاس کوئی ایسا لفظ یا حرف ہے تو مجھے بتا دیں، میں پڑھ لوں گا شائد مجھے کچھ پتہ چل جائے۔ میں نے کہا: آپ اول و آخر سات مرتبہ درود ابراہیمی اور یہ دعا: "یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُاَخْبِرْنِیْ یَاوَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِالدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ" ایک تسبیح رات کو ایک ایک لفظ دھیان سے پڑھ کر سو جایا کریں۔

وظائف کیلئے شرط

ایک ہے وظیفہ پڑھنا اور ایک ہے وظیفہ مانگنا....! ایک ہے دعا پڑھنا اور ایک ہے دعا مانگنا...!

کیا ان میں فرق نہیں ہے......؟ ایک جگہ میں نے جمعہ کی نماز میں سلام کے فوراً بعد سنتیں شروع کر دیں۔ مولوی صاحب نے جو دعا شروع کرائی کہ کشمیر بھی آزاد کروایا، چیچنیا بھی آزاد کروایا، فلسطین کی بھی صفائی کرائی، مقتدی زور زور سے آمین کہہ رہے تھے۔ زور سے آمین کہنے کا مطلب ہے کہ مہربانی کرو (ہن جان چھڈو) جان چھوڑو۔ میں سوچنے لگا کہ اللہ کے بندے دعا ہے اسکے اندر تو اخلاص ہونا چاہیے...!

مانگنا بھکاری سے سیکھیں......!

کبھی مانگنا سیکھنا ہے تو چوراہوں اور اشاروں پر جو گاڑیاں کھڑی ہوتی ہیں وہاں پر بھکاری کو دیکھنا اس کا سر، پاؤں، ہاتھ، اسکے الفاظ، اسکا لباس، اسکی ادائیں اور اسکی آنکھیں بھی بھکاری ہوتی ہیں۔ کیا خیال ہے وہ سراپا بھیک ہوتا ہے؟ ساری کائنات کا مولا داتا اور ساری کائنات کے مالک سے تو بیٹھا مانگ رہا ہے۔ تو کیسے مانگنا چاہیے...... صرف اوابین کے چھ نفل پڑھ لیں دو مغرب کی سنتیں اسکے بعد چار نفل پڑھ لیں اوابین کے چھ ہو جائیں گے یہ بہتر ہے اس سے کہ بیس رکعت پڑھی

جائیں اور ان میں دھیان نہ ہو...... یہ چھ نفل دھیان، توجہ اور اللہ کی ذات عالی کے قرب والے ہوں تو بہتر ہے۔

جنات اور پرندوں کی بولیاں سمجھنا اب ناممکن نہیں

اس دعا کی ایک تسبیح تعبیر منام یعنی خواب کی تعبیر، کشف الصدور اور کشف القبور کے سلسلے میں بہترین ہے حتیٰ کے میرے مشاہدے میں جنات اور پرندوں کی بولیاں سمجھنے میں بھی یہ دعا باکمال چیز ہے۔ کئی واقعات محدثین کے، اہل اللہ کے، صالحین کے کتابوں میں گزرے ہیں کہ اللہ پاک نے اپنے علم کامل کی برکت سے ان پر پرندوں کی بولیاں کھول دی تھیں۔ جیسے سلیمان علیہ الصلوٰۃ والسلام پر کھولی تھیں، سلیمان علیہ السلام تو اللہ کے نبی، پاکیزہ بندے اور پاکباز ہستیوں میں سے تھے۔ ”یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِالدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ“ اللہ دنیا اور آخرت کے اسرار، رازو رموز، کمال، سربستہ چیزیں مجھ پر کھول دے۔ کیسی عجیب چیز ہے، بہت وزنی دعا اور طاقتور دعا، کمال کی چیز ہے اور اگر مجھ سے سچ پوچھیں تو یہ ”شَیْءٌ عَجِیْب“ نہیں بلکہ ”شَیْءٌ عُجَابْ“ ہے۔ یہ ”عجیب“ سے ”عُجَابْ“ (Superlative) ڈگری ہے۔ بہرحال سوتے ہوئے صرف ایک تسبیح دھیان والی پڑھیں۔

استخارے کے لیے کمال کی دعا

استخارہ کے لیے یہ دعا ”یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِالدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ“ تو آخری چیز ہے۔ یعنی یوں سمجھ لیں استخارہ تو اس کے سامنے ایک چھوٹی سی چیز ہے۔ آپ جس چیز کے بارے میں خیر اور شر کا جاننا چاہتے ہیں بہت کمال کی چیز ہے۔ میرے شیخ حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے یہ دعا اکتالیس ہزار بار پڑھوائی تھی۔ فرمایا: پڑھ، اس سے تجھے تشخیص میں بہت مدد ملے گی۔ تشخیص امراض، جنات، جادو کے مکروفریب جاننے میں اس سے بڑی مدد ملتی ہے۔

جن کی مکاریاں

میرے پاس ایک مزدور آدمی آیا۔ اس کو بیوی نے بہت تنگ کیا ہوا تھا۔ روز اس پر جن آجاتے تھے، چیزیں توڑ دیتی تھی، وہ بندہ اسے لیکر فلاں فلاں دربار پر چلا جاتا تھا۔ عورت میں موجود جن کہتا مجھے فلاں دربار پر لیکر جاؤ سلامی پواؤ، فلاں چیز کھلاؤ۔ کسی نے اس بندے کو کہا: فلاں حکیم طارق ہے وہاں چلے جاؤ تو وہ میرے پاس آیا۔ اس دعا اور اعمال کی برکت سے اللہ نے میرے دل میں ڈال دیا کہ یہ سب عورت کا مکر ہے۔ اس کا نام یونس تھا۔ میں نے کہا: بھئی یونس اسکے اوپر جو جن ہیں یہ مار کے بغیر نہیں جائے گا۔ کہنے لگا: سرکار حکم کرو...! وہ بالکل سوکھا پتلا تھا مگر بہت طاقتور آدمی تھا۔ ہم نے تیسری منزل پر لکڑی کی الماری پہنچانی تھی جسے تین چار بندے اٹھا نہیں سکتے تھے۔ یونس نے الماری کمر پر اٹھا کر سیڑھیوں سے تیسری منزل پر جس کونے میں فٹ کرنی تھی اس وہاں رکھ کر کہنے لگا: جی بس دعا دے دینا۔ اسکے اندر کتنی طاقت ہوگی...؟

مکار جن کی معافیاں

میں نے کہا: یونس جن نہیں مانتا اور تو بہت پھرا بھی ہے۔ کہنے لگے: میں تو خالی ہو گیا ہوں۔ میں نے کہا: نہیں اب تیرا کچھ نہیں لگے گا، یہ جن مانتا نہیں ہے۔ میں نے کہا: جوتا لے آ، اسے مار میں گنتا رہتا ہوں۔ میں نے کہا: یونس مزہ نہیں آرہا ذرا کھچ کے رکھ، وہ خاتون بھی ڈھیٹ تھی۔ میں گنتا گیا ایک، دو، تین....! جب اکیس پر پہنچا تو خاتون کہنے لگی ہائے...! میں نے کہا: اب جا کر جن کو لگا ہے، اسکی ہائے اب نکلی ہے۔ اب ذرا تھوڑا تگڑا ہو جا، ذرا تھوڑا سا کھینچ کے اور رکھ لیکن عورت عورت ہوتی ہے کہاں تک برداشت کر سکتی ہے۔ اللہ نے مرد کو غالب رکھا ہے۔ جب میں نے اس کی کیفیت دیکھی تو میں نے کہا: یونس چلا جا میں اب اس سے مذاکرات کرتا ہوں۔ میں نے اس سے پوچھا: بتا اب مکر کریگی یا اور تیرے شوہر سے مار لگواؤں؟ تو اُس نے ہاتھ باندھ لیے، میں نے سیدھی بات کہی میں نے کہا: اب بتا یونس کو تیرا حال بتاؤں؟ کہنے

لگی: اللہ کے واسطے اللہ کے واسطے پیر جی مینوں معاف کردو۔

میں نے کہا: غریب کو تو نے لوہے کے چنے چبوائے ہیں، پھر میں نے اسے جاتے ہوئے کہہ دیا یونس یہ ٹھیک ہوگئی ہے۔ جن کہتا ہے میں آئندہ نہیں آؤں گا۔ وہ اس کا مکر والا جن تھا۔ میں نے کوئی جھوٹ نہیں بولا۔ میں نے کہا: جن کہتا ہے آئندہ نہیں آؤں گا۔ لیکن کبھی اگر آئے پھر یہی کر لینا پس اکتالیس سے زیادہ نہ کرنا۔ کیونکہ چلہ چالیس دن کا ہوتا ہے۔ ایک ذرا جھکتے ہوئے، اس نے کہا: جی ٹھیک ہے۔ وہ بیچارہ بالکل مطمئن تھا اور خوش ہوگیا کہ جن نکل گیا۔ میں نے خاتون سے کہا: دیکھ! آئندہ تھوڑا سا بھی ایسا مکر کیا تو جوتے لگوا کر بندے کا پتر بنوادوں گا۔ میں نے خاتون سے کہا: جب یہ کوئی کام کہے گا اس کی خدمت کرے گی یا گالیاں دے گی؟ کہنی لگی: نہیں! بلکہ بہت خدمت کروں گی اللہ کے واسطے اس کو کہیں مجھے جوتے نہ مارے یہ مارے گا آپ کی بات بڑی مانتا ہے۔

غبار خاطر

امام الہند ابوالکلام آزاد رحمۃ اللہ علیہ کی ایک بات یاد آئی۔ یہ بات ''غبار خاطر'' میں لکھی ہے۔ کہنے لگے: لوگ کہتے ہیں ہوائیں چلیں، بادل بنے، بادل گرجے، بجلی کڑکی اور بارشیں آئیں جبکہ ہم تو ہواؤں کو سونگھ کے بتادیں کہ بارشیں آئیں یا نہ آئیں۔ ابوالکلام آزاد رحمۃ اللہ علیہ قلم کے دھنی تھے۔ یہ دعا: ''یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُاَخْبِرْنِیْ یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِالدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ'' بادلوں کو سونگھ کے بتانے والی دعا ہے۔ انہوں نے یہ کتاب ''غبار خاطر'' احمد نگر کے قلعے میں قید کے دوران لکھی تھی۔ جس کا نام ''غبار خاطر'' ہے۔ میں نے اس کا ایک حوالہ دیا ہے ایک اور ان کی کتاب ''صبح امید'' ہے۔ یہ دعا: ''یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُاَخْبِرْنِیْ یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِالدُّنْیَا وَالْآخِرَةِ'' وہ ہے جو فضاؤں کو دیکھ کر فضاؤں کو سونگھ کے بتائے۔

بنیاد کی پختگی

خواب کی تعبیر کے سلسلے میں دو ضخیم کتابیں ہیں ان کا مطالعہ تفصیل سے کریں لیکن یہ کتابیں اس وقت سمجھ آئینگی جب آپ کا الف، ب کا قاعدہ مضبوط ہوگا۔ قاری سے یا حافظ سے پوچھیں وہ کہتے ہیں: جس کا الف، ب کا قاعدہ مضبوط ہے وہ چلتا جائیگا۔ سپریم کورٹ کے فیصلے تیری موجودہ چوکی اور تھانے کی ایف آئی آر پر ہوتے ہیں۔ تو تیری F.I.R. مضبوط نہ ہو یعنی قاعدہ مضبوط نہ ہو تو تمہیں کیسے سمجھ آئے گی...؟

ہمارا قومی المیہ

میرے پاس کراچی کے ایک بڑے مفتی آئے ہوئے تھے۔ میں ان کو لے کر شاہی قلعے گیا وہاں کنوئیں ہیں۔ پھر ہم نے موتی مسجد میں جا کر نفل بھی پڑھے۔ کنوؤں میں لوگوں نے گند ڈال ڈال کر بند کر دیا ہے۔ پھر اسکے اوپر سلاخیں جالیاں لگا دی ہیں۔ ہم نے اسکے اندر جھانکا تو اندر پانی کی بوتلیں اور شاپر پڑے تھے۔ سلاخوں سے جو جو چیز اندر جا سکتی تھی وہ ہم نے پھینکی ہوئی ہیں۔ میں نے کہا: یہ ہمارا قومی مزاج ہے۔ جو چیز ٹوٹی ہوگی اس کو مزید توڑ دیں گے۔ یہ کوڑا ڈسٹبن میں ڈالنا تھا۔ انہوں نے کنوئیں میں کھدائی کر کر کے اسے صاف کیا۔ اس میں گند کیوں ڈالا؟ میں یہ ایک رونا رو رہا ہوں۔ حکمرانوں کو گالیاں دینا قومی مزاج ہے، اپنی اصلاح کرنا نہیں۔ حکمرانوں کو، امریکہ کو، ہندو اور یورپ کو گالیاں دینا ہمارا قومی مزاج کا حصہ بن گیا ہے۔

مزاجوں کا تعبیر پر اثر

قوموں اور علاقوں کا مزاج بھی خواب کی تعبیر پر اثر رکھتا ہے۔ پیشہ کیا ہے؟ لوہار کیا خواب دیکھتا ہے؟ سارا دن بھینس اور بیل کیساتھ رہنے والا کیا خواب دیکھتا ہے؟ سارا دن منڈی میں بولی لگاتا ہے چار روپے، آٹھ روپے جس کے پاس سبزیوں کی ڈھیر ہوتی ہے وہ کیا خواب دیکھتا ہے؟ جب کوئی خواب کی تعبیر پوچھنے کیلئے آئے تو اس کو فوراً پوچھو وہ کیا کرتا ہے۔

ملکہ زبیدہ کا خواب

امام یوسف رحمہ اللہ کے پاس ایک خاتون نے آکر خواب بیان کیا۔ خاتون نے کہا: میں خواب میں دیکھ رہی ہوں کہ ساری دنیا کی مخلوق چرند، پرند، انسان اور جنات میرے ساتھ بدفعلی کرر ہے ہیں۔ امام ابو یوسف رحمہ اللہ قاضی القضاۃ کہنے لگے: کہاں سے آئی ہو؟ کہنے لگیں: میں فلاں بادشاہ کی لونڈی ہوں۔ انہوں نے کہا یہ خواب تو نے نہیں دیکھا سچ بتا کس نے دیکھا ہے؟ وہ چپ کر کے چلی گئی۔ خواب ملکہ زبیدہ نے دیکھا تھا۔ اس خاتون نے جا کر زبیدہ سے کہا کہ وہ بندہ ذرا تگڑا ہے وہ کہتا ہے خواب تو نے نہیں دیکھا۔ آپ کا حکم تھا کہ میرا نام نہ بتانا اب میں کیا کروں؟ زبیدہ نے کہا کیا کرنا ہے اب تعبیر تو پوچھنی ہے میرا نام بتادے۔

وہ خاتون دوبارہ امام یوسف رحمہ اللہ کے پاس آئی اور کہا: یہ خواب ملکہ نے دیکھا تھا۔ فرمانے لگے: ہاں یہ خواب ملکہ ہی دیکھ سکتی ہے۔ کہنے لگے: اسے کہو تجھے خوش خبری ہو کہ اللہ تیرے ذریعے سے مخلوق خدا کو نفع دے گا اور زبیدہ ایک نہر نکالی گئی جس سے جنات، پرندوں اور جانوروں کے پانی انتظام ہوگا۔

اسی سال ہم عرفات سے گزر رہے تھے تو میں نے اپنے دوستوں سے کہا وہ دیکھو زبیدہ نہر کے آثار نظر آرہے ہیں جو پہاڑوں کے درمیان سے بل کھاتی ہوئی گزر رہی ہے۔ وہ خواب صرف زبیدہ دیکھ سکتی تھی، لونڈی کیسے دیکھ سکتی تھی۔ تعبیر دینے والے نے فوراً خواب اور اسکی تعبیر بتلائی۔ آپ یہ نہیں دیکھ رہے خواب کا ظاہر کتنا غلیظ اور باطن کتنا پاکیزہ ہے۔ 1970ء کے بعد تک وہ نہر چلتی رہی اور اس کے پانی سے مخلوق خدا کو نفع ملتا رہا۔ یہاں ایک بات اور عرض کر دوں کہ خواب کی تعبیر کے سلسلے میں روحانی مدد لیں اور وہ روحانی مدد ہر وقت باوضو رہنا ہے۔

بدنظری سے نجات کا نسخہ

جو نماز میں نظروں کی حفاظت کرے گا۔ اللہ کی قسم اسے نماز کے باہر نظروں کی

حفاظت کی توفیق ملے گی۔ جو نماز میں نظروں کی حفاظت کرے گا کہ میری نگاہ سجدے، رکوع، قیام اور التحیات میں کہاں ہے۔ جو مسلسل اس کی مشق کر کے نماز میں نظروں کی حفاظت سیکھ لے گا اللہ کے کرم سے اس سے نظر بازی کا عارضہ ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائے گا اور اس کی نماز بھی بہت جاندار ہو جائے گی۔ اور وہ ہو جائے گی جس نماز پر وعدے کیے گئے ہیں۔

من کی پاکیزگی

فراست، بصارت اور بصیرت تینوں چیزوں کا تعلق انسان کے اندر کے من کی پاکیزگی کیساتھ ہے۔ ایک عامل نے میرے ہاتھوں پر توبہ کی اور مجھے کہنے لگا کہ میرے گرو کو ایک عامل نے بتایا تھا جب بھی پیشاب کیا کرو تو جب پیشاب کے آخر میں چند قطرے ہوں انہیں مٹھی میں لیکر اپنے بدن پر چھینٹے دیا کرو اور جتنے زیادہ چھینٹے دے گا اتنا تیرا عمل طاقتور ہو گا۔ اور وہ عمل کالا تھا۔ (اللہ ہم سب کی اس سے حفاظت اور اسلام کی پاکیزہ اور شفاف روحانیت ہمیں عطا فرمائے) جب تک شر کی خبر نہ ہو خیر کا احساس کیسے ہو گا، جھوٹے کو دیکھ کر ہی سچ کا پتہ چلے گا۔

بداخلاقوں سے اخلاق سیکھیں

کسی نے احنف بن قیس سے پوچھا: اخلاق کہاں سے سیکھا؟ کہا: بداخلاقوں سے.....! توحید کہاں سے سیکھی؟ کہا: مشرکوں سے.....! سنت کہاں سے سیکھی؟ کہا بدعتیوں سے.....!

خنزیر کا صدقہ

میرے پاس ایک میاں بیوی آ کر غربت اور پریشانی کا حال بتانے لگے اور کہنے لگے: آپ مہربانی کریں ہمیں ایک پرچی کا نمبر بتا دیں۔ ہم بہت غربت میں ہیں، ہمارے بچوں کو فلاں پریشانی ہے فلاں پریشانی ہے۔ میں نے کہا: میں نمبر بتا دیتا ہوں لیکن اس سے پہلے کچھ صدقہ دینا پڑے گا۔ مجھے کہنے لگے: جتنا ہو سکے گا حسب توفیق دے دیں گے۔ میں نے ان کو پرچیوں کی خباثت اور حرام ہونا سمجھانے کیلئے کہا:

تین خنزیر ذبح کر کے گھر میں خود بھی کھائیں اور لوگوں کو بھی بانٹیں.....! یہ کر لیں پھر آپ کو ایک عمل دیتا ہوں۔ کہنے لگے: اوہو....! ''استغفر اللہ'' خنزیر.....! میں نے کہا: آپ کو خنزیر حرام نظر آتا ہے اور پرچیاں حلال نظر آتی ہیں...؟؟ یہ پرچیاں بھی تو حرام ہیں ان کی طرف کیوں بھاگتے ہو حلال کی راہیں تلاش کرو۔ اور چھوٹی سے چھوٹی حرام چیز سے ہمیشہ کیلئے بچنے کی فکر کرو۔ حلال میں جتنی برکت ہے، ہم سوچ بھی نہیں سکتے۔

بھڑ کاٹنے کا عمل اور یقین اعظم

چکوال کے ساتھ کھونیاں ایک جگہ ہے اس کا موجودہ نام سہگل آباد ہے میں بہت عرصہ اس جنگل میں رہا ہوں۔ میرے شیخ حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے وہاں بھیجا تھا میں نے کچھ ٹوٹی پھوٹی ٹکریں ماری ہیں۔ شیخ رحمہ اللہ نے وہاں ایک عمل کرایا تھا تو وہاں ایک صاحب مجھے کہنے لگے کیا کر رہے ہو؟ میں نے بتایا تو کہنے لگے: تم اتنی دیر سے لگے ہو یہ میرے پاس ایک منتر ہے یہ کر لو پھر اگر تم بھڑوں کے چھتے میں بھی ہاتھ مارو گے بھڑ کچھ نہیں کہیں گے۔

وہ شخص کہنے لگا اگرچہ یہی فائدہ آیت ''وَاللّٰہُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْکِیْلًا'' (النساء) کا ہے لیکن فرق یہ ہے کہ منتر پڑھنے کی صورت میں بھڑ قطعاً نہیں کاٹے گی جبکہ آیت کی صورت میں کاٹ سکتی ہے (معاذ اللہ)۔ خود وہ صاحب کالی دنیا کا کوئی عمل کر رہے تھے۔ میں نے پوچھا بقول تمہارے اس منتر کا یہ اثر کیوں ہے؟ اور آیت کا ایسا کیوں نہیں؟ کہا: اصل بات یہ ہے بھڑ تو منتر پڑھنے کی صورت میں بھی کاٹتے ہیں لیکن وہ کالی چیزیں بھڑوں کی تکلیف اپنے اوپر لے لیتی ہیں یا ان کو اندھا کر دیتی ہیں وہ انہیں نہیں کاٹ سکتیں اور ادھر ''وَاللّٰہُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْکِیْلًا'' بھی باکمال ہے لیکن اس کی تاثیر بقدر یقین اور بقدر ایمان ملے گی۔ منتر پڑھنے والے کو اگر بھڑیں کاٹ لیں تو یہ شیطانی چیزیں اسے اپنے اوپر اس لیے لے لیتی ہیں تاکہ اس کا ایمان قرآن سے ہٹ کر شیطانی چیزوں پر آ جائے اور بجائے قرآن سیکھنے کے لوگ منتر سیکھیں تاکہ ان

کا عقیدہ، ایمان خراب ہو جائے اور ان کی آخرت برباد ہو جائے۔ اللہ ہم سب کو مرتے دم تک قرآن و سنت کے ساتھ جوڑے رکھے۔ آمین

جادوگر عامل کی توبہ

ہمارے لاہور میں الیکٹرونک چیزوں کی ایک بہت بڑی مارکیٹ عابد مارکیٹ کے نام سے ہے یہاں کروڑوں روپے کا کام ہوتا ہے۔ میں نے یہاں ایک بندے کو ملازمت دلوائی۔ وہ دراصل پہلے لاہور کے علاقہ گلشن راوی میں ایک عامل تھا۔ اس نے آ کر توبہ کی، وہ لوگوں کو بے موسمی چیزیں کھلاتا تھا۔ لوگ اسے کہتے سرکار آج یہ تو کھلاؤ سبحان اللہ، سرکار نے وہ کھلا دی۔ پھر وہ شخص کہنے لگا جی: میرے ساتھ جو حالات شروع ہوئے ہیں میں توبہ کرتا ہوں۔ اب میں روزگار کیا کروں؟ میں نے ایک بندے سے کہا اس کو دکان پر ملازم رکھ لے اور اللہ کے فضل سے اس کی آخرت بچ گئی۔ اور اس نے اس کالی دنیا سے توبہ کر لی اور اسلام کی پاکیزہ حیات کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنا لیا۔

خواب کی تعبیر کو سمجھنے کے رہنما اصول

تعبیر کو سمجھیں اس پر محنت اور عرق ریزی کریں، مزاجوں کو سمجھیں...! اس سلسلے میں ایک کتاب جو پہلے بھی میں نے آپ کی خدمت میں عرض کی ''شرح اسباب'' وہ ضرور پڑھیں چاہے تھوڑا تھوڑا ہی پڑھ لیں، ذرا تفصیلی کتاب ہے۔ یہ کتاب جہاں طب کی کتابیں ملتی ہیں وہاں سے آپ کو مل جائے گی، یہ کتاب آپ کو خوابوں کی تعبیر میں مدد دیگی۔ حالانکہ طب کی کتاب ہے، اس کو سمجھ کر چلنے والے کو خوابوں کی تعبیر میں بہت مدد ملے گی اور یہ کتاب آپ کیلئے معاون ثابت ہوگی۔

تعبیر پر اثر انداز ہونیوالے عوامل

تعبیر کے سلسلے میں احوال، مزاج اور موسم کو سامنے رکھیں۔ موسم کا تعبیر پر بہت اثر ہوتا ہے، پیشے کو سامنے رکھیں۔

رنگت کا بھی اس پر اثر ہوتا ہے، گورے اور کالے کا۔ ڈک اور سل جسے کہتے ہیں جسے

پھیپھڑے میں خون آتا ہے، کالی رنگت والوں کو بہت کم ہوگی۔ جتنا گورا ہوگا اس کو ٹی بی زیادہ ہوگی، کوئی خال خال کالے کو ہو جائے ورنہ نہیں۔

گدھے کو چپ کرانے کا نسخہ

گدھے کی دم کے ساتھ اگر پتھر باندھ دیں تو وہ ہنہنانا چھوڑ دے گا۔ گدھا تنگ کر رہا ہے تو اسکی دم کیساتھ پتھر باندھ دیں۔ کوئی بے حیاء گدھا ہو تو وہ اور بات ہے۔ میں دیہات میں ایک صاحب کے نکاح کی تقریب میں گیا ہوا تھا وہاں گدھا چپ ہی نہیں ہو رہا تھا۔ اس کو لاٹھیاں مار رہے تھے۔ میں نے کہا پتہ نہیں اس نے ادھر ادھر کوئی بدنظری کر لی ہوگی۔ میں نے اسے کہا: اس کی دم کے ساتھ پتھر باندھ دو۔ وہ کیسے باندھیں؟ میں نے کہا: کسی کپڑے میں پتھر باندھ کر اس کی دم کے ساتھ لٹکا دو۔ پتھر لٹکایا تو گدھا چپ ہو گیا۔

شراب کی عادت چھوٹ گئی

ہفتے والے دن میں پوری دنیا کے فون سنتا ہوں۔ امریکہ کے کسی جزیرے سے مجھے فون آیا کہ میرا شوہر شراب پیتا تھا، میں نے آپ سے پوچھا تھا۔ آپ نے ایک لفظ بتایا تھا "یَامَانِعُ یَاصَبُوْرُ یَاھَادِیُ" کہنے لگیں: چھ سال کے بعد پہلی دفعہ میرے شوہر نے اسی سال روزے رکھے۔ میری شادی کو چھ سال ہو گئے ہیں تب سے میں انہیں دیکھ رہی ہوں پتہ نہیں اس سے پہلے آج تک کبھی روزے رکھے ہوں گے یا نہیں۔ "یَامَانِعُ یَاصَبُوْرُ یَاھَادِیُ" میں نے انہیں تین لفظ بتائے تھے۔

عادت بد چھڑانے کیلئے

نشہ، سگریٹ، عادت بد، شراب، بدکاری اور بدنظری چھڑانے یا چھوڑنے کیلئے "یَامَانِعُ یَاصَبُوْرُ یَاھَادِیُ" کی ایک تسبیح اوّل و آخر تین دفعہ درود ابراہیمی کے ساتھ ہر نماز کے بعد آپ پڑھ لیں یا آپ کی طرف سے کوئی پڑھ لے۔

آدمی ہر کوئی انسان کوئی کوئی!

تعبیر کے سلسلے میں جو چیز زیادہ کام دے گی وہ روحانیت ہے۔ عامل اور کامل...!

عامل ہر کوئی کامل کوئی کوئی!

آدمی آدمی انتر ہے کوئی ہیرا ہے کوئی کنکر ہے

اور پھر آدمی ہر کوئی انسان کوئی کوئی...! ایک اللہ والے کے پاس ایک بندہ گیا کہ حضرت میں آپ سے ولایت سیکھنے آیا ہوں۔ فرمایا: میں انسان بناتا ہوں ولایت تجھے کہیں اور جا کر ملے گی۔ پس انسان بن جا فرشتے تجھ سے مصافحہ کریں گے۔

قواعد عملیات

عامل کامل بننے کا راز

عامل کامل بننے کیلئے تین چیزوں کا اہتمام کرلیں تو بہت فائدہ ہوگا۔

۱۔ سفید لباس...!

۲۔ خوشبو...!

۳۔ اور ہر وقت باوضو رہنا....!

سفید لباس میں کاٹن، گل احمد کا کاٹن پہننا ضروری نہیں واش ویئر یا کوئی بھی سستا کپڑا ہو اس میں حرج نہیں، اصل تو سفید ہی مطلوب ہے اور اگر ایک بندے کا پیشہ ایسا ہے، وہ سفید لباس نہیں پہن سکتا کہ دو منٹ کے بعد کپڑے خراب ہو جائیں گے مجبور ہے تو وہ سفید کپڑے پہننے کی نیت کرلے۔ مولا کریم نیت کرنے سے بھی دے دیتا ہے کہ بندہ قرآن حفظ کرنے کی نیت کرے اور حفظ نہ کر سکے تو اللہ کل قیامت کے دن حافظوں میں کھڑا کریں گے۔ حج کی نیت کرتا ہو، تڑپ سچی ہو اسباب نہ ہوں اللہ حجاج میں اس کا حشر کریں گے جو بندہ سفید لباس نہیں پہن سکتا وہ سفید لباس کی نیت کرلے۔

خوشبو کا بکثرت استعمال

عامل کے لیے میرا ایک تجربہ ہے اور میں اصرار کروں گا آپ کو اسکے اور بھی بہت

فائدے ملیں گے۔ جو عامل حضرات منبر و محراب کے وارث ہیں یا جو قرات و تجوید کو پڑھانے والے، معالج، ڈاکٹر یا حکیم ہیں میری ان سے درخواست ہے کہ وہ خوشبو کا استعمال بکثرت نہیں بلکہ مبالغے سے کریں۔

عطر پینے والا جن

میرے حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک جن آتا تھا۔ میری ڈیوٹی اسے عطر کی شیشیاں دینا تھی۔ وہ منہ میں ڈالتا پی جاتا، بڑی عمر کا جن تھا اور ایک انسان کے اندر آتا تھا۔ میں نے خود دیکھا براہ رست جن بھی آتے تھے۔ ایک بابا تھا اسکے اوپر جن آجاتا تھا، بابے کو پتہ نہیں، اب عطر کون پی سکتا ہے، عطر کوئی خوش ذائقہ چیز تو ہے نہیں؟ اور پھر جب اسکو ہوش آتا تھا تو اسکے منہ سے عطر کی خوشبو کا ذائقہ کا شائبہ بھی نہیں ہوتا تھا، وہ مشک کا عطر پیتا تھا۔ شیشیوں کی شیشیاں پی جاتا تھا، باریک شیشی کو سانس سے کھینچتا تھا اور شیشی کے اندر ایک قطرہ بھی نہیں رہتا تھا۔ جیسے پائے کی نلی کو کھینچتے ہیں تو سارا اس کا مغز (سمجھ گئے میرا اشارہ) ایسے کھینچ کر عطر کی شیشی پیتا تھا۔

عطر اور خوشبو یہ فرشتوں کی اور صالح جنات کی غذا ہے۔ چاول ابالتے ہوئے جو خوشبو آتی ہے وہ جنات کی غذا ہے۔

تعبیر کے سلسلے میں خوشبو کا بکثرت استعمال

میری زندگی میں بہت سے لوگوں کے مشاہدات ہیں۔ اصل چیز مشاہدہ ہوتی ہے اور مشاہدہ اس وقت ہوتا ہے جب کثرت سے لوگوں سے ملاقات ہو۔ مشاہدے میں جو چیز میں نے محسوس کی ہے وہ یہ ہے کہ خوشبو ایک ایسی چیز ہے جو بندے کو تعبیر، تشخیص، تقویٰ اور طہارت میں بہت فائدہ دیتی ہے اور جو وظیفہ پڑھ رہا اس میں بہت فائدہ دیتی ہے۔ آپ نے عملیات کی کتابوں میں پڑھا ہوگا سفید لباس پہنیں اور دھونی دیں...! یہ باتیں ایسے ہی نہیں ہوتیں یہ باتیں فرضی نہیں ہوتیں...... ان کے

پیچھے کچھ بنیادیں ہوتی ہیں۔ عامل حضرات نے بس لکھ دیا کہ ایسے کرلو۔ نہیں...! ان کے پیچھے مضبوط بنیادیں ہیں۔ چاہے میری عقل اس کو یکسر رد کردے، لیکن نہیں۔ خوشبو کی ایک بنیاد ہے اور سب سے بڑی بنیاد سنت ہے۔ خوشبو کا استعمال بکثرت نہ کریں بلکہ مبالغے سے کریں۔

عرب لوگوں کی خوشبو سے محبت

مجھے کئی عرب کے لوگوں نے بتایا کہ جو لوگ اصل عرب کے رہنے والے ہیں۔ ان کا غریب سے غریب آدمی اپنی پونجی میں سے پیسے بچا بچا کر رکھتا ہے اور سال کے بعد اس کی خوشبو لیتا ہے۔ وہ تنخواہ، آمدنی میں سے پیسے بچائے گا اور اس کی خوشبو باقاعدہ خریدے کر لگائے گا۔

روحانی دنیا کے شہسوار بنیں

اگر آپ روحانی دنیا کے شہسوار بننا چاہتے ہیں تو خوشبو سے پیار، محبت اور اس کا مبالغہ سے استعمال کریں۔ ایک اور چیز ذہن میں رکھیں خوشبو بدن کے اندر کے کپڑے کو ضرور لگائیں۔ ہم اکثر بدن کے باہر کے کپڑے کو لگاتے ہیں، اندر جو کپڑا بنیان وغیرہ پہنتے ہیں اس پر ضرور لگائیں جو نہیں پہنتے ان کیلئے کوئی حرج نہیں وہ باہر جہاں مرضی لگائیں۔ باہر بھی لگا سکتے ہیں لیکن اندر کے کپڑے کو ضرور لگائیں۔ بدن کے اوپری حصہ کے لباس یعنی قمیص وغیرہ میں لگانا عرض کر رہا ہوں لیکن خواتین کے بارے میں سخت احتیاط ہے کہ وہ صرف گھر کے اندر لگائیں، خواتین اس معاملے میں بہت احتیاط کریں۔

گیس کی تکلیف سے نجات پایئے

عامل کامل بننے کیلئے میں نے تین چیزیں آپکو بتائی ہیں خوشبو، سفید کپڑا اور ہر وقت باوضو رہنا۔ کئی لوگ مجھے ملتے ہیں کہتے ہیں ہمیں گیس کی تکلیف ہے۔ میں نے کہا: اس کا علاج باوضو رہنے سے کرو۔ کہنے لگا: وہ کیسے؟ میں نے کہا: ایک دفعہ

وضو ٹوٹے اور کرو، پھر وضو ٹوٹے اور کرو...! ایک وقت آتا ہے وضو کا وقفہ بڑھنا شروع ہوجاتا ہے اور واقعی ایسے ہوتا ہے۔ وہی بندے مجھے کہتے ہیں: اب ہم فجر سے ظہر پڑھ لیتے ہیں۔ یہ قواعد عملیات میں سے ہے۔

خوشبودار تیل کی دُھونی

خوشبو آج کی دھونی ہے اور یہ قواعد میں سے ہے۔ آپ کے پاس اگر دُھونی دینے کیلئے عود نہیں ہے اور آپ عملیات میں چل رہے ہیں کوئی چلہ کررہے ہیں، کسی چیز کی زکوٰۃ دے رہے ہیں اور دُھونی دینے کیلئے صندل نہیں ہے تو اس کا طریقہ میں بتاتا ہوں۔ آج کل دھونی دینے کیلئے الیکٹریکل چیزیں ملتی ہیں اسکے نیچے ایک راڈ بنا ہوتا ہے۔ اب اس کی ترکیب یہ ہے کہ اس کے اندر کوئلہ رکھتے ہیں یا ڈائریکٹ اس کے اوپر عود کا بھورا رکھتے ہیں، اب اس کا ایک طریقہ بتاتا ہوں اس کا طریقہ یہ ہے کہ ایک بہت خوشبودار تیل ہو اس کے اوپر ایک ڈول یا ایک بوتل لٹکا دیں اس میں سے قطرہ اس پہ گرے گا وہ قطرہ جلے گا اور دھونی دے گا، دھواں دے گا، خوشبو دے گا۔

اذان شیطانی چیزوں کا توڑ

میں اندرون سندھ کے جیتے جاگتے مندروں میں گیا ہوں بطور احقاق حق اور امت کا دل میں درد پیدا کرنے کی نیت سے کیونکہ اندرون سندھ میں مندر ابھی تک بھی صدیوں سے زندہ ہیں۔ یعنی اپنی شرک کی کیفیت میں وہ زندہ ہیں، ان کا شرک زندہ ہے۔ اگر آپ کبھی مندر میں جائیں تو اس کیلئے ایک عمل بتاتا ہوں۔ میں ایک دن شاہی قلعے میں ”لہو“ کے مندر گیا جسکی وجہ سے لاہور کا نام ”لاہور“ ہے اس کا کم لوگوں کو علم ہے۔ میرے ساتھ بنوری ٹاؤن کے ایک مفتی صاحب بھی تھے میں نے ان سے کہا یہ ”لہو“ کا مندر ہے۔ میں جب بھی وہاں جاتا ہوں تو ہلکی آواز میں اذان پڑھتا ہوں کیونکہ خود اذان شرک کا سب سے بڑا علاج ہے، شیطان اور شیطانی قوتیں جتنی اذان سے ڈرتی ہیں شاید کسی چیز سے نہ ڈریں۔

فنگر پامسٹ کا علم...... ضروری احتیاط

کچھ لوگ ہاتھ کی ریکھاؤں کے (Chirology) فنگر پامسٹ بنتے ہیں۔ پاکستان میں فنگر پامسٹری نہیں ہے۔ ہاتھ کی انگلیوں کی پامسٹری یعنی صرف انگلیوں سے اندازہ لگانا لیکن میں اس پر بالکل یقین نہیں رکھتا ذہن میں رکھیے گا۔ صرف علم اور معلومات کی حد تک میں تھوڑا سا جانتا ہوں۔ لیکن میں اس کا اظہار نہیں کرتا اور نہ ہی یقین رکھتا ہوں۔ کیونکہ ہماری اصل بنیاد اسلام ہے اللہ ہم سب کو اطاعت کا سچا جذبہ نصیب فرمائے۔ یہاں میں ایک بات اور عرض کردوں کے آپ اپنے آپ کو مسلسل محقق علمائے کرام کی نگرانی میں چلائیں اس کی ہم سب کو بہت ہی زیادہ ضرورت ہے۔ اور جائز وناجائز کی سرحدوں کو ضرور جانیں۔ اللہ ہمیں معاف فرمائے ...... پامسٹ لوگ ہر وقت کسی کا ہاتھ دیکھتے رہتے ہیں، ہاتھ دیکھتے دیکھتے انہیں مشق ہو جاتی ہے۔

جس طرح شاعر کی جب تک آپ غزل پوری نہ سن لیں اُسے سکون نہیں آتا، خدا آپ کا کسی شاعر سے واسطہ نہ ڈالے، جب تک اس کی پوری اندر کی بات سن نہ لیں گے اسے چین نہیں آئے گا۔ اسی طرح پامسٹ بھی ہوتا ہے وہ بھی جب تک کسی کا ہاتھ نہ دیکھ لے اسے بھی چین نہیں آتا۔

مشق کرتے کرتے کمال آتا ہے

آپ خواب کی تعبیر کی مشق کریں مختلف لوگوں کے خواب سنیں۔ انبیاء کرام علیہم السلام مشق نہیں کرتے تھے، نبیوں کا معلم خود رب ہوتا تھا اور رب انکولدنی، وہبی اور غیبی علوم عطا فرماتا ہے۔ اللہ کے بعد انبیاء علیہم السلام کے علم سے بڑھ کر کسی کا علم نہیں ہوتا اور نبی کو علم اللہ کی عطا سے ہوتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فجر کی نماز کے بعد لوگوں سے خواب پوچھتے تھے۔ وہ اپنی مشق کیلئے نہیں پوچھتے تھے کیونکہ نبی مخلوق سے نہیں سیکھتے بلکہ وہ تو لوگوں کو سکھانے والے ہوتے ہیں۔

آپ بھی مشق کیا کریں...! خواب پوچھیں اس پر سوچیں اگر خواب سمجھ نہ آئے تو

اس بندے سے کہیں میں تین یا چار دن کے بعد بتاؤں گا۔ تین چار دن یہی پڑھیں ”یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃ“ اور اس کی تعبیر جاننے کے لیے یہ ایک تسبیح پڑھ کے سو جائیں۔ یہ پڑھنے سے ایک تو یہ ہوگا کہ خواب کی تعبیر آپ پر واقعی کھلے گی اور اس کی تعبیر کرتے کرتے، مسئلے پوچھتے پوچھتے لوگ عالم بنتے ہیں عالم ایسے ہی نہیں بنتے۔ جس طرح مریض دیکھتے دیکھتے لوگ ڈاکٹر اور حکیم بنتے ہیں اور لوگوں کو سمجھاتے سمجھاتے لوگ ڈائریکٹر بنتے ہیں، ڈائریکشن دیتے دیتے ڈائریکٹر بنتے ہیں۔ آپ تعبیر کے فن میں جانا چاہتے ہیں تو اس کیلئے لوگوں سے خواب پوچھیں کہ کیا آپ کو کوئی خواب آیا...! اگر آپ کو علم نہیں ہے تو اس کی تعبیر فوراً نہ بتائیں۔ بلکہ خوب سوچ بچار کے بعد اس کو تعبیر بتائیں۔

علم میں ترقی کا گر

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے خواب کی تعبیر پوچھی تو فرمانے لگے: مجھے پتہ نہیں۔ پھر خود فرمایا یہ کہہ دینا کہ مجھے پتہ نہیں خود آدھا علم ہے۔ یہ سوچنا کہ میری توہین ہوگی نہیں...! بلکہ یہ کہیں کہ میں ذرا دیکھ کے بتاؤں گا۔ اب اس کی تعبیر کے سلسلے میں آپ ساری جہتوں پر توجہ کریں۔

تجربہ کار استاد

ہمارے گھر کے تھوڑا سا آگے ایک استاد اقبال ہوتے تھے۔ وہ کہتے تھے میں موٹر سائیکل کی آواز سن کے پہچان لیتا ہوں کہ اس میں فلاں گراری یا فلاں پرزے کی خرابی ہے۔ جیسے ہی بندہ موٹر سائیکل آ کے کھڑا کرتا تھا تو استاد جی کہتے: چپ ہو جاؤ! تیرے موٹر سائیکل میں فلاں خرابی ہے، میں نے کھڑے کرتے ہوئے تیری موٹر سائیکل کی آواز سن لی تھی۔ جب تشخیص کے فن میں کامل ہو جاتا ہے ” لکل فن رجال “ ہر فن کے اہل لوگ ہوتے ہیں۔ جب کوئی خواب کے فن میں ماہر ہوتا ہے تو پھر اس کو فوراً پتہ

چل جاتا ہے کہ اس خواب کی تعبیر یہ ہے۔

خوابوں پر غور و فکر کریں

ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ، عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ، جعفر صادق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، قاضی شریح رحمۃ اللہ علیہ اور بہت بڑے حضرات کے ناموں کی پوری ایک فہرست ہے جو تعبیر میں کامل تھے۔ یہ کتابیں نہیں دیکھتے تھے لیکن انہوں نے بھی فن ایسے ہی سیکھا۔ خواب کے اوپر آج کے بعد آپ نے غور کرنا ہے، خوابوں پہ غور کرنا ہے، خواب کو توجہ دیں۔ اس مشق سے آپ اس فن میں کامل ہو جائیں گے۔

تسبیح خانے کا پیغام

اعمال سے پلنے، اعمال سے بننے اور اعمال سے بچنے کا یقین ہمارے تسبیح خانے کا ایک منشور/ایک پیغام ہے کہ ہم اعمال سے پلیں گے مال سے نہیں، ہم اعمال سے بنیں گے ہماری دنیا و آخرت کے کام اعمال سے بنیں گے اور دنیا و آخرت کے غم، دکھ اور پریشانیوں سے اگر ہم بچیں گے تو صرف اور صرف اعمال سے بچیں گے۔

دوسرا پیغام...... بخل شکنی کی انتہا

تسبیح خانے کا دوسرا پیغام: جو میرا ہے وہ تیرا ہے اور جو تیرا ہے وہ پورے عالم کا ہے۔ اس پیغام کے اندر بخل شکنی کی انتہا ہے کہ جو میرا ہے وہ تیرا ہے اور جو تیرا ہے وہ پورے عالم کا ہے اور پوری دنیا محتاج ہے پیاسی ہے۔

”یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ“ کے کمالات

میں نے ایک میجر کو یہ دعا ”یَاعَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ اَسْرَارِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ“ بتائی تھی۔ میں نے اُس سے پوچھا: یہ دعا پڑھنے سے کیا فائدہ ہوا؟ اُس نے کہا: جی! پتہ نہیں مجھے کیا ہوتا ہے ایک دم دل کے اندر ایک احساس ہونا شروع ہو جاتا ہے کہ کون سا بندہ جھوٹ بول رہا ہے اور کون سا بندہ سچ بول رہا ہے۔ کہنے لگے: بعض اوقات میرے اندر ایک سوال اٹھتا ہے اور میں وہی

سوال کرتا ہوں اور بات کی اصل تہہ تک پہنچ جاتا ہوں۔ کہنے لگے: جی! میرے آفیسر مجھ سے بہت خوش ہیں وہ کہتے ہیں تیرا کام بہت اچھا ہے۔

"یاعلیم علمنی" سے چوروں کا سراغ

وہ میجر کہنے لگے: ایک دفعہ بیٹھے بیٹھے مجھے پتہ نہیں کیا خیال آیا اور میں نے اپنے ڈرائیور سے کہا: گاڑی نکالو اور جہاں گورنمنٹ کے گندم والے گودام ہیں وہاں چلو۔ کہنے لگے: وہاں گیا تو ٹریکٹر ٹرالی پر گندم لادھی جارہی تھی۔ اچانک گیا تو سب پریشان ہوگئے۔ میں نے پوچھا: اس ٹرالی کا کیا ریکارڈ ہے؟ کہاں جارہی ہے؟ وہ بیچی جارہی تھی بلکہ بیچ دی گئی تھی اب لادی جارہی تھی۔ فوراً میں نے تھانے فون کیا پولیس آئی اور میں نے اُن کو پکڑوادیا۔ مجھے کہنے لگے: مجھے بیٹھے بیٹھے دل میں خیال آنا شروع ہوا کہ گندم کے گوداموں پر جاؤں۔ کہنے لگے: اِس دعا سے اب یہ کام شروع ہوگیا اور میں نے رنگے ہاتھوں وہ مجرم پکڑ لیے۔ مجھے کہنے لگے: ان مجرموں سے آپ کو ملواؤں؟ میں نے کہا: ملوائیں۔ جوڈیشل جیل تھی خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھ گئے اور مجھے آگے بیٹھا کر وہاں لے گئے۔ وہاں پہنچ کر کہنے لگے: یہ بیٹھے ہوئے ہیں۔ قدرت خدا کی ایک اُن میں سے میرا جاننے والا تھا۔ مجھے کہنے لگا: حکیم صاحب! میجر صاحب کو ہماری سفارش کردیں ہم قصوروار ہیں۔ میں نے کہا: نہیں! اکیلا نہیں ہے (Collective) بہت سارے ہیں۔ کہنے لگا: واقعی بہت سارے ہیں۔ میں نے کہا: نہیں میں سفارش نہیں کروں گا میں دعا دینے والا ہوں میں سفارش کیسے کروں۔ دوسرے لفظوں میں پکڑوانے والا تو تمہیں میں ہوں میں کیا سفارش کروں...!

"یاعلیم علمنی" سے قومی رازوں کی حفاظت

جنرل جاوید ناصر ISI کے جنرل تھے۔ ابھی بھی زندہ ہیں۔ بڑے دیندار، نیک، صالح آدمی اور اللہ والے ہیں، جنرل جاوید ناصر صاحب نے مجھے خود بتایا کہ رات کو سوتے سوتے وہ بندہ اٹھتا تھا قومی راز اور قومی چیزیں باہر جا کے رنگے ہاتھوں پکڑ لیتا

تھا۔ اللہ کے ناموں کی برکت ایسی ہوتی ہے کہ اللہ جل شانہٗ دل کے اندر ایک کیفیت پیدا کرتے ہیں جس سے دل میں حقیقت کھلتی ہے۔

جسم روح کا محتاج

ہمارا جسم روح کا محتاج ہے ہمارا جسم بے بس ہے۔ جو لفظ میں نے کہا کہ: ؎

موت کی آخری ہچکی کو ذرا غور سے سن
زندگی بھر کا خلاصہ اسی آواز میں ہے

قرآن کہتا ہے روح اللہ جل شانہٗ کا امر ہے یہ محتاج ہے۔ ایک جسم میرے اور آپ کے سامنے ہے اور ایک جسم روحانی ہے جو خواب اور مراقبے کی شکل میں سیر و سفر کرتا ہے۔ جتنا وہ جسم روحانی قوی ہوگا، مضبوط ہوگا اور طاقتور ہوگا اتنا آپ خواب میں خود بھی بہترین سیر و سفر کریں گے اور پل بھر میں مراقبے ڈوب جائیں گے اور جتنا اندر کا روحانی جسم مضبوط ہوگا اتنا مراقبے کی کیفیتوں کا احساس و ادراک زیادہ ہوگا۔

روح کو مضبوط کریں

اصل جسم جسمانی نہیں بلکہ روحانی ہے، گوشت، رگوں، ہڈیوں، خون، جلد اور بالوں کے حصے کو ہم جسم کہتے ہیں، ہمارا دماغی خلجان، ہماری کوتاہی یہ جسم ہرگز نہیں ہے۔ جب روح نکل جائے تو پھر اس جسم کا کیا کرتے ہیں؟ جب روح نکل جائے تو یہ جسم بے حیثیت، بے قیمت ہے یا نہیں؟ جب روح نکل جاتی ہے تو اس جسم کا کیا کرتے ہیں؟ کچھ بھی نہیں...!! اصل جسم روحانی ہے، یہ مراقبے میں منازل طے کراتا ہے اور یہی مراقبے کے اندر جا کے روح کی دنیا کو آگے لے جاتا ہے، یہی سیر کرتا ہے اور یہی جسم روحانی خواب ہوتا ہے۔ اس جسم روحانی کی طاقت کو سمجھیں۔ میں کیوں عرض کر رہا ہوں روح کو مضبوط کریں من کی پاکیزگی، روح کی پاکیزگی، روح کی دنیا ہی اس دنیا کو ساتھ لے کے چلے گی۔ اللہ والو! آپ اپنے جسم روحانی کو اعمال کی غذائیں دیں، روح کی دنیا کو سمجھیں طاقت ور روحانی جسم سفر کرتا ہے اور

روح کی طاقت اعمال ہیں۔

روح زمان ومکان سے آزادی کا زینہ

خواب زمانیت اور مکانیت سے آزادی کا زینہ ہیں کیا روح کے لیے زمان ومکان کی کوئی حیثیت ہے؟ گوشت پوست سے بنے ہوئے جسم کو آپ لے کے چل رہے ہیں اور اندر روح کی دنیا پر توجہ ہی نہیں دے رہے اس پر توجہ دیں۔ یہ وہ باکمال دنیا ہے جو کبھی آپ نے سوچی بھی نہ ہوگی۔ لیکن یہ روح کی دنیا احتیاطوں کے ساتھ ملتی ہے۔ اللہ ہم سب کو نصیب فرمادیں۔

"یاباعث یانور" کا کمال

رات کو سوتے ہوئے صرف گیارہ مرتبہ دائیاں ہاتھ دل کی جگہ پر رکھ کر "یَابَاعِثُ یَانُوْرُ" پڑھیں پھر اس کا کمال دیکھیں۔ "بَاعِثُ" کہتے ہیں: مردے کو زندہ کرنے والا۔ اللہ جل جلالہ کی صفات میں سے یہ دونوں نام ہیں اسمائے صفت میں سے ہے کہ اللہ مردوں کو زندہ کرے گا اور یہ صرف اللہ ہی کر سکتا ہے۔ "یَابَاعِثُ یَانُوْرُ" صرف دل پر ہاتھ رکھ کر سونے سے پہلے پڑھیں بہت کمال کی چیز ہے۔

"یاباعث یانور" کے فوائد

"یَابَاعِثُ یَانُوْرُ" پڑھنے سے گناہوں سے رغبت ختم ہوگی، دل نورانی ہوگا، طبیعت میں انشرح ہوگا، نماز اور ذکر میں دھیان ہوگا، اللہ کی ذات عالی کی طرف توجہ بڑھے گی، طبیعت کے اندر ایک نورانیت اور روحانیت پیدا ہوگی، آپ کو خوابوں کے اندر اور کشف کے اندر مدد ملے گی۔ اللہ والو! جو روحانی جسم ہمارا مردہ ہو چکا ہے وہ "بَاعِثُ" سے اللہ زندہ کر کے اس میں نور ڈال دے گا اور زندہ ہونے کے بعد جب "یَانُوْرُ" دل میں پڑا اور کام بن گیا۔ صرف گیارہ دفعہ اس کو معمولات زندگی میں رکھیں۔

ایک منشی کا خواب

ایک بندے نے مجھے سب کے سامنے بڑا اچھا خواب بتایا مجھے کہنے لگے: آ

اس کی تعبیر بتا دیں؟ میں نے کہا: بتاتا ہوں۔ میں نے تھوڑی دیر بعد اسے علیحدہ ہو کر پوچھا: تو کیا کرتا ہے؟ کہنے لگا جی: میں فلاں جگہ منشی ہوں۔ میں نے کہا: چوری کرنا چھوڑ دے۔ ایک دم اس کو جھٹکا لگا۔ کہنے لگا: نہیں جی ....! میں نے کہا: ٹھیک ہے تو جانے تیرا کام جانے میں نے تجھ سے کون سا منوانا ہے لیکن یہ خواب تیری اس مزاج کی عکاسی کر رہا ہے۔ کچھ عرصے کے بعد مجھے ملا کہنے لگا جی: پس مجھے احساس ہوا میں نے آپ کی بات کو رد کیا تھا تو میں نے بہت نقصان اٹھایا لگتا ہے آپ اللہ کے ولی ہیں۔ میں نے کہا: اللہ کا دوست ہوں (اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا) لیکن ولایت کے تم جس انداز میں کہہ رہے ہو وہ نہیں ہوں۔ اللہ کرے اللہ کا دوست بن جاؤں۔ اُس نے کہا: میں ہیرا پھیری کرتا تھا جس کا میں نے بہت نقصان اٹھایا۔

خواب اصلاح کا ذریعہ

اب یہ خواب اس کی اصلاح کا ذریعہ بنا اور اسی سلسلے میں میں نے آپ کو پہلے عرض کیا ہے کہ خواب انسان کی نفسیاتی بیماریوں، روحانی بیماریوں، روحانی امراض اور جسمانی امراض کا علاج ہے۔ خواب کے ذریعے بعض اوقات بتا دیا جاتا ہے کہ تو فلاں سے جا کے اپنا علاج کروا جبکہ خواب کے اندر گمان نہیں ہوتا۔

یا اللہ مکافات نہیں معافات

اللہ کی توفیق سے میں جب بھی نیند سے اٹھتا ہوں تو اللہ کی طرف سے کوئی اسمائے حسنیٰ، کوئی آیت یا کوئی ایسا ہی جملہ، لفظ میرے اوپر جاری ہوتے ہیں۔ ایک دن نیند سے اٹھا تو ایک لفظ میرے اوپر تھا ''یا اللہ مکافات نہیں معافات چاہتا ہوں''۔ میں نے ایک ساتھی سے جو فاضل ہیں پوچھا: معافات تو معافی کے معنی میں ہے؟ کہنے لگے: جی اسی معنی میں ہے....! آپ سے بھی ایک بات عرض کرتا ہوں نیند سے اٹھتے وقت آپ کے منہ پر جو بول، جو لفظ، جو خیال اور جو تصور ہوتا ہے سدا اس پر آج کے بعد غور کیجئے گا۔ جیسے میں نے میت کی کیفیت بتائی تو بہت سے احباب نے کہا ہم نے

دیکھا تو تھا مگر آج تک غور نہیں کیا تھا۔ آج کے بعد ایک موضوع بنایئے کہ واقعی یہ غور طلب چیز ہے کہ نیند سے بیدار ہوتے ہوئے آپکے تصور، خیال میں الفاظ یا منہ پر لفظ کیا ہوتا ہے اس پر ہمیشہ غور کیجئے گا۔ میں آپ کو حقیقت عرض کر رہا ہوں اس پر ہمیشہ غور کیجئے گا۔ وہ شخص جو روحانی دنیا سے واقف یا روحانی دنیا کو چاہتا ہے اس کو بہت بڑی مدد ملتی ہے۔ اسکو اس میں اشارے ملتے ہیں۔

مکافات و معافات کی تشریح

اللہ میری جو خطائیں ہیں اس پر میرے ساتھ مکافات نہیں معافات، معافی اور در گزر کر۔ ایک تیرا قانون، ایک تیری قدرت اور ایک تیری سنت ہے۔ اللہ کی سنت یہ ہے جیسا کرے گا ویسا پائے گا اور قدرت یہ ہے کہ اللہ چاہے تو معاف کر دے۔ اللہ کی سنت یہ ہے کہ خبیث کیلئے خبیث اور طیب کیلئے طیب اور اللہ چاہے تو اپنی قدرت کی طاقت دکھاتا بھی ہے اور دکھا بھی سکتا ہے۔ اللہ اپنے قوانین کا خود پابند و مجبور نہیں ہے۔

حروف تہجی کے پر اسرار کمالات و مشاہدات

ایک خوش قسمتی

سارا قرآن ''الف، ب'' سے بنا ہے۔ آپ کو میں ایک خوش قسمتی سناؤں؟ میں نے ایک دن بیٹھ کر ایک چیز سوچی۔ مجھے اس بات پر بہت احساس ہوا اور شکر گزاری کا جذبہ ہوا کہ ہمارے جو رسم الخط اردو ہے یہ اور قرآنی رسم الخط ملتا ہے۔ ہندی، چائینز، انگلش، میمنی زبان اور کاٹھیاواڑی کو دیکھا ہے وہ نہیں ملتی۔ اردو کو میں نے دیکھا قرآن پاک سے ملتی ہے۔ میں حیران ہوا یا اللہ! تو نے ہمیں زبان بھی وہ دی ہے جو قرآن کے ساتھ مماثلت رکھتی اور قرآن کے ساتھ ملتی ہے۔

قدردانوں کیلئے

یہ میرا اپنا شعر ہے۔ میرے حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ

کا وصال 1991ء میں ہوا تھا اسکے بعد میں شاعری نہ کر سکا۔

یوں مجھ کو نگاہوں کے ترازو میں نہ تولو
ہے شوق تو بے ساختہ آنکھوں میں سمولو
اب دل کو میں لایا ہوں ہتھیلی پہ سجا کر
اس جنس کے بازار میں کیا دام ہیں بولو

اللہ کی زبان

سارا قرآن میرے اللہ کی زبان ہے کیونکہ اللہ کی زبان بھی عربی، قرآن کی زبان بھی عربی، قبر کی زبان بھی عربی اور حضور سرورِ کونین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زبان بھی عربی اور جنت کی زبان بھی عربی ہے معلوم ہوا کہ ''الف، ب'' سے ہی بنی ہے۔ تو سوچو الف سے ی تک اس میں کیا تاثیر ہوگی۔

نصیحت کے انمول موتی

میں کالج لائف میں کو ایجوکیشن میں پڑھتا تھا۔ تو ایک بابا جی حکیم صاحب پرانی ٹوٹی پھوٹی بنچ پر کالی نسوار کا ڈبہ بھرا ہوا لیے بیٹھے ہوتے تھے اور وہ نسوار اٹھا کر ناک میں زور سے دیتے تھے۔ میں انکے پاس جا کر بیٹھتا تھا۔ میری والدہ رحمۃ اللہ علیہا فرماتی تھیں: کالج میں جایا کر اور پھر حکیم صاحب کے پاس جا کر بیٹھا کر ان کا جھاڑو دیا کر ان سے کچھ مل جایا کرے گا۔ اللہ والو! اپنے ہم عمروں کے پاس بیٹھنے سے بندہ بگڑتا ہے اور بوڑھوں کے پاس سے بندہ سنورتا ہے کیونکہ بوڑھوں سے نصیحت ملتی ہے۔

باپ کی نصیحت بیٹے کے نام

باپ مرتے وقت بیٹے کو کہنے لگا: یہ ساری دولت تیری ہے اور تیرے لئے چھوڑ کر جا رہا ہوں بس میری دو نصیحتوں پر عمل کرنا کہ شراب پینی ہے تو وہاں جا کر پینا جہاں شراب بنتی ہے اور اگر کبھی جوئے کا شوق ہو تو پرانے جواری کے پاس جانا۔

بیٹا جوان تھا مال، دولت اور چیزوں پر اس نے محنت نہیں کی تھی۔ رنگینی کا شوق ہوا لیکن باپ کی نصیحت یاد تھی۔ کہنے لگا: فرمانبردار بیٹا ہوں چلو باپ کی نصیحت تو کچھ سن لوں۔ شراب کا شوق ہوا تو وہاں گیا جہاں شراب بنتی تھی جب دیکھا کہ شراب تو کیڑوں سے بن رہی ہے، گندگی سے بن رہی ہے انگور کو سیب کو ان چیزوں کو رکھ دیتے ہیں جب ابلتے ابلتے اس میں عفونت پڑ جاتی ہے پھر اسی سے شراب نکالتے ہیں۔ کہنے لگا یہ شراب ہے؟ شراب سے دل اچاٹ ہو گیا۔ جب جوئے کا شوق ہوا تو دیکھا ایک پرانا جواری ہے وہ ٹھیکری پر ٹھیکری مار رہا ہے (جیسے پتے پر پتا مارتے ہیں) اس نے کہا: بابا یہ کیا کر رہے ہو؟ اُس نے کہا: بیٹا جوئے نے سب کچھ برباد کر دیا کچھ بچا نہیں اب اپنی وہ عادت پوری کر رہا ہوں۔

قیمتی جوہر

دعا کیا کریں یا اللہ! مجھے علت، قلت، اور ذلت سے بچا۔ یہ تین لفظ یاد رکھئے گا۔ میرے حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کی یہ دعا ہے۔ اللہ! مجھے علت، قلت، ایمان کی قلت، رزق کی قلت، علم کی قلت، صحت کی قلت اور زندگی کے نظام کی قلت کوئی بھی قلت ہو اللہ مجھے علت، قلت اور ذلت سے بچا۔ آمین بحرمت سید الابرار والمرسلین۔

میرا احباب جمع ہیں، درد دل کہہ لے
پھر التفات دل دوستاں رہے نہ رہے
تقی میر جگر سوختہ کی جلد خبر لے
کیا یار بھروسہ ہے چراغ سحری کا

ساری رات یہ چراغ جلا ہے اب بجھ جائے گا کوئی بھروسہ نہیں ہے۔

پھرتے ہیں میر خار کوئی پوچھتا نہیں
اس عاشقی میں عزت سادات بھی گئی

روحانیت سیکھنے کی عاشقی

جو عملیات، روحانیت اور علوم کے سیکھنے کی عاشقی ہے اس میں بڑے دھکے اور جھڑکیں پڑتی ہیں۔

جب جل گیا ہے جسم تو دل بھی جل گیا ہوگا
کریدتے ہو راکھ جستجو کیا ہے

حروف تہجی میں ساری کائنات کا راز

ساری کائنات کا راز حروف تہجی میں ہے۔ اگر میں آپ کو کہوں سورۃ فاتحہ میں، آپ کو کہوں سورۃ اخلاص میں، آپ کو کہوں درود پاک میں، آپ کو کہوں اس دعا کے اندر...! "یاعلیم علمنی" یہ سارے کے سارے حروف تہجی کے جوڑ توڑ کا نام ہیں۔ یہ "الف، ب" کے ملنے ملانے کا نام ہے۔ اللہ والو! تو آپ "الف، ب" کو کیوں بھولیں ہیں؟

ٹھگ حکیم

میں حکیم صاحب کے پاس جاتا تھا تو مجھے کہتے تھے او چغتائی تو کیا کرنے آتا ہے؟ میں ٹھگ حکیم ہوں۔ اس کے پاس عورتیں آتی تھیں۔ کہتیں (پتر دا تعویذ گن ساں میں) پتر (بیٹے) کا تعویذ لوں گی۔ کہنے لگے: ادھر آ او چغتائی ادھر آ... مجھے چغتائی کہتے تھے۔ پھر کہتے تھے: تجھے پتہ ہے چغتائی کسے کہتے ہیں؟ میں نے کہا: جی مجھے کیا خبر۔ کہنے لگے: چنگیز خاں کا بیٹا چغتائی تھا اور جو.جی کا بھائی تھا۔ میں نے کہا: جی! دعا کریں اللہ مجھے رحم دل بنادے۔ کہتے کاغذ لے آ...! نیچے پڑا ہوا کاغذ ہوتا تھا۔ کہنے لگے: اس پر الف، ب سارے حروف لکھ کر اسکو دے دے اس کا بیٹا ہو جائے گا۔ آپ یقین جانئے میں نے اپنے ہاتھوں سے کاغذ اٹھایا جیب سے قلم نکالا اور الف، ب، ت، ث لکھی۔ حکیم صاحب ملتانی دروازے پر بیٹھتے تھے۔ کہنے لگے: او چغتائی خیال کرنا الف، ب عربی والی لکھنا (پتہ ہائی) مجھ سے پوچھتے: تجھے پتہ ہے؟ میں نے کہا جی: آپ فرمادیں۔ فرمایا: یہ یہ حرف نہ لکھنا یہ یہ لکھ کے دے دے۔ یہ لے تعویذ لے جا کے گلے میں ڈال

لینا۔ وہ عامل تھے اور کہتے تھے: گفٹ بھی لوں گا۔ وہ خاتون کہتی ہاں دیساں دیساں (ہاں دونگی)۔ میں نے اپنے جیسے بے اثر آدمی کے تعویذ سے کئی بے اولادوں کو اولاد ہوتے دیکھی۔

دنیا و آخرت میں گھاٹے کا سامان

یاد رکھنا! عامل اگر کسی کو بتا دے یہ عمل ہے تو وہ عامل نہیں بن جاتا؟ بنتا جب ہے جب اگر اس کو توجہات دے دے۔ شیخ کا کسی شخص سے انقباض ہو جائے طبیعت کے اندر اس کے بارے میں ناراضی ہو جائے۔ میں نے ایک بندے سے فون پر بات کی مجھے بہت تکلیف ہوئی۔ کہنے لگے: مجھ سے غلطی کیا ہوئی؟ کونسی غلطی ہوئی؟ میرے ساتھ اوپر نیچے کی باتیں کرنے لگا۔ میں نے کہا: ابھی فون بند کر دے تو۔ اس نے دو چار خدمتیں کی ہیں وہ سمجھتا ہے کہ شاید اب میرے لئے کافی ہوگئی۔ وہ بہت بھول میں ہے اور اس سے سب کچھ چھن چکا ہے، ساری توجہات اس سے ختم ہو چکی ہیں وہ اکیلا تاجر رہ گیا ہے۔

حروف مقطعات

میں نے حروف مقطعات کے بارے میں پچھلی دفعہ آپ کو عرض کیا تھا۔ وہ حروف جن کا علم اللہ کے پاس ہے۔ "الٓمٓ" قرآن پاک کی سات سورتیں ایسی ہیں جن میں "حٰمٓ" ہے اور حروف مقطعات میں سب سے زیادہ تکرار؟ "حٰمٓ" کا ہے۔ "م" میں ساری کائنات ہے اور 'ح' کے اندر تو کمال ہے۔ ویسے بھی جن ناموں میں "ح" آئے گا حاجرہ، حلیمہ، حریم، حمیرہ، حامد، حفصہ حمید، حذیفہ، حنظلہ، حبیبہ، تو یہ نام بڑے جلالی ہیں اور ان ناموں کی تاثیر بہت عجب ہے۔

بزرگوں کے مشاہدات اور تحقیق

"حٰمٓ" جو قرآن کی سات سورتوں کے شروع میں نازل ہوا ہے اور 29 حروف تہجی ہیں کلمہ طیبہ کے سات حصے، سات سیارے، سات طبقات، ہفتے کے سات دن

ہیں۔ یہ کچھ راز کہہ گیا ہوں میں آپ سے۔

حروف تہجی ناممکنات کا حل

حروف تہجی کو سمجھیں حروف تہجی عربی کے 29 اور اردو کے 35 ہیں۔ یہ عمل عربی والے حروف تہجی کیلئے ہے۔ انتیس حروف کو اگر کوئی شخص نماز کے بعد الف سے لے کر 'ي' تک حروف انتیس دفعہ پڑھے۔ چلیں آج میں آپ کو اسکی زکوٰۃ بتا رہا ہوں، چلہ کاٹنا ہے کسی نے تو حروف تہجی کی زکوٰۃ بتا رہا ہوں۔ 129 دفعہ اوّل آخر سات دفعہ درود ابراہیمی، ایک جگہ ہو، ایک وقت ہو یعنی زمان اور مکان کی قید کے ساتھ اگر اس کو پڑھے گا تو اس پر انوکھے کمالات کھلیں گے۔ چاہے دنیا کی کوئی مشکل، ناممکن سے ناممکن آپکے اوپر ایٹم بم گرا ہے اور دنیا کی کوئی بندش ہی کیوں نہ ہو۔

وظیفے کیلئے شرائط

مجھے ایک صاحب کہنے لگے: ہمارا ایک ساتھی فلاں جگہ بے گناہ قید ہے۔ میں نے کہا: اگر پیغام پہنچا سکتے ہو تو اس کو کہو ایک سو انتیس دفعہ حروف تہجی اس طرح پڑھے کہ ''الف'' سے لیکر ''ي'' تک ایک دفعہ بنے گا، اسی طرح 129 دفعہ پڑھے اور اگر اسکی تاثیر کو طاقتور اور اس کی تاثیر کمال کی کرنا چاہتے ہیں تو ''الف'' سے لیکر ''ي'' تک ایک سانس میں پڑھیں۔ اردو، پنجابی، پشتو لہجے میں نہیں، عربی لہجے میں ایک سانس میں پڑھنا ہے۔ اور 129 دن یا صرف 29 دن یہ تو اس کی زکوٰۃ ہو گئی۔ زمان اور مکان کی قید کے ساتھ، ترک جلالی، ترک جمالی، ترک لذات، ترک حیوانات، ترک شہوات ان کے ساتھ کرنا ہے۔ اگر اس کی عمومی ترتیب رکھنی ہے تو کسی بھی مشکل اور پریشانی کیلئے ہر نماز کے بعد صرف سات دفعہ پڑھیں۔

حروف تہجی کا نقش

صرف سات دفعہ اس نقش کو لکھنا ہے۔ وہ حکیم صاحب صرف ایک دفعہ لکھواتے تھے۔ میں نے سات کے ہندسے (عدد) کو ابھی بیان کیا ہے۔ کلمے کے سات حصے

، سات سیارے، سات طبقات، ہفتے کے سات دن، اسی لیے اس کو سات دفعہ لکھیں۔ اگر آپ کاغذ پر لکھیں تو ذہن میں رکھئے گا کہ ایک لکیر میں ایک لکیر ہو۔ نقش چھوٹا سا ہو حروف باریک باریک لکھیں۔ ''الف'' سے ''ي'' تک ایک لکیر پھر ''الف'' سے ''ي'' تک ایک لکیر، سات لکیروں میں اس کا نقش آئے گا۔ پھر اس نقش کو حصار بھی اسی نقش کا دینا ہے۔؟

جنات کی ہوشیاریاں

جنات کیا کرتے ہیں؟ گلے سے تعویذ اتار کے اس کو دھو کے پھر گلے میں ڈال دیتے ہیں۔ اصل تو حروف ہوتے ہیں کاغذ تو کچھ نہیں ہوتا، یا یہ بھی ہوتا ہے گلے میں چمڑا ہے اس کے اندر تعویذ والا کاغذ نہیں ہے، یہ تو واقعات اکثر آپ کے مشاہدے میں آئے ہوں گے۔

حروف تہجی کے نقش کا حصار

انہی حروف کو اس نقش کا حصار دینا ہے وہ اس طرح کہ یہ حروف دائیں طرف سے شروع کریں اور نقش کے چاروں طرف ایک دفعہ لکھ لیں، اس کا کڑا ''الف'' آ کے ''ي'' کے ساتھ مل جائے۔ گول نقش کے اردگرد چوکور نقش ہوگا تو چوکور لکھتے جائیں۔ ''الف'' شروع کریں اور اس طرح لکھیں کہ ''الف'' کیساتھ ''ب'' مل جائے ''ب'' کیساتھ ''ت'' مل جائے۔ اس طرح لکھتے لکھتے آپ پھر ''الف'' کے ساتھ آ کے ''ي'' ملا دیں، ایک زنجیر دے دیں۔ کڑی کے ساتھ کڑی ملائیں اور ایک زنجیر دے دیں۔ اس نقش کا حصار ضرور دیجئے گا۔

حروف تہجی کے حروف کی تعداد

اس میں ایک اختلاف بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ بعض کہتے ہیں کہ یہ حروف 28 ہیں بعض کہتے ہیں کہ 29 ہیں۔ میرے مشاہدے میں جو اس کی تعداد ہے وہ اٹھائیس ہے۔ جو تجربہ کار، آزمودہ کار لوگوں نے بتائی ہے وہ اٹھائیس ہے لیکن مجھے حضرت

مولانا عبدالعزیز پر ہاروی رحمہ اللہ نے 29 بتائی ہے۔ لہٰذا اسے اٹھائیس بھی اور انتیس بھی دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ حدیث میں بعض روایات میں کسی لفظ کی تعداد ایک آئی ہے اور دوسری روایت میں اسکی تعداد دو آئی ہے۔ میں عرض کر رہا ہوں جو جس طرح پڑھنا چاہے اس کو فائدہ اتنا ہوگا۔

میاں بیوی کے جھگڑے کیلئے

اگر کوئی چاہے کہ وہ ایک جماعت کو مسخر کرے تو وہ ہر روز 28 بار حروف تہجی کو لکھ کر پانی میں دھوئے اور اس جماعت کو پلائیں، جماعت مطیع ہو جائے گی۔ میاں بیوی کے جھگڑے ہوں تو اس کیلئے 29 بار لکھ کے اگر پلائیں، تو بہت لاجواب چیز ہے۔ اور آپس کے جھگڑے ختم ہو کر مثالی پیار اور محبت قائم ہو جائے گی۔ شفاء یابی تک۔

نقش لکھنے کیلئے سیاہی

ایک چیز آپ نے دیکھی ہوگی زعفران سے لکھیں۔ اگر زعفران نہ ملے تو زردے کے رنگ سے بھی وہ تاثیر پا جائیں گے۔ زعفران مہنگا ہے لاکھوں روپے کلو ہے اصلی ملنا بھی محال ہے۔ اگر زردے کے رنگ سے لکھیں تو فائدہ ہوگا اور آج کل موٹی نب والے زردے کے رنگ کے مارکر موجود ہیں۔ اس سے بھی آپ نقش لکھ سکتے ہیں۔

نقش کے فائدے

میاں بیوی کے جھگڑوں میں یہ بہت کمال کی چیز ہے۔ اگر یہ انتیس حروف لکھ لیے جائیں۔ میں اس کی دو تعدادیں بتاتا ہوں؟ یا سات دفعہ لکھیں یا 29 دفعہ لکھیں۔ یعنی ''الف'' سے ''ی'' تک یہ ایک دفعہ بنے گا اور اسی طرح یا سات دفعہ لکھیں یا 29 دفعہ لکھیں اور روز ایک نقش لکھ کے پلائیں۔ میاں بیوی، ماں باپ، بھائی بہن کا جھگڑا ہے۔ گھریلو نفرتوں، بانجھ پن کیلئے، بیماری اور لاعلاج بیماری کیلئے لاجواب چیز ہے۔ جادو، جنات، حادثوں کا مارا، ذہنی تکلیفیں، پاگل پن، نفسیاتی بیماریاں، ذہنی ٹینشن، الجھنیں، معدے کی پرانی تکلیف، ہیپاٹائٹس، کینسر میں میں نے اسے بڑا

آزمایا واقعی بہت آزمودہ ہے۔

ذہنی تکلیفوں اور ٹینشن سے نجات

یورپ، امریکہ میں پاگل پن کی انتہا ہوگئی ہے۔ ذہنی مریض، ذہنی تکلیفیں، ٹینشن، ایگزائٹی، سٹریس تو ان بیماریوں میں نے اس کو بڑا آزمایا۔ ڈیڑھ سال پہلے ایسا ہی ایک کیس میرے پاس آیا میں نے ان کو کہا 29 حروف لکھ کے اس کو پلاؤ۔ آپ یقین جانئے اس کو پلایا گیا اور اللہ پاک نے ایسی شفاء دی۔ کہنے لگے ہمارے یہاں ایک گوراڈاکٹر ہے جو اس کا معالج ہے وہ اس کی صحت یابی پر حیران ہوا اور کہنے لگا کہ یہ میں جو دوائیں دے رہا ہوں اتنا جلدی آپ کا مریض صحت یاب ہو نہیں سکتا اس کا راز کیا ہے؟ ہم نے انہیں کہا کہ پاکستان میں ایک بندہ ہے انہوں نے قرآن پاک کے حروف تہجی لکھ کر اس کو پلانے کیلئے کہا ہے۔ وہ کہنے لگا: مجھے وہ لکھے ہوئے لا کر دکھاؤ۔ کہنے لگے: ہم نے ایک دفعہ کاغذ پر لکھ کر اس ڈاکٹر کو دے دیا۔ اس نے کہا: میں اس کا لیبارٹری ٹیسٹ کراؤں گا۔ اس نے ایسا ہی کیا کہنے لگے: اس حروف کو (Invisibly) اپنی کوئی (Latest) مشینیں جن کا میں نام نہیں لے سکتا مجھے ان مشینوں کی خبر نہیں اس لیے میں نام کیسے لوں ان کے ذریعے جب ٹیسٹ کیا تو کہنے لگا کہ اس کے اندر حیرت انگیز طور پر شفاء ہے اور حیرت انگیز طور پر اس کے اندر وہ لہریں اور ریز ہیں جن کا تعلق شفاؤں سے ہے اور وہ ایسی ریز ہیں جو صرف کہکشاؤں میں ملتی ہیں۔ یعنی آسمانوں سے اوپر ملتی ہیں زمین پر نہیں ہیں۔ دوسرے لفظوں میں نور ہے، ان کے پاس وہ لفظ نور نہیں ہے جو ہمارے پاس موجود ہے۔ یہ نقش بہت کمال کی چیز ہے۔

بچوں کی بیماریوں اور نفرتوں کو دور کرنے کیلئے

اگر کوئی بچہ ڈرتا ہو، ان کی بیماریوں، تکلیفوں اور نفرتوں کو دور کرنے کیلئے یہ تعویذ گلے میں ڈال سکتے ہیں۔ بہت کمال کی چیز ہے یہی تعویذ حروف تہجی 29 دفعہ یا سات

دفعہ لکھ کر زیادہ لکھیں گے تاثیر زیادہ ہوگی، طاقت سے لکھیں گے تاثیر طاقتور ہوگی، توجہ سے لکھیں گے تاثیر میں توجہ ہوگی۔ جب بھی لکھنے بیٹھیں اس مقصد کی توجہ بہت زیادہ ہو، تاثیر ایسی ہوگی۔ یہ میں نے ایک گر اور راز بتایا ہے اس کو کبھی نہ بھولیے گا۔

دماغی کمزوری کیلئے

طالب علموں کے حافظے اور ذہنی قوت کیلئے جو غبی ہوں، ذہن کمزور ہو، حافظہ کمزور ہو، بچے پڑھتے نہ ہوں، تنگ کرتے ہوں ان کیلئے بہت لاجواب ہے۔

حروف تہجی سے مشکلات کا حل

ایک بات عرض کردوں کہ حروف تہجی کا نقش یا حروف تہجی پڑھنے کا عمل دنیا کی کوئی مہم، مشکل، مسئلہ، پریشانی کیوں نہ ہو آپ اسکو پڑھیں اور اسکی تاثیر دیکھیں۔ اگر اس کی تاثیر اور طاقت جلدی چاہتے ہیں تو پھر 129 دفعہ اوّل و آخر سات مرتبہ درود ابراہیمی والا عمل کریں۔ اور اگر مزید طاقت اور تاثیر چاہتے ہیں تو پھر 129 دفعہ صبح شام پڑھیں۔ اگر مزید طاقت تاثیر، اسکی پاور اور چاہتے ہیں تو پھر سارا گھر پڑھے یا گھر کے زیادہ سے زیادہ افراد پڑھیں۔ یہ بے وضو اور ناپاکی میں بھی پڑھ سکتے ہیں۔ لیکن باوضو اور پاکی میں پڑھنا تاثیر کو دگنا نہیں سو گنا کر دیتا ہے۔

حروف تہجی کا سپرے

اس عمل کو یہاں تک آزمایا کہ پھل دار درخت پھل نہیں دیتا کیڑا لگ جاتا ہے۔ میں نے ایسی فصلوں میں ان حروف تہجی کا سپرے کروایا۔ فصلوں کو ثمر بار کرنے کیلئے عجب چیز ہے۔ اگر اس کا یہ نقش کسی درخت کی جڑ کے نیچے دبا دیں تو اس کا پھل ہمیشہ میٹھا ہوتا ہے۔

خربوزے میٹھے کرنے کا راز

ایک بندہ کے خربوزے کے کھیت تھے میں نے اسے کہا کہ اگر تو چاہتا ہے کہ تیرے سارے خربوزے میٹھے اور لاجواب ہوں تو یہ چار نقش لکھ اور لکھ 29 والا نقش لکھ کے

چاروں کونوں میں دبا دے۔ اس نقش کی وجہ سے کیڑا نہیں لگے گا، گیدڑ آ کے خربوزے کھاتے اور تنگ کرتے تھے تو وہ بھی نہیں آئیں گے۔ وہ بندہ کافی عرصہ بعد ملا اور کہنے لگا کہ اس نقش کی برکت سے کھیت کو کیڑا نہیں لگا، چوری بھی نہیں ہوئے اور نہ ہی گیدڑوں نے نقصان پہنچایا واقعی خربوزے بہت لاجواب ہوئے۔ اس نقش کی بہت تاثیر، طاقت اور بہت فائدے دیکھے ہیں۔

حروف تہجی کی خاص تعداد

فتوحات غیبی کیلئے اکسیر

اگر ہفتے کے دن نماز فجر کے بعد اول و آخر سات دفعہ درود ابراہیم 57 بار اس کو پڑھا جائے تو غیبی رزق اور غیبی فتوحات ملیں گئی، فتوحات غیبی کیلئے لاجواب ہے۔ ''فتوحات غیبی'' ایک جامع اور بہت طاقتور لفظ ہے۔ سات، اکیس، اکتالیس، 71 ہفتے مسلسل اسکو پڑھیں۔

درود ابراہیمی سے حفاظت

ایک صاحب سید حسین شاہ جو لاہور میں تھانے کے S.H.O ہوتے تھے ان کا واقعہ ہے جو مجھے ایک ڈاکٹر صاحب سے سننے کو ملا۔ ان ڈاکٹر صاحب سے میرا تعلق تھا۔ وہ تھانے میں آ کر بیٹھتے تھے۔ کہنے لگے: جب بنگلہ دیش میں 71ء کی جنگ ہوئی تو ہم ڈھاکہ میں تھے اور ہمارے اوپر مسلسل بموں کی بارش ہوتی تھی۔ میں نے اپنے فوجیوں کو کہا کہ درود ابراہیمی پڑھ کر اپنی گاڑی کا حصار کرو۔ کہنے لگے میں درود ابراہیمی پڑھ کر گاڑی کا حصار کرتا۔ کوئی بم آتا تو جیسے کوئی ہاتھ آ کر اس بم کو ادھر اُدھر کر دیتا تھا۔ درود ابراہیمی میں بڑی تاثیر، طاقت اور بڑی قوت ہے۔

کفایت اور مہمات کیلئے

کفایت مہمات کیلئے اتوار کے روز ان کو ظہر کی نماز سے پہلے 380 مرتبہ

پڑھا جائے تو ضرورتیں اور طلب انشاء اللہ پوری ہوگی۔ سات، اکیس، اکتالیس، 71 اتواریں مسلسل اسکو پڑھیں۔ اللہ کی نام کی برکت سے سات اتواروں میں ہی مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔

دلی مراد کیلئے

پیر کے دن جس بھی مراد کیلئے پڑھا جائے تو وہ مراد ضرور پوری ہوگی۔ اگر عصر کی نماز کے بعد 367 مرتبہ اول و آخر درود شریف ابراہیمی کے ساتھ کسی بھی مراد کیلئے پڑھا جائے تو انشاء اللہ شرطیہ اللہ کے نام کی برکت سے مراد ضرور پوری ہوتی ہے۔ سات، اکیس، اکتالیس، 71 پیریں مسلسل اسکو پڑھیں۔

جملہ مسائل کے حل کیلئے

بروز منگل مغرب کی نماز کے بعد مسلسل 418 دفعہ اوّل و آخر سات دفعہ درود شریف ابراہیمی کے ساتھ پڑھا جائے تو اس سے جملہ مرادیں اور جملہ مسائل حل ہوں گے۔ سات، اکیس، اکتالیس، 71 منگل مسلسل اسکو پڑھیں۔

عملیات میں کمال پانے کے لیے

تسخیر، عملیات میں کمال، ہر جگہ محبت اور عزیز ہونے کیلئے بدھ کے دن، عشاء کی نماز کے بعد 566 مرتبہ اوّل و آخر سات دفعہ درود شریف ابراہیمی کے ساتھ پڑھیں۔ سات، اکیس، اکتالیس، 71 بدھ مسلسل اسکو پڑھیں۔

عامل کامل بننے کیلئے

جو شخص جمعرات کے دن 412 مرتبہ اوّل و آخر سات دفعہ درود شریف ابراہیمی کے ساتھ پڑھا جائے صبح یا شام کے اوقات میں بغیر کسی شرط یا پابندی (زمان و مکان، ترک جلالی و جمالی وغیرہ) کے پڑھے گا تو اسکے پاس وہ علوم ہونگے کہ وہ سوچ بھی نہیں سکتا۔ دنیا میں اس سے بڑا کوئی عامل نہیں ہوگا۔ جتنے عامل حضرات ہیں ان کو مسخر کرلے گا اور جمعرات کے دن کے پڑھنے سے طی الارض حاصل ہوتا ہے۔

سات، اکیس، اکتالیس، 71 جمعرات مسلسل اسکو پڑھیں۔

ہواؤں کو مسخر کرنے کیلئے

جمعہ کی نماز کے بعد اگر 118 مرتبہ اوّل و آخر سات دفعہ درود شریف ابراہیمی کے ساتھ پڑھا جائے تو جانی دشمن دوست ہو جائیں گے، درندے اس کی حفاظت کرنے والے بن جائیں گے، راہیں اس کو منزلیں اور ہوائیں اسکی رہبر بن جائیں گی۔ سات، اکیس، اکتالیس، 71 جمعرات مسلسل اسکو پڑھیں۔

رجال الغیب

دہلی کی جامع مسجد کے سامنے ایک بندہ بیٹھا قے کر رہا تھا اور اس میں سے گوشت نکل رہا تھا، ساتھ ایک خارشی معذور کتا بیٹھا اس کو چاٹ رہا تھا۔ لوگ پریشان ہوئے کہ تجھے شرم نہیں آتی، کسی نے ملامت کی، کسی نے برا بھلا کہا، کسی نے کہا کہ تجھے مسجد کے سامنے ہی جگہ ملی تھی۔ وہ قے کرنے کے بعد اٹھا اور وضو کی جگہ سے منہ ہاتھ دھو کر چلا گیا۔ ایک صاحب نظر تھا، چہرے کی آنکھیں تو سب کے پاس ہیں لیکن دل کی آنکھیں کسی کسی کے پاس ہیں۔ وہ چپ کر کے اس قے کرنے والے کے پیچھے چل پڑا جب آگے ویرانے میں پہنچا تو اس کو کہنے لگا: سچ بتا یہ کیا واقعہ ہے۔ اس نے مڑ کے دیکھا کہنے لگا: اپنا کام کر۔ اس نے پھر کہا؟ کہنے لگا: تجھے اس اللہ کا واسطہ ہے جس نے تجھے یہ منصب دیا ہے۔ کہنے لگا: میں رجال الغیب میں سے ہوں اور شام سے آیا ہوں، مجھے طی الارض حاصل ہے اور شام کا ابدال ہوں مجھے حکم ملا ہے کہ وہاں دہلی کی شاہی مسجد میں ایک کتا بھوکا، بڑا پریشان ہے، اسے جا کر کھانا کھلا کے آ.... وہاں جا کر قے کر، تو قے کرتا جائے گا وہ کھاتا جائیگا اس کی غذا کا نظام ہوگا۔ پھر اس شخص کو کہنے لگا بھئی جا میں اپنی ڈیوٹی پر چل رہا ہوں۔

تو اللہ والو! زمین کی طنابیں اللہ پاک سکیڑ دیتے ہیں، اللہ راہوں کو سکیڑ دیتے ہیں۔ یہ میں نے آپ کو جمعرات کا عمل بتایا ہے۔

حروف تہجی کی تاثیر کو پرتاثیر بنائیں

ان حروف کے اندر کائنات ہے اور اگر آپ ان کی تاثیر کو پرتاثیر کرنا چاہتے ہیں تو پہلے بیان کردہ تعداد، دن اور وقت مقررہ مثلاً ظہر، عصر، مغرب، عشاء کے بعد جو پڑھنا ہے وہ اپنے وقت مقررہ پہ پڑھ لے پھر وہی ایک تسبیح سوتے ہوئے بھی پڑھ لے مثلاً فجر کے بعد جتنی تعداد میں نے آپ کی خدمت میں عرض کی ہے وہ فجر کے بعد پڑھیں لیکن فجر کے بعد والی تسبیح عشاء، ظہر والی تسبیح عشاء، عصر کے بعد والی تسبیح عشاء، مغرب کے بعد والی تسبیح عشاء کے بعد اور عشاء والی تسبیح بھی عشاء میں پڑھ لیں، یعنی عشاء کے بعد دوبارہ وہ عمل کرلیں جو آپ نے پہلے کیا ہے اس لیے کہ اپنے روحانی جسم کو جتنی غذا دیں گے اتنا ہی فائدہ ہوگا۔ ہم نے اپنے جسمانی جسم کو پہلوان اور روحانی جسم کو کمزور بنایا لیا ہے۔

کھانے کے مریض

حکیم سعید صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس کلینک میں گومل یونیورسٹی کا وائس چانسلر (VC) آیا اس نے کہا: حکیم صاحب آپ کے پاس یہ آئے ہوئے لوگ کس مرض کے مریض ہیں؟ وہ فرمانے لگے: جو اس سے پہلے آئے تھے اور جو اسکے بعد آئینگے وہ سب کھانے کے مریض ہیں۔ کھا کھا کے سب مریض ہوگئے ہیں۔

دل کو طاقتور بنائیں

عشاء کے بعد کا جو وظیفہ ہے بعض نے مقرر کیا ہوا ہے کہ عشاء کے بعد ہم نے اتنے ہزار درود پاک پڑھنا ہے۔ یہ روح کے جسم کو پہلوان بناتا ہے۔ اس لیے میں نے کمزور سے کمزور آدمی کیلئے بھی گیارہ دفعہ "یاباعث یانور" کا وظیفہ بتادیا ہے۔ مجھ جیسا کمزور جو کوئی وظیفے نہیں کرسکتا دل پر ہاتھ رکھ کر یہ چھوٹا سا وظیفہ تو کر ہی لے گا۔

معصوم راہوں کے متلاشی

آپ کسی ویرانے میں بیٹھ جائیں چاہے قبرستان، چاہے جنگل، چاہے آپ کے

گھر کی اوپر کی چھت کی شکل میں ہو کمرے کے اندر سے اندر کا کمرہ ہو، ویرانہ ہو ویرانے سے مراد!

کہ یا اللہ دنیا میں ایسی جگہ کوئی کہیں ہوتی
اکیلے بیٹھے رہتے یاد تیری دل نشیں ہوتی

میں ان ویرانوں کے حصول کے لیے صحراؤں کا سفر کرتا ہوں اور یاد رکھئے گا! جتنا ویرانہ ہوگا اتنا نور ہوگا، جتنے انسان ہوں گے اتنے گناہ ہوں گے، جتنے گناہ ہوں گے اتنی ظلمت ہوگی اور جتنی ظلمت ہوگی اتنی عمل کی تاثیر کم ہوگی۔ جتنا ویرانہ ہوگا ایک دفعہ کا کہا ہوا ''سبحان اللہ'' کھربوں کے ذروں میں بکھر جائیگا۔ معصوم راہیں تلاش کیا کریں۔ آپ نے ایک چیز دیکھی ہوگی لوگ کہتے ہیں جی یہ غار ہے فلاں بزرگ نے چلہ کاٹا تھا، وہ چلہ کاٹنے سے کیا مراد ہے؟

کہ یا اللہ دنیا میں ایسی جگہ کوئی کہیں ہوتی
اکیلے بیٹھے رہتے یاد تیری دل نشیں ہوتی

وہ تنہائی کی تلاش میں کہیں غار، کسی پہاڑ کی کھو، کسی درخت کا کونا، اصل وہ تنہائی، اللہ کے ساتھ تعلق، اللہ کے ساتھ محبت، اللہ کی یادوں میں کھو جانا ہے۔

عملیات میں کامیابی کیلئے یکسوئی کی ضرورت

میرے حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کالی مرچ کو سرمے کی طرح بالکل باریک پیس کر روئی کو گیلا کر کے کالی مرچ اس میں لتھیڑ لیتے تھے اور فرماتے تھے یہ کانوں میں ٹھونس لو اور بیٹھ کر اپنا وظیفہ پڑھو۔ آپ روئی لاکھ کانوں میں ٹھونسیں پھر بھی کچھ نہ کچھ اندر سے نکل جاتی ہے، آواز، لہریں اور شور آتا ہے۔ کالی مرچ ایسی چیز ہے جو کانوں کے اندر چلی بھی جائے تو نقصان نہیں دیتی۔ اس سے مطلوب تنہائی تلاش کرنا ہے۔

کریم مولا کو وجدان کے ساتھ پکاریں

اگر آپ اس وظیفے کی تاثیر کو اور بڑھانا چاہتے ہیں تو ویرانہ اور کوئی ویران مسجد

تلاش کریں۔ قبرستانوں کے اندر مسجدیں اکثر ویران ہوتی ہیں، یا کوئی ایسی جگہ جہاں ویران مسجد ہو وہاں جائے نماز، کپڑا یا کوئی چٹائی لے جائیں، تھوڑی سی خدمت کرلیں اور پھر اگر نفل کا وقت ہے تو پڑھ لیں اور پھر یہ حروف تہجی 29 وجدان کیساتھ بیٹھ کے پڑھیں، وجدان اس کیلئے لازم ہے، سمجھ لیں وجدان اس عمل کا راز ہے۔

وجدان کی تشریح

کسی بچے کو جھوٹ موٹھ گم کردیں اور بیوی سے کہیں کہ بچہ گم ہوگیا ہے، بڑا تلاش کروارہا ہوں اور دعا بھی کرتا ہوں پھر دیکھنا بیوی جس انداز سے دعا کرتی ہے شوہر اس طرح نہیں کرے گا، اسی کو وجدان کہتے ہیں۔

ایک بیوہ جس کا ایک ہی جوان بیٹا جو اس کی زندگی کا سہارا تھا وہ جوانی میں ہی مر گیا، اگر اسکی میت سامنے پڑی ہو تو اس بیوہ کا رونا (وجدان) کیسا ہوگا۔

حضرت رابعہ بصریہ رحمہا اللہ کے اشعار

خیالك فی عینی، وذکرك فی فمی
ومثواك فی قلبی، واین تغیب

”خیالك فی عینی“ ہر وقت تیرا خیال میری آنکھوں اور تصور میں تو ہی گھومتا ہے۔ ”وذکرك فی فمی“ میرے منہ میں اللہ تیرا ہی ذکر ہوتا ہے۔ ”ومثواك فی قلبی“ ہر وقت دل میں تیرے ٹھکانے، تیری یادیں اور تیری محبتیں ”فاین تغیب“ لوگ کہتے ہیں اللہ نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں یہ میرے سامنے ہے۔ تو غائب کیسے ہوسکتا ہے، یہ وجدان ہے۔

مظلوم جیسا وجدان

ویران مسجد یا ویران کونے میں اسے وجدان کیساتھ پڑھو، اسکی کوئی تعداد نہیں ہے۔ عشق کی گنتی یا کوئی تعداد نہیں ہوتی۔ مظلوم کے پاس کوئی اسم اعظم ہوتا ہے؟ کہ مظلوم کہے کہ اتنی دفعہ پڑھوں گا تو میری دعا قبول ہوگی؟ مظلوم، مامتا، بیوہ

جیسا وجدان اور کیفیت ہوتو ''الف'' سے ''ی'' تک، پھر ''الف'' سے ''ی'' تک، پھر الف سے ''ی'' تک حروف تہجی پڑھو، الف آتے ہی دل اللہ کی یاد سے پھٹ جائے وجدان سے پڑھتے ہوئے اپنے مقصد کا تصور کرو اور پڑھتے رہو۔

مہمان گھڑیاں

کیفیت بنتے بنتے بنتی ہے۔ اچانک نہیں بنتی، فوراً نہیں بنتی، بنتے بنتے بنتی ہے۔ آپ نے خود محسوس کیا ہوگا بعض اوقات آپ کوئی دعا مانگ رہے ہیں لیکن دعا چھوڑنے کو دل ہی نہیں چاہ رہا اور بعض اوقات دعا کی طرف طبیعت مائل ہی نہیں ہوتی ، جس وقت یہ کیفیت بنا کرے ، یہ مہمان گھڑیاں اور مہمان کیفیتیں ہیں ان کی قدر کیا کریں یہ کیفیات بنتے بنتے بن جاتی ہیں۔ وجدان کیساتھ حروف تہجی پڑھیں اور اپنے مقصد کا تصور کرتے ہوئے رونا سسکیاں اور آنسو آ جائینگے، تین دن اور تین نشستیں کافی ہیں۔ وجدان کے سامنے کوئی وقت نہیں ہوتا کہ وہ کون سی گھڑی، کیسا لباس اور کیسی نشست ہے۔ پاگل کے سامنے کچھ نہیں ہوتا، لیکن پاگل فیصلے کرا دیتا ہے۔ یہ میرا آزمودہ عمل ہے۔

سوز وساز، نالہ وفریاد

ویران مسجد ویران کو نا ڈھونڈیں اگران کے اندر تیری آوازیں اونچی نکلنا شروع ہو جائیں تو کوئی حرج نہیں، تیری آہیں اونچی نکلیں، تیری آہ وبکا، تیری چیخ وپکار، تیرے نالہ وفریاد، تیرا ہم اور غم، تیری فکر تیری کڑھن تیرا درد تیرا سوز وساز اگر بڑھ جائے تو کوئی بات نہیں۔ بس اخلاص کے ساتھ اس کو پڑھتے جاؤ۔

حروف تہجی سارے قرآن کا جوہر

حروف تہجی سارے قرآن کا عرق، جوہر، مکھن، ساری حدیثوں کا، مسنون دعاؤں کا اور سارے بزرگوں کے فرامین کا نچوڑ ہے کیونکہ تمام الفاظ انہی حروف تہجی سے مل کر بنتے ہیں اب آپ خود ہی اندازا کریں ان حروف تہجی کے کیا کمالات ہوں

گے یہ بہت عجب چیز ہے۔

حروف تہجی اللہ کے کلام کا نور

حروف تہجی پر اگر آپ توجہ کرلیں تو کائنات کو بہت کچھ دے سکتے ہیں۔ صرف حروف تہجی کا کسی چیز کے ساتھ تصور اور بیٹھ کر 129 دفعہ کی مشق کچھ عرصہ کرلیں۔ حروف تہجی اگر کسی قبر پر بیٹھ کے پڑھیں تو قبر والے سے بات نہ ہو ایسا ممکن نہیں۔ حروف تہجی جانوروں کی بولیاں، اندر کی چاہتیں، ان کی دعا اور بددعا بھی بتادے گا۔ ان حروف کے ہر حرف کے اندر اللہ کے کلام کا، جنت کے وزنی لفظوں اور آقا کملی والے ﷺ کے بولوں کا نور ہے۔ اگر حروف تہجی (عربی) کوئی عام زبان ہوتی تو میرے اللہ، اسکے حبیب ﷺ جنت اور قرآن کی زبان نہ ہوتی...؟؟؟ حروف تہجی خاص الخاص چیز ہے۔ اسکی کائنات اور اسکے رازوں میں ڈوب جائیں۔

درختوں کی ویرانی ختم

حروف تہجی ویران درخت پر انگلی کیساتھ حروف تہجی ''الف'' سے ''ی'' تک 29 حروف لکھ دیں تو درخت سرسبز و شاداب ہو جائے گا۔

حروف تہجی سے اولاد کی نعمت

شوہر اپنی بیوی کے پیٹ پر انگلی سے حروف تہجی لکھے تو اللہ رنگ لگا دیتا ہے، پھل پھول دے دیتا ہے اور بیوی خود اپنے پیٹ، بچے کے سینے یا بچے کی پیشانی پر انگلی سے حروف تہجی لکھیں، الف، ب، ت، ث، پیشانی پر لکھتے جائیں اس کو بخت، نور اس کے ذہن کو حافظہ، دل روشن، نورانی، انشرح صدر اور برکتیں ہوں گی۔

آندھی اور طوفان کا رک جانا

آندھی یا طوفان آرہا ہے تو انگلی سے حروف تہجی لکھنا شروع کردیں آپ کا یقین کامل ہوگا تو آندھی اور طوفان وہیں رک جائیں گے۔

حروف صوامت سے حفاظت

ایک دفعہ میں ٹھٹھہ کے مکلی قبرستان میں رات کے وقت بیٹھا تھا کہ وہاں ایک کتا منہ میں سانپ لیے ہوئے آیا۔ میرے خیال میں آیا کہ کتا تو عام طور پر سانپ نہیں کھاتا، یہ کتا نہیں ہوسکتا۔ میں نے کہا بھئی یہ معاملہ گڑبڑ ہے، میں اس وقت سورہ فاتحہ پڑھ رہا تھا۔ تو میں نے بیٹھے بیٹھے حروف تہجی کے وہ حروف جن کے اوپر نقطہ نہیں وہ تیرہ حروف (احدر سصطع کلمو انہیں حروف صوامت کہتے ہیں کیونکہ یہ اپنی طاقت کے اعتبار سے نقطوں کے خود محتاج نہیں ہیں ان سب الفاظ یعنی اللہ، محمد، محمود، احمد اور صمد میں کوئی نقطہ نہیں ہے) پڑھنا شروع کردیے، یاد نہیں کتنا پڑھا بس سات، آٹھ یا نو دفعہ کم وبیش پڑھا ہوگا پڑھ کر اس کی طرف پھونک ماری تو اسکے منہ سے سانپ گر گیا اور کتا وہیں پھڑکنے (تھرکنے، جیسے سردی میں کپکپاہٹ ہوتی ہے) لگا۔ میں سمجھ گیا کہ حروف صوامت نے اسے پکڑ لیا ہے اب یہ جا نہیں سکتا، میں نے کہا ٹھیک ہے جا آئندہ تنگ نہ کرنا۔ اس وقت کتا بھاگ گیا اور سانپ وہیں پڑا رہا، سانپ اصلی اور کتا نقلی تھا۔ حفاظت کیلئے حروف تہجی پڑھتے رہا کریں۔

بے نقطہ حروف کی طاقت

حروف دو طرح کے ہوتے ہیں ایک نقطے والے اور دوسرے بے نقطہ۔ دونوں کی طاقت الگ اور بڑی عجیب ہے۔ طاقت کے اعتبار سے بے نقطہ حروف کی طاقت زیادہ اور بے نقطہ حروف کی طاقت بہت زیادہ ہے۔ حروف صوامت کی زکوٰۃ میں اسکی تعداد 543 ہے۔

حروف صوامت سے نشہ کا علاج

ایک سیاسی لیڈر کے فوت ہونے پر اسکے بیٹے نے پریشان ہوکر ہیروئن پینا شروع کردی۔ (اللہ ہم سب کی نسلوں کی حفاظت فرمائے: آمین) نشہ سینٹر آج تک ہیروئن نہیں چھڑا سکے، ہزاروں میں سے کوئی ایک قسمت اور مقدر والے نشہ چھوڑ بھی گئے

ہوں گے۔ میں نے ان سے کہا: اس کا علاج صرف صوامت ہے اور اس کی دو ترکیب ہیں؟ ایک 543 دفعہ صوامت لکھ کر اس کو پلایا جائے (یہ کیس بہت طاقتور ہو چکا ہے) دوسرا 543 اور 13 دفعہ پوری توجہ سے لکھ کر اس کو پلایا جائے۔

حروف صوامت لکھنے کا طریقہ

”احد سصطع کلمو“ ان الفاظ کو ملا کر نہیں لکھنا بلکہ الف، ح، د، ر، س ص، ط، ع، ک، ل، م، و یہ سب الفاظ الگ لکھیں۔ جیسے جنات کے پیدائشی دوست میں علامہ لاہوتی صاحب نے ”یَاقَهَّارُ“ کے الفاظ کو علیحدہ علیحدہ لکھنے کی ترتیب لکھی جسکی واقعی طاقت اور تاثیر ہے۔ لفظوں کو الگ الگ لکھیں کیونکہ حرف اکٹھے ہوتے ہی دوسرے حرف کی تاثیر کو کم کر دیتا ہے یا تاثیر پر غالب آنے کی کوشش کرتا ہے۔ جب ہر حرف کو علیحدہ کر دیا جائے تو ہر حرف اپنی طاقت اور تاثیر میں یکساں، نمایاں اور اپنی پوری تاثیر دکھاتا ہے۔ اگر 543 اور 13 دفعہ لکھنا ہے تو علیحدہ علیحدہ کر کے لکھیں۔

بری عادات سے ہمیشہ کیلئے نجات پائیے

کسی بھی چیز کو باندھنے مثلاً جھوٹ، گناہوں، زنا، شراب، بدکاری، گندگیوں اور غلاظتوں سے خود چھٹکارہ چاہتے ہیں یا اولاد، شوہر، بیوی اور بھائی کو چھٹکارہ دلانا چاہتے ہیں تو سانس روک کر ”احد، سصطع، کلمو“ صرف 13 حروف تیرہ بار پڑھ لیں، تیرہ حروف تیرہ بار ایک سانس میں نہ پڑھ سکیں تو ہر دفعہ سانس نیا لے لیں۔ ہر سانس میں 13 حروف پڑھیں۔

اولاد کی نافرمانی روکنے کیلئے

ایک صاحب کی بیٹی غلط راہوں پر چل پڑی تھی میں نے انہیں تیرہ حروف تیرہ سانسوں یا ایک سانس میں پڑھنے کو کہا۔ کچھ عرصہ بعد انہوں نے بتایا کہ میں ایک سانس میں تیرہ حروف پڑھتا ہوں (تیرہ دفعہ صوامت ایک سانس میں پڑھتا ہوں) اس سے میری بیٹی کے اندر کا نظام خود بخود ٹھیک ہونا شروع ہو گیا اور اب

وہ خود بخود مصلیٰ، جائے نماز ڈھونڈتی ہے اور موبائل کو بند کر کے رکھ دیتی ہے۔ اب وہ کہتی ہے کہ موبائل نے میرا سر کھا لیا ہے۔ اس سے پہلے وہ سارا سارا دن موبائل پر میسج میں مصروف رہتی تھی۔

ہر حروف کو جدا جدا لکھیں

اگر 543 بار حروف لکھنا چاہیں تو جدا جدا لکھیں۔ حروف اکٹھے نہیں بلکہ ''الف'' سے لیکر ''ی'' تک ایک لائن میں اور چھوٹے چھوٹے لکھیں۔ تیرہ صوامت بھی ایک لائن اور چھوٹے کاغذ پر لکھیں۔ اس طرح نہ ہو کہ آدھے حروف اوپر اور آدھے نیچے رہ جائیں۔

حروف صوامت والی روٹی کے کمالات

نمازی ہاتھوں کی پکی ہوئی ایک روٹی جو ایک وقت میں کھائی جا سکے اور اس کے اوپر انگلی سے بچے کی ماں صرف ایک دفعہ حروف صوامت کے تیرہ حروف انگلی سے لکھ کر دے دے۔ تیرہ حروف نہ بھی آئیں تو ''الف'' سے ''ی'' تک انگلی سے لکھ کر اس کو روٹی کھلا دیں جس نیت سے کھلائیں گے وہ پوری ہو گی مثلاً حافظہ تیز، نافرمانی ختم، نظر اتارنے کیلئے، بچے کی تندرستی کیلئے، میاں بیوی میں پیار و محبت بڑھے گی۔ شوہر کو تابع کرنے کی نیت سے نہ کھلائیں۔

فنافی الزوجہ

ایک باپ بچوں کو تربیت السالکین کیلئے وقت دے رہا تھا وہ رات کو ان کیلئے مٹھائی لایا اور کہنے لگا: بیٹا یہ مٹھائی اس کو ملے گی جس نے اپنی امی کی نافرمانی نہیں کی اور ہر بات دن ٹو آل مانی ہو گی؟ باپ کی بات سن کر سناٹا چھا گیا۔ پھر ایک بچہ بولا ابا جی اس کے زیادہ حق دار تو آپ ہیں۔ کیونکہ آپ کبھی بھی امی کی نافرمانی نہیں کرتے۔

حروف تہجی کا دم

ایک صاحب کہنے لگے: ہمارے ہاں سہہ زیادہ ہے وہ ہمیشہ درختوں کی جڑوں کو کھود کر کھاتی ہے اور درخت اوپر سے خشک ہو جاتے ہیں، بہت نقصان کرتی

ہیں۔ میں نے انہیں کہا کہ ایک سہہ زندہ پکڑ کر اسے پنجرے میں بند کر دیں اور پھر روزانہ اس پر 129 دفعہ حروف تہجی سات دن تک، صبح شام یا ہر نماز کے بعد پڑھ کر پھونک مارنے کے بعد اس کو چھوڑ دیں۔ وہ صاحب کچھ دنوں بعد آ کر پوچھنے لگے جی چھوڑ دوں؟ میں نے کہا ہاں چھوڑ دو اور (دیکھی جا مولا دے رنگ) دیکھ ہوتا کیا ہے؟ انہوں نے 129 دفعہ اوّل و آخر سات دفعہ درود شریف حروف تہجی پڑھا تھا۔ ان صاحب کے ڈیرے پر بہت سے بندے ملازمین تھے، کوئی ہر نماز کے بعد اور کوئی صبح شام پڑھ کر سارے سہہ پر دم کر رہے ہیں۔ بہت ساری سہ نے انہیں تنگ کیا ہوا تھا۔ ان کے پڑھنے کے بعد ایک بھی سہہ نظر نہیں آئی سب غائب ہو گئیں۔

سورت ماعون سے کیڑے مکوڑوں کا خاتمہ

ہمارے ہاں اوپر کیبن میں چوہا آ گیا جو پکڑا نہیں جا رہا تھا اس کو پکڑنے کیلئے کڑکیاں لگا رہے تھے۔ میں نے کہا: دیوانو...! سارے جہاں کو سورت ماعون بتاتے ہو اور خود نہیں پڑھتے، سارے جہاں کو تسبیح خانے سے اعمال کی ترغیب مل رہی ہے اور تم خود غافل ہو۔ صرف سات دفعہ سورت ماعون ”اَرَءَیْتَ الَّذِیْ“ ہلکی اونچی آواز میں پڑھیں، گھر سے چوہے، ٹیڈیاں، مکڑیاں اور ایسی سب چیزیں چھٹی کر جاتی ہیں۔ کیسی کمال کی چیز ہے چھپکلیاں، چوہے اور ٹیڈیاں پریشان کر رہی تھیں ایک دو دفعہ پڑھنے سے چوہا بھی مارا گیا اور سب چیزیں بھی غائب ہو گئیں۔ آپ اس میں ایک نقطے پر غور کریں کہ چوہے کو کون سی چیز نے بھگایا۔ اس سورۃ کے اندر ڈانٹ ہے ”اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ، فَذٰلِکَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ“ سخت قسم کی ڈانٹ ہے ”وَیَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ“ اور ماعون جہنم کی ایک وادی ہے۔ جس میں سخت ترین عذاب ہے۔ آپ خود سوچیں اور اس کی گہرائی میں جائیں اس ڈانٹ کی ڈانٹ سن کر جانور بھاگ جائیں اور ایمان والا مسلمان ڈانٹ سن کر ٹس سے مس نہ ہو......!

حروف تہجی کے موکلات

ایک سہہ پر حروف تہجی پڑھ کر چھوڑنے سے باقی سہہ اسکو دیکھ کر ادھر اُدھر بھاگ گئیں۔ انہوں نے کہا ہم نے خود دیکھا کہ وہ سہ نہیں کوئی خوفناک طوفان تھا اور جیسے کوئی ڈراونی چیز بن گئی ہو۔ ہمارا سارا باغیچہ خالی ہوگیا اور ہمیں سکون مل گیا۔ کچھ عرصہ بعد اسی مری ہوئی سہ کو دیکھ کر اس نے کہا تیرے اوپر حروف تہجی پڑھے تھے اب تو جڑیں کاٹ کر دیکھا اور حروف تہجی کے موکلات نے کہا اب تیری گردن مروڑتے ہیں۔

رزق کی کنجی

سورۃ مزمل میں ایک آیت ہے ''اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا'' حالانکہ اس کا مفہوم دن لمبا ہوگیا، اللہ پاک غریبی کا دن بہت لمبا ہوگیا ''اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبْحًا طَوِیْلًا''

کانپتا ہے دل تیرا اندیشہ طوفاں سے کیا   ناخدا تو بحر تو کشتی بھی تو ساحل بھی تو
وائے ناکامی تو محتاج ساقی ہوگیا   مے بھی تو مینا بھی تو ساقی بھی تو محفل بھی تو
ناکام ہے تو کیا ہے کچھ کام پھر بھی کر جا   مردانہ وار جی اور مردانہ وار مر جا
دنیا کے رنج وراحت کچھ ہوں تیری بلا سے   دنیا کی ہر ادا سے منہ پھیر اور گزر جا
اس بحر بے کراں میں ساحل کی جستجو کیا   کشتی کی آرزو کیا، ڈوب اور پار کر جا
دیار عشق میں اپنا مقام پیدا کر   نیا زمانہ نئے صبح وشام پیدا کر
خدا اگر دل فطرت شناس دے تجھ کو   سکوت لالہ وگل سے کلام پیدا کر
میں شاخ تاک ہوں میری غزل ہے میرا ثمر   میرے ثمر سے مے لالہ فام پیدا کر
اٹھا نہ شیشہ گرانے فرنگ کے احساں   صفالے ہند سے میناوجام پیدا کر
میرا طریق امیری نہیں فقیری ہے   خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

حروف تہجی کے انوکھے کمالات

حروف تہجی والی بکری

ایک بکری پالیں اس کو گھاس اور پانی پلاتے ہوئے ایک دفعہ حروف تہجی پڑھ لیا کریں۔ بکری عمدہ اور اچھی نسل کی ہو جسے باندھتے، کھولتے اور مینگنیاں صاف کرتے ہوئے گھر کے جتنے بھی افراد ہیں وہ حروف تہجی پڑھتے جائیں پاکی ناپاکی میں عورت اپنی مجبوری کے ایام میں بھی پڑھ سکتی ہے کوئی حرج نہیں ہے۔ اس کو ایک دفعہ، 29 دفعہ یا سات دفعہ پڑھ لیں، لیکن روزانہ ایک روٹی ایسی کھلائیں جس پر 129 دفعہ یہ لازماً پڑھا ہو، یعنی جیسے برکت والی تھیلی کا عرض کرتا ہوں کہ برکت والی تھیلی پر 129 دفعہ سورۃ کوثر پڑھیں، یعنی جب بھی اس میں آپ پیسے ڈالیں یا نکالیں تو ایک دفعہ سورۃ کوثر پڑھ لیا کریں۔ اسی طرح آپ جب بھی بکری کی کوئی بھی خدمت کریں تو ایک دفعہ حروف تہجی پڑھ لیا کریں۔

سہولت پیکیج

نمازی کے ہاتھوں کی پکی ہوئی ایک روٹی چھوٹی یا بڑی اسے ضرور کھلائیں۔ اب یہ بکری بڑی ہو رہی ہے۔ ضروری نہیں ایک ہی بندہ 129 دفعہ کا عمل کرے اگر ایک سے چوک گیا تو دوسرا پڑھ کر دے سکتا ہے۔ اگر مجبوری ہے روزانہ نہیں پڑھ سکتے تو چند روٹیاں لیں ہر روٹی پر 129 دفعہ حرف تہجی علیحدہ علیحدہ پڑھ کر رکھ لیں اور روزانہ ایک روٹی کھلا دیں۔ یہ طریقہ آسانی کیلئے ہے، ضروری یہی ہے کہ گھر کے تمام افراد نہیں پڑھ سکتے تو باری باری روزانہ پڑھ سکتے ہیں، لیکن عمل میں کوتاہی نہ ہو اور پڑھنے والے مستعد ہوں۔

ٹھیکے پر عمل نہ کرائیں

ایک بات میں اکثر عرض کرتا ہوں کہ وظائف اور تسبیحات ٹھیکے پر نہ پڑھوائیں۔

جب میں مدرسے پڑھنے جاتا تھا تو قاری صاحب ہمیں گھروں میں پڑھنے کیلئے بھیجتے تھے اور ہم ہاتھوں میں سپارے پکڑے بھاگے جارہے ہوتے تھے اور سپارے ایسے ختم ہوتے تھے جیسے آندھی چلتی ہے اور پھر بسم اللہ پڑھ کر سپارہ چومنے کے بعد انتظار کرتے تھے کہ ابھی مال آتا ہے، اسے ٹھیکے والا کام کہتے ہیں۔ میں پریشان ہوتا ہوں کہ اس طرح وظیفہ، قرآن پڑھوا کر گھر والوں کو تسلی کیسے ہوجاتی ہے۔ اوابین کی بیس رکعت نہ پڑھیں چھ پڑھ لیں کوئی بات نہیں لیکن پڑھنا ایسا کہ جس میں اخلاص للّٰہیت، اللہ کی رضا اور پوری توجہ ہو۔

بیٹا باپ کا جنازہ کیوں پڑھائے؟

حدیث میں ہے کہ بیٹا اپنے باپ کا جنازہ خود پڑھائے تو افضل ہے۔ مجھے ایک اللہ والے فرمانے لگے: جب میرے والد صاحب فوت ہوئے تو میں نے ان کا جنازہ پڑھایا۔ پھر مجھے احساس ہوا کہ جتنی مغفرت والی دعائیں میں نے پڑھی وہ میرے اندر کے درد سے پڑھی جارہی تھیں، اصل اخلاص، للّٰہیت اور توجہ والی تھیں۔

بکری سے گھر میں رحمتوں کی بارش

روزانہ دم کی ہوئی ایک روٹی بکری کو کھلائیں، جب بکری دودھ دینے لگے تو سب سے پہلا دودھ سب گھر والوں میں تقسیم کرکے برکت کیلئے پئیں۔ جو جس بیماری یا مسئلے کی نیت کرکے پئے گا اللہ تعالیٰ شفاء دینگے اور مسئلہ حل کردیں گے دودھ مسلسل پیتے رہیں اور وہ عمل جاری رکھیں۔ یقین جانیے بکری پال کے دیکھیں، گھر میں رزق کی برکت، ولایت، بزرگی، رحمت، شوق، قرآن، نعمتیں ہوں گی اور نعمتوں کی کمی نہیں غیبی نظام چلے گا۔ بیماریاں، پریشانیاں، جھگڑے، جادو، اثرات، جنات، حملے، مخالفتیں، حسد، نظر بد سب کی چھٹی ہوجائے گی اور اللہ ایسا دیگا کہ آپ سوچ نہیں سکتے۔

جنات کی چوریاں

جس طرح آپ کے گھر میں فاقہ اور تنگدستی ہوتی ہے، اسی طرح جنات میں بھی

ہوتی ہے۔ صالح اور نیک جنات کے ہاں فاقہ اور تنگدستی نہیں ہوتی ۔ عام جنات گھروں میں چوریاں کرتے اور کھاتے ہیں۔ حوالہ کے طور پر اس حدیث کو دیکھیں جس میں " بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ " پڑھنے کو کہا گیا ہے کہ اس سے شیاطین کھانے میں شریک نہیں ہوتے جو "بِسۡمِ اللّٰهِ وَ عَلٰى بَرَكَةِ اللّٰه "نہیں پڑھتا اسکے ساتھ جن شامل ہوجاتا ہے۔ ایک صحابی رضی اللہ عنہ کو بیت المال کی کھجوروں کیلئے نگران مقرر کیا گیا تھا ایک جن چوری کیلئے آیا تو انہوں نے پکڑ لیا پھر جب دوبارہ آیا اور پکڑا گیا تو وہ آیت الکرسی دے گیا۔ حوالہ سمجھ آیا؟ میں یہ اس لیے عرض کررہا ہوں کہ آپ کا راشن اور چیزیں یہ جنات چراتے اور کھاتے ہیں۔

مشکوک چیزوں سے بچیں......!

ایک صاحب مجھے کہنے لگے کہ ہمارے گھر میں جنات ہیں جو مجھے کہتے ہیں باباجی زرا سوچ سمجھ کے کھایا کریں آپکے گھر میں مشکوک چیزیں بھی آتی ہیں۔ اس دن فلاں مشکوک چیز آپ نے کھائی جو ہم نے بھی چکھی مگر کھائی نہیں۔ پھر کہنے لگے کہ اللہ نے ہمارا رزق بھی آپکے رزق میں شامل کررکھا ہے۔ اس کا ازالہ کیا کریں اور اتنے پیسے صدقہ کردیں۔

غربت، تنگدستی اور فاقے کا دائمی علاج

ایک صاحب کہنے لگے ہمارے ہاں غربت، تنگدستی، بہت زیادہ ہے بچوں کا خرچہ تک پورا نہیں ہوتا اور پریشانی ہے ہم کیا کریں؟ میں نے کہا: بکری پالیں۔ انہوں نے کہا جب تک بکری جوان ہوگی ہم غریب تو مرجائیں گے اور ہمارے بچے بوڑھے ہوجائیں گے۔ میں نے کہا: پھر ایسا کرو کہ دودھ والی بکری لے کر صبح شام حروف تہجی والی ایک روٹی اس کو کھلائیں اور کھولتے، باندھتے اور خدمت کرتے ہوئے ایک دفعہ حروف تہجی پڑھتے جائیں۔ یہ میں آپ کو سہولت پیکج دے رہا ہوں انشاء اللہ اسکے اندر بھی وہی برکات ہونگی۔

اللہ تعالیٰ نے انہیں ایسی خوشحالی دی کہ غیب کے خزانے سے برکتوں کے دروازے کھل گئے۔ اس عمل کی اجازت عام ہے۔ بکری لیکر اسے روٹی کھلائیں اور صبح شام گھر کا ہر فرد 129 دفعہ روزانہ یا ہر نماز کے بعد حروف تہجی اوّل و آخر سات دفعہ درود شریف پڑھیں۔ اس کے پڑھنے سے اللہ برکتوں اور رحمتوں کے دروازے کھول دیتا ہے۔

حروف تہجی کی دل میں عظمت ہو

حروف تہجی پڑھتے ہوئے آپ کبھی اسے ''الف''، ''ب'' نہ سمجھیں۔ ایک شخص مجھے کہنے لگا اس سے پہلے حروف تہجی کی میرے دل میں عظمت نہیں تھی۔ ایک نشست میں اسکے فائدے سنے پتہ چلا کہ یہ کوئی عام لفظ نہیں ہے اب میرے دل میں اس کی وہ عظمت آ گئی ہے کہ میری عقل حیران ہے۔ آپ حروف تہجی نہیں بیک وقت سارا قرآن، قرآن کا نور، سب حدیثیں اور ساری مسنون دعاؤں کا نور لے رہے ہیں۔

سارے قرآن کا نچوڑ

جتنی دعائیں ''رَبَّنَا'' سے شروع ہوتی ہیں ان میں ''ر'' پہلے اور ب، ن، الف بعد میں آتی ہے۔ جو دعائیں ''اَللّٰھُمَّ'' سے شروع ہوتی ہیں ان میں الف، ل، آتی اور جو دعائیں ''بِسْمِ اللّٰہ'' سے شروع ہوتی ہیں جیسے: ''بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمِ ..... بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَةِ اللّٰہ.... بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَلْخَبَائِثِ'' ان سب کے حروف کو جمع کر کے اس کا نچوڑ میں نے آپ کے ہاتھ میں دے دیا ہے۔

قدردانوں کیلئے

یوں مجھ کو نگاہوں کے ترازو میں نہ تولو ہے شوق تو بے ساختہ آنکھوں میں سمولو

اب دل کو میں لایا ہوں ہتھیلی پہ سجا کر اس جنس کے بازار میں کیا دام ہیں بولو

یہ شعر قدردانوں کیلئے ہے کہ اب میں دل کو ہتھیلی پہ سجا کے لایا ہوں اب قدردانوں بتاؤ کیا دام لگاؤ گے؟ اور یاد رکھئے گا علم کی کوئی قیمت نہیں ہوتی۔

لفظ ''ق'' کے حیرت انگیز اور پراسرار کرشمات

ساری دنیا کا نظام لفظ ''ق'' میں

اس حرف کے اندر کائنات ہے اگر ہر حرف کو جدا پڑھیں گے تو اسکی کائنات اور ہوگی۔ یہ جو دو نقطے والا ''ق'' ہوتا ہے "قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ" اس پر کبھی غور ہی نہیں کیا کہ یہ کیا ہے؟ اگر کسی سے پوچھیں کہ "ق" کا ترجمہ کیا ہے؟ وہ کہتا واللہ عالم اللہ ہی جانتا ہے۔ اگر میں آپ سے پوچھوں کہ'' الف'' اور'' ب'' کا ترجمہ کیا ہے؟ آپ کہیں گے'' الف''، ''ب'' کا بھی کوئی ترجمہ ہوتا ہے؟ ہر چیز کا ایک معنی ہوتا ہے اور کوئی چیز معنی کے بغیر نہیں ہوتی۔ لیکن ان حروف کی پراسراریت ایسی ہے کہ آپ سوچ نہیں سکتے معنی تو دور کی بات ہے۔ اسکے جو ظاہری اثرات ہمیں ملے ہیں اگر ان کا انکشاف ہمارے سامنے ہو جائے تو ہم یقین نہیں کر سکتے۔ سمندر کی سب کی سب تہیں ''ق'' کے ساتھ ہیں۔ پہاڑوں اور موجودہ دنیا کا سارا نظام ''ق'' کے ساتھ ہے۔

کوہ قاف کی حقیقت

کبھی کوہ قاف کا نام سنا ہے یہ انسان کا ایک مزاج ہے کہ جس چیز کی سمجھ نہ آئے اس کی کہانیاں گھڑتا ہے اور اپنے دل کو تسلیاں دینے کیلئے کوہ قاف کی پریاں، جنات اور کوہ قاف کی کہانیاں وغیرہ ہوں۔ لیکن کوہ قاف ایک حقیقت ہے۔ ''ق'' کوہ قاف کی بہت بڑی حقیقت ہے۔

زیر زمین مخلوق کے رزق کا نظام لفظ ''ق'' میں ہے

''ق'' کے انداز لکھنے میں گولائی ہے، ایسا حرف اپنے اندر گہرائی رکھتا چلا جائے گا۔ اسکے لکھنے میں جو حالت ہے وہ اس کی ظاہری حالت وہیئت ہوگی۔ جتنی بھی

زیرزمین مخلوق ہے خاص طور پر جو زیرِ سمندر مخلوق ہے انکے رزق، حیات، زندگی اور ان کی نشوونما کا سارے کا سارا سلسلہ ''ق'' کے ساتھ ہے۔

حروف طلسمات

حروف تہجی میں کچھ حروف، صوامت اور کچھ حروف طلسمات ہیں۔ ''ق'' حروف طلسمات میں سے ہے اور حروف طلسمات کو چھوتے، پڑھتے، سوچتے یا کرتے ہی فوراً نظام چل پڑتا ہے۔ حروف طلسمات کے اندر'' کن فیکون '' کی تاثیر ہوتی ہے۔ ''ق'' حروف طلسمات میں سے عجب حرف ہے۔

حضرت معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق

ایک تحقیق آپ کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں۔ حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اللہ جل شانہٗ نے مجھ پر حرف ''ق'' کی تاثیر کھولی ہے۔ فرمایا: کوہ قاف کا پہاڑ اس قدر بڑا ہے کہ اس نے ساری روئے زمین کا احاطہ کر رکھا ہے، دنیا کی تمام اشیاء اسکے اندر موجود ہیں۔ قرآن مجید میں اس پہاڑ کا ذکر موجود ہے۔ ''قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ'' پروردگار عالم نے فرشتہ پیدا کیا ہے جو ''ق'' کی چوٹی پر بیٹھا ''لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ'' کلمے کی تسبیح پڑھ رہا ہے۔ اس فرشتے کا نام قرقعیل اور یہ موکل بھی ہے۔ یہ فرشتہ کبھی مٹھی کھولتا ہے کبھی بند کرتا ہے اور جب بند کرتا ہے تو دنیا کی ساری رگیں بند ہو جاتی ہیں۔ قابض اور باسط کی صفت الگ الگ ہے۔ اللہ کا نام یا باسط اور اس کا مدمقابل یا قابض ہے، جب فرشتہ مٹھی بند کرتا ہے تو قابض کی کیفیت ہو جاتی ہے۔ دنیا کی رگیں اور دنیا کا نظام اللہ نے اسکے ہاتھ میں سمو دیا ہے۔

فرشتوں کی ڈیوٹیاں

اللہ پاک کو جب زمین پر تنگی کرنا مطلوب ہوتی ہے تو اس فرشتے کی مٹھی بند کرا دیتے ہیں۔ وہ زمین کی رگوں اور زمین کی طنابوں کو کھینچ لیتا ہے اور جب اللہ

پاک کو زمین کھولنا مطلوب ہوتی ہے تو اسکی مٹھی کھل جاتی ہے اور جب بند ہوتی ہے تو پہاڑ، دریا، نظام میں خشکی اور تنگی آجاتی ہے۔ وہ چاہیں اسے فنانشلی کرائسز، معاشی حالات، نائن الیون یا کوئی نام دے دیں اور اللہ پاک جب فراخی کرنا چاہتے ہیں تو فرشتہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے زمین کی رگیں کھول دیتا ہے اور زمین میں فراخی پھیل جاتی ہے۔ جب اللہ جل شانہٗ اپنی مخلوق کو ڈرانا چاہتے ہیں اور اللہ کو منظور ہوتا ہے اور اپنی قدرت کے کرشمے دکھاتے ہیں تو اس فرشتے کو حکم ملتا ہے کہ زمین حرکت میں آجا تو زمین ہلتی ہے اور زلزلہ آجاتا ہے اور جب اللہ کا امر ہوتا ہے تو اس وقت زمین اپنی حرکت کو بند کر دیتی ہے۔

کائنات کے راز جاننے کا عمل

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ جل شانہٗ اس کو اقتدار دیں؟ اقتدار سے مراد اس کو اللہ پاک ایسا کمال عطاء فرمائیں کہ جو وہ سوچے اللہ تعالیٰ کر دے۔ وہ حرف ''ق'' ہے اس سے دوستی کرلیں اور آیت ''قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ'' کے اتنے ہی الفاظ پڑھنے ہیں۔ 121 دفعہ اول آخر درود ابراہیمی اسکو معمول بنالیں اور اگر زیادہ اس کی تاثیر چاہتے ہیں تو فوٹو سٹیٹ جتنے (A4) سفید کاغذ پر کالی سیاہی سے صرف ''ق'' لکھ لیں یا کمپیوٹر سے لفظ ''ق'' کا پرنٹ نکلوالیں اور موٹے پین سے بھی ''ق'' لکھ سکتے ہیں۔ اس کو پلاسٹک لیمینشن کرالیں یا ایسے ہی سامنے چپکا کر، صرف ''ق'' کو دیکھتے ہوئے 121 دفعہ اوّل آخر تین دفعہ درود شریف ''قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ'' پڑھیں۔ اس کے پڑھنے سے کائنات کے راز و رموز کھل جائیں گے۔

کائنات کے راز جاننے کا خواہشمند

مدینہ منورہ میں ایک صاحب میرے پاس آکر کہنے لگے: میں چالیس سال سے یہاں رہ رہا ہوں، آپ مدینے کے مہمان ہیں مجھے کوئی ایسی چیز دیں کہ اللہ مجھ پر اپنی کائنات کے راز کھولے۔ میں کافی دیر سوچتا رہا کہ اس کو کون سی چیز دوں؟ پھر میں نے

درود پاک ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ'' پڑھنا شروع کردیا (یہ درود مخدوم محمد ہاشم سندھی ٹھٹھوی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ذریعۃ الوصول علی جناب الرسول میں حدیث کے حوالہ سے موجود ہے) ایک پل میں مجھے ''قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ'' والا تجربہ یاد آیا (میں اس دوران روضہ اطہر کے غالباً بائیں طرف بیٹھا ہوا تھا) اس کو میں نے کہا ایسا کرو آپ کاغذ پر ''ق'' لکھ کر اس کو توجہ نظر سے پڑھنا شروع کردیں اور کم از کم 121، 70 یا 40 دن پڑھو۔

وظیفہ پڑھتے ہوئے تین کام کرنا؟ (1) رزق حلال کھانے کی کوشش، مشکوک چیزوں سے بچنا، نظروں کی سخت حفاظت (3) خوشبو بکثرت استعمال کرنا۔

لفظ ''ق'' کے عجب کمالات

جب اللہ پاک نے دوبارہ مجھے مدینہ منورہ بلایا تو میرے جی میں تھا کہ اس شخص سے وظیفے کے بارے میں پوچھوں۔ میرے پاس سے اس کا موبائل نمبر گم ہوگیا تھا میں نے اس شخص کو تلاش کرنا شروع کردیا، ایک ہیئر سیلون والے کا وہ دوست تھا۔ میں نے جاکر اس سے کہا: آپ کے دوست کا موبائل نمبر مل سکتا ہے؟ کہنے لگا جی ضرور، اس سے موبائل نمبر لے کر اس کو فون کرکے اپنا تعارف کرایا تو وہ بہت خوش ہوا۔ میں نے پوچھا بھئی وہ ''قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ'' کا بتاؤ کیا ہوا۔ کہنے لگا: فون پر نہیں بتا سکتا بہت عجیب ہے، آپ ملاقات کا وقت دیں؟ میں نے اسے کہا کہ عصر کی نماز کے بعد باب مجید پر آپ کا انتظار کروں گا۔ ہم صحن کے ایک طرف بیٹھ گئے۔ مجھے کہنے لگا: جب سے میں نے پڑھنا شروع کیا تو مجھے کچھ خوف کا احساس ہوا۔ میں نے آپ سے یا حفیظ گیارہ دفعہ پڑھنے کا سنا ہوا تھا یہ اپنے اردگرد پڑھ لیا اسکے بعد پھر کچھ نہیں ہوا۔ پھر کہنے لگا: جب میں نے وظیفہ شروع اس وقت میں یہاں مزدوری کرتا تھا اور ہمیں مزارعوں (کھیتوں، زراعت وغیرہ) میں جانا ہوتا ہے کیونکہ میں ڈرائیور ہوں، وہاں سے گھاس، پھل، سبزیاں، کھجوریں

اٹھا کر لوڈ کرنا اور شہر میں پہنچانا ہوتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ کہنے لگا: پہلے تو ہم وہاں کچھ سندھی (پاکستانیوں) سے بنڈل لیتے تھے وہ ہمارے ساتھ سامان میں کمی بیشی کر لیتے تھے، اس وظیفے سے مجھے ان کی اس حرکت کا کچھ احساس ہونا شروع ہوا۔ ایک مزدور نے کہا اتنے بنڈل ہیں، میں نے کہا اتنے نہیں ہیں۔ اس نے پھر کہا اتنے ہیں، میں نے کہا نہیں ہیں۔ میں نے کہا: ٹھیک ہے پھر گنو۔ اس نے کہا ہم نے لاد دیئے ہیں تم اب خود گنتے رہو۔ میں نے اٹھا اٹھا کر گننا شروع کر دیے۔ جتنے میں نے کہے اتنے ہی تھے۔ کہنے لگا: اسکے بعد مجھے احساس ہوا کے میرے اندر پراسرار کیفیتیں اور کچھ قوتیں آنا شروع ہو گئی ہیں۔

غیبی مدد

اس شخص نے بتایا کہ ایک دفعہ جاتے ہوئے دیکھا کہ زمین کے نیچے مجھے چمک سی محسوس ہو رہی ہے اور جیسے کوئی چمکدار چیز ہے جب میں نے اسے اٹھایا تو وہ ایک پتھر تھا۔ مجھے احساس ہوا کہ یہ قیمتی ہے، میں نے اسے اپنے پاس رکھ لیا اور جا کر جب بیچا تو چھ ہزار ریال میں بک گیا۔ کہنے لگا: بس اس کے پڑھتے ہی میرے پاس فتوحات، مہمات کے دروازے، پراسرار چیزیں اور حیرت انگیز حالات کھل گئے۔ کہنے لگا: میں جس کام کیلئے پڑھ کر دم کرتا ہوں وہ کام ہو جاتا ہے۔

کائنات کا راز لفظ ''ق'' میں

''ق'' کے اندر کائنات اور عجیب پراسرار چیزیں ہیں۔ اس کو اکیلا پڑھیں گے تو اس کی تاثیر اور ہوگی، لیکن وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ! لفظ مجید کی تاثیر بھی ساتھ شامل ہو جائیگی یہ اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ دوسرے ایک اور حرف کی طاقتور تاثیر موجود ہوگی جو گویا کہ ایک جھیل ہے اور اس جھیل کے اندر موتی اور سارے کے سارے جواہرات ہیں یہ لفظ ''ن'' ہے اور ''ن'' قرآن کے اندر ''ق وَالْقُرْاٰنِ!'' کے اندر اس جھیل کی تاثیر موجود ہوگی۔

کائنات کا سارا رزق اور کمال

"اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبۡحًا طَوِیۡلًا" کے کل حروف اکیس اور پانچ نقطے والے جبکہ سولہ بغیر نقطے والے ہیں، کائنات کا رزق اس آیت اور سورت مزمل کی ساری طاقت اسی آیت میں رکھی ہوئی ہے کہ میں سورت مزمل کا عامل ہوں، میں نے سورت مزمل کا چلہ کیا، کائنات کا رزق، کائنات کی ساری تسخیر اور کائنات کا کمال صرف اس آیت میں رکھا ہوا ہے۔ جیسے سورت یٰسین کا کمال "سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ" سورت رحمٰن کا کمال "فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ" اور فاتحہ کا کمال "اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ" اسی طرح سورت مزمل کا کمال "اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبۡحًا طَوِیۡلًا" میں ہے اسے دن میں صرف 11 دفعہ صبح شام پڑھ کے دیکھیں آپ کو کیسے کمالات ملتے ہیں۔

ساری کائنات کی عزتیں اور شان و شوکت

سورت مزمل کی تعداد گیارہ یا اکتالیس دفعہ بتائی جاتی ہے۔ آپ نے سنا ہوگا عملیات میں گیارہ یا اکتالیس دفعہ دونوں تعدادیں پڑھ سکتے ہیں۔ اوّل آخر تین دفعہ درود ابراہیمی اکتالیس دفعہ پڑھنے کی تاثیر زیادہ ہے۔ اس کے اندر عجب کائنات اور تاثیر ہے۔ ساری کائنات کا رزق، مال، عزت ثروت اور ساری کائنات کا جمال اس چھوٹی سی آیت کے اندر رکھا ہوا ہے کیسی عجیب آیت ہے۔

عامل جن کی تحقیق

بعض لوگوں نے پورے قرآن کے اعداد اور حروف کا نقش بنایا ہوا ہے، اس نقش کے اندر پورے قرآن کی تاثیر کا کمال ہے یا جیسے میں نے عرض کیا کہ حروف تہجی میں پورے قرآن کی طاقت اور تاثیر موجود ہے۔ اسی طرح "اِنَّ لَکَ فِی النَّھَارِ سَبۡحًا طَوِیۡلًا" یہ سب کا سب سورہ مزمل کا نچوڑ ہے۔ میں آپ کو ایک بہت بڑے عامل جن کی تحقیق بتا رہا ہوں اس کے اندر عجیب تحقیق و تاثیر ہے۔

حزب البحر کے انوکھے کمالات

حزب البحر کی عجیب تاثیر

حزب البحر کا نام تو آپ نے سنا ہوگا؟ یہ عجیب طاقتور چیز ہے۔ ایک حزب البحر سادہ ہے اور ایک باموکل ہے۔ میں ایک مرتبہ اپنے حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے ساتھ جارہا تھا ویرانے سے گزرتے ہوئے ایک قبرستان آیا تو حضرت انگلی سے وکٹری کا نشان بنا کر فرمانے لگے ایک آنکھ بند کرلو اور دوسری آنکھ سے انگلیوں کے درمیان دیکھو۔ میں نے جب انگلیوں کے درمیان دیکھا تو قبرستان کے اندر ہر طرف جنات ہی جنات بیٹھے تھے، کچھ بچے آپس میں کھیل رہے تھے، بوڑھے بیٹھے تھے، کوئی مائی اپنے ماحول (کلچر) کے مطابق کپڑے سی رہی تھی، کچھ بچوں نے کہا وہ دیکھو دو بندے جارہے ہیں آؤ ان کو چھیڑتے ہیں، بچہ تو بچہ ہوتا ہے چاہے جس کا بھی ہو۔ دور بیٹھے ایک بابا نے ان بچوں سے کہا: اوئے یہ حزب البحر کے عامل ہیں خیال کرنا؟ اس بابا کی آواز سن کر سب بچے ادھر ادھر بھاگ گئے۔

بیماریوں، پریشانیوں اور مشکلات کا حل

آپ حزب البحر کو اٹھا کر اسکے حرفوں کی تاثیر اور تحریر کو غور سے دیکھتے ہوئے ان میں کھو جائیں، آپ یقین نہیں کرسکتے حزب البحر بیماریوں، پریشانیوں، مشکلات، مسائل، تکلیفوں اور غموں کیلئے بڑا آزمودہ عمل ہے۔

سلسلہ شاذلی کی اجازت

شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ عراق و شام و عرب کے مشہور بزرگ ہیں۔ پاک و ہند میں شاذلی سلسلہ کم اور عرب میں بہت زیادہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے مجھے شاذلی سلسلے کی خلافت بھی حاصل ہے۔ شیخ صالح حمودی شاذلی رحمۃ اللہ اس وقت دمشق میں رہتے ہیں، مولانا محمد کلیم صدیقی دامت برکاتہم کے ذریعے مجھے ان سے خلافت

اور حزب البحر کی خصوصی اجازت حاصل ہے۔ میرے حضرت نے مجھے حزب البحر کے کچھ اعمال بھی کروائے لیکن اس کی ایک اجازت ہوتی ہے۔ شاذلی سلسلے کے شیخ صالح حمودی شاذلی حفظہ اللہ کی عمر نوے سال ہے اور یہ اب بھی دمشق میں رہتے ہیں۔

حزب البحر کا نچوڑ

حزب البحر کا چند لفظوں میں ایک نچوڑ بتاتا ہوں، کوئی شخص کہتا ہے کہ میں حزب البحر بہت زیادہ نہیں پڑھ سکتا، چلہ نہیں کرسکتا اور اسکی زکوٰۃ ادا نہیں کرسکتا۔ لیکن میں چاہتا ہوں آپ حزب البحر کی تاثیر، کمال، اس کے اندر کی طاقت پاؤں تو وہ ان الفاظ کو پڑھے جو میں آپ کو عطا کر رہا ہوں "یَااَللّٰہُ یَاحَفِیْظُ یَانَاصِرُ یَافَتَّاحُ یَارَحِیْمُ یَاغَفَّارُ یَاوَھَّابُ یَاعَلِیْمُ"۔

یرقان اور ہیپاٹائٹس کے لیے روحانی وظیفہ

بہت پرانی بات ہے ایک صاحب کو میں نے یہ لفظ دیئے تھے وہ ہیپاٹائٹس کا دم کرتے ہیں اور جسے دم کریں وہ ٹھیک ہو جاتا ہے۔ وہ مریضوں کو تیل، پانی اور بغیر کانٹے والے درخت کی کوئی تازہ شاخ لانے کو کہتے ہیں، وہ تین چیزیں منگواتے ہیں۔ میں نے ان کو اسکا عامل بنایا تھا۔ اوّل و آخر طاق تعداد میں درود ابراہیمی کیساتھ پڑھنے کا بتایا۔ وہ یہ عمل کرتے ہوئے درخت کی شاخ سے مریض کو ہلکا ہلکا جھاڑتے اور پانی میں ڈبوتے رہتے ہیں، میں نے خود دیکھا ہے پانی کی رنگت تبدیل ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ مریض کے اندر کی بیماری جھاڑنے کے بعد ان لفظوں کو پڑھتے ہوئے اس کی بیماری ختم ہونے کا تصور کرتے ہوئے شاخ توڑ دیتے ہیں۔ پہلے پڑھا ہوا اور مزید گیارہ دفعہ پڑھ کر اس کو تیل پر دم کر دیتے ہیں اور مریض کو کہتے ہیں یہ تیل بڑھاتا جائے اور روزانہ رات کو سوتے وقت اس تیل کی مالش کرے۔ ان کے پاس ہیپاٹائٹس، پرانے بخار اور یرقان کے مرض میں مبتلاء لوگ فیض یاب ہو رہے ہیں۔

جگراور معدے کی بیماریوں کیلئے

یہ دم جگر، معدے، سحر کی بیماری، جادو اور جنات کی بیماری کیلئے بہت لاجواب ہے۔ بچوں کی نظر بد کیلئے شاخ کو دو ٹکڑے کرلیں اور اکیس یا اکتالیس دفعہ پڑھتے ہوئے اس شاخ سے پورے بدن کو ہلکا ہلکا مارتے جائیں اور تھوڑی دیر بعد اس شاخ کو پانی میں ڈالیں، پھر نکال کے پھر بدن پر جھاڑیں، پھر پانی میں ڈالیں۔ یہ عمل تقریباً اکتالیس دفعہ کرتے ہوئے الفاظ پڑھنے ہیں، اس کے بعد گیارہ دفعہ مزید پڑھ کر تیل پہ دم کر دیں۔ آج تک کوئی مریض ایسا نہیں ملا جس نے کیا ہو اور وہ کہتا ہو میں تندرست نہیں ہوا۔

چہرے کے جملہ امراض کیلئے

جن خواتین کے چہرے پر داغ، دھبے، چھائیاں، دانے، چہرہ خراب یا چہرے پر بال ہوتے ہیں (غیر ضروری بال آج کل کی جو بہت پریشان کن مسئلہ ہے) ایسی خواتین پردے میں ان پتوں سے جھاڑ کر اسکے بعد تیل مستقل سر، بدن اور متاثرہ حصوں پر تھوڑا سا لگائیں اور تیل کم ہو تو بڑھاتے جائیں۔ اگر اس تیل کو مزید پرتاثیر بنانا چاہتے ہیں تو پھر سورۃ الکافرون بمعہ تسمیہ اوّل آخر تین دفعہ درود شریف روزانہ اس تیل پر دم کریں۔ چالیس، ستر، یا نوے دن یہ تیل لگائیں اور گیارہ دفعہ روزانہ دم کریں۔ گھر کا کوئی بھی فرد دم کرسکتا ہے۔ زیتون، سرسوں یا کوئی بھی تیل ہو، حدیث میں ہے کہ زیتون کا تیل لگانا اور کھانا سنت ہے، اس میں برکت زیادہ ہے ورنہ جو میسر ہے وہ استعمال کریں۔

پھلبہری اور دل کے بند والو کھولنے کیلئے

پھلبہری، بیرونی امراض اور جگر کے امراض کیلئے لاجواب چیز ہے، اسکے جھاڑنے سے دل کے والو کھل جاتے ہیں، سانس پھولنا ٹھیک ہوگیا۔ انجیو گرافی کرانے پر ڈاکٹر نے کہا والو تو کھل گئے ہیں۔ بعض اوقات سات دفعہ دم کرنا پڑتا ہے۔ روزانہ شاخ

لیکر دم کریں اور بعض کو تین اور بعض کو گیارہ دم بار کرنا پڑتا ہے۔ یہ عجب اور حزب البحر کا نچوڑ ہے۔ آپ سوچ نہیں سکتے اس کی طاقت اور تاثیر کیا ہے۔

شادیوں کی بندش کیلئے

جسکی شادی نہ ہوتی ہو یا شادیوں کی بندش ہوگی اس کو صبح و شام اول آخر تین دفعہ درود ابراہیمی کے ساتھ گھر کے تمام افراد یا کوئی ایک فرد 8 تسبیحات پڑھیں، بندشیں ختم کرنے کیلئے اسکی تاثیر اور کمال عجب ہے۔ صبح شام پڑھیں بہتر ہے ورنہ دن میں ایک بار چالیس، ستر دن یا نوے دن پڑھیں۔

حیرت انگیز ٹوٹکے

آنسوؤں کے فائدے

بعض اوقات خوشی کے جو آنسو نکلتے ہیں انہیں ٹھنڈا کر کے کسی غم زدہ کو پلائیں تو وہ اتنا ہنسے گا اتنا ہنسے گا جس کی حد نہیں۔ بعض لوگ اپنی ماں، بیٹا، بیٹی یا کوئی قریبی رشتہ دار کا غم نہیں بھولا سکتے، ان کے غم کو بھولانے کیلئے ان کو خوشی کے آنسو ٹھنڈا (کیونکہ خوشی کا آنسو گرم ہوتا ہے) کر کے پلائیں۔ میں نے اکثر تجربہ کیا ہے کہ بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں جن کو تھوڑی سی خوشی کی بات پر فوراً آنسو آجاتے ہیں ایسا کسی کسی کو ہوتا ہے۔ جس کو ہنسنے کی کثرت اور جو آخرت کا غم چاہتا ہے اسے غم کے آنسو پلائیں۔

گدھے کے ناخن سے مرگی کا علاج

جس کو مرگی ہو اس کے گلے میں گدھے کے ناخن ڈالیں تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ گدھے کے ناخن جانوروں کو نعل لگانے والوں (جو جانوروں کے ناخن تراشتے ہیں) کے پاس ہوتے ہیں۔ یہ مرگی والے کیلئے بہت لاجواب ہے اور اس کو سو فیصد فائدہ ہوتا ہے۔

بچوں کی نافرمانی ختم.....؟

میرے پاس ایک ماں باپ اپنے جوان بیٹے کو لیکر آئے، کہنے لگے: یہ وظیفہ نہیں

پڑھتا اور بہت پریشان کرتا ہے۔ میں نے ان کو کہا اسے اسکی سزا ملے گی۔ یہ کہہ کر میں نے انہیں بندر کے تھوڑے سے بال پڑیاں بنا کر کپڑے میں لپیٹ کر اسکے تکیے کے نیچے رکھنے کو کہا۔ ایسا کرنے سے ایسی سزا ملی کہ اسے ساری رات انوکھے، ڈراؤنے خواب آتے رہے اور وہ چیخیں مار کر اٹھ کے بیٹھ جاتا اور صبح اٹھتے ہی کہنے لگا مجھے معاف کر دیں۔

آیت لطیف کے کرشمات

حجاب الابصار

آیت لطیف مقدمات کی خلاصی، جیل سے چھڑوانے، بڑے سے بڑے مقدمے کی خلاصی اور اگر آپ کیخلاف کسی نے بڑی سے بڑی درخواست دی ہو تو اسے ختم کرنے کیلئے بہت طاقتور ہے " لَاتُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُوَهُوَيُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ الَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ " (انعام 103) یہ بڑی انوکھی چیز اور اس میں عجیب حجاب الابصار ہے۔ آپ اسکے معنوں پر غور کریں اس کے آخر میں اللہ کے دو نام لطیف اور خبیر آتے ہیں ان دونوں میں نقطے ہیں۔ ان سے پہلے " وَهُوَالَّطِيْف " آتا ہے جو "ھ" ہے اس میں کوئی نقطہ نہیں ہے اور یہ ان دونوں حروف کو طاقتور بنا رہا ہے۔ آیت لطیف کی طاقت کو جانیں اور اسے 129 دفعہ پڑھیں۔ میں نے کئی لوگوں کو بتایا کہ اگر تھانے کے باہر بیٹھے ہو تو اس کو پڑھنا شروع کر دیں آپ کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

مقدمات سے خلاصی کیلئے

ایک شخص کو میں نے آیت لطیف لکھ کر پڑھنے کو دی، یہ غریب اور بے کس ماں کا بیٹا تھا۔ اسے نشے کی عادت پڑ گئی تھی اور ساتھ پڑوس کے دکان میں اسکے والد صاحب کا پرانا صندوقچہ پڑا ہوا تھا۔ اس نے سوچا شاید اس میں پیسے ہیں جب وہ صندوقچہ اٹھا کر لے گیا اور اسے توڑا کچھ نہ نکلا۔ اس پر انہیں بہت غصہ تھا کہ اس نے ہمارے باپ کی

نشانی توڑ دی ہے اور اسے مارنا شروع کر دیا۔ میں نے ان کے پاس جا کر کہا مہربانی کر کے اس کو چھوڑ دیں غریب ماں کا بیٹا ہے، آپ کو پتہ تو ہے نشے والا مجبور ہے اور وہ اقرار کر رہا ہے اسکی ماں بھی کر رہی تھی اسے چھوڑ دو۔ مجھے کہنے لگا حضرت صاحب آپ ہمارے بزرگ ہیں لیکن ہم اسے نہیں چھوڑیں گے، یہاں معاملہ باپ کا ہے ہمارے باپ کی نشانی تھی۔ میں نے کہا اللہ کے بندے میں اس کو مرمت کرا دیتا ہوں کوئی بات نہیں اللہ معافی دینے والا ہے، لیکن وہ نہیں مانے اور کچھ ناجائز مقدمات بھی اسکے سر ڈال دیئے۔ میں نے اس کی ماں سے پوچھا اللہ والی آپ قرآن پاک پڑھی ہوئی ہیں؟ کہنے لگی جی پڑھی ہوئی ہوں۔ اس نشئی پر تھانے میں پرچہ ہو گیا تھا اسے عدالت میں پیش کرنا تھا اور وہاں اس کو سزا ہونا تھی۔ میں نے کہا: آپ سارا دن وہاں بیٹھی روتی رہتی ہیں آپ یہ آیت " لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ " پڑھا کریں۔ میں نے اس کو کاغذ پر لکھ کر دے دی۔ مجھ سے اس کی تعداد پوچھنے لگیں؟ میں نے کہا پاگل اسکی تعداد ہے۔ پاگل کو پنجابی میں کہتے ہیں تو پا.... گل (اور گل پئی وجاونی پیندی اے) اور اردو میں کہتے ہیں پاگل۔ جب تک پاگل نہیں ہو گے تب تک کام نہیں بنے گا۔

وجدان کسے کہتے ہیں؟

جتنے بھی وظائف اور مشاہدات لے رہے ہیں یہ پاگل ہونے سے ہیں۔ ایک صاحب نے سوال پوچھا تھا کہ وجدان کسے کہتے ہیں؟ پاگل کو وجدان کہتے ہیں۔ ایک ہوتا ہے دیوانہ اور ایک ہوتا ہے فرزانہ۔ فرزانے نہیں دیوانے کام کرتے ہیں۔ وہ حدیث مبارکہ میں بھی آتا ہے نہ کہ اللہ کا ذکر اتنا کرو کہ لوگ دیوانہ کہنے لگیں۔

پاگل فیصلے کرا لیتا ہے

وہ مائی پاگل ہو گئی، اس کے پڑھنے سے بھائیوں کا آپس میں جھگڑا ہو گیا۔ ایک بھائی کے دل میں اللہ نے ڈال دیا اسے چھوڑ دے، دوسرے نے کہا نہیں چھوڑنا

، مار کٹائی ہوئی اسی تھانے میں دوسرا بھائی آ کر بیٹھ گیا۔ قدرت کا نظام دیکھیں مائی باہر بیٹھے رو رہی ہے اور پڑھ رہی ہے، اور جو کہتا تھا میں نہیں چھوڑتا وہ بھی ساتھ حوالات میں بیٹھا ہے۔ میں ملنے کیلئے گیا تو مجھے دور سے دیکھ ہاتھ باندھ کر کہنے لگا معافی مل سکتی ہے؟ میں نے کہا جسکی نہیں مانی تھی اس سے معافی مانگ، بس اسکو اتنی سزا کافی تھی۔ میں نے کہا اللہ والے میں تجھے کہتا رہا معاف کر دے۔ دوسرے نے کہا کہ حضرت صاحب ہمارے گھر چل کر آئے تھے تو نے ان کی نہیں مانی تھی۔ میں نے کہا اب کیا ہوگا؟ کہنے لگا اب صلح ہوگی۔ میں نے کہا صلح تو پہلے بھائیوں کی ہوگی پھر تیری اسکی ہوگی۔ اس بچے کا نام صادق تھا، میں نے کہا: صادق کا معاملہ تو بعد میں ہوگا یہ تیرے ساتھ بیٹھا ہوا ہے اب صلح کرو۔ میں نے مائی کو کہا چپ کر جاؤ اب نہ پڑھو ورنہ کچھ اور ہو جائے گا۔

مشکلات سے خلاصی

مقدمات اور مشکلات کی خلاصی کیلئے آیت لطیف بہت عجیب اور اسکے اندر کمالات ہیں۔ میں ہسپتال میں کسی سے ملنے کیلئے گیا تو انہوں نے کہا کہ ہمارا مریض پھنسا ہوا ہے ڈاکٹروں نے بل زیادہ بنا دیا ہے اور مریض پریشان ہے ہم علاج بھی کروانا چاہتے۔ ڈاکٹروں نے واقعی زیادتی کی تھی اور مریض کو جانے نہیں دے رہے تھے۔ ایک شخص مجھے کہنے لگا آپ مجھے اجازت دیں تو بل میں دے دوں؟ میں نے کہا نہیں ان کو اگر پیسے دے دیئے تو اللہ کی ذات پر یقین کیسے آئے گا اور واقعی زیادتی ہوئی ہے۔ میں نے کہا آپ یہ آیت پڑھیں اور ڈاکٹروں کی منتیں نہ کرنا اس رب کی کرنا جس کے پاس ساری کائنات کے دل ہیں۔ یقین جانئے انہوں نے دو دن پڑھی ان کا مسئلہ حل ہو گیا۔

ذکر دنیا کر کے دیکھا ذکر مولا کر کے دیکھ

جو ڈاکٹر صاحب اصل اور ہیڈ تھے وہ چلے گئے۔ انکی جگہ دوسرا آ گیا اس نے

آ کر کیس دیکھ کر اس مریض کو فوراً ڈسچارج کرنے کا کہا۔ انہوں نے کہا سر اسکے بقایا جات ہیں، اس نے کہا چھوڑو جانے دو۔ وہ کہتے رہے ڈاکٹر کو پتہ نہیں کیا ہوگیا اس نے کہا نکالو اسکو اسکی جگہ میرے پاس اور مریض ہیں۔ اور انہوں نے اسے ڈسچارج کر دیا۔

مال کی حفاظت

ایک شخص مجھے کہنے لگا میں دوائی بیرون ملک کیسے لیکر جاؤں؟ میں نے کہا آیت لطیف پڑھتے جاؤ تمہاری ہر چیز کلیئر ہو جائیگی۔ بس کوئی نشے یا غیر شرعی چیز نہ لیکر جانا اور واقعی وہ جہاں سے دوائی لیکر گزرتا رہا کلیئر ہوگیا۔ اس آیت کے اندر بڑی طاقت تاثیر ہے۔

ایک صاحب کہنے لگے میں جب بھی اس آیت کو پڑھتا ہوں تو میاں بیوی یا کوئی بھی لڑائی ہو وہ ختم ہو جاتی ہے۔

قدرت کی چھپی مخلوقات کا نظر آنا

☆ انٹرنیٹ پر ایک صاحب نے اپنا مشاہدہ بیان کیا کہ ہر رمضان کی ہر رات کو تین سو تیرہ دفعہ پڑھنے سے قدرت کی چھپی ہوئی مخلوقات نظر آنا شروع ہو جاتی ہے۔ میں نے کہا تھا اسرار و رموز کائنات کے راز و رموز نظر آنا شروع ہو جاتے ہیں۔

☆ ایک صاحب کہنے لگے ہم ایک میں گاڑی میں بارہ آدمی سوار تھے۔ پولیس نے ہمیں روکا تو میں یہ آیت پڑھ رہا تھا اس نے کھڑے ہو کر اندر دیکھا کہنے لگا ٹھیک ہے جاؤ۔

کشف کیلئے لاجواب آیت

جن لوگوں کو کشف کی دنیا کا شوق ہوتا ہے آیت لطیف ان سے پردے ہٹوا سکتی ہے اور پردے ڈالوا بھی سکتی ہے۔ اسکے اندر اللہ پاک نے ڈبل تاثیر رکھی ہے، پردے آ بھی جاتے ہیں اور پردے ہٹ بھی جاتے ہیں۔ اس مقصد کیلئے بڑی لاجواب

اور کمال کی چیز ہے۔

آیت لطیف سے گھریلو الجھنوں کا حل

میرے پاس ایک بیٹی کا کیس آیا انہوں نے کہا کہ اس کے شوہر نے دوسری شادی کر لی ہے اور کہتا ہے اسے خرچہ اور طلاق نہیں دوں گا اور اسے ذلیل کروں گا۔ بیٹی ہمارے گھر بیٹھی ہے وہ طلاق دے گا تو اس کی دوسری شادی کرنی ہے ہم کیا کریں؟ میں نے ان سے عرض کیا آپ آیت لطیف 129 ، 313، 786 یا 1100 دفعہ پڑھیں۔ ان کے پڑھنے سے کچھ ہی ہفتوں کے اندر اندر اللہ پاک جل شانہ کا کرم ہوا اس کے شوہر نے طلاق دیدی۔ جو گزشتہ سوا پانچ سال سے نہیں دے رہا تھا اور کہتا تھا اس کو بوڑھا کروں گا اس کو طلاق نہیں دوں گا۔ دونوں آپس میں کزن تھے ان کی آپس میں کوئی خاندانی چپقلش تھی اور ایک دوسرے کو نیچا دکھانا چاہتے تھے۔ اللہ حفاظت فرمائے۔ اور ہر میاں بیوی میں آپس میں محبت پیدا فرمائے۔

☆......☆......☆

روحانی کلاس میں شرکاء کے مشاہدات و تجربات

روحانی کلاس میں ملک بھر سے عامل حضرات شریک ہوئے اور انہوں نے اپنی عملیات کی زندگی کا نچوڑ اور وہ راز جو زندگی بھر ہر کسی سے چھپاتے رہے حضرت والا کی خدمت میں پیش کیے جو من وعن آپ کی خدمت میں پیش کیے جا رہے ہیں نذرانہ صرف اور صرف دعا ہے۔

افحسبتم اور اذان کے کمالات

جادو جنات اور لاعلاج بیماریوں کیلئے

سورہ مومنون کی آخری چار آیات ”اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ سے وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ“ اور اذان کی طاقت اور تاثیر جادو اور جنات کیلئے بہت عجیب ہے ہر عمل مبارک ہے اور ہر پھول کی اپنی خوشبو ہے لیکن اس عمل کے اندر جو تاثیر ہے وہ شاید ہی کہیں اور ہو۔ سورہ مومنون کا عمل اتنا طاقتور ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ نے قسم اٹھا کر فرمایا کہ اگر اس کو پہاڑ پر پڑھیں تو وہ بھی جگہ چھوڑ دے گا۔

افحسبتم کی خاص ترکیب

جادو، جنات اور لاعلاج بیماریوں کیلئے ”اَفَحَسِبْتُمْ“ والی آیت یعنی سورۃ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان (جو ہم نماز سے پہلے دیتے ہیں) سات دفعہ پڑھنی ہیں۔ سورہ مومنون کی آخری چار آیات اور اذان سات دفعہ ہر پندرہ منٹ کے بعد گھر کا ہر فرد پڑھے اور مریض کے پہلے دائیں اور پھر بائیں کان میں پھونک ماریں۔ اگر کوئی سامنے نہیں ہے تو اسکو تصور میں پھونک ماریں۔ اس اذان کیلئے کھڑا ہونا، کانوں میں انگلیاں دینا اور قبلہ رخ ہونا ضروری نہیں ہے وہ اذان برائے نماز کیلئے ضروری ہوتی ہے، یہ اذان ایک وظیفے کی شکل میں ہے اس کو ہر حالت اور بے وضو بھی پڑھ سکتے ہیں۔ یہ وظیفہ آپ کیلئے تحفہ ہے۔

کثرت عملیات

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ ایک وظیفہ پڑھا اسکو چھوڑ دیا دوسرا پڑھا اسکو چھوڑ دیا یا پھر وظیفہ پڑھنا شروع کیا تو جب نوے فٹ تک پہنچ گئے اور مزید دس فٹ پر پانی نکلنا باقی تھا تو کہتے ہیں پڑھ پڑھ کے میری تو کمر دہری ہوگئی اور زبان تھک گئی ہے اس وظیفے سے کچھ ہوتا ہی نہیں حالانکہ ابھی دس فٹ باقی ہوتا ہے اور اس کا کام ہو جانا تھا لیکن اسی

موقع پر یہ وظیفہ چھوڑ دیتا ہے۔ اس وظیفے کو (افحسبتم اور اذان کا عمل) مستقل چالیس، ستر، نوے یا کچھ دن زیادہ جب تک تکلیف دور نہ ہو سارا گھر پڑھے سارا گھر نہیں پڑھ سکتا تو جتنے زیادہ سے زیادہ گھر کے افراد ہو سکیں پڑھیں۔ اسکے عجیب اور انوکھے کمالات ہیں۔

دردسر کا نسخہ اور جنت...!

ایک صاحب کہنے لگے: میری والدہ مرنے کے بعد میرے خواب میں آئیں تو میں نے ان سے پوچھا کہ اماں کیا بنا؟ کہا بیٹا عبقری میں ایک دردسر کا نسخہ .... چھپا تھا وہ میں نے کسی کو پڑھنے کیلئے دیا تھا اس سے اس کی تکلیف دور ہو گئی تھی اللہ نے اسکی وجہ سے میری آخرت کی تکلیف دور کر دی، اللہ کو اپنی مخلوق بڑی پیاری ہے۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ کا خاص عمل

ایک صاحب بتاتے ہیں کہ عبقری رسالے میں میں نے ایک دفعہ ''مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ'' پڑھا تھا، میں کافی عرصے سے عملیات سے شغف رکھتا ہوں، ہمارے محلے کی ایک لڑکی بیہوش پڑی تھی اسے کوئی شد بد نہیں ہر طریقہ آزما لیا اسے کچھ ہوش نہ آیا۔ بالآخر میں نے انہیں کہیں اور لے جانے کا کہا لیکن رات ساڑھے بارہ بجے کا ٹائم تھا وہ لیکر نہیں جا سکتے تھے۔ انہوں نے کہا حافظ صاحب کوئی آخری حربہ آزمائیں؟ میں سوچتا رہا پھر اچانک میرے ذہن میں عبقری رسالے والا عمل ''مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ'' یاد آیا میں نے پڑھ کر بچی کے انگوٹھے پر حاضری کی اسکے بعد بچی کو انگوٹھے میں کوئی لوگ نظر آئے تو ان سے گزارش کی کہ بچی کو ٹھیک کرنے میں آپ کچھ کوشش کریں؟ انہوں نے کہا بیس منٹ بعد انشاء اللہ اس کو ہوش آجائیگا اور الحمدللہ ساڑھے انیس منٹ بھی نہیں ہوئے تھے بچی اٹھ کر بیٹھ گئی جیسے کچھ ہوا بھی نہیں تھا۔ عمل یہ تھا کہ چھوٹے بچے کے انگوٹھے پر تیل لگا کر اسے کہیں اسکے اندر غور سے دیکھتے رہو اور صرف گیارہ مرتبہ ''مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ'' پڑھ کر اس پر دم کریں اسکے بعد انشاء اللہ اسے کچھ نظر آجائے گا۔

قرض کی وصولی کیلئے

ایک صاحب کہنے لگے میں نے ''وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى '' والا عمل پڑھا تھا۔ ہمارے پڑوس کے آدمی نے کسی کو ایک لاکھ روپے قرض دیے تھے وہ واپس نہیں کر رہا تھا۔ میں نے ان سے کہا: آپ یہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ آپ کو پیسے مل جائینگے۔ انہوں نے صرف تین دن پڑھا تو اس آدمی نے ان کو پیسے واپس کر دیئے۔

غلبہ نیند کو کم کرنے کیلئے

ایک صاحب کہنے لگے میں نے نیند کو کم کرنے کیلئے ''یَامُقْتَدِرُ'' کھلی تعداد میں پڑھا تو میرا مسئلہ حل ہو گیا۔

سورہ بقرۃ سے شرطیہ بیٹا پائیں

ایک صاحب کہتے ہیں عبقری میں ایک عمل شائع ہوا تھا کہ جب حمل کا پتہ چلے اس کے بعد سے ہر ماہ یعنی چاند کے پہلے سات دن سورۃ بقرہ روز ایک بار پڑھیں تو اللہ پاک اس کی برکت سے بیٹا عطا کرتے ہیں۔ میں نے یہ عمل کیا تو اللہ پاک نے اسکی برکت سے بیٹا عطا کیا۔

یاقہار کے عمل سے مقدمے سے خلاصی

ایک صاحب کہنے لگے میری پھوپھی کا بیٹا قتل کے ناجائز مقدمے میں پھنس گیا تھا، اس کی کسی طرح بھی جان نہیں چھوٹ رہی تھی۔ میں نے انہیں ''یَاقَهَّارُ'' کا عمل تین دن مستقل پڑھنے کیلئے بتایا انہوں نے پڑھا تو ماشاء اللہ وہ باعزت بری ہو گیا۔

جادو جنات کا خاتمہ

جادو، جنات اور حفاظت کیلئے ایک عمل جاوید ہاشمی صاحب کی طرف سے عبقری میں شائع ہوا تھا ''یَاحَفِیْظُ یَاحَسِیْبُ یَارَقِیْبُ یَاسَلَامُ'' یہ اسمائے حسنٰی کا عمل ہے الحمدللہ اس کے پڑھنے سے جادو، جنات ایک ایک کر کے ختم ہو گئے۔ میری

طبیعت بہت خراب تھی، مجھے نیند نہیں آرہی تھی میں نے ”یَاحَفِیْظُ یَاحَسِیْبُ یَارَقِیْبُ یَاسَلَامُ“ اکتالیس دفعہ پڑھا مجھے نیند آ گئی اور میں نے خواب میں دیکھا کہ کئی جنات مجھے اٹھا کر لے جا رہے ہیں اسی وقت میری آنکھ کھل گئی اور اس کے بعد پھر مجھے مسئلہ نہیں ہوا۔

سر درد کا خاتمہ

ایک صاحب کہتے ہیں پگڑی باندھنے سے میرے سر میں درد رہتا تھا میں نے ”یا حفیظ“ پڑھنا شروع کیا تو میرا سر درد ختم ہو گیا۔

دمے کا علاج

ایک صاحب بتاتے ہیں عبقری میں نسخہ شائع ہوا تھا ایک پاؤ گوند کیکر اور ایک چھٹانک گوند کتیرا یہ نسخہ بنا کر میں نے دمے کے مریضوں کو دیا انہیں بہت فائدہ ہوا۔

حادثات سے حفاظت کا عمل

ایک صاحب کہتے ہیں ہم چار پانچ آدمی راولاکوٹ سے آرہے تھے میں نے پڑھا: ”وَمَاقَدَرُو اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًاقَبْضَتُہٗ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌم بِیَمِیْنِہٖ سُبْحٰنَہٗ وَتَعٰلٰی عَمَّایُشْرِکُوْنَ“ اور مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ ایکسیڈنٹ ہونے والا ہے میں نے اپنے ساتھیوں کو کہا کہ کلمہ پڑھ لو لگتا ہے ہماری موت آنے والی ہے۔ ہماری مہران سامنے آتی ہوئی پیجارو کے ساتھ ٹکرائی اور اللہ تعالیٰ نے ہمیں بچا لیا بس کچھ ساتھی معمولی زخمی ہوئے۔

امتحان میں کامیابی کیلئے

کسی صاحب کو امتحانات کا مسئلہ تھا وہ اس میں کامیاب نہیں ہو رہے تھے انہوں نے بیت الخلاء کی دعا: ”اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ“ دل ہی دل میں کثرت سے پڑھی اور روحانی غسل (قرآن پاک کی آخری چھ سورتیں اول آخر درود شریف کے ساتھ نہانے سے پہلے اور بعد میں) کیا تو میں پاس ہو گیا۔

والد کی عزت

ایک صاحب کہتے ہیں مجھے خواب میں بڑے باریش داڑھی والے ایک بزرگ ملے، وہ بہت بڑی گاڑی سے نکلتے ہیں اور انکے بیٹے کیساتھ ایک نوجوان ہیں، وہ بالکل اس طرح ان کی عزت کرر ہا ہے جیسے اپنے مرشد کی کرتے ہیں۔ میں نے ان سے پوچھا کہ یہ اتنی زیادہ اپنے والد کی عزت کیوں کرر ہے ہیں؟ انہوں نے بتایا اس نے خود اپنے والد کی عزت کی تھی اس لیے مرشد کی طرح اپنے والد کی عزت کرر ہے ہیں۔

بے پردگی کے نقصانات

میں نے ایک اور خواب دیکھا کہ ایک گھر کے اندر بہت زیادہ جھگڑا ہور ہا تھا، میں نے اس کی وجہ پوچھی تو انہوں نے کہا ان کی عورتیں سر پر دوپٹہ نہیں لیتی اسی لیے انکے گھر میں اتنا زیادہ فساد رہتا ہے۔

اچھے خوابوں کیلئے

جو شخص رات کو سونے سے پہلے سورۃ یٰسین پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اسے بہت اچھے خواب آئیں گے۔

پاگل پن سے نجات

ایک صاحب کہتے ہیں میرے جاننے والے کا بھائی MSc کرر ہا تھا۔ پڑھائی کرتے کرتے وہ پاگل ہوگیا۔ میں نے ''افحسبتم اور اذان'' والا عمل دیا، ان کے سب گھر والوں نے پڑھ کر اس پر دم کیا تو الحمدللہ وہ ٹھیک ہوگیا۔

گھر میں سکون و عافیت

دوسری بات یہ کہ میرے گھر میں جادو اور جنات کا اثر تھا۔ ایک دن مجھے خواب میں ''افحسبتم اور اذان'' والا عمل بتایا گیا کہ یہ پڑھ کر اپنے گھر میں پھونکو اور اس دن سے الحمدللہ میرا گھر کافی بہتر ہے۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ سے جان کی حفاظت

ایک صاحب کہتے ہیں ''حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ'' اس ورد کی وجہ سے اللہ پاک نے گولیوں کی بوچھاڑ سے مجھے بچایا ہے اور ایک گولی تقریباً پچاس گز کے فاصلے سے میری پگڑی پر لگی لیکن میرا ایک بال تک نہیں جلا اور اللہ تعالیٰ نے مجھے بموں کی بمباری سے ایسے بچایا کہ عقل دنگ ہے۔

ایک دفعہ ہم سات آٹھ ساتھی گروپ کی شکل میں ''حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ'' پڑھتے جا رہے تھے کہ ایک بم آ کر گرا لیکن الحمدللہ اس ورد کی برکت سے نہیں پھٹا۔

سورہ کوثر کی برکت

ایک صاحب بتاتے ہیں ہم سکھر سے آ رہے تھے کہ ہماری گاڑی میں سی این جی ختم ہوگئی۔ ہم نے فوراً ''سورۃ کوثر'' پڑھنا شروع کر دی اور بغیر سی این جی کے اللہ پاک نے ہماری گاڑی پٹرول پمپ پر پہنچادی۔

سورہ کوثر سے جادو جنات کا علاج

ایک صاحب کے پاس پچھلے آٹھ سال سے ایک مریض بہت زیادہ پریشان تھا اسکی اہلیہ پر جنات آجایا کرتے تھے اور ان کو رات کو سونے نہیں دیتے تھے وہ خاتون سات آٹھ سال تک چارپائی پر لیٹی ہوئی تھی۔ انہوں نے ''سورۃ کوثر'' والا عمل (129 مرتبہ صبح وشام) ان کو دیا تو الحمدللہ وہ خاتون بالکل صحت یاب ہوگئی۔

درود ابراہیمی کی برکات

ایک صاحب کہتے ہیں میں نے کلمہ طیبہ اور درود ابراہیمی سے نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضہ اطہر سے بیس سال حصہ لیا اور کچھ مہینہ حرمین شریفین کی خدمت کی۔ مجھے واپس آئے سات ماہ ہوئے ہیں۔ میری کوئی روحانی ڈیوٹیاں لگی ہیں اور اس دوران مجھے جو وہاں بہت ہی زیادہ برکات ملی ہیں۔

لاعلاج بیماریوں اور جادو کیلئے تیر بہدف

ایک نمبردار نے مرغیوں کا فارم بنایا ہوا تھا۔ اسکی چھتیس 36 مرغیاں روزانہ مرجاتی تھیں ان کے دوست نے انہیں "افحسبتم اوراذان" والا عمل دیا وہ تین دن لگاتار کرتے رہے۔ الحمدللہ اس کی مرغیاں بچنا شروع ہوگئیں اور اس عمل سے انہیں اور بھی بہت فائدہ ہوا۔

☆……☆……☆

محترم نذیر احمد ظفر صاحب کے مشاہدات

گھریلو مشکل سے چھٹکارا

میرا ایک گھریلو مسئلہ تھا جس کی وجہ سے سارا گھر پریشان تھا۔ میں نے "دوانمول خزانہ" روزانہ پڑھنا شروع کردیے جس سے یہ مسئلہ تقریباً ایک ماہ کے اندر اندر حل ہوگیا اور پریشانی ختم ہوگئی۔

انسولین اور شوگر سے نجات

میری چچازاد کو شوگر تھی اور وہ روزانہ دو دفعہ انسولین لیتی تھیں۔ مجھے کسی سے ایک نسخہ ملا۔ میں نے اسے بتایا اس نے پندرہ پندرہ دن دو دفعہ استعمال کیا جس سے اس کی انسولین چھوٹ گئی تقریباً ایک سال بعد ملاقات پر معلوم ہوا کہ مختلف وقفوں سے استعمال کرنے سے شوگر ختم ہوگئی اور اب وہ چائے میٹھی پیتی ہیں۔

نسخہ: سیاہ جو 50 گرام اور گری بادام آدھا کلو،

دونوں کو کوٹ پیس کر سفوف بنا کر روزانہ صبح چائے والا ایک چمچ ہمراہ پانی کھالیں۔

(نذیر احمد ظفر، بہاولپور)

☆……☆……☆

محترم حافظ محمد رمضان صاحب کے تجربات

سحر زدہ کیلئے خاص تیر بہدف عمل

سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 102: ”وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّیٰطِیْنُ عَلٰی مُلْکِ سُلَیْمٰنَ وَمَا کَفَرَ سُلَیْمٰنُ وَلٰکِنَّ الشَّیٰطِیْنَ کَفَرُوْا یُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَی الْمَلَکَیْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ؕ وَمَا یُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰی یَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَکْفُرْ ؕ فَیَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا یُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَیْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ؕ وَمَا هُمْ بِضَآرِّیْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَیَتَعَلَّمُوْنَ مَا یَضُرُّهُمْ وَلَا یَنْفَعُهُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ؕ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ“

سات بیری کے پتے لیں جس میں سوراخ نہ ہوں، ہر پتے پر تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کریں اس طرح سات پتوں پر 21 مرتبہ ہوا۔

ان پتوں کو پانی میں ڈال دیں اور مریض کو وہ پانی پلائیں انشاء اللہ بہت جلد صحت یاب ہو جائے گا۔

اگر گھر، مکان، دکان یا تجارت کی جگہ پر یہ پانی چھڑکیں تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ سحر کا اثر زائل ہو جائے گا۔ اس عمل سے جادو دشمن کی طرف واپس لوٹ جاتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

مردانہ قوت کی بندش کا توڑ

اگر کسی مرد کی مردانہ قوت پر بندش کی گئی ہو تو اس کیلئے ”سورۃ یٰسین“ کا آزمودہ عمل ہے چنانچہ سورۃ یٰسین کی ہر مبین پر معوذتین (سورۃ الفلق، سورۃ الناس) پڑھ کر پانی پر دم کریں اس طرح سات مبین پوری کرنی ہیں۔ وہ پانی مریض کو پلایا جائے اور سات دم بھی کریں، اس سے مردانہ قوت بحال ہو جائے گی۔

یہ عمل تیر بہدف، مجرب اور آزمودہ ہے۔

جنات اور نظر بد کیلئے خاص عمل

جسے نظر بد ہو اسے ’’سورۃ البقرہ‘‘ کی آخر دو آیات: ’’اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ط كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَانُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَاوَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ (۲۸۵) لَايُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًااِلَّاوُسْعَهَالَهَامَاكَسَبَتْ وَعَلَيْهَامَااكْتَسَبَتْ رَبَّنَالَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْاَخْطَاْ نَا رَبَّنَاوَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآاِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَاطَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْلَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ (۲۸۶)‘‘ تک لکھ کر دم کریں اس سے الحمدللہ فائدہ ہوتا ہے۔

ایک صاحب کی بچی پر جنات کا اثر ہو گیا تھا اور گھر والوں کو بھی بہت تنگ کر رہے تھے۔ ان کو سورۃ کوثر 129 مرتبہ پڑھنے والا عمل بتایا انہوں نے کیا تو جن حاضر ہو گیا اور معافیاں مانگنے لگا۔ اس کے بعد دوبارہ کوئی شکایت نہیں آئی اور الحمدللہ بچی بالکل صحت یاب ہو گئی۔

حمل کا ٹھہراؤ

ایک خاتون کو حمل نہیں ٹھہرتا تھا، جنات آ کر اس کو تنگ کرتے تھے جس کی وجہ سے حمل ضائع ہو جاتا تھا۔ اس خاتون کو ’افجستم اور اذان‘‘ والا عمل بتایا اور اب الحمدللہ حمل کو سات مہینے گزر چکے ہیں اور خاتون سلامتی سے ہے۔ حضرت دعاء فرمادیں کہ اللہ تعالیٰ اس خاتون کو اولاد عطا فرمائیں۔

7 سال سے بستر پر لیٹی خاتون کو شفاء

ایک صاحب بہت پریشان تھے ان کی زوجہ 7 سال سے چارپائی پر مریضہ تھیں۔ اس عرصہ میں ازدواجی تعلق بھی نہ کر سکے۔ انہیں ’’سورۃ الکوثر کا 129 والا عمل بتایا جس سے اب الحمدللہ وہ خاتون صحت یاب ہو گئی ہیں اور چلتی پھرتی ہیں اور میاں بیوی بھرپور طریقے سے ازدواجی زندگی گزار رہے ہیں۔

سحر اور جنات سے بچاؤ

اگر کوئی شخص مغرب اور عشاء کے درمیان ''سورۃ التوبہ'' کی آخری دو آیات: ''لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَاعَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ رَّحِيْمٌ (١٢٨) فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآاِلٰهَ اِلَّاهُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (١٢٩)'' پڑھے تو اس پر جادو اثر نہیں کرتا۔ سحر زدہ شخص اس آیت کو عصر کے بعد 111 بار پڑھے تو اس سے سحر ختم ہو جائے گا۔ جنات کی حاضری کیلئے بھی یہ دو آیات کار آمد ہیں۔ مریض کا ہاتھ پکڑ کر 11 مرتبہ پڑھا جائے تو جنات حاضر ہو جاتے ہیں۔

نظر بد اور خسرہ کی بیماری دور

اور سورۃ القلم کی آخری دو آیات: وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْ الَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ (٥١) وَمَاهُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ (٥٢) پڑھ کر دم کرنے سے نظر بد ختم ہو جاتی ہے۔

خسرہ کی بیماری کیلئے اوپر بتائی گئی سورۃ القلم کی آخری دو آیات 21 مرتبہ روزانہ پڑھ کر تین دن تک دم کریں، بہت مفید ہے۔

دودھ پیتے بچوں کے موشن

دودھ پیتے بچے کو اگر موشن لگ جائیں تو ٹھنڈے پانی میں ایک کپ چمچ چینی ملا کر پلایا جائے تو فوراً موشن بند ہو جاتے ہیں۔

خونی پیچش

چائے کی پتی ٹھنڈے پانی کیساتھ آدھا چائے کا چمچ کھانے سے شفاء ملتی ہے۔

(حافظ محمد رمضان انصاری، سکھر سندھ)

☆……☆……☆

محترم محمد اشرف صاحب کے مشاہدات

جریان، احتلام اور نامردی کا شرطیہ علاج

1986ء میں فیصل آباد کے ایک حکیم صاحب سے دوستی ہوگئی۔ ان کے پاس جریان، احتلام اور نامردی کے کافی مریض آتے ہیں اس وقت میں ایلو پیتھک کلینک کرتا تھا۔ اس طرح حکیم صاحب سے احتلام کے مریضوں کے بارے میں گفتگو ہوئی۔ ان کے پاس نسخہ تھا جس کا بہت اچھا رزلٹ ملتا تھا۔ میں نے ان حکیم صاحب سے عرض کی کہ یہ نسخہ مجھے دے دیں....! کہنے لگے نسخہ مکمل تیار ہے جتنا چاہے بغیر پوچھے لے لیا کرو۔ 10 کیپسول بھر کر دیتے تھے، میرے پاس عرصہ چار سال میں جتنے احتلام کے مریض آئے ان سب کو دیا سب نے دوبارہ کیپسول طلب کیے۔

چار سال بعد میں گوجرانوالہ آ گیا اب گوجرانوالہ سے سپیشل یہ دوائی لینے فیصل آباد جاتا ہوں کیونکہ مریض بہت طلب کرتے تھے۔ ایک دو دفعہ حکیم صاحب سے نسخہ مانگا انہوں نے صاف انکار کر دیا۔ اسی سالوں میں میرے اندر اچانک تبدیلی تبلیغی جماعت کے ساتھ چلہ لگانے میں آئی کہاں پینٹ شرٹ اور کلین شیو اور کہاں ڈاڑھی، عمامہ اور لمبی زلفیں یہ دیکھ کر وہ حکیم صاحب بڑے متاثر ہوئے لیکن نسخہ دینے کی طرف نہ آئے۔ میں کافی سال اسی طرح فیصل آباد چکر لگاتا رہا۔ ایک دن میں گوجرانوالہ سے صرف نسخہ کیلئے فیصل آباد گیا اور حکیم صاحب سے عرض کیا آج نسخہ لینے کے بغیر واپس نہیں جاؤں گا۔ حکیم صاحب کا چہرہ پیلا ہو گیا ایک ڈائری اٹھائی اور نسخہ لکھوایا پھر ڈائری میرے سامنے رکھ کر کہنے لگے خود چیک کر لو، نسخہ لکھ لیا۔ یاد رہے کہ اس کے بعد جب میں ان کے مطب میں جاتا اپنی سیٹ چھوڑ کر علیحدہ ہو جاتے اور میں ان کی جگہ بیٹھ جاتا، صف بچھی ہوتی تھی، ڈاڑھی اور پگڑی کی قدر کرتے تھے۔

نسخہ لکھ کر واپس گوجرانوالہ آ گیا پھر میں پیکنگ کر کے ''میڈیکل پرمیوریا'' کے نام

سے یہ دوائی چلائی۔ ہر سٹور اور حکیم ڈاکٹر نے بڑی تعریف کی لیکن کچھ اثرات اور کچھ بزنس پوائنٹ نہ ہونے کی وجہ سے ناکام ہو گئے ہیں، ابھی تک 20 سال ہو گئے حکیم اور ڈاکٹر طلب کرتے ہیں اور نسخہ مانگتے ہیں۔ میں نے بھی بخل سے کام لیا اور کسی کو نسخہ نہیں دیا۔ البتہ پچھلے 5 سال ایک حکیم اور مریضوں کو لکھ کر دیا ہے۔ پھر کچھ دیر بعد ایک دن بہشتی زیور مولانا حکیم الامت رحمہ اللہ میں یہ نسخہ تھوڑی کمی بیشی سے لکھا تھا۔ اس وقت آنکھوں میں آنسو آ گئے کہ اللہ والوں کی انوکھی شان ہوتی ہے۔

اب میں بھی یہ نسخہ افادہ عام کیلئے لکھ رہا ہوں نہ جانے کب زندگی کی شام ہو جائے۔

نسخہ:

ھوالشافی

سمندر سوکھ 1 تولہ، اسپغول 1 تولہ، تخم کاہو 4 تولہ، پھول گلاب 1 تولہ، کافور 3 ماشہ، اجوائن خراسانی اڑھائی تولہ، گل انار 1 تولہ، خشک دھنیا ڈیڑھ تولہ، نیلوفر آدھا تولہ، گوند کیکر اڑھائی تولہ۔

بنانے کی ترکیب:

اجوائن خراسانی اور کافور کو اکھٹا پیس لیں باقی ادویات کو علیحدہ علیحدہ پیس لیں اور سمندر سوکھ اور اسپغول کو بغیر کوٹے ڈال لیں۔

بڑے سائز کا کیپسول کھانے کے بعد پانی کے ساتھ کھا لیں۔ بڑے کام کی چیز ہے اگر سو کو دیا تو سو نے ہی دوبارہ طلب کیا۔

نوٹ:

اگر حکیم صاحبان اس کے ساتھ غذا کا ٹھیک تعین کر دیں تو سونے پر سہاگہ ہو گا۔

دوسرا نسخہ:

نامردی، کمزوری، پٹھوں کی کمزوری غرضیکہ سارا یہ شعبہ اس میں آ جاتا ہے۔ یہ نسخہ

ایک زرگر کے پاس گوجرانوالہ میں تھا۔ اچانک ایک دفعہ میں عمامہ باندھ کر دھوپ میں کھڑا تھا پتہ نہیں اس کو کیا خیال آیا کہ کہنے لگا حافظ صاحب میرے پاس ایک بہت زبردست اور طاقت ور نسخہ ہے۔ میں پہلے آپ کو دو گولیاں دیتا ہوں چیک کرنا، اس کے بعد آپ کو قرآن کی قسم کھانی ہوگی کہ یہ نسخہ کسی کو نہیں دو گے پھر ملے گا۔ میں حیران وہ مجھے دو گولیاں دے گیا۔ واقعی جیسے اس نے کہا تھا وہ رزلٹ ملا۔ ایک گولی میں نے سنبھال کر رکھ لی۔ کچھ دنوں بعد میں اس سے ملا لیکن وہ ٹال مٹول کرتا رہا خدا کا کرنا ہوا کہ اس زرگر کو دل کا دورہ پڑا اور وہ انتقال کر گیا۔ اس کا بیٹا میرا کافی اچھا دوست تھا ایک ہفتے بعد اس کے بیٹے سے ملنے گیا باتوں باتوں میں نے یہ بات بھی سنا دی۔ کہنے لگا اگر ابا جی نے وعدہ کیا تھا تو میں پورا کروں گا مجھے معلوم ہے۔ لیکن میں نے کبھی نہیں بنایا۔ ڈائری مجھے دی میں لکھ کر دوا بنائی۔

عجیب نسخہ تھا میں نے یہ نسخہ جس کو بھی دیا سب نے تعریف کی، لیکن لالچ کا عنصر ہمارے اندر غالب ہے ایسے نسخوں سے ہم لوگ زیادہ پیسوں کے چکر میں پڑ جاتے ہیں جو کہ ایک معالج کیلئے بہت ہی نامناسب عمل ہے۔ یہ نسخہ میں نے 8 سال تک بنایا، اس کے بعد اب ہومیو ادویات سے نسخہ مل گیا۔ دیسی نسخہ بنانے میں ذرا محنت ہوتی ہے اس لیے چھوڑ دیا یہ امانت اب آپ نے میرے سینے سے نکلوالی ہے۔

نسخہ:

ھوالشافی

جائفل 3 ماشہ، جلوتری 3 ماشہ، مازو 3 ماشہ، زعفران 4 ماشہ، افیون 4 ماشہ، مصطلگی رومی 3 ماشہ، ناگ کیسر 3 ماشہ، موچرس 3 ماشہ، گوگل 3 ماشہ، چھالیہ 3 ماشہ، دانہ الائچی چھوٹی 3 ماشہ، اجوائن خراسانی 3 ماشہ، تج قلمی 3 ماشہ، گل سپاری 3 ماشہ، طباشیر املی انڈین 3 ماشہ، لونگ 2 ماشہ۔

تمام ادویات علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ملائیں اور شہد سے گولیاں بنالیں اور گولی کالے

چنے کے برابر ہو۔

سرعت انزال کیلئے شاید اس سے بہتر کوئی نسخہ ہو، اگر غذا تجویز کر دی جائے تو پھر اور زیادہ فائدہ مند ہے..... مریض بہت دعائیں دیتے ہیں۔ خاص وقت کیلئے دو گھنٹے پہلے ہمراہ ایک کپ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

طلاء:

بہت سارے حکماء اور ہمدرد، قرشی کے طلاء استعمال کروائے۔ ایک ہومیو طلاء ملا سب کچھ بھول گیا کوئی طلا اس کے مقابلہ میں نہیں ملا۔

لائیکوپوڈیم (Lycopadium) 10Ml، نیوفریٹم (Neu Phuntap) 10Ml، ڈامیانہ (Damania Y) 50Ml، روغن زیتون 2 حصے ملا کر مالش کریں۔ بہت زبردست طلاء ہے عرصہ 20 سال سے زیر استعمال ہے، کبھی خطا نہیں گیا۔ عضو تناسل میں جو نقائص ہوتے ہیں تمام کیلئے بہت ہی مجرب اور صدری نسخہ ہے۔ عام طور پر ہومیوپیتھی 9 حصے زیتون کا تیل اور ایک حصے دوائی ملاتے ہیں اس میں دوائی کی مقدار بڑھا کر زیادہ طاقتور بنایا گیا ہے جس کا رزلٹ توقع سے بھی زیادہ نکلا ہے۔

روحانی علاج:

والد محترم رحمہ اللہ چند ایک عملیات کرتے تھے ویسا ہی کرتا ہوں تین چار عمل ایسے ہیں کہ میں خود حیران ہوں۔

اٹھراہ کیلئے:

۹۳، ۹۳، ۹۳، ۹۳، ۳ اس کا تعویذ بنا کر پہلے ماہ عورت گلے میں باندھ لے پیلے رنگ کے کپڑے میں 9 ماہ بعد ولادت کے بعد بچے کے گلے میں ڈال دیں اور کپڑا پیلے رنگ کی بجائے نیلے رنگ کا ہو۔ کبھی کبھی جمعرات کو عصر کے بعد لوبان کی دھونی دینی چاہیے۔

یہی نقش اگر بچہ ضد کرے، اسہال، رونا، پیٹ درد وغیرہ کیلئے انتہائی مفید ہے۔ میں نے تو بہت سارے اکٹھے بنا کر رکھے ہیں بس جسے دیا اللہ نے اس کو شفاء دی۔

اکثر مریضوں کو ہر قسم کے علاج کیلئے تعویذ پندرہ کا دیا اللہ نے شفاء دی۔

ایک عمل سورۃ الفلق کا ہے وہ بھی اسی کتاب سے ہے۔ سورۃ الفلق نیلے دھاگہ پر دم کر کے جلانا ہے اس سے بہت لوگوں کو فائدہ ہوا اور لوگ خوش ہیں۔

حضرت حکیم صاحب آپ جیسے جذبے میں نے 32 سال سے کسی میں نہیں دیکھے کیونکہ میں تو 32 سال سے اس فیلڈ میں ہوں۔ بریلوی، دیوبندی عامل دیکھے، پھر اہل حدیث، پھر، پھر شیعہ اور پھر ایک دو دفعہ عیسائیوں کے پاس ویسے ہی چیک کرنے کیلئے گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

(محمد اشرف، گوجرانوالہ)

☆......☆......☆

محترم ہارون الرشید صاحب کے تجربات

کمر درد اور گھٹنے کے درد کا علاج

کمر درد، گھٹنے کا درد، گھٹنے میں پانی ہو یا کسی بھی حصے میں درد ہو اس کی جو دوا مجھے حکیم شاہ صاحب کوئٹہ والے نے بتائی تھی میں نے اس کو بنایا اور استعمال بھی کرایا ہے۔ تقریباً چار لوگوں پر اس کو آزمایا اور بہت مفید پایا۔

والدہ محترمہ کے گھٹنے میں درد ہوتا تھا تقریباً 18 دن اس کو لگایا اور مسلسل 18 دن لگانے کے بعد درد مکمل ختم ہوا جو کہ گولیوں سے بھی ختم نہیں ہوتا تھا۔ اسی طرح کمر درد والے پر بھی آزمایا جن کو آپریشن کہا گیا تھا، تقریباً 21 یا 22 دن مسلسل لگانے سے کمر درد مکمل ختم ہو گیا۔ الحمد للہ۔

ایک مرتبہ مجھے چوٹ لگ گئی تھی اور گھٹنے میں بہت زیادہ درد تھا، دوائیاں کھانے

سے بھی کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ 7 دن مسلسل لگانے کی بدولت گھٹنہ بالکل ٹھیک ہوگیا۔ لیکن پانچ سے چھ دن میں گھٹنے یا کمر وغیرہ کے درد میں شدت آتی ہے اس کے بعد ختم ہونے لگتی ہے یہ نسخہ گھٹنے میں چربی کیلئے بھی چار ہفتے مسلسل لگانے سے بہت آزمودہ ثابت ہوا ہے۔

اگر جسم میں کسی جگہ خون جم گیا ہوں تو خون کو پگھلانے کیلئے تین یا چار دن لگانے سے مکمل شفاء مل جاتی ہے۔ یہ بھی کئی لوگوں پر آزما چکا ہوں۔

نسخہ:

ھوالشافی

1 عدد دیسی مرغی کا انڈہ لیکر اسے توڑ لیں، زردی الگ کر کے اس کے برابر شہد میں مکس کر لیں، پھر سفید پیسی ہوئی پھٹکڑی خام آدھے کھانے والی چھوٹی چمچ اس میں ڈال دیں۔ اس کو مکس کر کے شیرہ بنالیں پھر متاثرہ جگہ پر یہ شیرہ ملنا شروع کر دیں، اور اتنا لیپ کریں کہ تمام شیرہ اسی جگہ پر ختم ہو جائے۔ یعنی متاثرہ جگہ پر یہ شیرہ پورا لگانا ہے، اگر بچ جائے تو روئی یا کاٹن پر لگا کر متاثرہ جگہ پر رکھ دیں اور اوپر سے گرم کپڑا یا پٹی باندھ لیں، 12 سے 24 گھنٹے تک لگا رہنے دیں۔

یہ نسخہ روزانہ تازہ بنا کر استعمال کریں انشاء اللہ مکمل شفاء ملے گی۔ میں نے واقعی تجربہ کر کے آزمایا بھی ہے اور آپ بھی آزمائیں، اسی نسخے کو حکیم شاہ صاحب نے اس شرط پر دیا تھا کہ دعاؤں میں ان کو یاد رکھیں لیکن حضرت مدظلہ کے ساتھ تمام مسلمانوں کیلئے بھی دعا کرتا ہوں۔

فالتو چربی اور موٹاپے کا علاج

انہی حکیم صاحب نے ایک اور نسخہ بھی دیا تھا جس کو میں نے ایک دفعہ بنا کر کسی کو دیا تھا جس سے ان کو واقعی فائدہ ہوا۔ یہ جسم کو کم، پیٹ میں فالتو چربی اور گندا خون وغیرہ

ختم کرتا ہے۔ موٹاپے وغیرہ کیلئے بہترین نسخہ ہے۔

نسخہ:

ھوالشافی

چرائتہ انڈیا والا 100 گرام، چرائتہ نیپال والا 100 گرام، مازو اصلی والا 50 گرام، انار دانہ اصلی والے 100 گرام، لاکھ دانہ 50 گرام، سونف 50 گرام، اصلی ہینگ 25 گرام۔ ان تمام اشیاء کو پیس کر پوڈر بنالیں اور بڑے سائز والے خالی کیپسول لیکر ان میں بھر لیں۔

طریقہ استعمال

2 کیپسول صبح نہار منہ، 2 دوپہر اور 2 رات کو سوتے وقت دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

پیٹ، کولہوں سے چربی، گندا خون اور بادی گیس کو خارج کرتا ہے اور اس سے مکمل آرام ملتا ہے۔ پیٹ میں گولہ ہو تو اسے بھی پگھلا دیتا ہے اگر بچے کی ولادت ہو جائے تو اس کے بعد یہ دوائی کھانے سے پیٹ سے سارا گندا خون، گندا پانی وغیرہ سے شفاء ملتی ہے۔ اس کو میں نے آزمایا اور آپ بھی آزمایئے، خصوصاً پیٹ کے کیڑوں کو بھی ختم کرتا ہے۔ انشاء اللہ

آیت کریمہ

”لَا اِلٰـهَ اِلَّا اَنْـتَ سُبْحَـانَكَ اِنِّـىْ كُـنْـتُ مِنَ الظّٰالِمِيْنَ “ عشاء کی نماز کے بعد 2 رکعت نفل پڑھیں جس کے ہر سجدے میں ”سبحان ربی العلی“ کے بعد آیت کریمہ کو 41 مرتبہ پڑھنا ہے۔ یہ عمل 40 راتوں تک کرنا ہوتا ہے۔ یہ عمل حضرت کی کتاب اور عبقری میں بھی چھپا ہے، لیکن مجھے پہلی مرتبہ میرے استاد محترم شیخ القرآن و الحدیث عبدالقادر مروت دامت برکاتہم نے دیا تھا اور اس کی عام اجازت بھی دی

تھی۔ میں نے خود بھی یہ عمل کیا ہے اور کئی دوستوں کو بھی بتایا ہے جس نے بھی یہ استعمال کیا ہے خود ہی فون کر کے بتایا ہے کہ ان کا کام ہو گیا ہے۔

ناف میں تیل لگانے کے فوائد

حضرت جب سے ناف میں تیل لگانے کے فوائد سنے ہے اس دن سے ناف میں تیل لگانا شروع کیا ہے اس کے فوائد تو بے شمار محسوس کیے ہیں لیکن سردیوں میں ہونٹوں کا مسئلہ اسی کی وجہ سے ختم ہوا اور ہاتھ پاؤں پھٹنے سے بھی میں الحمدللہ محفوظ رہا، دوست کہتے ہیں کہ تم کون سی کریم لگاتے ہو؟ میں کہتا تھا کہ میں تو صرف ناف میں تیل لگاتا ہوں اور کسی کریم کی ضرورت نہیں رہتی اب اور دوستوں نے بھی ناف میں تیل لگانا شروع کیا تو ایک دوست کہنے لگا کہ اس کی وجہ سے تو میرے پاؤں جو کہ پھٹتے تھے وہ بھی ٹھیک ہو گئے ہیں۔

گمشدہ اشیاء مل گئیں

ا۔ گمشدہ چیز، مال یا جانور وغیرہ کیلئے ''اَللّٰھُمَّ اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُکُمْ مِنْ بَعْدِ ذَالِکَ فَھِیَ کَالْحِجَارَۃِ اَوْاَشَدُّ قَسْوَۃً'' دعا کو جس جگہ چیز گم ہوئی ہو خواہ گھر ہو یا کوئی اور جگہ وہاں پر کھڑے ہو کر اس تین بار پڑھیں اور اپنی جگہ پر کھڑے کھڑے چاروں طرف گھومیں اور ہاتھ دعا کی ہیئت پر ہوں۔

مشاہدات:۔ ا۔ میرے کمرے میں مقیم ایک طالب علم کی چابیاں گم ہو گئیں اس نے یہ دعا پڑھی اور ایک دن بعد اس کو چابیاں مل گئیں۔

۲۔ ایک صاحب کے دو بیل چوری ہو گئے اس نے بہت کوشش کی لیکن نہ ملے تو اس کو یہ دعا بتائی اس نے پڑھی 2 ہفتوں بعد اس کے بیل مل گئے اور جس نے انکو چوری کیا تھا اس نے کہا کہ تو نے کونسا عمل کیا ہے کہ کوئی بھی اس کو خریدنے پر راضی نہیں ہوتا تھا۔

۳۔ ایک خاتون کے زیورات گم ہو گئے اس نے بھی یہ دعا پڑھی تو اس کو کمرے سے زیورات مل گئے جبکہ زیورات کسی اور جگہ پر گم ہوئے تھے۔

۴۔ اسی طرح جانور اکثر چوری ہو جاتے ہیں جانوروں کیلئے بھی اس دعا کو پڑھنے سے اللہ کے فضل و کرم سے واپس مل جاتے ہیں اور اس کے تو بے شمار واقعات ہیں اور کوئی نقصان بھی نہیں ہوتا۔ یہاں تک کہ بھیڑیے، کتے اور دیگر درندے بھی اس کو نقصان نہیں پہنچا سکتے بلکہ وہ اس کی حفاظت کرتے ہیں۔

ہر مشکل کام کا حل

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" 12000 بار پڑھے اور ہر 1000 پڑھنے کے بعد دو رکعت نفل ادا کریں۔ اسکے بعد عاجزی کے ساتھ دعا کریں اور پانی پر دم بھی کریں انشاء اللہ ہر مشکل اور ہر قسم کی بیماریوں کا آخری علاج ہوگا۔

ہر قسم کی خواہش کیلئے

"حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ" 1111 مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ اپنا مقصود ذہن میں رہے۔ انشاء اللہ گیارہ دنوں میں ہر قسم کی خواہش پوری ہوگی۔

(ہارون الرشید، کوہاٹ)

☆……☆……☆

محترمہ رابعہ قمر صاحبہ کے تجربات

تاثرات

السلام وعلیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اللہ پاک آپ کے عمل میں، علم میں برکتیں عطا فرمائیں، سدا بہار رکھے، سدا مسکراتے رہیں، سلامت رہیں، اللہ آپ کو اور گھر والوں کو اور پوری ٹیم کو صحت، عافیت اور برکتیں عطاء فرمائے، آپ کی نسلوں کو شاد و آباد رکھے، اللہ تعالیٰ آپ کو ڈھیروں خوشیاں نصیب فرمائے، آپ پر ہمیشہ رحمت کی چھتری قائم دائم رکھے، اللہ آپ کو نظر بد سے ہمیشہ محفوظ رکھے، اللہ اپنی شان کریمی ہمیشہ آپ پر قائم رکھے، اللہ پاک آپ کو

کبھی بھی کسی کا محتاج نہ کرے، آپ کے تسبیح خانے کو ہمیشہ تا قیامت قائم اور آباد رکھے اور اللہ آپ کو جزائے خیر عطاء فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

حضرت جی ہم آپ کے بے حد شکر گزار ہیں کہ آپ نے ہماری زندگی بدل دی، ہم لوگ آپ کا شکریہ ادا نہیں کر سکتے، ہمارے پاس الفاظ نہیں ہیں ہم لوگوں نے آپ سے بہت کچھ سیکھا اور بہت کچھ پایا ہے۔ ہم تو اس قابل نہیں تھے جتنا کہ آپ نے ہمیں عطاء کر دیا۔ حضرت جی تجربات تو چھوٹے چھوٹے ہیں یہ سوچ کر لکھ رہے ہیں کہ آپ کی امانت ہیں اس سے کسی کو فائدہ ہی ہو جائے گا۔

دانتوں کا درد:

حضرت جی ایک اماں جی کی عمر 80 سال کے قریب تھی وہ کہتی تھیں کہ میرے دانتوں میں شدید درد تھا تو ڈاکٹر کے پاس چیک کروانے کے لئے گئیں تو انہوں نے دانت نکال دیا، بہت زیادہ تکلیف ہوئی اور اس کے بعد مجھے کسی اللہ والے نے بتایا کہ دو نفل حاجت کے پڑھ کر حضرت اویس قرنی رحمہ اللہ کو ہدیہ کر دیں۔ وہ کہتی ہیں کہ میں نے جب سے ایسا کیا میرے دانتوں میں کبھی درد نہیں ہوا اور خود بخود نکل گئے مجھے پتہ بھی نہ چلا وہ کہتی ہیں اب تک میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اور حضرت اویس قرنی رحمہ اللہ کو ہدیہ کرتی ہوں۔

اللہ سے باتیں:

حضرت جی ایک دفعہ وہی اماں گاؤں سے لاہور آئی ہوئی تھیں وہ میری خالہ کے گھر میں رہیں ان کا گھر بند تھا وہ کھلے ماحول کی عادی تھیں ان کا دل گھبراتا تھا ان کا دل کرتا تھا کہ میں باہر کھلی ہواؤں میں نکلوں۔ میری خالہ کا گھر بھی انہیں قید خانہ لگتا تھا انہوں نے دل ہی دل میں اللہ سے باتیں کرنا شروع کر دیں اور کہا اللہ! مجھے اس قید خانے سے نکال دے اور اللہ نے فوراً ان کی دعا قبول فرمائی اور میرا چھوٹا بھائی انہیں لینے چلا گیا اور وہ بہت خوش ہوئیں کہ اللہ نے میری دعا قبول کی اور اللہ نے مجھے قید خانے سے نکالا وہ

کہتی ہیں میں جب بھی اللہ سے باتیں کرتی ہوں میری مشکل حل ہو جاتی ہے۔

اللہ کو درخواست لکھنے کا عمل:

میرے سر میں شدید درد تھا جو ختم ہونے کا نام نہیں لے رہا تھا۔ کسی دوائی وغیرہ سے آرام نہیں ملا۔ آپ نے کہا تھا کہ اللہ کو اپنی درخواست لکھ کر بھیجا کریں میں نے وہ عمل پہلے سے شروع کیا ہوا تھا میں نے کاپی والا عمل ''یا اللہ'' لکھنا شروع کر دیا۔ میرے ''یا اللہ'' لکھتے لکھتے سر میں درد ختم ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم اور لمبی عمر عطا فرمائے۔

آب زم زم کی کرامت:

مجھے لیکوریا کی شکایت تھی مجھے ایک بات یاد آئی کہ اگر آب زم زم کو جو کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا جوٹھا ہے پینے کی نیت سے پیوں تو دوہرا فائدہ نصیب ہوگا۔ میں نے کملی والے صلی اللہ علیہ وسلم کے جوٹھے کی نیت کی اور ساتھ مسنون دعا پڑھ لی ''اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا وَاسِعًا وَشِفَاءً مِنْ کُلِّ دَاءٍ'' تین بار پڑھ کر پی لیا جس سے میں ٹھیک ہو گئی۔

تسبیح مل گئی:

ایک دفعہ میری تسبیح گم ہو گئی میں نے بہت تلاش کی سارا گھر چھان لیا مگر کہیں نہ ملی۔ میں "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ" مسلسل پڑھتی رہی تو اللہ پاک نے میرے ذہن میں ڈال دیا کہ جرابوں والے شاپر بیگ میں دیکھو میں نے دیکھا تو اس کے اندر تسبیح پڑھی ہوئی تھی۔ جب بھی کوئی چیز گم ہوتی ہے تو میں یہ پڑھ لیتی ہوں اور وہ مجھے مل جاتی ہے۔

سانس بہتر اور سکون میسر

رات کو میری بہن کی طبیعت بہت خراب ہو رہی تھی اور مجھے بھی سانس نہیں آ رہا تھا میں نے اس کی نیت سے ''اللہ ھو'' والا مراقبہ کرنا شروع کر دیا میری طبیعت تو فوراً ٹھیک ہو گئی اور سانس بحال ہو گیا اور بہن کی بھی کچھ دیر بعد ٹھیک ہو گئی اور اس مراقبے کے کرنے سے دل کو سکون میسر ہوتا ہے، پرسکون نیند آتی ہے سانس کی بیماری کیلئے

بہت اچھا مراقبہ ہے۔

سلائی مشین ٹھیک ہوگئی

میرے کپڑے سینے والی مشین خراب ہوگئی اور وہ بار بار دھاگہ توڑ رہی تھی میں نے کہا کہ میں نے اللہ کے نام سے ہی ٹھیک کرنی ہے کسی مکینک کو نہیں بلانا۔ میں نے یاحفیظ 11 مرتبہ پڑھا اور سورۃ اخلاص والا عمل پڑھ کر مشین کو پھونک دیا اور مشین کو کہا تجھے اللہ کا واسطہ ٹھیک ہو جا اور اللہ سے کہا تو اپنے نام کی لاج رکھ لے میں نے دل میں ٹھان لی کہ اسی سے ٹھیک کروانا ہے۔ اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ وہ ٹھیک ہوگئی اور چل پڑی۔

موتی مسجد کی برکت

ہم لوگ روزانہ 3 ہزار مرتبہ درود پاک "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ" پڑھتے تھے۔ ہمیں پڑھنے میں تین ساڑھے تین گھنٹے کے قریب لگ جاتے تھے ایک دن ہم لوگ موتی مسجد گئے اور وہاں جا کر درود پاک پڑھا تو ہمیں با مشکل ایک گھنٹہ لگا ہوگا اور ہم لوگوں نے تین ہزار درود پاک پڑھ لیا۔ موتی مسجد کی برکت سے جلدی پڑھ لیا۔

اعمال کی برکت سے گاڑی چل پڑی

ایک دن ہم لوگ درس سے واپس جا رہے تھے کہ گاڑی چلتے چلتے بند ہوگئی اور دوبارہ سٹارٹ بھی نہیں ہو رہی تھی ہم لوگوں نے اذانیں اور یاحفیظ 11 مرتبہ پڑھ کر پھونک دیا۔ ہم نے سات سات مرتبہ گاڑی پر اذانیں پڑھ کر پھونکیں تو اللہ کے نام کی برکت سے گاڑی چل پڑی۔ جب بھی گاڑی بند یا خراب ہوتی ہے تو ہم اللہ کا نام لیتے ہیں تو اللہ آسانیاں پیدا کر دیتے ہیں یہ سب آپ کی ہی کرم نوازیاں ہیں جس نے ہمیں اللہ سے لینا اور مانگنا سیکھا دیا۔

سورۂ الم نشرح کی برکات

میری خالہ کا بیٹا پڑھتا نہیں تھا اور کہتا تھا کہ میں نے نہیں پڑھنا وہ کہتی ہیں میں نے

21 مرتبہ سورۂ الم نشرح اول و آخر درود پاک پڑھ کر چینی اور پانی پر روزانہ دم کر کے پلاتی رہی تو وہ پڑھ بھی گیا اور باہر چلا گیا اس نے ماسٹر بھی کر لیا اور وہ سورۂ الم نشرح کی برکت سے لائق فائق ہو گیا۔

ہر مسئلے کا حل

یہ عمل میری خالہ کو کسی نے دیا تھا وہ کہتی ہیں کہ کوئی بھی مسئلہ ہو جو حل نہ رہا ہو اور اٹکا ہوا ہو، شادیوں، کاروبار اور جادو وغیرہ ہر مسئلے کیلئے سورۃ اخلاص ایک سوا لاکھ کریں جو کوئی بھی مسئلہ ہوگا وہ سوا لاکھ ختم کرنے سے پہلے ہی اللہ کے نام کی برکت سے حل ہو جائے گا۔ وہ کہتی ہیں میں نے جس کسی کو بھی یہ عمل بتایا انہوں نے خوب پایا۔

ایڑیوں کیلئے خاص ٹوٹکہ

ہم نے عبقری رسالے میں پڑھا اور آزمایا تھا کہ صوفی صابن ایک چھٹانک میں اتنا عرق گلاب ملائیں کہ وہ نرم ہو جائے اس میں گلیسرین آدھا چھٹانک، لیموں کا عرق 2 چمچ، پھٹکڑی ایک چٹکی، میٹھا سوڈا ایک چٹکی، نمک ان سب کو اتنا مکس کریں کہ ویزلین کی شکل اختیار کر جائے۔ یہ رات کو سونے سے پہلے پاؤں کی ایڑیوں پر لگائیں اور صبح نیم گرم پانی سے دھو لیں۔ ہلکا سا پتھر کے ساتھ رگڑ لیں۔ پاؤں ریشم کی طرح نرم و ملائم ہو جائیں گے۔

کھانے پینے اور اعمال کا ہدیہ

ہمارے گھر ایک اماں جی آئی ہوئی تھیں انکو ہم نے دیکھا کہ جب بھی وہ کچھ کھاتی پیتی تو دعا کرتی تھیں۔ ہم نے پوچھا اماں جی آپ کیا دعا کرتی ہیں۔ تو انہوں نے بتایا کہ میں حضرت حسین رضی اللہ عنہ اور ان کی آل اولاد کو اس کا ثواب بخش دیتی ہوں۔ وہ ہمارے لیے بھوکے پیاسے رہے کیا ہم اتنا نہیں کر سکتے وہ صبح و شام نوافل کا بھی ہدیہ کرتی ہیں۔ انہوں نے کئی باران مبارک ہستیوں کی زیارت بھی کی۔ کملی والے صلی اللہ علیہ وسلم کی بھی کئی دفعہ زیارت ہو چکی ہے۔

تہجد نصیب ہوگئی

میں نے زندگی میں کبھی بھی عشاء کی نماز میں وتر کے بعد دونوافل نہیں پڑھے تھے۔ اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے آپ نے جب ان دو نفل کی فضیلت بتائی تو میں نے عشاء اور تہجد کی نیت سے پڑھنا شروع کر دیا جس کی وجہ سے اللہ نے مجھے تہجد کی بھی توفیق عطا فرمائی۔ اللہ پاک آپ کو سلامت رکھے۔

اللہ پاک کے نام کے کمالات

ایک دوست بتا رہی تھی کہ مجھے جب بھی کوئی مشکل ہوتی ہے چاہے وہ چھوٹی ہو یا بڑی تو میں ”یا اللہ یا رحمن یا رحیم“ کا ورد کرتی ہوں تو اللہ پاک میری مشکل آسان کر دیتے ہیں۔

”اللھم اجرنی من النار“ کے فوائد

میری بہن کی دوست نے بتایا کہ جب بھی کھانا بناتے وقت ہاتھ یا جسم کا کوئی بھی حصہ جل جائے تو ”اللھم اجرنی من النار“ پڑھ کر پھونک مارتی ہوں تو وہ جلن بھی ختم ہو جاتی ہے اور زخم جلد ٹھیک ہو جاتا ہے۔ یہ میرا اپنا آزمودہ عمل بھی ہے 7 مرتبہ پڑھ کر پھونک مارنے سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔

رشتوں کیلئے خاص الخاص عمل

روزانہ اول و آخر 11 مرتبہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ ”یا لطیف“ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا ہے اور فجر کی نماز کے بعد سورۃ الرحمٰن پڑھ کر دعا کریں 41 دن یہ عمل کرنا ہے 41 دن پورے ہونے سے پہلے ہی رشتہ ہو جائے گا۔

بھولا سبق یاد کرنے کیلئے

میری چھوٹی کزن کو جب بھی سبق بھول جاتا ہے تو وہ 3 مرتبہ ”یا مستعان“ پڑھتی ہے تو یاد آ جاتا ہے۔ میری کزن بتا رہی تھی کہ پیپر میں مجھے شاندار کامیابی مل جاتی ہے اور بھولا ہوا سبق بھی یاد آ جاتا ہے۔ ”رَبِّ یَسِّرْ وَلَا تُعَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَیْرِ“

3 مرتبہ پڑھنا ہے۔

کمر درد سے آرام

حضرت جی میری بہن کی مخصوص ایام کی وجہ سے کمر میں شدید درد ہوتا تھا وہ کہتی ہے کہ میں نے بے یقینی سے تسبیحات فاطمہ پڑھ کر پھونک ہاتھوں پر مار کر پورے جسم پر پھیر لیا حالانکہ وہ کہتی ہے میں نے بے یقینی سے پڑھا پھر بھی اللہ کریم نے آرام عطا فرما دیا اور ایسا لگ رہا تھا جیسے درد تھا ہی نہیں۔

نزلہ زکام کیلئے ٹوٹکہ

دو کپ پانی میں سونف، دار چینی انگلی کے برابر، ایک بڑی الائچی، چھوٹی الائچی تین عدد، انجیر 2 عدد، زیرہ 1/2 چمچ، پودینے کے چند پتے 1/2 چمچ اور آدھا چائے کا چمچ پتی ڈال کر اتنا پکائیں کہ ایک کپ رہ جائے۔ اس کو چھان کر شہد ملا کر چسکی پی لیں۔ نزلہ زکام سے آرام مل جائے گا۔

مخصوص ایام کے مسائل کیلئے...!

جن خواتین کو ایام زیادہ ہوتے ہیں یا بند نہ ہوتے ہوں وہ بل گری لے کر پیس کر صبح نہار منہ ایک چمچ کھا لیں۔ تو ایام کی خرابی ٹھیک ہو جائے گی اماں بتا رہی تھیں یہ میں نے خود بھی استعمال کیا اور محلے کی بہت ساری عورتوں کو بھی استعمال کرایا۔ ہر ایک نے خوب پایا اور اس سے ایام کی خرابی ٹھیک ہو جاتی ہے۔

زخم ٹھیک کرنے کیلئے

کہیں بھی زخم ہو چاہے چھوٹا چاہے بڑا تو ایک چائے کا چمچ پھٹکری بریاں کی بھنی ہوئی لیں اور اسے ایک کلو پانی میں ملا کر پانی کو تھوڑا سا گرم کر لیں اس پانی سے آپ زخم کو تین مرتبہ دن میں دھوئیں۔

سبز مرچوں کی جلن کیلئے

سبز مرچیں کاٹنے کے بعد ہاتھوں میں جلن ہوتی ہے تو کراماتی تیل یا سرسوں کا

تیل ہاتھوں میں مل لیں تو فوراً جلن ختم ہو جاتی ہے۔

ہر قسم کے نقصانات سے بچنے کیلئے

حضرت میری چھوٹی کزن نے بتایا کہ میں روزانہ صبح و شام تین مرتبہ پڑھنے سے ہر آفت ہر مصیبت سے محفوظ رہتی ہوں اور مصیبت آنے سے پہلے ہی دور ہو جاتی ہے اور اگر کھانے سے پہلے پڑھ لیا جائے تو کھانا نقصان نہیں پہنچائے گا اور کھانا ہضم ہو جائے گا۔ پریشانی آتی ہے تو نقصان ہونے سے بچ جاتے ہیں۔

دعا یہ ہے ”بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ“

سورۃ فاتحہ کی فضیلت

حضرت میری بڑی بہن نے سورۃ فاتحہ والا عمل لوگوں میں تقسیم کیا اور ایک دن وہ وین میں گھر آرہی تھی وہ لڑکی ملی تو اس نے پوچھا آپ ہی نے مجھے ایک عمل دیا تھا اس نے کہا ہاں اس نے بتایا کہ اس کی بہن کی شادی نہیں ہو رہی تھی۔ تو اس نے ابھی ایک ہی ہفتہ پڑھا تھا تو فوراً اس کا رشتہ طے ہو گیا اور چند ہی دنوں میں اس کی شادی ہو گئی۔

عمل یہ ہے: جمعرات سے شروع کرنا ہے 70 مرتبہ سورۃ فاتحہ اور ہر روز دس دس کم کرتے جانا ہے تو بدھ تک 10 رہ جائے گا اور جمعرات کو پھر نیا شروع کرنا ہے اول آخر درود ابراہیمی 7 مرتبہ اس طرح 7 جمعرات، 21 جمعرات، 14 جمعرات کرنا ہے۔

(ر، قمر، لاہور)

☆……☆……☆

محترمہ شیزا ماہین صاحبہ کے مشاہدات

تاثرات

محترم حضرت السلام علیکم ورحمتہ اللہ برکاتہ!

اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطاء فرمائے آمین! آپ کا درس بہت اچھا ہے اس

درس روحانیت کی وجہ سے میری زندگی بدل گئی ہے میں کیا تھی اور کیا بن گئی ہوں۔ اللہ تعالیٰ مزید استقامت عطاء فرمائے آمین۔ اب آپ جو بھی اعمال کی لاجواب TIPS بتاتے ہیں ان پر عمل کرنے کی کوشش کرتی ہوں۔ اللہ قبول بھی فرمائے اور برکت بھی عطاء فرمائے آمین اور دوسروں کو بھی وقتاً فوقتاً بتاتی رہتی ہوں اور دوسروں کو بھی ان اعمال نبوی ﷺ سے فائدہ ہوتا ہے۔

یامانع کا کمال

محترم حضرت صاحب! میرا چھوٹا بھائی گانے اور فلموں کا بہت شوقین ہے وہ گھر میں اپنے دوست سے مانگ کر فلم لے آیا اور بیٹھ کر دیکھی پھر دوسری فلم دیکھنے کیلئے بیٹھ گیا تو میں نے مسلسل "یَا مَانِعُ" پڑھنا شروع کر دیا اور میری بہن اس کو ڈانٹتی رہی اور کرنا ایسا ہوا کہ اس کی فلم چلی ہی نہیں اور ہم نے اللہ کا شکر ادا کیا۔

کیبل اور ٹی وی سے نجات

محترم حضرت صاحب جب سے آپ نے درس میں یہ دعا بتائی ہے میں تب سے پڑھ رہی ہوں۔ پہلے صبح و شام 3 بار پڑھتی تھی اب 7 بار صبح و شام پڑھتی ہوں اس کا انوکھا فائدہ یہ ہوا کہ میں ٹی وی اور ڈراموں کی بہت شوقین تھی اور ہر وقت ہر چینل کا ڈرامہ دیکھتی تھی اللہ تعالیٰ نے اس دعا کی برکت سے خود ہی راستے بنائے اور ہماری کیبل اتر گئی اور اب دل ہی نہیں چاہتا کہ میں ٹی وی دیکھوں اور گھر والے کہتے ہیں کہ کیبل لگواتے ہیں تو میں دعا کرتی ہوں کہ یا اللہ! یہ فتنہ نہ لگے۔ اللہ ہمیں اس فتنے سے بچائے اور اللہ ساری امت کو بچائے اس فتنے سے۔ یہ آپ کے فیض کی برکت سے ہے ورنہ میں تو ٹی وی کے بغیر رہ ہی نہیں سکتی تھی ٹی وی خراب ہو جاتا تو لٹک کے کھڑکی سے نیچے والوں کے گھر ڈراموں کی صرف آوازیں سنتی تھی۔ میں تو اتنی شوقین تھی لٹک لٹک کے تھک جاتی مگر صرف آواز ہی سنتی رہتی اس ٹی وی کی وجہ سے اپنی نماز جلدی جلدی پڑھ لیتی اور کوئی احساس بھی نہ ہوتا صرف یہ احساس ہوتا کہ Episode نہ

چھوٹ جائیں۔ اب اللہ تعالیٰ نے اس دعا کی برکت سے ایسی حفاظت فرمائی کہ میں خود دعا کرتی ہوں کہ یا اللہ کیبل نہ لگے آمین۔ اور میرے چھوٹے بھائی کو بھی اس کیبل سے نفرت ہو جائے اور اللہ ہر ایک کی حفاظت فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی نسلوں کو آباد رکھے۔ آپ کی مشکلات آسان فرمائے اللہ آپ کو صحت کاملہ عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔ دعا یہ ہے "بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَنَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ" صبح و شام سات بار

نور نے راستہ بنا دیا

محترم حضرت صاحب ہمارے گھر میری امی کی خالہ آئی جن کی عمر تقریباً 80 سال ہے انہوں نے بتایا کہ ایک دفعہ میں شادی پہ گئی اور جب بارات آئی تو بارات میں شریک افراد ناچنے لگ گئے اور اماں کہنے لگیں کہ میں گھر چلی جاتی ہوں گھر جا کر ذکر کروں گی یہاں وقت ضائع ہو رہا ہے۔ کہنے لگیں کہ میں تیز تیز جا رہی تھی ابھی آدھا راستہ ہی کٹا تھا کہ لائٹ چلی گئی اور گھپ اندھیرا ہو گیا۔ کہنے لگیں کہ میرے دل نے اچانک کہا کہ کلمہ طیبہ پڑھو۔ اماں کہنے لگیں کہ میں کلمہ شریف پڑھنے لگی اور میں دل ہی میں پڑھتی گئی اور آہستہ آہستہ چلتی گئی اور اللہ نے کلمے کا نور بنا دیا میں چلتی گئی اور روشنی بنتی گئی اور راستہ بنتا گیا۔ تھوڑا آگے اور گئی تو اللہ نے لائٹ بھیج دی اور میں گھر آرام سے پہنچ گئی۔

6 سورتوں کا کمال

میرے دانت میں بہت شدید درد تھا میں نے نماز کی سنتوں میں پہلی رکعت میں 6 سورتیں اور دوسری رکعت میں بھی 6 سورتیں پڑھی اور جب نماز سے فارغ ہوئی تو میرے دانت کا درد ٹھیک ہو گیا۔

یا حفیظ کی برکت

حضرت صاحب! میری دوست کہنے لگی کہ میری کمر میں شدید تکلیف تھی اور میں نے دل ہی دل میں 11 بار یا حفیظ پڑھ کے پھونک ماری اور میرا درد ٹھیک ہو گیا۔

حکیم صاحب! میں کالج میں اپنا بیگ اور اپنی دوستوں کا بیگ ایسے ہی ایک جگہ رکھ کے چلی جاتی ہوں اور “یا حفیظ” پھونک دیتی ہوں نہ بیگ اپنی جگہ سے ہلتے ہیں اور نہ ہی الحمدللہ آج تک کوئی نقصان ہوا۔ ایک مرتبہ میں یہ عمل کر کے گئی تو جب ہم واپس آئے تو میرے دوست کا بیگ موجود تھا میرا نہیں تھا لیکن مجھے یقین تھا کہ بیگ کی حفاظت تو “یا حفیظ” اللہ کر رہا ہے کچھ نہیں ہوگا۔ جب آگے گئی تو میرا بیگ میری دوسری دوست کے پاس تھا اللہ نے “یا حفیظ” سے حفاظت کا معاملہ فرمایا۔

جب میری اور میرے چھوٹے بھائی کی لڑائی ہوتی ہے تو میں تنگ آ کر کہتی ہوں اللہ کرے تمہارا موبائل گم ہو جائے تو آگے سے بڑے یقین سے کہتا ہے کہ جاؤ جو مرضی کہتی رہو میں نے اپنے موبائل پر “یا حفیظ” 11 بار پڑھا ہوا ہے میرے موبائل کو کچھ نہیں ہوگا۔ اللہ اس کے یقین میں مزید برکت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

حضرت صاحب میری دوستوں نے بھی اپنی قیمتی چیزوں پر “یا حفیظ” لکھ لیا ہے۔ انہیں بھی یقین ہے کہ جب ہم اپنی کتاب پر یا کسی قیمتی چیز پر “یا حفیظ” لکھیں گے تو اللہ غیب سے ہماری چیزوں کی حفاظت کرے گا۔

آیت کریمہ کی کرامت

میری دوست بتانے لگی جب بھی مجھے کوئی مشکل ہوتی ہے تو میں آیت کریمہ پڑھتی ہوں میری مشکل نہیں رہتی اور جلد ہی حل ہو جاتی ہے۔ اور میری دوسری دوست بتانے لگی کہ میں جب بھی سر پر ہاتھ رکھ کر آیت کریمہ پڑھتی ہوں تو وہ انسان میری ہی بات مانتا ہے اور جو میں چاہتی ہوں وہ ہو جاتا ہے۔

قبولیت دعا کا راز

محترم حضرت صاحب! میری دوست نے بتایا کہ اگر اس دعا کو 27 بار پڑھ لیا جائے اور جو دعا بھی مانگی جائے تو وہ ضرور بہ ضرور قبول ہوتی ہے۔ اور کہا کہ یقین رکھنا کہ دعا ضرور قبول ہوگی۔ “اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَلِلْمُؤْمِنَاتِ

وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْاَحْیَاءُ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ’’

کلمات ہیں۔ یہ کلمات میں بھی 27/25 بار پڑھتی ہوں اور جو دعا مانگتی ہوں ضرور قبول ہوتی ہے جلدی یا دیر میں لیکن قبول ہوتی ضرور ہے وہ کلمات یہ ہیں۔

طبی ٹوٹکہ

بیسن کا لیپ

حکیم صاحب! میرے منہ پر دانے نکل آتے ہیں خاص کر ناک تو ہر وقت بھری رہتی ہے معلوم نہیں کیوں ایسا ہوتا ہے میں مسلسل ہفتہ یا دو ہفتہ بیسن دودھ میں مکس کر کے لیپ بنا کر لگا کر اور جب سوکھ جائے تو پانی سے دھو لیتی ہوں۔ میرا رنگ بھی صاف ہو جاتا ہے اور دانے بھی ختم ہو جاتے ہیں۔ میری دوست نے مجھے بتایا کہ ملائی میں بیسن ملا کر رات کو لگا کر سونے سے رنگ نکھر جاتا ہے، مسلسل چند ہفتے استعمال کریں۔

(شیز اماہین، لاہور)

☆……☆……☆

محترمہ فردوس صاحبہ کے مشاہدات

سلام ادب اور خلوص دل سے پیش کرتی ہوں قبول ہو اور اللہ اپنی جناب سے مزید ہمت اور طاقت بلند درجات عطا فرمائے آمین۔ اللہ ہر جگہ ڈھیروں ڈھیر عزت عطا فرمائے اس سے کہیں زیادہ اللہ آپ کو جزائے خیر دے اور اپنی رحمت کی چھتری اور چھاؤں میں ہمیشہ رکھے۔ دنیا اور آخرت میں اعلیٰ درجات سے نوازے کبھی کسی چیز کی کمی نہ دے ساری ضرورتیں تسبیح خانے کی اللہ اپنے غیب کے خزانوں سے پوری کرے۔ آمین۔

ٹی وی ڈراموں سے جان چھوٹ گئی

کہاں سے شروع کروں کہاں ختم کروں اتنے احسانات ہیں میرے اوپر کیا کیا بیان کروں۔ آپ کی مہربانیاں ہزاروں ہیں ہر وقت آپ ہمارے ساتھ ہوتے ہیں گھر

میں گاڑی میں، باتوں میں خیالوں میں، میرے گھر کا ماحول میرے بچوں کا ماحول آپ کے درس کی برکت سے تبدیل ہوا ہے۔ ہم بہت بدل گئے ہیں، ہمارے گھر کا سکون آپ کی بدولت سے ہے پرسکون ماحول آپ کی وجہ سے ہے۔ میرا بیٹا فرحان جو پہلے مجھے کہتا تھا کہ آپ ہی کی ذمہ داری ہے سب میری ضرورتیں پوری کرنے کی کیونکہ آپ نے پیدا کیا ہے مگر اب اللہ کا شکر ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری سمجھنے لگا ہے۔ صرف آپ کے درس سننے کی وجہ سے اب آپ کی بات پہ عمل بھی کرتا ہے۔ اب اس کی طرف سے مجھے کوئی پریشانی نہیں ہے۔ باقی بیٹیاں باپردہ ہوگئی ہیں، ٹی وی ڈرامے، گانے سب گھر سے نکل گئے یہ سب آپ کی مہربانی اور اللہ کی کرم نوازی سے ہوا۔ ہماری زندگیاں بدل گئیں۔ فرحان آہستہ آہستہ عمل پر آرہا ہے پہلے کہتا تھا کہ میں بیعت والی تسبیحات نہیں پڑھ سکتا۔ لیکن اب اس نے پڑھنا شروع کر دیں ہیں۔

سورۃ کوثر کی برکت سے شوگر ختم

کچھ عرصہ پہلے کی بات ہے کہ جب آپ نے تھیلی والا عمل بتایا ہم نے تھیلی محلے میں بانٹی کسی نے عمل نہ کیا ایک عورت نے تھیلی لے کر رکھ لی عمل نہیں کیا۔ آپ کے درس میں ایک آدمی نے کہا تھا کہ آپ نے مجھے چھوٹی سی سورت پڑھنے کو دی ہے تو آپ نے کہا چلو جاؤ وہ ہی پڑھو آپ کیلئے یہ چھوٹی سی ہے میں نے یہ درس والا اس عورت کو سنایا کہ وہ آدمی پھر اس چھوٹی سی سورت کوثر کی برکت سے بیرون ملک چلا گیا۔ اس عورت نے میری بات سنتے ہی عمل شروع کر دیا اس نے روز 6 تسبیح پڑھنی شروع کر دیں۔ پانچ تسبیح پانچ نمازوں کے ساتھ اور ایک تہجد میں...! اللہ کی کرنی ایسی ہوئی کہ اس کا بیٹا دوستوں کے ساتھ باہر کے ملک کیلئے سیر کا پروگرام بنا اور وہ سیر کے ویزے پر گیا مگر اللہ نے مستقل رہنے کی صورت بنا دی اور ادھر اس عورت کو پتہ نہیں کہاں سے شوگر ہوگئی اس کی آنکھیں خراب ہو رہی تھیں کالا موتیا اتر رہا تھا اس کے بیٹے کو پتہ چلا فوراً ڈاکٹر سے ٹائم لیا اور چالیس ہزار بھیجے اور بھائی سے کہا امی کو ڈاکٹر کے

پاس لے جاؤ ڈاکٹر نے پوچھا مائی آپ کو شوگر تو نہیں ہے مائی نے کہا بہت عرصہ سے ہے ڈاکٹر نے ٹیسٹ لیا تو مائی سے کہا کہ مائی جی آپ کو کبھی شوگر تھی ہی نہیں اور فوراً آپریشن کیا اور ٹھیک ہوگئی۔ دوسرے تیسرے دن مائی گلیوں میں پھر رہی تھی کہتی ہے کہ جب ڈاکٹر نے کہا کہ مائی جھوٹ بولتی ہے اس کو شوگر کبھی نہیں تھی تو کہتی ہے میری آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے کہ یہ سب سورۃ کوثر کی برکت سے ہوا۔ مجھے بتانے لگی کہ جیسے ہی آپ نے درس والے آدمی کی بات بتائی تھی ایسا ہی میرے بیٹے کا سبب بنا کبھی ممکن ہی نہیں تھا کہ پاکستان آئے بغیر دوبارہ ویزہ لگ جاتا لیکن دوسال کا ویزہ اِدھر سے ہی لگ گیا ہے اور وہ اب باہر ہے۔

جتنے پیسوں کی ضرورت تھی......اتنے مل گئے

میں نے مارکیٹ میں ایک آدمی کو برکت والی تھیلی دی اس آدمی نے کہا کہ مجھ سے بھی آپ کو ایک گفٹ لینا ہوگا میرا تجربہ کیا ہوا ہے۔ میں نے کہا جی فرمائیں؟ بتانے لگا کہ میرے پاس صرف 20 روپے تھے میرا بیٹا مجھ سے کسی چیز کا مطالبہ کر رہا تھا اور میں پریشان تھا کہ میں اب اپنے لیے سگریٹ لوں یا اس کو چیز لے کر دوں۔ اسی پریشانی کے عالم میں نے ’’سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ‘‘ پڑھا وہ کہتا ہے کہ جب بھی یہ عمل کیا ہے خوب پاتا ہوں اور میرا آزمودہ عمل ہے۔ میں نے پریشانی کے عالم میں یہ پڑھنا شروع کردیا اور کثرت سے پڑھتا رہا اور اللہ سے کہنے لگا کہ یا اللہ! تو مجھے آج اپنی قدرت کا کرشمہ دکھایے جیسے ہی اس نے اللہ کو پکارا تو اس کی رحمت متوجہ ہوئی اور جوش میں آگئی اور وہی کھڑے کھڑے اس کا بھتیجا گزرا اس نے کہا ایک کام ہے آپ یہ کرسکتے ہیں ابھی اور اسی وقت؟ اس نے کہا ہاں کرسکتا ہوں۔ اس کی قیمت منہ بولے ملے گی اس نے وہ کام کیا تو اس کو فوراً 50 ہزار روپے دیئے اتنے ہی پیسوں کی ضرورت تھی جتنے مل گئے۔

استخارے کا عمل

دو رکعت نماز نفل استخارہ شروع ثناء سے کریں اور الحمد شریف سے ’’اِيَّاكَ نَعْبُدُ

وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ'' کو دوہراتے جائیں جب تک چہرہ دائیں بائیں طرف نہ مڑ جائے ۔ اگر دائیں طرف مڑ جائے تو سمجھو اچھا ہے بائیں مڑ جائے تو ٹھیک نہیں۔ مڑنے کے بعد نماز مکمل کر لیں اگر پہلے دن چہرہ نہ مڑے تو تین دن تک اسی طرح عمل کریں۔

آگ فوراً بند ہوگئی

میٹرک یا کسی بھی امتحان کیلئے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم 141 بار کاغذ پر تحریر کر کے دریا میں ڈال دیں اور کامیابی کی دعا کریں انشاء اللہ قبول ہوگی۔ ایک دفعہ آگ لگنے کے بعد جب کوئی امید نہ رہی تو اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور کلمہ پڑھا تو آگ فوراً بند ہوگئی۔

لفظ اللہ لکھنے کی برکت

میرا چھوٹا بیٹا مجھے بہت تنگ کرتا ہے میں اس کو کہتی ہوں میرے ہاتھ تم لگ جاؤ پھر میں تمہیں پوچھوں گی۔ وہ ڈر کے مارے فوراً ہی تسبیح پکڑ لیتا ہے اور ''یا حفیظ'' پڑھنا شروع کر دیتا تو میرا غصہ ختم ہو جاتا ہے۔ آپ سے سنا تھا اس کو اب ڈانٹ پڑتی ہے یا مار کا ڈر ہو تو وہ فوراً ہی اللہ لکھنے بیٹھ جاتا ہے اور وہ مجھ سے بچ جاتا ہے۔

چہرے کی خوبصورتی

جو عورتیں اپنا خیال نہیں رکھ سکتیں یا انہیں ٹائم نہیں ملتا وہ جب کھانا بناتی ہیں تو وہ ٹماٹر کا ایک ٹکڑا کاٹ کر چہرے پر مل لیں۔ جب کام سے فارغ ہوں تو صابن سے چہرہ دھو لیں تو چمک آجائے گی۔

دانت مضبوط

مسوڑھوں سے خون آتا ہوں یا مسوڑھے سوج جاتے ہوں تو کیکر کے درخت کے نرم پتے اور کونپلیں منہ میں چبائیں اور تھوڑی دیر منہ بند رکھیں۔ مسوڑھوں سے خون آنا بند اور دانت مضبوط ہو جائیں گے۔

(فردوس، لاہور)

☆……☆……☆

محترم خالد محمود کھوسہ صاحب کے تجربات

السلام علیکم! عبقری سے وابستگی کو تقریباً 3 سال ہونے والے ہیں اس میں چھپنے والے تمام نسخہ جات اور روحانی عمل ہر حوالے سے کامل، قابل عمل اور آسان ہوتے ہیں ان سے فائدہ زیادہ ہوتا ہے۔

سورہ اخلاص کے عمل سے سواری مل گئی

عبقری میں ایک عمل سورہ اخلاص کا چھپا تھا 3 دفعہ درود ابراہیمی ایک دفعہ سورہ فاتحہ 3 دفعہ سورۃ اخلاص اور 3 دفعہ درود ابراہیمی۔ رائے ونڈ اجتماع 2011ء میں شرکت کا ارادہ تھا اور شہر کے ساتھیوں کا بھی پروگرام بنا ہوا تھا۔ میں گھر سے دور اپنے زرعی رقبہ پر 70 کلومیٹر دور تھا عشاء کے بعد روانگی طے تھی مگر میں مغرب کی اذان کے وقت اپنے زرعی رقبہ پر موجود تھا اور سواری کا بھی کوئی بندوبست نہیں تھا مغرب کی نماز کے بعد میں نے دل سے اس عمل کو کیا اور دل میں دعا کی کہ اے اللہ! میرے پاس سواری کا کوئی بندوبست نہیں ہے تو ہی کوئی سواری کا بندوبست کردے اور بس اجتماع میں شرکت کرسکوں۔ کافی دیر تک دعائیں کرتا رہا اتنے میں کھانا آیا اور میں کھانا کھانے میں مشغول ہوگیا اچانک دل خیال آیا کہ اس وقت سواری بھی ممکن نہیں ہے روڈ پر بھی سواری نہ ملے رات کو راستے میں بھی سواری کا مسئلہ ہو اس سے بہتر ہے رات یہیں گزار کر صبح روانگی کی جائے۔

صبح نماز کے بعد روانگی اور دوپہر سے پہلے گھر پہنچ گیا اور اپنا بستر اور کپڑے تیار کرکے رکھ دیئے۔ مغرب کے بعد کھانا کھا کر ڈیرہ غازی خان مرکز کی طرف روانہ ہوگیا راستے میں دل ہی میں دعائیں کرتا رہا مرکز پہنچ کر دیکھا تو لوگوں کا رش تھا ٹائم والی گاڑیاں سب پہلے بک ہوچکی تھیں اور سیٹ کے دور تک چانس نہیں تھے پہلی بس میں لوگوں کو بٹھانے کے لئے بلایا اور انکو بٹھا دیا گیا آخر میں ایک آدمی نے اعتراض

کردیا کہ مجھے اگلی سیٹوں پر جگہ دو ورنہ میری طبیعت خراب ہو جائے گی۔ بس اس آدمی سے مل کر میں نے کہا کہ اگر میں تمہاری سیٹ پر اجتماع میں چلا جاؤں تو آپ کو اعتراض تو نہیں؟ اس نے جواب دیا کہ مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے اور یوں اس کی جگہ بیٹھ کر اجتماع گاہ پہنچ گیا۔

محترم حکیم صاحب میرا اجتماع میں اتنی جلدی پہنچ جانے کا کوئی انتظام نہ تھا یہ سب اس عمل کی برکت تھی۔

6 سورتوں کی برکت...... گاڑی کا انجن

میری گاڑی کا انجن خراب ہو گیا تھا جس کا انجن نیا لگوانا تھا جہاں بھی جاتا انجن کافی مہنگے اور ناقابل اعتبار ملتے بغیر کسی گارنٹی کے۔ میں نے 5 سورتیں مع 6 بسم اللہ کے پڑھ کر اللہ سے مانگنا شروع کر دیا کچھ دن کے بعد اچانک میں نے ایک دکان پر فون کیا تو اس نے بتایا کہ 2 دن پہلے ایک گاڑی والا انجن اتار کر رکھ گیا ہے اس نے اپنی گاڑی میں اور انجن لگوا لیا ہے دیکھ لو پسند آ جائے تو لے لینا۔ میں نے جب اس انجن کو دیکھا تو وہ بالکل نیا اور سٹینڈرڈ کی حالت میں جاپانی انجن تھا جو کہ مجھے آدھی قیمت میں مل گیا۔ یہ سب 5 سورتوں اور 6 بسم اللہ کے عمل کیوجہ ہوا ہے۔

روتی چیختی بچی فوراً خاموش ہوگئی

رمضان شریف تسبیح خانہ میں گزار کر واپس گھر جا رہا تھا میرے ساتھ اگلی سیٹوں پر ایک فیملی سوار تھی ان کے ساتھ ایک چھوٹی سی بچی بھی تھی۔ وہ بچی کبھی مرد کے پاس آتی ہے اور کبھی عورتوں کے پاس چلی جاتی۔ کافی دیر کے بعد اس بچی نے رونا شروع کر دیا اور بچی کا شور بڑھنے لگا چپ کرانے کی سب کوششیں بے سود ثابت ہوئیں کچھ دیر بعد مجھے ''انجستم اور اذان والا عمل'' یاد آیا اور 7 بار پڑھ کر اس بچی کے کان میں پھونک دیا اور بچی اسی وقت خاموش ہوگئی۔

شدید ایکسیڈنٹ کے دو ماہ بعد ہوش آ گیا

عید الفطر کے دوسرے دن شام کو دو موٹر سائیکل آپس میں ٹکرائے اور لوگوں کو کافی ساری خراشیں آئیں۔ ان میں ایک آدمی کو سر میں شدید چوٹیں آئیں اور بے ہوش ہو گیا کافی دیر تک ہوش نہ آیا۔ ایک دن میں ان کے گھر عیادت کیلئے گیا اور بیہوشی کا سن کر ان کو ''افحسبتم اور اذان والے عمل'' کا پرچہ تھما دیا کہ گھر میں پڑھ کر تصور میں پھونک مارو اور جو اس کے ساتھ ہیں وہ بھی دن میں 3,4 بار پڑھ کر اس کے کان میں پھونک ماریں۔ یہ عمل کئی دن جاری رہا آخر دو ماہ بعد اس نے بولنا شروع کر دیا۔ اس کا دماغ بھی صحیح کام کر رہا تھا اس کو اپنے گھر کے سارے نمبر اور سب کچھ ویسا ہی یاد تھا جیسا کہ ایکسیڈنٹ سے پہلے یاد تھا۔

بیروزگار کو روزگار مل گیا

ایک آدمی کافی دنوں سے ایک عامل کے پیچھے بھاگ دوڑ رہا تھا کہ میرے اوپر میری بیوی نے کچھ کر دیا ہے اور روٹھ کر میکے چلی گئی ہے۔ میں جہاں بھی کام کیلئے جاتا ہوں 2 دن بعد وہاں سے چھٹی کر دی جاتی ہے۔ گھر میں فاقے ہیں کھانے کو کچھ نہیں ہے، کام بھی نہیں ملتا یہ کہہ کر رونے لگ گیا میں نے اسے تسلی دی کہ میرے مرشد نے کچھ عمل بتائے ان کو کرو اللہ تعالیٰ سب کچھ ٹھیک کر دے گا۔ صبح تہجد کے وقت 2 رکعت نفل توبہ پڑھ کر 313 مرتبہ " اَللّٰھُمَّ اِنِّی ظَلَمْتُ نَفْسِی فَاغْفِرْلِی " پڑھ کر اللہ سے دعا مانگو اور سارا دن " یَا بَاسِطُ یَا فَتَّاحُ یَاکَرِیْمُ " پڑھو اور شام کو " رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَۃً مِّنَ السَّمَاءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدَ الِاَ وَّلِنَاوَ آخِرِنَا وَآیَۃً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ۔ " والی دعا پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک مارو اللہ تعالیٰ ضرور مہربانی کرے گا۔

تین دن بعد آیا میں نے اس سے پوچھا تو اس نے بتایا کہ ایک آدمی نے مجھے بلایا ہے اور اس نے مجھے موٹر سائیکل رکشہ دیا ہے کہ اس کو چلاؤ اور اپنا پیٹ پالو اور مجھے بھی

کرایہ دیتے رہو اب وہ رکشہ چلا رہا ہے اور بہت خوش ہے۔

پیچش، قبض کیلئے آزمودہ نسخہ

کچھ عرصہ پہلے رات کو ایک مہمان آیا اور رات گزاری اس نے باتوں باتوں میں اپنے 3 آزمودہ نسخے بتائے جو کہ میں نے لکھ لیے تا کہ عبقری کے قارئین تک پہنچا سکوں۔

پیچش: ساگھر دانے کو توے پر بھونیں جو دانے جل جائیں ان کو نکال دیں سرخ دانوں کو اچھی طرح پیس کر سفوف بنالیں۔ بڑے آدمی کو ایک ماشہ تک خوراک دیں اور چھوٹے بچوں کو عمر کے مطابق دیں 3 خوراکوں میں پیچش بند ہو جائیں گے۔

قبض:۔ دودھ کو گرم کر کے ٹھنڈا کریں اسپغول کا ایک ساشہ کھول کر منہ میں ڈالیں اور اوپر سے دودھ پی لیں 3 خوراک میں قبض ختم ہو یا گل قند کو منہ میں ڈال کر اوپر سے نیم گرم دودھ پی لیں قبض ختم ہو جائے گی۔

دھدر:۔ توے کی کالک کو آرام سے اتارلیں برابر مقدار میں سرسوں کا تیل ملائیں اور دھدر کی جگہ پر ملیں دھدر ختم ہو جائے گا۔

(نام: خالد محمود کھوسہ ولد فضل حسین کھوسہ ڈیرہ غازی خان)
محترم حکیم صاحب حسب الحکم لکھنے اور بخل توڑنے کی حقیر کوشش کی ہے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ساری زندگی اس روایت کو برقرار رکھنے کی توفیق نصیب کرے۔ آمین

☆……☆……☆

محترم شفیق الرحمٰن صاحب کے مشاہدات

الحمدللہ میں بخیل نہیں ہیں جو کچھ بھی لکھ رہا ہوں اپنے مشاہدات کی بناء پر لکھ رہا ہوں۔

”یاباعث یا نور“ اور خواب

جناب حضرت حکیم طارق صاحب السلام علیکم!

آپ کی کلاس میں مدعو ہوں اور آپ نے ”یاباعث یا نور“ کا وظیفہ بتایا تھا راستے

میں سرگودھا قیام کیا وہاں میں نے رات کو سوتے وقت یہ وظیفہ کیا تو خواب میں ایک اور حقیقت نظر آئی وہ یہ ہے کہ کسی گھر کے اندر بیٹھے ہیں میرا منہ مشرق کی طرف ہے اور میرے بائیں طرف ایک تازہ مٹی کا گھڑا ہے اور اس کے شمال میں مٹی کی دیوار ہے کوئی کہتا ہے کہ وہ دیکھو کیا ہے جب میں دیکھتا ہوں تو اس دیوار سے نیچے کی طرف سے ایک کالا سیاہ ناگ نکل رہا ہوتا ہے لیکن تقریباً ایک فٹ کے لگ بھگ جب نکلتا ہے تو وہ کٹا ہوا ہوتا ہے اور پھر باقی حصہ بھی باقی نکل کر وہاں گڑھے کے کنارے کے اوپر گر جاتا ہے میں کہتا ہوں کہ یہ تو مر چکا ہے اور یہ باقی جو ہے یہ مچھلی ہے پھر ایک عورت کا خاکہ نظر آتا ہے اور وہ اسے اٹھا کر باہر پھینک دیتی ہے۔

دوسرے دن پھر یہی وظیفہ کر کے سویا تو خواب میں دیکھتا ہوں کہ بہت سا ہجوم ہے اور ایک جگہ دودھ کی بنی ہوئی کھیر کی پرات ہے اور تھوڑی دور آگے پھر دودھ کی بنی ہوئی کھیر کی پرات رکھی ہوئی ہے۔

آزمودہ طبی نسخہ جات

اکسیر معدہ: پودینہ 3 تولہ، سماق دانہ 15 گرام مرچ سیاہ 15 گرام، نمک سیاہ 15 گرام

ترکیب: ان سب چیزوں کا سفوف بنائیں۔

خوراک: 1 ماشہ ہمراہ پانی انتہائی اکسیر ہے۔

اکسیر السر معدہ: سونف 1 تولہ، ہلدی 1 تولہ، ملٹھی 1 تولہ، ریوند خطائی 2 تولہ

ترکیب: ان سب کا سفوف بنا کر محفوظ رکھیں یا کیپسول بھریں۔

خوراک: 2 کیپسول ہمراہ پانی صبح شام۔

اکسیر بواسیر: کلونجی، تارامیرا، اجوائن دیسی، میتھرے، کیکر کی چھال

ترکیب: ان سب چیزوں کا سفوف بنا کر رکھیں

خوراک: 1 ماشہ سفوف ہمراہ پانی صبح و شام

اکسیر گنٹھیا: جوڑوں کا درد

سورنجاں شیریں: برگ سنا مکی، زیرہ سیاہ، فلفل دراز، اسگند ناگوری، سونٹھ

ترکیب: ان سب کو ہم وزن لیں اور ان کا سفوف بنا کر ان سب کے برابر چینی شامل کریں۔

خوراک: ایک چمچ صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ یا عرق سونف

اکسیر زخم گردہ: مثانہ، سوزش، پیپ کا آنا، جلن وغیرہ

قلمی شورہ 1 تولہ، گیرو 1 تولہ، پھٹکڑی بریاں 1 تولہ

ترکیب: ان سب کو پیس کر باہم ملا لیں

خوراک: 1 ماشہ ہمراہ پانی یا کچی لسی صبح دوپہر شام شربت بزوری بھی دے سکتے ہیں۔

(شفیق الرحمٰن، سرگودھا)

☆……☆……☆

محترم محمد نواز صاحب کے مشاہدات

آزمودہ نسخے

قبض کا نسخہ میں نے آزمایا، ثابت اسپغول 1 چمچ، سرسوں کے بیج 1 چمچ اور چٹکی بھر کلونجی ملا کر پانی سے کھائیں، بہترین نسخہ ہے۔

چہرے پر دانوں کیلئے روزانہ فروٹر ہاف (آدھا) درجن ایک ہفتہ تک استعمال کریں دانے ختم ہو جائیں گے۔

پاؤں کے چھالوں کیلئے جو سردیوں میں سوجن اور سرخی خارش بڑ جاتی ہے سرسوں کا تیل گرم کرنے کے بعد نمک ملا کر مالش کی جائے تو ختم ہو جاتی ہے۔

(محمد نواز، آزاد کشمیر)

☆……☆……☆

محترم پروفیسر حافظ مسعود الحسن صاحب کے تجربات

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کاملہ عاجلہ عطا فرمائے اور حاسدین وشریر لوگوں کے شر سے حفاظت فرمائے، آپ کو بہت بہت مبارک ہو کہ آپ نے طب کی دنیا اور روحانیت کے میدان میں فراخدلی کا مظاہرہ کیا اور کھلے دل سے مخلوق خدا کی خدمت بے لوث کر رہے ہیں جزاک اللہ تعالیٰ۔

حالانکہ اس فن کے لوگوں کی اکثریت بخیل ہوتی ہے روحانی یا جسمانی علاج کا نسخہ نہیں بتاتے اس طرح اپنے فن کو قبر میں ساتھ لے کر چلے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سمجھ نصیب فرمائے۔ میرا روحانی تعلق اول حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب رحمتہ اللہ علیہ سے تھا ان کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد حضرت اقدس سید نفیس الحسینی شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ سے تعلق قائم ہوا۔ حضرت کے اٹھ جانے کے بعد اپنی اصلاح کیلئے اس وقت حضرت مفتی سعید حسن صاحب دہلوی رائے ونڈ سے تعلق قائم کیا ہوا ہے اللہ تعالیٰ حضرت کا سایہ ہم سیاہ کاروں پر سلامت با کرامت رکھے آمین۔

میں نے آپ کی زیارت تقریباً پندرہ سال قبل جامعہ مدینہ کریم پارک راوی روڈ لاہور میں حضرت اقدس سید نفیس الحسینی شاہ صاحب رحمتہ اللہ علیہ کے پاس ہوئی۔ اس کے بعد سے عبقری کے ساتھ تعلق قائم ہو گیا اور کبھی کبھار تسبیح خانہ میں حاضری ہو جاتی ہے۔ ایک دفعہ کشف المحجوب کا درس سننے کیلئے حاضری ہوئی تو حضرت علی ہجویری رحمتہ اللہ علیہ کے حوالہ سے ایمان افروز بیان ہوا۔ اللہ تعالیٰ تمام اہل اسلام کو حضرت علی ہجویری رحمتہ اللہ علیہ کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ عملیات کے ذریعے استفادہ کرنے والے حضرات سے یہ گزارش کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ صرف عملیات اور وظائف پر بھروسہ نہ کریں بلکہ پانچ وقت نماز مرد حضرات با جماعت مسجد

میں ادا کریں اور خواتین گھروں میں نماز کی پابندی کریں جھوٹ غیبت، رشوت، سود، جھوٹے واقعات دھوکہ دہی سے بچنے کی کوشش کریں تب وظیفوں میں جان پڑتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات پر مکمل بھروسہ کریں اور یقین کامل کے ساتھ دل جمعی سے اعمال کے ساتھ جڑ جائیں۔ اللہ مجھے بھی اور تمام عبقری کے قارئین کو ان باتوں پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ رزق حلال کا اہتمام ضروری ہے۔

اپنے والد صاحب حکیم محمد اسحاق صاحب کے تجربات تحریر کر رہا ہوں جس کو فائدہ ہو وہ میرے خاتمہ ایمان کی دعا کر دے۔ اللہ تعالیٰ اس کو جزا دے گا۔

ھوالشافی

ہچکی بند کرنے کا مجرب نسخہ:

اگر ہچکی شدید ہو تو اس کی تکلیف کا اندازہ صرف اس شخص کو ہو سکتا ہے جس کو یہ تکلیف ہو۔ عام آدمی کیلئے وہ صرف ہچکی ہوتی ہے جبکہ اس مرض والے کو سخت تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ایسے میں ایک مجرب علاج پیش خدمت ہے۔

ایک عدد سیاہ مرچ میں سوئی چبھو کر اسے دیا سلائی سے آگ لگائیں پھر پھونک مار کر آگ بجھا دیں اس طرح کرنے سے جو دھواں پیدا ہوا سے ناک کے ذریعے اندر کھینچیں بس دھواں اندر جاتے ہی ہچکی بند ہو جائے گی، مجرب نسخہ ہے آزمائش شرط ہے۔

کمر درد کے لئے

اسگند ناگوری 1 تولہ، پپلا مول 1 تولہ، چینی 5 تولہ باریک پیس کر شامل کر لیں اور صبح و شام ہمراہ گرم دودھ 6,6 ماشہ استعمال کریں۔

ہر قسم کے دردوں کے لئے

کلونجی 50 گرام، پوست ہلیلہ زرد 50 گرام، سرنجاں شیریں 50 گرام، کالی مرچ 25 گرام، زنجبیل 25 گرام باریک پیس کر سفوف بنائیں، صبح و شام 2,2 ماشہ

ہمراہ تازہ پانی استعمال کریں۔

جوڑوں کے درد کے لئے

اسگندناگوری، زنجبیل کالی مرچ، سرنجاں شیریں ہم وزن باریک سفوف بنالیں صبح وشام 3 ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

مرگی دور کریں

جس کو مرگی کی شکایت ہو تو عقرقرحا 6 ماشہ کوٹ چھان کر شہد خالص 1 تولہ میں ملا کر مرگی والے کو چٹائیں 7 مرتبہ سورۃ فاتحہ اول وآخر درود پاک پڑھ کر دم کریں۔

برائے مرگی تعویذ

جس کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں تو اصل نیل سے تعویذ لکھ کر موم جامہ کر کے بازو پر باندھیں۔

''بسم اللہ الرحمن الرحیم، یا اسیوتا، ثبوتا سعیاً هماً'' یدوس قدوس انه علمون بحرمة محمد واله اجمعین'' انشاءاللہ مستقل شفا مل جائے گی۔

سردی کے بخار کیلئے

(از قاضی شاہ محمد ولی اللہ رحمہ اللہ) تین عدد پیپل کے پتوں پر حروف مقطعات لکھ کر تین روز تک چٹائیں انشاءاللہ بخار لرزہ ختم ہوجائے گا۔ " کھیعص، حم عسق "

عمل برائے ناف

اگر ناف ٹل جائے تو یہ نقش لکھ کر ناف پر باندھیں اور صدقہ کریں۔

ا	ب	ح	د
ر	د	ا	ی
د	دی	م	م

انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

بحوالہ شفاء المریض مع علاج المریض از مولانا محمد امان اللہ صاحب: میلسی۔

فالج، لقوہ، خوف، بواسیر، شوگر، بلڈ پریشر میں سورۃ القریش تین مرتبہ اول و آخر درود شریف 3 مرتبہ پڑھیں۔

پیٹ درد، پتے میں پتھری اور جملہ امراض پیٹ کیلئے ''اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ'' 7 مرتبہ اول آخر 3 بار مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں۔

لاعلاج بیماری سے نجات کیلئے:۔ چینی کی رکابی میں 41 دن سورۃ فاتحہ لکھ کر عرق گلاب سے حل کر کے پلائیں اور نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان 41 دن 40 مرتبہ سورۃ فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

رب راضی تے جگ راضی   رب رسے تے عقل کھسے

(پروفیسر حافظ مسعود الحسن رشیدی، ضلع قصور)

☆……☆……☆

محترم حافظ غلام مرتضٰی صاحب کے تجربات

قبض کیلئے نسخہ

رات کو سوتے وقت تقریباً کھانا کھانے سے ڈیڑھ دو گھنٹے بعد پاؤ دودھ ابال کر اس میں سونف چھوٹی الائچی، میٹھا بھی ڈال لیں ابال لتے، چولہے سے اتارتے وقت چھان کر گرم گرم دودھ میں 2 چمچ چھلکا اسپغول فوراً مکس کر لیں اچھی طرح جب گھاڑھی کھیر کی طرح بن جائے فوراً پی کر سو جائیں تین ماہ کم سے کم لگاتار استعمال کریں۔ انشاء اللہ نفع ہوگا اس کیلئے پرہیز ضروری ہے۔

جو غذائیں قبض کا باعث یا معدے پر بوجھ بنتی ہیں اگر یہ نسخہ صحیح پرہیز کے ساتھ لگاتار 7 ماہ استعمال کر لیں تو انشاء اللہ پرانے سے پرانا لیکوریا اور دھات جریان ختم ہو جائے گا۔ اس میں ایک چیز جو خصوصاً اپنی طرف سے پرہیز بتا رہا ہوں وہ یہ ہے

برف کا ٹھنڈا پانی یا فریج یا نہ پئیں بلکہ گھڑے کا یا تازہ پی لیں۔ کیونکہ ٹھنڈا پانی معدے پر بہت اثر کرتا ہے۔

اسی نسخہ کا دوسرا طریقہ استعمال کریں۔

پاؤ دودھ کو اسی طرح سونف الائچی ڈال کر ابال کر پونی سے چھان لیں فوراً کسی مٹی کے پیالے میں 2 چمچ چھلکا ڈال کر اس کو اتنا ہلائیں کہ وہ گھاڑا بن جائے اسے کھانے کے دوران پرہیز ضروری ہے جو اوپر لکھی ہیں ناشتہ 3 گھنٹے بعد کریں۔

نوٹ:۔

گرم مزاج پر یہ نسخہ استعمال نہ کریں مثلاً سرد مزاج کی رعایت ضروری ہے گرم مزاج کیلئے شبنم والا اور سرد مزاج کیلئے رات والا نیم گرم استعمال کریں۔

نسخہ: جریان، احتلام سرعت انزال، 100 گرام کشینز، 100 گرام تخم خرفہ

ترکیب: دونوں کو کوٹ پیس کر مکس کر لیں صبح نہار پیٹ تازہ پانی سے ناشتہ سے گھنٹہ پہلے کھالیں۔

پرہیز: گھی والی روٹی (پراٹھا)، زیادہ مرچ مصالحہ سے پرہیز ضروری ہے۔

ہر قسم کے یرقان کیلئے

زرشک 5 گرام، ایرانی اصلی آلو بخارا 5 دانہ، انار دانہ 5 گرام

ترکیب: کم از کم ایک گلاس پانی میں بھگو دیں اور صبح نہار پیٹ اچھی طرح مسل کر پی لیں۔

نوٹ: شہد بھی مکس کر لیں اور آلو بخارا کی گھٹلیاں پھینک دیں، باقی سب کچھ پی جائیں ایک ماہ سے 3 ماہ تک لگاتار استعمال کریں۔

مردانہ طاقت کیلئے

جڑ پان 25 گرام، تارا میرا 25 گرام، تخم بھنگ 25 گرام، دھتورہ 25 گرام،

کچلا مدبر 50 گرام، سنڈھ 25 گرام

ترکیب: تمام کا سفوف بنا کر فل کیپسول بھر لیں یعنی بڑا سائز کا کیپسول رات کو سوتے وقت ایک پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

طلاء کیلئے

شیر مدار 1 تولہ، دیسی گھی گائے کا 1 تولہ، شہد 1 تولہ رگڑائی کریں تیار ہے۔

رات کو سوتے وقت پہلے مالش کر لیں، رگوں پر جذب کریں 5 منٹ تک یہ عمل کریں اور پھر اوپر پان کا پتہ باندھ لیں۔

عملیات

سورۃ اخلاص کا نقش جس کیم یں نے باقاعدگی سے زکوٰۃ برائے نقش کی ہے گولیاں بنا کر پانی میں ڈالیں یہ ہر مرض جو کہ لاعلاج ہو خاص طور پر دو فریقوں میاں بیوی کیلئے تیر بہدف ہے۔

نقش عمددی ملفوظی دونوں لکھنے ہیں 41 دن کی زکوٰۃ ہے سوالاکھ مرتبہ تہجد کے وقت لکھنے ہیں 3050 نقش روز کے لکھنے ہیں سورج طلوع ہونے سے پہلے آٹے میں گولیاں بنا کر دریا یا نہر میں اس چلتے پانی میں ڈال دیں۔

روزانہ نہ کر سکیں تو گولیاں روزانہ بنا کر رکھیں ہفتے یا دس دن بعد دریا میں ڈال دیں لیکن یہ یاد رکھیں کہ چلتے پانی میں ڈالنی ہیں۔ ایک بات میں بھول گیا جو یہ ہے کہ قلم انار کی لکڑی کا ہو اور سیاہی دیسی کالی ہو۔ ہاں اگر آپ اپنی نگرانی میں اس کو پڑھنے کا چلہ کسی کو بھی کرا دیں تو دوسری بات ہے۔

سورۃ الم نشرح کا عمل میرے بزرگوں نے بتایا ہے وہ بہت ہی آسان ہے ان کا تجربہ ہے جب بھی وضو مکمل کرنا ہے تین گھونٹ پانی پینا ہے ہر گھونٹ پانی دائیں ہاتھ میں لیکر اس پر 7 دفعہ سورۃ الم نشرح اور "رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا" پڑھ کر پی لیں حافظہ کیلئے بہت اچھا ہے۔

(حافظ غلام مرتضیٰ حنفی، وھاڑی)

☆......☆......☆

محترم شیر اعظم خان صاحب کے تجربات

کھانسی کا علاج

مجھے بہت شدید کھانسی ہوتی تھی اور تقریباً 5 یا 6 ماہ کھانسی سے چھٹکارا نہیں مل رہا تھا کسی درزی نے مجھے نسخہ بتایا تھا خدا کا فضل ہے اب بالکل ٹھیک ہوگئی ہے۔

سوکھا ہوا ادرک اور اس کے برابر گڑ کو گرینڈر مشین میں پیس کر پھر دو حصہ میں تقسیم کرلیں آدھا حصہ شہد میں ملا کر گولی بنالیں اور باقی آدھا کو خشک چھوڑ دیں شہد والی گولی رات کو منہ میں چوس لیں اور خشک والا ایک چمچ صبح سویرے سادہ پانی سے کھالیں اللہ کے فضل سے کھانسی سے چھٹکارا مل جائے گا۔

(شیر اعظم خان، بنوں)

☆......☆......☆

محترم شمیم الظفر صاحب کے تجربات

تسبیح خانے کا فیض

طب اور ہومیو پیتھک ڈاکٹر کے کورس پاس کیے ہیں باقاعدہ مطب نہیں ہے۔ مذہبی رجحان شروع سے ہی ہے اس لئے ہر دینی محفل میں شریک ہوتا ہوں۔ نقشبندی اور چشتی اذکار میں شریک ہوتا ہوں۔

عرصہ دو سال سے عبقری سے تعارف کے بعد عبقری میں شائع ہونے والی روحانی محفل میں شریک ہوتا ہوں عبقری میں دیئے ہوئے اذکار کی بدولت طاقت اور مالی وسعت نہ ہونے کے باوجود بھی امسال مجھے اور اہلیہ کو حج بیت اللہ کی سعادت حاصل ہوئی جو میں سمجھتا ہوں کہ صرف روحانی محفل کی وجہ سے ہوئی ہے دعا اور اذکار کی وجہ سے ایسے قرض سے نجات ملی جو میں سمجھتا تھا کہ کبھی بھی قرض ادا نہ ہوگا۔ دل کہیں بھی مطمئن نہیں ہوا روحانی تشنگی اب لاہور عبقری

کے تسبیح خانہ میں کھینچ لائی ہے۔

(شمیم الظفر عرفی، مظفر گڑھ)

☆......☆......☆

محترم حافظ عبدالرزاق صاحب کے مشاہدات

مشکل آسان اور قرضہ ادا......

''لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ''

روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھنے سے یعنی ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھنے سے ہر مشکل آسان اور قرضہ دار کا قرضہ ادا ہو جائے گا میں نے یہ عمل کیا ہے بہت فائدہ ہوا ہے، نماز کی پابندی شرط ہے۔

حافظ عبدالرزاق، جھنگ روڈ کبیر والا

☆......☆......☆

محترم ظہیر حسین کاظمی صاحب کے مشاہدات

میری آج یہ پہلی روحانی کلاس ہے بلکہ آپ کی محفل میں پہلی بار شریک ہو رہا ہوں آپ کے بیان کردہ عملیات، وظائف خصوصاً حروف تہجی والا عمل میرے لئے بڑا فائدہ مند ثابت ہوگا۔ (انشاءاللہ)

مجھے علم طب سے واسطہ میرے دادا مرحوم اور میرے والد صاحب کے چھوٹے موٹے نسخہ جات کی وجہ سے ہے میرے دادا مرحوم تو ایک کامیاب طبیب رہے ہیں۔

گردے کی پتھری ختم

مجھے گردے کی پتھری کی تکلیف ہوئی اور میں نے ایک کتاب ہمدرد دواخانہ کی شائع کردہ میں نسخہ ہذا پڑھا اور اپنے اوپر آزمایا اور 10 بارہ دن کے اندر پتھری پیشاب کے راستہ خارج ہوگئی۔

قلمی شورہ، موٹی الائچی 7,7 ماشے پیس کر 7 پڑیاں بنالیں اور ایک پوڑی روزانہ سات دن کھائیں۔

قرآنی آیات سے لاعلاج بیماری کا علاج

میری بہن ابوظہبی گئی وہاں بیمار ہوگئی اور ایک مہینے کے اندر واپس پاکستان آگئی بڑا علاج کروایا مگر کوئی فائدہ نہ ہوا آخر کار میرے والد صاحب کے ایک دوست نے قرآن پاک کی 33 آیات جسے منزل کا نام دیا گیا ہے پڑھنے اور گھر میں اس جگہ لگانے کا کہا جہاں سے بہن کا گزر زیادہ ہو۔ چند روز کے بعد بہن کی طبیعت بہتر ہونا شروع ہوگئی اور الحمدللہ اس کے بعد ایسا معلوم ہوا جیسے وہ کبھی بیمار ہی نہیں ہوئی۔ یہاں یہ لکھنا بھی چاہوں گا کہ بیماری بھی ایسی تھی جس کی کوئی تشخیص نہیں ہو رہی تھی۔

میرا بڑا بیٹا حافظ قرآن ہے میرے گھر کے اوپر والی منزل میں ایک دن وہ سویا ہوا تھا تو ڈر کے اٹھ گیا اور اس نے بتایا کہ میرے سینے پر اتنا بوجھ تھا کہ میری برداشت سے باہر ہوگیا تو میں نے آیت الکرسی پڑھنا شروع کر دی اور بوجھ ہلکا ہو کر ختم ہوگیا۔

میرے بیٹے کی کیفیت کے بعد مجھے احساس ہوا کہ یہ کوئی جنات وغیرہ کی شرارت ہے تو میں نے ایک جگہ اذان کے بارے میں پڑھا تھا تو میں نے ایک دن گھر کی اوپر والی منزل کے چاروں کونوں میں با آواز بلند اذان دی اور اذان کے بعد چاروں قل تلاوت کئے اس کے بعد اس طرح کا کوئی واقعہ رونما نہیں ہوا۔

میری کوشش ہوتی ہے کہ چھوٹی چھوٹی مشکلات اور بڑی سے بڑی مشکلات کا ازالہ قرآن پاک کی ان آیات سے جن کا مجھے علم ہے ان سے کروں اور اللہ کے فضل سے میں اس میں کامیاب ہوں۔

(ظہیر حسین کاظمی، ملتان روڈ لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمد احمد بٹ صاحب کے تجربات

میرا تجربہ یہ ہے کہ اللہ کے ذکر سے ہر لمحہ، ہر گھڑی، ہر جگہ فائدہ ہی فائدہ ہے۔ خصوصاً مجھے "یا حی یا قیوم" کے ورد سے ہمیشہ فائدہ ملا ہے، لیکن تشنگی ہے۔

ہر نماز کے بعد سورۃ فاتحہ، معوذتین، آیت الکرسی 3 مرتبہ اول آخر درود شریف کی ترتیب جاری ہے۔ طالب علم ہوں روحانیت کو سمجھنا چاہتا ہوں اکثر سفر میں رہتا ہوں رہنمائی کی ضرورت ہے۔ ہر نماز کے بعد 7 مرتبہ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۲۷۔۲۶ اول و آخر درود شریف کے ساتھ بھی جاری رکھیں رزق میں برکت کیلئے الحمدللہ فائدہ ہے۔

یا حی یا قیوم پڑھنے سے راہیں آسان

1991ء میں تقریباً 20 سال پہلے ایک صوفی بزرگ نے "یا حی یا قیوم" کا ورد پڑھنے کیلئے کہا تھا اور میں وقتاً فوقتاً پڑھتا رہتا تھا اور خصوصی طور پر سفر میں نکلتا تو ورد جاری رکھتا اللہ تعالیٰ نے وسائل نہ ہونے کے باوجود ہر جگہ میرے لئے راہیں پیدا کردیں اور دنیا کا سفر کرتا ہوا آخر کار جاپان جا پہنچا اور وہاں تک پہنچنے کیلئے میرے صرف 300 ڈالر خرچ ہوئے اور پاکستان، ایران، یورپ کا سفر کیا اور الحمدللہ جاپان سے مستفید ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے بہت زیادہ عزت دی، مال اور نام کمایا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب اس ورد کیوجہ سے ہوا اور اس کو بھولنے کی وجہ سے نقصان بھی بہت اٹھانا پڑا۔

(محمد احمد بٹ، گوجرانوالہ)

☆……☆……☆

محترم رضوان علی صاحب کے مشاہدات

محترم جناب میں نے اپنی دکان شروع کی تو میں نے 21 دن سورۃ یٰسین پڑھی اور میرا کوئی گاہک نہیں تھا پھر اللہ پاک نے میرے پڑھنے سے دکان مالا مال کردی جب سے پڑھنا چھوڑا آہستہ آہستہ کام کم ہوگیا لیکن اب میں روز درود ابراہیمی آیت

الکرسی اور بھی دعائیں پڑھتا ہوں اللہ کا شکر ہیں اب کام اچھا چل رہا ہیں اور اکثر میں آپ کا عبقری رسالہ پڑھتا ہوں مجھے اس سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ دوانمول خزانہ پڑھنے سے بھی بہت فائدہ حاصل ہوا ہے۔

(رضوان علی، ساہیوال)

☆……☆……☆

محترم قاری عبدالرشید صاحب کے مشاہدات

السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہ ! حضرت والا میں اپنے کچھ مشاہدات عرض کرنے لگا ہوں۔

1۔ خاتون طلاق سے بچ گئی

میرے پاس ایک خاتون آئی اپنے خاوند کی پریشانی کا ذکر کیا اور بہت ہی زیادہ پریشان تھی مارنا گھر سے بھگانا حتیٰ کہ اس عورت نے پانی کے تالاب میں چھلانگ لگا دی کسی نے دیکھ لیا اس کو باہر نکالا یہاں تک پریشان تھی کہ ساس سسر ہر ایک اس کو تکلیف دیتے اور طلاق کی باتیں کرتے تھے پھر اسکا خاوند سعودیہ چلا گیا 3 سال کیلئے اور ان کا ارادہ بھی پکا تھا اس عورت کو نکالنے کا میں نے آئینہ والا عمل بتایا ”بسم اللہ ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ“ 1100 دفعہ روزانہ پڑھنے کیلئے بتایا۔ کہنے لگی کب تک واپس آجائے گا میں نے کہا انشاء اللہ 40 دن کے اندر واپس اس عورت نے 1100 سو بڑے دھیان کے ساتھ کیا۔ یقین جانئے ! اس کا خاوند ٹھیک 40 دن بعد واپس آ گیا جس دن عمل پورا ہونا تھا وہ عورت آئی کہنے لگی آج میرے خاوند کی واپسی ہے اور مجھے اتنا یقین آیا ہے کہ میں سوچ بھی نہیں سکتی تھی اللہ پاک نے اس عمل سے کامیابی عطا فرمائی۔

2۔ برکت والی بھینس

اذان والا عمل کا ہم نے خود اپنے گھر میں مشاہدہ کیا ہماری ایک بھینس ہے اس کے

کان میں روزانہ 129 مرتبہ اذان پڑھ کر دم کیا الحمدللہ اب 4 مہینے ہوئے ہیں اللہ نے اس کو امید سے کر دیا ہے جبکہ پہلے اس نے تقریباً 8 مہینے ہمیں پریشان کیا تھا اللہ تعالیٰ نے اذان کی برکت سے ہمارے لئے اس بھینس کو برکت والی بنا دیا۔ 3 مہینے 10 دن لگاتار ہم نے یہ عمل کیا اور کوئی ناغہ نہیں کیا اور اب بھی جاری ہے۔

3۔ جوڑوں کے درد سے نجات

میں نے عبقری کا ایک کورس کمر جوڑوں کا درد اور کراماتی تیل یہ دونوں میں نے ایسی خاتون کو استعمال کرایا جو کہ بالکل لاغر درد جوڑ جوڑ میں کمزوری بے انتہا تھی چلنا پھرنا کام کاج کرنا وبال تھا۔ الحمدللہ میں نے یہ کورس استعمال کرائے اور 4 کورس مکمل کرنے سے بالکل صحت یاب اور تندرست ہوگئی یہ میرا مشاہدہ ہے۔

4۔ دو سورتوں کے عمل سے رزق کی فروانی

میری اہلیہ نے ایک عورت کو عمل بتایا کہ روزانہ سورۃ یٰسین اور تبارک الذی، صبح کے وقت پڑھنا ہے جس گھر کی یہ حالت تھی کہ بڑی مشکل سے پیٹ بھرا جاتا تھا۔ ریڑھی لگا کر گزارا کیا جاتا تھا آج سے کئی سال پہلے اب گھر کے حالات یہ ہیں کہ الحمدللہ گھر میں رزق کی بہت ہی زیادہ فراوانی ہے۔ ان دو سورتوں کی تلاوت سے وہ خود اس کا اقرار کرتے ہیں اور ابھی تک اس عمل پر چل رہے ہیں۔

5۔ ظالم لوگ ہار مان گئے

ہمارے عزیزوں میں ایک رشتے پر تنازع ہو گیا اور بہت زیادہ حتیٰ کہ ایک دفعہ لڑکا اپنے سسرال گیا لڑکی کے بھائیوں نے اسے باندھ کر کلہاڑی سے قتل کرنا چاہا اور قریب تھا کہ ایسا ہو جائے لیکن ان کی ایک عورت نے بڑی مشکل سے بچاؤ کرایا اور ایک دفعہ اسلحہ لے کر گھر آ گئے قتل کرنے کیلئے بہت لمبی کہانی ہے کیونکہ لڑکی والے امیر اور بڑے لوگ تھے اب بھی ہیں انہوں نے مجھ سے رابطہ کیا ساری صورتحال کا مجھے علم تھا تب انہوں نے پریشان ہو کہ رجوع کیا تو میں نے ان کو وظیفہ "یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیْمُ

یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ " پڑھنے کو بتایا کہ سب گھر والے پڑھیں اور انہوں نے یقین کے ساتھ پڑھا اور سب نے پڑھا الحمد للہ اس کے پڑھنے سے وہ ظالم بڑے لوگ زیر ہو گئے اور ان کا کوئی بس نہیں چلا اور ہار مان کر طلاق لے لی اور وہ کچھ نہ بگاڑ سکے۔ الحمد للہ یہ اس عمل کی برکت ہے۔

(قاری عبدالرشید، نارووال)

☆......☆......☆

محترم محمد الیاس صاحب کے مشاہدات

حضرت صاحب کی اجازت سے درود خضری کا ذکر کرتا ہوں ذکر کی برکت سے 4 دفعہ حکیم صاحب کی خواب میں زیارت ہوئی ہے جس میں آپ نے ذکر کرنے کی تلقین کی۔

(محمد الیاس بھٹی، چشتیاں)

☆......☆......☆

محترم انیس الرحمٰن صاحب کے مشاہدات

موتی مسجد والے عمل کی برکات

حضرت صاحب جب سے موتی مسجد کا عمل آپ نے فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے اس عمل کی برکت سے ہمارے گھرانے کے کافی سارے مسائل حل کر دیئے ہیں۔ مجھے آپ نے " یا مانع یا صبور "کا ورد بتایا تھا یہ میں ایک آدمی کے شر سے بچنے کیلئے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھتا ہوں بحمد للہ اس ورد کو بڑا ہی مجرب پایا۔ اب تک پڑھتا رہتا ہوں۔

کسی بھی گمشدہ چیز کو پانے کیلئے " فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ " کا ورد کرتا ہوں بحمد للہ اس ورد کو بھی بڑا ہی کامیاب پایا۔

بحمد للہ حضرت والا آپ کی نظر کرم سے میرے ساتھ جنات کا بھی کچھ ہلکا سا تعلق قائم ہو چکا ہے میں اپنی رہائش پر جب سوتا ہوں تو ایک دم ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے میرے اوپر کوئی غضب ناک دباؤ آ گیا ہے میرا سینہ درد کرنے لگتا ہے جسم چور چور ہو جاتا ہے۔

اسی طرح جب سے آپ نے موتی مسجد کا عمل عطا فرمایا ہے میری بو نے جنات سے خاصی محبت ہوتی جا رہی ہے، جب موتی مسجد سے واپس آتا ہوں تو ایک دو دن میرا سارا جسم ہتھیلیاں ٹھنڈی رہتی ہیں ٹھیک تیسرے دن یہ کیفیت ختم ہو جاتی ہے۔ پھر جب دوبارہ جانے کا ارادہ کرتا ہوں تو پھر یہی حالت واپس آ جاتی ہے۔

حضرت والا کبھی کبھار ایسے بھی محسوس ہوتا ہے کہ میری نیند میں آتے ہیں میرے پاس جو بچے قرآن پاک حفظ کرتے ہیں ان میں سے کسی کا نام میری زبان پر بلواتے ہیں کبھی کبھی مجھ سے نیند میں قرآنی آیات بھی پڑھنے سننے کیلئے بلواتے ہیں اگر نماز میں سستی ہو جائے تو اس کیلئے بھی بیدار کرتے ہیں۔ میں صبح 7 بجے سے رات عشاء تک بچوں کو حفظ قرآن پڑھانے میں ہی مصروف ہوتا ہوں۔

(انیس الرحمٰن، ملتان روڈ، لاہور)

☆......☆......☆

محترم مقصود احمد صاحب کے مشاہدات

پرانی داڑھ درد سے نجات

میری داڑھ میں شدید درد رہتا تھا بڑے ٹوٹکے آزمائے دوائی کھائی مگر مستقل آرام نہ آ سکا۔ پھر کسی کے بتانے پر 5 دن تک عشاء کی نماز کے بعد 2 رکعت نفل خواجہ اویس قرنی رحمہ اللہ کو پڑھ کر ہدیہ کی تیسرے دن ہی آرام آ گیا اب 15 سال ہونے کو ہیں درد دوبارہ نہیں ہوا۔

(مقصود احمد، گوجرانوالہ)

☆......☆......☆

محترم محمد عمران اعوان صاحب کے مشاہدات

بخل شکنی سے پاک...... تسبیح خانے کا پیغام

تمام تعریفیں اسی اللہ کی جس نے آپ کو اس توفیق سے نوازا جس سے انسانیت کی خدمت کی جائے جو بجا طور پر اللہ کو سب سے زیادہ پسند ہے تسبیح خانہ کی روایت مکمل طور پر بخل شکنی پر مبنی ہے بلکہ یہ وہ ادارہ ہے جس نے تمام خانقاہوں اور حکمت و عملیات سے وابستہ افراد کو اسی امر پر مجبور کر دیا ہے کہ وہ بھی بخل شکنی کی روایت کو توڑ ڈالیں۔ یہ بھی آپ پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم ہے کہ آج کل کے اس متعفن دور میں اللہ آپ سے ایسا کام لے رہا ہے جس کے باعث خانقاہوں کی رونقیں بحال ہو گئی ہیں۔ حکمت عملیات اپنے جوبن پر ہے جس کے باعث اللہ کی مخلوق اللہ سے جڑ رہی ہے شفایاب ہو رہی ہے۔ یہ تو وہ سبق تھا جو ہم آج بھول گئے اور تباہی و بربادی کے کنارے پر پہنچ گئے۔ اللہ آپ کو خوش رکھے آپ اور آپ کے اہل خانہ و دوست احباب پر خصوصی شفقت اور خصوصی عنایت نظر و کرم کرے اور ایمان کی سلامتی عطا فرمائے۔ اعلیٰ حضرت ہمارے لئے بلکہ تمام امت محمدیہ ﷺ کیلئے دعا فرمائیے گا کہ جب روح جسم کو چھوڑے تو ایمان کی سلامتی کے ساتھ چھوڑے۔

بدترین نظر بد سے چھٹکارا

نظر بد کا ایک وظیفہ حاضر خدمت کرنا چاہتا ہوں اللہ کے فضل سے فوری اتار ہوتا ہے اول و آخر درود شریف 3 بار " اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ " 3 دفعہ " اَعُوْذُ بِا للّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ " 3 دفعہ " اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ " 3 دفعہ " بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْئٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ " 7 دفعہ " اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ " 11 دفعہ آیت

آیت کریمہ، 3 دفعہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ نظر ختم ہو جائے گی۔ خاص کر چھوٹے بچے روتے ہیں تو چپ کر جائیں گے۔ تیر بہدف نتائج کا حامل ہے۔

گھروں میں اولاد نرینہ کی آمد

ادارہ عبقری کا شائع کردہ سورۃ البقرہ کا عمل اولاد نرینہ کیلئے بتایا دو گھروں میں اللہ نے اولاد نرینہ عطا کی۔

(محمد عمران اعوان، اسلام آباد)

☆......☆......☆

محترم غلام سرور صاحب کے مشاہدات

پانی جاری ہو گیا

ہمارے گھر میں بورنگ کا پانی اچانک ختم ہو گیا بہت پریشانی تھی۔ سورۃ الکوثر والا عمل کر کے پانی بورنگ میں ڈالا اب الحمدللہ بورنگ کا پانی جاری ہو گیا ہے یہ عمل آپ کے بیان سکھر میں سنا تھا پھر اس پر عمل کیا الحمدللہ فائدہ ہوا۔

ڈوبی ہوئی رقم کی واپسی

کاروبار کیلئے ایک دوست کو کچھ رقم دی تھی وہ فراڈیا نکلا جس کی وجہ سے ہماری رقم ڈوب گئی لیکن آپ کی کتاب دو انمول خزانہ کا وظیفہ کیا الحمدللہ وہ رقم واپس دینے کے لئے تیار ہو گیا۔ افسوس کچھ معصیت کی وجہ سے اللہ کی مدد لوٹ گئی پھر توبہ تائب ہوا اللہ نے پھر مدد فرمائی لیکن ویسی مدد نہ ہوئی جیسی شروع میں ہوئی تھی۔

ایک مرتبہ ہم رائے ونڈ اجتماع میں جا رہے تھے راستے میں سی این جی ختم ہو گئی ہم سب نے سورۃ الکوثر والا عمل شروع کیا اللہ پاک نے ہمیں خیریت سے پہنچا دیا۔

(غلام سرور، سکھر سندھ)

☆......☆......☆

محترم محمد فیضان صاحب کے مشاہدات

سورۃ الم نشرح سے جام ٹریفک کھل گئی

السلام علیکم! محترم حکیم صاحب مجھے ایک سال پہلے سے عبقری کا تعارف ہوا ہے اور کافی عرصہ سے میرے رشتہ دار عبقری کا مطالعہ کررہے ہیں مجھے بھی انہیں سے ملا ہے اس کا مطالعہ کیا تو معلوم ہوا کہ یہ بہت اچھا رسالہ ہے۔ میں نے پڑھا تھا اگر رش ہو ٹریفک جام ہو تو 3 بار سورۃ الم نشرح پڑھ لیں تو ٹریفک ختم ہوجائے گی۔ اس کا مشاہدہ میں نے کافی دفعہ کیا ہے اور بہت فائدہ ہوا ہے۔ ایک بار میرا بھائی ٹریفک جام میں پھنسا ہوا تھا کافی دیر ہوگئی تھی تقریباً دو گھنٹے ہوگئے تھے وہ گھر پر نہیں آیا میں نے فون کیا تو بولا میں ٹریفک میں پھنسا ہوا ہوں میں نے کہا تم سورۃ الم نشرح پڑھو اور دم کرتے رہو اس نے ایسا کیا تو دس منٹ کے بعد وہ گھر پر آگیا۔

برکت والی تھیلی کی برکت

عبقری میں برکت والی تھیلی کا عمل پڑھا تھا وہ بھی پڑھا زور آور عمل ہے لیکن ہماری غفلت کی وجہ سے وہ عمل 129 دفعہ نہیں ہوتا لیکن جب بھی پیسے ڈالتے وقت اور نکالتے وقت ایک دفعہ سورہ کوثر مع تسمیہ کے ساتھ پڑھ لیتا ہوں ماشاءاللہ کافی برکت ہوتی ہے اور کافی ساری برکت والی تھیلیاں میں نے نیٹ کے ذریعے آرڈر کیں اور کچھ خود ہی میں نے دوسروں کو بھی دیں سب کو بہت فائدہ ہوا ہے۔

روغن بادام سے نارمل ڈلیوری

میں نے عبقری سے حکمت کا ٹوٹکہ اپنایا تھا وہ بھی کافی اچھا تھا کہ حمل کے دوران جب چوتھا ماہ شروع ہوجائے تو دس قطرے روغن بادام کے دودھ کے ہمراہ شام کو پی لیں انشاءاللہ نارمل ڈلیوری ہوگی۔ میں نے اپنی اہلیہ کو چار ماہ کے بعد سے شروع کرادیا تھا اس کی وجہ سے کافی افاقہ ہوا ہے حالانکہ ڈاکٹر نے آپریشن کا کہہ دیا تھا کہ بچے نے

اندر گرین پانی چھوڑ دیا تھا لیکن مجھے اعتماد تھا کہ میں نے جو حکمت کا ٹوٹکہ آزمایا ہے وہ صحیح ہے پھر میں نے دعا کی اور اللہ تعالیٰ نے بیٹی عطا فرمائی میں بہت شکر گزار ہوں حکیم صاحب کا کہ انہوں نے ہماری کافی رہنمائی فرمائی ہے۔

دودھ کی مقدار میں اضافہ

اور بھی بہت سے مشاہدات ہوئے ہیں مجھے، جس میں اذان والا عمل اور سورۃ المومنون کی آخری چار آیات والا عمل ہے۔ میں نے یہ عمل اپنی اہلیہ پر بہت دفعہ آزمایا پہلے اس کو کبھی کبھار ایسا لگتا تھا کہ اس میں کوئی چیز ہے میں نے جب سے پڑھنا شروع کیا تو جب وہ غصے میں ہوتی ہے تو کہتی ہے مت پڑھو جاؤ یہاں سے لیکن اس عمل کے بعد وہ کیفیات ختم ہو جاتی ہے وہ بیہوش ہو جاتی ہے تھوڑی دیر بعد ہوش آتا ہے تو میں پوچھتا ہوں کہ کیا ہوا تھا تو کہتی ہے کچھ بھی تو نہیں ہوا تھا بس میں سو گئی تھی اس کو کچھ یاد بھی نہیں ہوتا کہ اس کے ساتھ کیا ہوا تھا۔ یہ بہت زوردار عمل ہے میں نے کافی بار آزمایا ہے اس عمل کو کافی بار حضرت صاحب کے درس میں سنا ہے اس سے بھی بہت فائدہ ہوا ہے ساتویں پارہ میں سورہ المائدہ کی آیت "اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَائِدَۃً مِّنَ السَّمَاءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآیَۃً مِّنْكَ وَرْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ " آیت پوری اور سورہ کوثر پڑھی میں نے دودھ لیا دودھ والے سے تو وہ روزانہ دو کلو دودھ دیتا تھا میں نے یہ عمل کیا اس نے دودھ میں بہت زیادہ برکت شروع ہو گئی۔

گمشدہ برکت والی تھیلی مل گئی

اور بھی بہت سے وظائف ہیں جو میں نے کئے تھے ان سے کافی فائدہ ہوا ہے جس میں ایک مرتبہ میری اہلیہ کی برکت والی تھیلی گم ہو گئی تھی وہ رکھ کر کہیں بھول گئی تھی میں نے 11 مرتبہ "یا حفیظ" پڑھ لیا اور ساتھ "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ" پڑھتا گیا تقریباً آدھے گھنٹے بعد تھیلی مل گئی۔ (محمد فیضان شیخانی، فیصل آباد)

☆……☆……☆

محترم محتشم بشیر صاحب کے مشاہدات

محترم و مکرم حضرت صاحب میں کچھ نہیں تھا نہ دین نہ دنیا تھی در در کے دھکے تھے اور میری زندگی میں کبھی زیادہ پریشانی ہوتی تو نماز پڑھ لی اس سے زیادہ میں کچھ نہیں تھا۔

ایک بات میں ضرور لکھنا چاہتا ہوں کہ جب سے میں تسبیح خانہ کے ساتھ جڑا ہوں اللہ تعالیٰ نے میری زندگی بدل دی منہ پر داڑھی سر پر ٹوپی ہاتھ میں تسبیح شلوار ٹخنوں سے اوپر پانچ وقت کی نماز کی پابندی تلاوت صبح و شام کے اذکار باقاعدہ شروع ہو گئے اور دل ایسا نیکی کی طرف مائل ہوا ہے کہ جب دوسروں کو دیکھتا ہوں تو اپنا سایہ حقیر سے بھی حقیر لگتا ہے اور دل چاہتا ہے کہ میری روحانی ترقی ہو اور دنیا کے اعتبار سے اللہ نے مجھے دکاندار بنا دیا۔

ایک چھوٹا سا تجربہ لکھنا چاہتا ہوں جب کسی سفر سے کہیں جانا چاہتا ہوں تو گھر سے نکلنے سے پہلے تین دفعہ سورۃ قریش پڑھ لیتا ہوں سفر کی پریشانیوں سے بری ہو جاتا ہوں۔ جتنا بھی رش ہو ہر لحاظ سے سہولت رہتی ہے۔ اور میرا سفر بخیر و عافیت گزر جاتا ہے۔ انشاء اللہ۔

(محتشم بشیر، ضلع حافظ آباد)

☆……☆……☆

محترم شکیل ارشد صاحب کے تجربات

درود پاک کی تسبیح سے بے انتہاء نفع

جناب حکیم صاحب! ایک بزرگ نے مجھے ہر نماز کے بعد ایک تسبیح درود شریف کا وظیفہ عنایت کیا تھا اور اس کے بعد ایک تسبیح ”یا اللہ“ کی اس سے مجھے بے انتہا نفع ہوا تھا، بہت برکات روحانی ترقی تھی اور روزانہ کسی نہ کسی بزرگ کی زیارت کا شرف عطا ہوتا تھا۔

(شکیل ارشد، بہاولپور)

☆……☆……☆

محترم چوہدری نثار صاحب کے مشاہدات

تسبیح خانے کی برکت سے اپنا گھر مل گیا

میں بہت سے بزرگوں اور مشائخ خواجگان کا مرید ہوں لیکن جو دل کو سکون آپ کے تسبیح خانے میں آنے کے بعد ملا ہے ایسا کہیں سے نہیں ملا دل کو کافی سکون ہے، میری بیوی 2 انمول خزانے اکثر پڑھتی ہے جس سے ہمیں اپنا گھر بھی مل گیا ہے زندگی نعمتوں کے سانچے میں ڈھلتی جارہی اور اللہ کی توفیق سے ان نعمتوں پر مجھے شکر گزاری کا جذبہ بھی بڑھتا جارہا ہے۔ یہ اللہ کا بڑا کرم ہے۔ ہر جمعرات کو درس سنتا ہوں۔

چوہدری نثار احمد، بہاول پور

☆......☆......☆

محترم حکیم اللہ دتہ صاحب کے تجربات

سانپ، بچھو کے کاٹے سے آرام

’’وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ ‘‘اس آیت مبارکہ کا بارہا تجربہ ہوا ہے خواہ بھڑ نے کاٹا ہو، بچھو، سانپ کے کاٹے پر پڑھنے سے دو منٹ میں درد رک جاتا ہے جب بھی پڑھ کر دم کیا ہے فوراً سکون حاصل ہو جاتا ہے۔

سر درد سے افاقہ

سر درد کا کئی سالوں سے معمول ہے ماتھے کو پکڑ کر اول وآخر درود شریف اور درمیان میں 7 مرتبہ سورۃ فیل پڑھ کر دم کیا جاتا ہے مریض کا سر درد ختم ہو جاتا ہے۔

ڈھونڈتے ہی چیز مل جاتی ہے

’’انا للہ وانا الیہ راجعون‘‘ جب بھی کسی چیز کے گم ہونے کی اطلاع ملے فوراً 21 مرتبہ آیت مبارکہ پڑھ لیں اللہ تعالیٰ کرم فرماتا ہے اور وہ چیز تلاش کرنے سے مل جاتی ہے۔ بارہا تجربہ میں یہ بات آچکی ہے۔

موت کی گھڑیوں میں آسانی کیلئے

پریشانی ڈپریشن میں سورۃ یٰسین مبارکہ کو پڑھنے سے فوری افاقہ ہوتا ہے اور قریب المرگ شخص کے پاس بارہا سورۃ یٰسین کو پڑھا ہے اللہ تعالیٰ نے اسے موت کی گھڑیوں میں آسانی فرمائی ہے۔

درد، جلن اور بہتے خون کیلئے

اندر جو تلخ کو باریک سفوف کرلیں اور 500 گرام کے کیپسول بھرلیں۔ پہلے دن 2 کیپسول صبح، 2 کیپسول رات کو کھانے کے بعد ہمراہ 2 گلاس پانی استعمال کریں بہتا ہوا خون پہلے دن رک جاتا ہے درد اور جلن مریض کی 20 منٹ میں رک جاتی ہے اور مریض خوش رہتا ہے 15 تا 20 یوم متواتر استعمال کرنے سے مریض شفایاب ہوجاتا ہے۔

ایام وغیرہ کیلئے

ریوند خطائی، چینی ہموزن باریک سفوف بنالیں۔ 1 ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ تازہ پانی استعمال کرنے سے دقت حیض، عسر طمث اور یرقان کے مرض میں نمایاں فائدہ پہلے ہی دن محسوس ہوتا ہے۔

عسر طمث کی مریضہ کو دوران حیض صرف تین خوراک کھلادیں حیض نارمل ہوجاتا ہے ہیپاٹائٹس میں نہایت پراثر ہے اسے شربت دینار کے ساتھ استعمال کرائیں۔

قوت باہ کیلئے

عقر قرحا 50 گرام، تخم ریحان 50 گرام، کلونجی 50 گرام، مصری 50 گرام قوت باہ، امساک کی بہتری کے ساتھ ساتھ معدہ وجگر کیلئے نہایت مفید ہے پانچ سال سے زیر استعمال ہے کبھی شکایت کا موقع نہیں ملا، ایسا مریض جو کسی دوا سے ٹھیک نہ ہو رہا ہوں اس دوا کے استعمال سے اپنی تمناؤں کی بخوبی تکمیل کے قابل ہوجاتا ہے۔

حب سفید: تخم حنظل 20 گرام، گندھک آملہ سار 20 گرام، اجوائن دیسی

20 گرام کنوار گندل کی مدد سے نخودی (چنے کے برابر) گولیاں تیار کرلیں۔ 2 گولی شام ہمراہ نیم گرمی دودھ استعمال کریں۔

معمول مطب نسخہ ہے دافع نمونیا، قبض کشاء، تبخیر معدہ، ریاح معدہ، سنگرہنی اور شوگر حقیقی میں معمول ہے۔

حب اسطوخودوس: مصبر 20 گرام، تخم حنظل 20 گرام، اسطوخودوس 50 گرام باریک کر کے نخودی گولیاں تیار کریں۔

سر کے جملہ امراض، نزول الماء، دردسر، قبض، دماغ کی رسولی تک میں مفید وخوب ہے میرے استاد مکرم حکیم سلطان محمد قادری کا 45 سالہ مجرب تجربہ ہے 10 سال سے کمترین کے معمول بھی ہے۔

(حکیم اللہ دتہ چشتی، خانیوال)

☆......☆......☆

محترم عارف ایوب صاحب کے مشاہدات

ان ہیلر چھوٹ گیا

مجھے گزشتہ 8 سال سے سانس کی تکلیف تھی کوئی ڈاکٹر اسے برونیکل استما اور کوئی الرجک استما کہتا تھا نوبت سٹرائیڈ تک آگئی۔ ڈاکٹروں نے کہا کہ آپ کو ان ہیلر ساری زندگی استعمال کرنا ہوگا۔ میں نے پہلے شفائے حیرت اور بنفشی قہوہ استعمال کیا جس کی بدولت اس سے مجھے افاقہ ہوا میں نے کچھ دن دوا چھوڑ دی۔ جب مجھے گزشتہ ماہ دوبارہ مسئلہ ہوا تو ڈاکٹروں کی دوائی کے ساتھ میں نے شفائے حیرت، بنفشی قہوہ اور ستر شفا کا استعمال کیا دو دن کے بعد ڈاکٹروں کی دوائی چھوڑی دی اور ان تینوں کو استعمال کیا اسکے ساتھ ساتھ 3 گھونٹ پانی اور آخری چھ سورتوں والا عمل کیا اللہ تعالیٰ نے کرم کیا اور مجھے صحت یابی نصیب ہوئی۔ اسے آپ میری لاپرواہی، بدنصیبی

سمجھیں کہ میں اب تک روحانی غسل نہیں کر سکا۔

میرا دوسرا تجربہ سورۃ الم نشرح کا ہے جب گھر سے نکلتا ہوں تو گاڑی کے چلتے ہی اس کا ورد شروع کر دیتا ہوں پہلے تو گاڑی رش میں رکتی ہی نہیں ہے اور رکتی بھی ہے تو چند سکینڈ کیلئے چاہے کتنی لمبی لائنیں ہی کیوں نہ ہو راستہ آسانی سے مل جاتا ہے۔

حیرت انگیز طور پر کارڈ مل گیا

میں ایک سرکاری ملازم ہوں جو کہ ایک حساس ادارہ ہے ہمیں ایک کارڈ دیا جاتا ہے جو کہ داخلے کیلئے استعمال کرتے ہیں 2008ء میں دوران سفر میں یہ کارڈ اور دیگر کاغذات کہیں گم کر بیٹھا اسی وقت مجھے 1500 روپے جرمانہ ہوا تھا اور ساتھ ہی وارننگ دی گئی تھی کہ آئندہ یہ کارڈ گم نہ ہوا۔ اب اس کی سزا 5000 روپے جرمانہ اور ترقی بند کر دی جاتی ہے کہ یہ لاپرواہی کے زمرے میں آتا ہے۔ گزشتہ ہفتے 6-12-12 کو میں نے وہ کارڈ بینک میں رقم جمع کرواتے ہوئے رقم نکالنے کیلئے ساتھ نکالا 8 تاریخ کو میں نے روحانی کلاس کیلئے آنا تھا میں نے سوچا کہ اس کو گھر میں رکھ دوں تاکہ گم نہ ہو سکے۔ میں نے جب جیب میں ہاتھ ڈالا تو کارڈ نہیں تھا گھر میں ہر جگہ دیکھا دوست کو بھی فون کیا اس نے کہا کہ مجھے بھی نہیں پتہ میں نے ''ان للہ وانا والیہ راجعون'' پڑھنا شروع کر دیا اور کارڈ کو ڈھونڈتا رہا لیکن وہ نہیں ملا۔ فجر کی نماز کے بعد میں نے مجالس مجذوبی کی کتاب کھولی تو اس میں لکھا تھا کہ انمول خزانہ پڑھنے سے ایک بندہ کو اس کا گمشدہ کارڈ مل گیا۔ میں نے انمول خزانہ نمبر 2 پڑھا اور ساتھ ہی ساتھ پہلے والا ورد بھی کرتا رہا اور دوبارہ کپڑوں میں دیکھنا شروع کر دیا جب استری کئے ہوئے کپڑے دیکھے تو سامنے والی جیب میں سے کارڈ نکلا حالانکہ 2,3 مرتبہ دیکھ چکا تھا وہاں سے کارڈ نہیں ملا۔

(عارف ایوب، راولپنڈی)

☆……☆……☆

محترم طارق عزیز صاحب کے مشاہدات وتجربات

جیب کترے سے موبائل واپس مل گیا

ایک تجربہ سورۃ الکوثر کا میرے ساتھ پیش آیا۔ آپ نے سورۃ الکوثر کا عمل دیا تھا ایک مرتبہ گذشتہ رمضان میں سٹور پر اپنے بیٹے کی دوائی لینے گیا دوا لینے کے بعد تھیلی نکالی اپنے پیسے ادا کیے جب چلنے لگا تو ایک آدمی آگیا اور میرے ساتھ والے لڑکے کو پکڑ لیا اور مجھے کہا اس نے آپ کی دونوں جیبیں چیک کیں اور آپ کو پتہ بھی نہیں چلا اور مزید اس نے کہا کہ اس نے سب کی جیبوں میں ہاتھ ڈالا ہے۔ میں نے کہا کہ تمہیں میری جیب سے کیا ملتا تھیلی تو میرے پاس ہے۔ جب میں چلنے لگا تو اس بتانے والے شخص نے کہا کہ اپنا موبائل چیک کرلیں جب میں نے دیکھا تو میرا موبائل غائب تھا ان لوگوں نے اس جیب کترے کی خوب پٹائی بھی کی اور موبائل بھی لے کر دیا۔

سفر کی دعا کی برکت سے حادثے سے بچ گئے

ایک مرتبہ ہم کسی سفر سے واپس آرہے تھے جب لاہور سے گوجرانوالہ وین پر بیٹھے تو سارے ساتھیوں نے سواری کی دعا پڑھ لی بارش بہت زیادہ ہو رہی تھی۔ گاڑی کے پہیوں سے آواز آرہی تھی کچھ احباب نے ڈرائیور کو آگاہ کیا مگر اس نے لاپرواہی کی اور گاڑی تیز چلاتا رہا راستے میں سادھوکی کے مقام پر گاڑی رکی اور سواریاں اتریں جب چلنے لگی تو اپنی جگہ چھوڑی ہی تھی کہ اگلا پہیہ گاڑی سے الگ ہوکر دور چلا گیا گاڑی اور تمام سواریوں کی اللہ تعالیٰ نے دعا کی برکت سے حفاظت کی۔

(طارق عزیز، گوجرانوالہ)

☆……☆……☆

محترم غلام مرتضیٰ صاحب کے تجربات

سورہ قریش کی فضیلت سے میٹنگ فکس ہوگئی

سورہ قریش کا عمل مجھے عبقری کی وساطت سے ملا میرا شعبہ عوامی آگہی کا بھی ہے کہ اپنے محکمے کے متعلق میٹنگ کروانا میری ذمہ داری تھی۔ جس ٹریڈ یونین میں میٹنگ کروانے کا ٹاسک مجھے دیا گیا تھا اس انجمن تاجران کا صدر وعدہ کرکے ٹال مٹول سے کام لے رہا تھا۔ مجھے آفیسرز کی طرف سے دباؤ تھا تو میں نے آفس سے نکلتے وقت سورہ قریش پڑھنا شروع کردی تو اس کو ملا تو اسی دن ہی میٹنگ فکس ہوگئی اور اگلے دن عوامی آگہی کے طور پر میرے آفیسر نے آکر ٹریڈ یونین سے میٹنگ کی یہ سورہ قریش کی برکت سے ہوا۔

ہر قسم کے درد سے نجات

سورہ فاتحہ کا عمل مجھے اپنے استاد مرحوم و مغفور کی طرف سے عطاء و اجازت ملی تھی۔ 7 مرتبہ بسم اللہ ملا کر سورہ فاتحہ سے کئی جگہ فائدہ ہوا مثلاً سر درد، جسم پر زخم، معدے کے خرابی کی وجہ سے بہت زیادہ جمائیاں، ڈلیوری کے درد سے افاقہ، ٹانگ اور کمر کا درد وغیرہ ختم ہوجاتا ہے۔

(غلام مرتضیٰ شاہد، جڑانوالہ)

☆……☆……☆

محترم خالد محمود صاحب کے تجربات

سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا فضل اور احسان اور مہربانی ہے پھر اگر جو کچھ ہے فیض مرشد ہے اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کا صدقہ ہے۔ میں کچھ نہیں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے امت کے بچوں کی پاؤں کی دھول ہوں۔

ہر قسم کی بواسیر کیلئے

بواسیر کا ایک نسخہ جو میرے والد صاحب رحمہ اللہ کو کسی فقیر نے دیا لکھ رہا ہوں لیکن

یہ نسخہ جو فی سبیل اللہ دے گا اس کو اجازت ہے ورنہ نہیں۔

رسوت انڈیا 100 گرام، نیم کے بیج 100 گرام، قلمی شورہ 100 گرام کوٹ کر چھوٹے کالے چنے کے برابر گولیاں بنائیں صبح نہار منہ ایک گولی پانی کے ساتھ ہر قسم کی بواسیر کیلئے بہترین ہے۔

(خالد محمود، راولپنڈی)

☆……☆……☆

محترم سید ہارون صاحب کے مشاہدات

تسبیح خانے میں آنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے بہت زیادہ ہدایت دی سچ بولنا سکھایا حرام سے بچنے کا سکھایا۔

گمشدہ موٹر سائیکل مل گئی

ایک دفعہ بیٹے کی موٹر سائیکل فیکٹری سے گم ہوگئی میں نے حکیم صاحب سے رابطہ کیا تو انصاری صاحب نے وظیفہ بتایا وہ وظیفہ پڑھتے ہی موٹر سائیکل مل گئی۔

موٹر سائیکل پر لاہور شہر کے کسی بھی کونے جانا ہوتا ہے تو اکثر ٹریفک جام رہتی ہے سورہ الم نشرح ورد کرنے سے راستہ مل جاتا ہے۔ سورہ کوثر پڑھنے سے موٹر سائیکل کا پٹرول جلد ختم نہیں ہوتا ہر نماز کے بعد انمول خزانہ پڑھنا عادت بن گئی ہے جس کی وجہ سے بہت فائدے ملے۔ عبقری رسائل کے وظیفہ جات بھی کرتا رہتا ہوں۔ لیکن جو میرے پیر و مرشد حکیم طارق صاحب کے عطا کردہ وظائف ہیں ان کی تو جتنی تعریف کی جائے وہ کم ہے۔

(سید ہارون رشید، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمد بشیر صاحب کے مشاہدات و تجربات

سورہ یٰسین کی برکت سے مظلوم کو رہائی ملی

حضرت صاحب السلام علیکم! میں اپنا مشاہدات آپ کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ جب میری جیل میں سزا پانچ سال ہوئی تو میں مجھے سورہ یٰسین کا عمل ملا میری نظر میں اس وقت ایک بہت ہی مظلوم قیدی تھا میں نے سب سے پہلے اس کیلئے اس عمل کو کیا تو وہ قید سے رہا ہو گیا اس کے بعد میرے دل میں آیا کہ تم اپنے لئے بھی اس عمل کو کرو اس عمل کے کرنے سے جیل میں میری عزت بہت بڑھ گئی تھی اور جیل کے سپرنٹنڈنٹ نے مجھے جہاں قیدیوں کی فائلیں پڑی ہوتی ہیں 2 آدمیوں کے ساتھ ڈیوٹی لگا دی کہ ان کا ریکارڈ درست کروں اسی دوران میرے دل میں یہ بات آئی کہ تم اپنے بارے میں یہ عمل کرو اس عمل کی برکت سے مجھے وہ تاریخ دیکھا دی گئی کہ جس دن میں رہا ہو جاؤں گا اور وہ طریقہ بھی دیکھا دیا گیا جس سے رہائی ممکن ہو گی۔

میں یہاں یہ بتاتا چلوں کہ چوہدری صاحب جن کی بات یہاں ہو رہی ہے انہوں نے ایک کالم نویس کے طریقے سے یہ بات اخبار میں دی تھی کہ فلاں سابقہ وزیر اعظم فلاں تاریخ تک رہا ہو جائے گا، انہوں نے اپنا فون نمبر بھی دیا تھا۔ یہ بات سابقہ وزیر اعظم کی رہائی سے 4 ماہ پہلے کی تھی۔ جب میں ان سے ملا تو ان کی اجازت سے سورہ یٰسین کا عمل کیا جس کے بعد مجھے سچے خواب آنا شروع ہو گئے اور میں کسی شخص سے بات کر رہا ہوتا ہوں اور وہ آدمی غلط بات کرتا یا جھوٹ بولتا تو میرے جسم میں ایک لہر سی دوڑتی اور مجھے لگتا کہ یہ آدمی غلط بیانی کر رہا ہے۔ سورہ یٰسین کو بہت موثر پایا ہے۔

(محمد بشیر، لاہور)

☆……☆……☆

محترم شیر زمان صاحب کے مشاہدات

روحانیت کا مجھے بچپن سے ہی شوق تھا لیکن مناسب رہنمائی نہ ملنے کی وجہ سے یہ شوق پورا نہ کرسکا ہمارے ایک خاندانی مرشد ہیں خاندانی سید ہیں جو بھی ان کا مرید ہوتا ہے اسے سب سے پہلے نماز کی تلقین فرماتے ہیں مجھے بھی سب سے پہلے نماز کی تلقین کی۔ آج اللہ کا شکر ہے میں پانچ وقت کا نمازی ہوں ہر نماز باجماعت پڑھتا ہوں میری چھوٹی سی ٹی سٹال کی دکان ہے میرے 8 بچے ہیں مکان اور دکان کرائے کی ہے 7 بچے پڑھتے ہیں۔

1999ء میں ایک شخص حمزہ علی سے ملاقات ہوئی اہل تشیع اس سے میں نے اپنے شوق سے متعلق بات کی اس نے مجھے ”یا وہاب‘ کا چالیس دن کا عمل کرایا وہ میں نے 40 دن کا عمل کیا۔ اس میں چودہ ہزار چودہ مرتبہ پڑھنا تھا 36 ویں دن حاضری ہوئی باریش بزرگ تشریف لائے میرے دائیں طرف دو زانوں ہوکر بیٹھے ہوئے تھے ہاتھ میں تسبیح تھی میری طرف دیکھ رہے تھے سفید لباس نورانی چہرہ تھا تھوڑی دیر کے بعد وہ غائب ہوگئے 40 دن پورے کرنے کے بعد صبح فجر کی نماز کے بعد 114 مرتبہ پڑھتا ہوں۔

زندگی مال سے نہیں...... اعمال سے۔ بنتی ہے

پھر 2003ء میں حمزہ علی نے سورۃ واقعہ کا عمل کرایا 40 دن بعد ہر روز 40 مرتبہ سورۃ واقعہ پڑھنا تھی وہ بھی میں 40 دن کا پورا عمل کیا لیکن اس میں مجھے نظر کچھ نہ آیا۔

ظاہری طور پر تو مجھے ان دونوں عملوں میں نظر کچھ نہ آیا لیکن باطنی طور پر مجھے وہ سب کچھ مل گیا جو ایک سچے مسلمان کو ملنا چاہیے۔ مثلاً میرے دل میں حرص لالچ طمع جھوٹ فریب چکر بازی بالکل نہیں ہے جس سے بات کرتا ہوں سچ بولتا ہوں کاروبار میں وہ تمام طریقہ اختیار کرنے کی کوشش کرتا ہوں جس کا حکم اللہ تعالیٰ اور رسول پاک

صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا ہے۔ آج میرے 8 بچے ہیں مکان کرائے کا دکان کرائے کی چھوٹی سی دکان ہے دیکھنے والا کہتا ہے مولوی صاحب آپ خرچہ پورا کیسے کرتے ہیں اس بات کی تو سمجھ مجھے بھی نہیں آتی کہ خرچہ کہاں سے پورا ہوتا ہے۔

پھر 2011ء فروری میں پیر عبدالغفار صاحب نے سورہ مزمل 40 دن کا عمل کرایا وہ میں نے 40 دن عمل کیا اس دوران میں نے انہیں بتایا کہ مجھے روحانیت کا بہت زیادہ شوق ہے انہوں نے بتایا کہ اب تمہیں خود ہی راستہ ملتا جائے گا۔ اس عمل کے شروع کرنے کے 16 دن بعد عبقری سے ملاقات ہوگئی ہر ماہ عبقری پڑھتا ہوں اس میں سے لوگوں کو طب اور روحانی وظائف بتاتا ہوں اور لوگوں کے مسائل حل ہوتے ہیں لوگوں کو بتاتا ہوں کہ آپ کے مسائل مال سے حل نہیں ہوں گے اعمال سے حل ہوں گے۔

پیر صاحب نے سورہ مزمل کا مکمل عمل ابھی تک نہیں کرایا فرماتے ہیں کہ آپ کے بچے ابھی چھوٹے ہیں میری چھوٹی بیٹی 2 سال کی ہے۔ پیر صاحب فرماتے ہیں موکلات کا بچوں پر اثر پڑتا ہے اس لئے 2 سال انتظار کرو کیونکہ اس عمل کے دوران ان کی 3 بیٹیاں وفات پاگئی تھیں خود ہی بتاتے ہیں اس کے بعد مرشد ملا اور یہ عمل کیا۔

لوگوں کو اتنے روحانی عمل بتائے اور طب کے طریقے بتائے کہ اب سب یاد نہیں لیکن اگلی نشست میں سب لکھ کر لاؤں گا۔

رات کو سونے سے پہلے 3 بار سورہ اخلاص اول و آخر 13 بار سورہ مزمل پڑھ کر سوتا ہوں۔ مغرب کی نماز کے بعد ایک بار سورہ واقعہ پڑھتا ہوں۔ ہر فرض نماز کے بعد 11 بار ''یا فتاح، 1 بار آیت الکرسی، 11 بار تیسرا کلمہ اول و آخر درود شریف، عصر کی نماز کے بعد ایک تسبیح تیسرا کلمہ، سورۃ الکوثر 129 بار صبح و شام اول و آخر درود شریف۔ ان اعمال کی وجہ سے زندگی میں بہت برکت ہے۔ بس دعا ہے اللہ مجھے اخلاص کے ساتھ خدمت کی توفیق عطا فرمائے جیسی آپ فرما رہے ہیں۔ (شیر زمان ولی علی، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمد شہباز صاحب کے مشاہدات

عملیات سے مشکلات کا حل

السلام علیکم! میں تقریباً 2 سال سے عملیات سے منسلک ہوں اور میں نے ابھی تک 3 مرتبہ سورۂ فاتحہ، 1 مرتبہ ’’امنت باللہ العظیم‘‘، 2 مرتبہ آیت الکرسی اور ابھی حب کا چلہ کر رہا ہوں اور مجھے کام شروع کئے ہوئے یعنی علاج کرتے ہوئے تقریباً ایک سال پورا ہو گیا ہے۔ میں اکثر عمل سورہ فاتحہ سے کرتا ہوں اور ایک بزرگ کے بتائے ہوئے درود شریف بھی بتاتا ہوں سوا لاکھ مرتبہ اور اس سے لوگوں کو فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اول تو درود شریف پڑھنے سے ہی اللہ پاک مریض کو شفاء دے دیتا ہے اور اگر کچھ مرض باقی ہو تو سورہ فاتحہ کے تعویذات دیتا ہوں اور الحمدللہ شفاء ہوتی ہے اور وظائف میں بعد نماز فجر منزل کا بتاتا ہوں اور رات اور صبح کے وقت سات مرتبہ آیۃ الکرسی کے وظائف بتاتا ہوں الحمدللہ مریضوں کو اللہ پاک شفاء دیتے ہیں۔ آگے آپ سے مؤدبانہ گزارش ہے کہ بندہ ناچیز پے دست شفقت رکھیں اور جو بھی غلطیاں ہیں ان کی اصلاح فرمائیں میری اور خصوصی دعاؤں کی بھی درخواست ہے۔

(محمد شہباز، راولپنڈی)

☆......☆......☆

محترم محمد شہزاد صاحب کے مشاہدات

وظائف سے مشکلات کا حل

محترم قبلہ حکیم صاحب! بندہ فقیر 1999ء کو اپنے پیر حسین شاہ صاحب کے ہاتھ پر بیعت ہوا۔ بیعت ہونے کے بعد پیر صاحب نے روزانہ پڑھنے کیلئے درود شریف 100 بار اور کلمہ تمجید 500 مرتبہ پھر درود شریف 100 بار پڑھنے کی اجازت دی۔ یہ عمل میں مسلسل عرصہ 5 سال تک پڑھتا رہا پھر حضرت نے مجھے چالیس دن کا ایک

عمل دیا جو روزانہ 3125 مرتبہ پڑھنا تھا وہ عمل یہ ہے "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ" عمل مکمل کرنے کے بعد پیر صاحب نے ایک تعویذ دیا۔

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

اور پھر فرمایا روزانہ اشراق کی نماز کے بعد وظیفہ "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ" 313 مرتبہ پڑھنے کا حکم دیا اور فرمایا جس کو یہ تعویذ دو ساتھ پڑھنے کیلئے وظیفہ بھی دو اور خود بھی اس وظیفے کو پڑھ کر اپنے لئے پوری امت مسلمہ کیلئے خیر کی دعا کریں۔ میں عرصہ 8 سال سے یہ وظیفہ 313 مرتبہ صبح اور 313 مرتبہ شام کو پڑھتا ہوں اور ہر نماز کے بعد 2 مرتبہ سورہ مزمل فجر میں 3 مرتبہ 24 گھنٹوں میں 11 مرتبہ پڑھتا ہوں۔ روزانہ فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان سورہ فاتحہ مع تسمیہ 41 مرتبہ بھی پڑھتا ہوں۔

محترم حکیم صاحب اب بحمدہ تعالیٰ عملیات کے ساتھ آپ کی کتاب "مجھے شفاء کیسے ملی" سے نسخہ جات لوگوں کو لکھ کر بھی دیتا ہوں اور اگر کوئی کہے تو فی سبیل اللہ بنا کر بھی دے دیتا ہوں۔ برائے کرم میری رہنمائی فرمائیں جزاک اللہ۔

(محمد شہزاد احمد، گوجرانوالہ)

☆……☆……☆

محترم محمد نواز صاحب کے مشاہدات

مشاہدات اور وظائف

محترم المقام جناب قبلہ حکیم صاحب! بندہ فقیر کو پیر و مرشد حضرت ابو بلال محمد الیاس عطار قادری رضوی کے دست پر بیعت کئے ہوئے 5 سال ہو گئے ہیں قبلہ پیر صاحب کے دیئے ہوئے روزمرہ کے وظائف جو کہ نماز کے بعد پڑھتا ہوں وہ یہ ہیں ”یَا کَرِیْمُ یَا اَللّٰہُ یَا عَزِیْزُ یَا اَللّٰہُ یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ یَا سَتَّارُ یَا اَللّٰہُ یَا غَفَّارُ یَا اَللّٰہُ“ کو روزانہ پڑھتا ہوں۔ اس کے علاوہ میرے استاد محترم جو میرے ساتھ ڈسکہ ہی ہوتے ہیں انہوں نے مجھے ایک چلہ کروا دیا وہ عمل یہ ہے۔

”بسم اللہ الرحمن الرحیم لا الہ الا ھو الحی القیوم لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم“ عمل مکمل ہونے کے بعد استاد محترم نے ایک تعویذ دیا وہ یہ ہے۔

٨	١	٦
٣	۵	۷
۴	۹	۲

اور ارشاد فرمایا کہ جس کسی کو کسی مقصد کیلئے یہ تعویذ دو ساتھ یہ عمل 313 مرتبہ پڑھنے کو بھی دینا اور دعا کرنا۔ قبلہ استاد محترم نے ایک خصوصی بات ارشاد فرمائی کہ اس عمل کی خاص بات یہ ہے کہ جو بھی اس عمل کو ظہر کی نماز کے بعد مسجد میں ہی پڑھے گا شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا اور اس عمل کے اندر سے اس کو بہت کچھ حاصل ہوگا۔ اس کے علاوہ فجر کی سنتوں کے بعد سورہ فاتحہ مع تسمیہ پڑھتا ہوں کہ ہر قسم کے دم کیلئے اکسیر ہے۔

”کتاب“ مجھے شفاء کیسے ملی سے علاج

محترم حکیم صاحب اب ان وظائف کے علاوہ آپ کی کتاب مجھے شفاء کیسے ملی

سے بہت استفادہ حاصل کرر ہا ہوں اور لوگوں کو بھی دے رہا ہوں۔ اب اس کے بعد جو آپ مجھے عنایت فرمائیں شفقت فرمائیں تو آپ کا بہت شکر گزار رہوں گا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے پیار محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کا جنت میں پڑوس عطا فرمائے۔ آمین۔

(محمد نواز، سیالکوٹ روڈ)

☆……☆……☆

محترم حکیم محمد کریم صاحب کے مشاہدات

قرض سے نجات اور گناہوں سے حفاظت

میں پہلے انتہائی فقیر، قرض دار اور ذلیل تھا لیکن آپ کی روحانی تھیلی کے استعمال کے ذریعے حالت اب حالت پہلے سے بہت ہی اچھی ہے اور قرض بھی ختم ہونے والا ہے۔ ماہنامہ عبقری چند سالوں سے پڑھ رہا ہوں انتہائی فوائد ملے۔ راز کی بات ہے کہ مجھ سے ہر وقت گناہ صغیرہ اور گناہ کبیرہ ہوتا تھا لیکن سورۃ الکوثر کے ورد سے ماشاء اللہ اب ہر قسم کے گناہوں سے مکمل اللہ کی حفاظت میں ہوں۔

بہت سے تجربات آپ کے رسالوں اور کتب سے کیے اور لا علاج امراض کا علاج کیا ماشاء اللہ بہت فائدہ ہوا۔

(حکیم محمد کریم، ضلع نوشہرہ)

☆……☆……☆

محترم بابر ظہیر صاحب کے مشاہدات

السلام علیکم! میرے سر کے بائیں سائیڈ پر اکثر درد ہوتا تھا اور کبھی کبھی کافی زیادہ ہوتا ہے مجھے اس کی فکر ہونا شروع ہو گئی تھی کہ اس کا کسی نیورو ڈاکٹر کو چیک کرواؤں۔ میں نے درس میں حکیم صاحب سے سنا کہ اللہ کی راہ میں کیے گئے ہر عمل میں شفاء ہوتی ہے۔ نوچندی کی جمعرات تھی اور اللہ کا ذکر ہو رہا تھا ذکر کرتے میری آنکھوں سے آنسو

نکل رہے تھے کہ میرے دل میں حکیم صاحب کی بات کا خیال آیا میں نے اپنے آنسو جو اللہ تعالیٰ کا نام لیتے وقت نکلے تھے اپنے سر کے اس حصے پر جہاں درد تھا اپنے ہاتھ سے مل دیئے اس کے بعد فوراً ہی مجھے بہت افاقہ ہوا اور اب درد نہیں ہوتا۔

گمشدہ گاڑی مل جانا

تسبیح خانہ سے منسلک ہونے سے تقریباً دو سال پہلے کی بات ہے کہ میں گاڑی خریدنا چاہتا تھا اخبار میں اشتہار وغیرہ دیکھے اپنے ایک دوست کے ہمراہ بہت سی گاڑیاں دیکھیں مگر کوئی مناسب نہیں مل رہی تھی تقریباً ڈیڑھ یا دو ماہ سے مختلف جگہ دیکھ رہا تھا ایک دن میں اور میرا دوست جمعہ کو نکلے کافی جگہ دیکھا مگر بات نہ بنی جمعہ کا وقت ہو گیا ہم نے ایک مسجد جو وہاں قریب تھی میں نماز ادا کی۔ میرے دل میں خیال آیا اور نماز کے بعد سجدہ میں گر گیا اور اللہ رب العزت سے دعا کی کہ اے میرے اللہ! میں پھر پھر کر تھک چکا ہوں تو میرا رب ہے والدین بیمار رہتے ہیں مجھے گاڑی کی بہت ضرورت ہے اب صرف تو ہی ہے...... مجھے کوئی مناسب گاڑی مل جائے اس کے بعد ہم جہاں گاڑی دیکھنے گئے وہ بہت مناسب تھی میں نے وہ گاڑی خرید لی اس گاڑی کا انجن اور اندرونی حالت بھی اچھی نکلی۔ اس بات کا تجربہ ہوا کہ جب ہم ہر طرف سے امید چھوڑ کر صرف رب سے رجوع کرتے ہیں تو اللہ رب العزت عنایت فرماتے ہیں۔

سچے دل سے دعا...... من چاہی پوسٹنگ

آج سے تقریباً 4 سال پہلے میری پوسٹنگ کا مسئلہ تھا ایک سیٹ شیخوپورہ میں خالی تھی اور دوسری بہت دور موڑ کھنڈا میں مجھے یہ شیخوپور والی سیٹ حاصل کرنے کیلئے تقریباً ڈیڑھ ماہ دفاتر کے چکر لگانے پڑے بہت سے سفارشیں کروانی پڑیں پھر کہیں جا کر میرے آرڈر شیخوپورہ ہو گئے۔ تقریباً ڈیڑھ سال پہلے لاہور میں ایک سیٹ خالی ہوئی لاہور میں پوسٹنگ کروانا شیخوپورہ سے کہیں مشکل تھا میرے حالات یہ تھے کہ والدہ بیمار تھیں والد ضعیف تھے گھر میں اور بھی کئی مسائل تھے مجھ میں بھاگ دوڑ کرنے

کی بالکل ہمت نہ تھی کہ میں پہلے کی طرح سفارشیں ڈھونڈتا اور کچھ کر پاتا۔ میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ یا اللہ! تو ہی میرا مالک ہے مجھ میں بھاگ دوڑ کرنے کی ہمت نہیں مسائل میں گھرا ہوا ہوں تو ہی میری مدد فرما میری پوسٹنگ لاہور ہو جائے۔ دعا پہلے بھی کرتا تھا مگر اس دفعہ بہت لاچار سا محسوس کر رہا تھا (ہمت نہ تھی) اللہ تو ہی میرے لئے کوئی وسیلہ فراہم کر۔ پھر ایسا ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے مدد فرمائی بروز ہفتہ 2 جولائی 2011ء کو میں نے درخواست جمع کروائی اور 4 جولائی 2011ء کو صبح 9.45 پر میں ہاتھ میں لاہور پوسٹنگ کے آرڈر تھے اور میں حیرانی سے دیکھ رہا تھا کہ اتنی جلدی یہ کیسے ہو گیا۔ یہ میرے رب کا کرم تھا۔

آپ اللہ کی مخلوق کی خدمت کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ اس میں مزید برکت ڈالے اور تسبیح خانہ کو تا قیامت آباد رکھے۔ آمین۔

(بابر ظہیر، لاہور)

☆……☆……☆

محترم حافظ محمد حسن صاحب کے مشاہدات

درس کی برکت سے اول پوزیشن

السلام علیکم حکیم صاحب! میں تقریباً دسمبر 2011ء کو آپ کے درس میں تشریف لایا تھا اگلے سال 2012ء مارچ کو میں نے 9th کے پیپر دیئے تھے میں مسلسل درس میں تشریف لا رہا تھا جس وقت میرا رزلٹ آیا تو میری آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں کیونکہ کلاس میں سب سے اول آیا تھا۔ آپ کے درس سے مجھے یہ بھی فائدہ ہوا کہ پہلے میں مسلسل گانے سنتا تھا لیکن جب سے میں آپ کے درس میں آیا ہوں میرے گانے، ٹیلی فون پر بہت زیادہ باتیں کرنا، ٹی وی وغیرہ سب کچھ چھوٹ گیا اب میں مسلسل آپ کے درس پر حاضر ہو رہا ہوں جس سے میری بہت زیادہ اصلاح ہو رہی ہے۔ الحمد للہ۔

بیماری اور پریشانیوں سے چھٹکارا

ہمارے گھر میں کسی نے جادو کر دیا تھا جس کی وجہ سے امی کا مسلسل بیمار رہنا، ابو کا مسلسل غصے میں رہنا معمول تھا۔ اب اللہ کا شکر ہے کہ میں اور میرے گھر والے امی، ابو بہن اور بھائی نماز کے پابند ہیں۔ ابو اور امی آپ کے پاس 2011 میں تشریف لائے تھے آپ نے انہیں ''یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ'' وظیفہ دیا تھا۔ میں اور سب گھر والے اسے مسلسل صبح و شام پڑھتے ہیں جس سے میرے گھر کی بہت زیادہ پریشانیاں دور ہوئی ہیں، میرے اسے مسلسل پڑھنے سے بری صحبت سے چھٹکارا ملا ہے۔ مجھے پہلے بہت زیادہ ڈراؤنے خواب آتے تھے جس سے اکثر رات کو سو نہیں پاتا تھا لیکن اب میں رات کو سونے سے پہلے ایک بار آیت الکرسی 11 بار ''یا حفیظ'' اور بیڈ ٹی والا کر کے سوتا ہوں جس سے مجھے بہت اچھی نیند آتی ہے۔

(حافظ محمد حسن رحمان، فیروز پور روڈ)

☆......☆......☆

محترم عامر حسین صاحب کے مشاہدات

سورہ کوثر سے روزگار کا انتظام

دو یا تین بار 129 دفعہ سورہ کوثر پڑھی تھی اللہ تعالیٰ نے روزگار کا انتظام کر دیا۔ جب ٹریفک پھنس جاتی ہے تو ''سورہ قریش'' پڑھ لیتا ہوں ٹریفک کھل جاتی ہے۔ ''یَاحَفِیْظُ'' پڑھتا ہوں اللہ تعالیٰ حفاظت کا انتظام کرتے ہیں۔ گھر سے نکلتے وقت ''بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ'' پڑھتا ہوں اللہ حفاظت کے ساتھ گھر واپس بھیج دیتے ہیں۔

خونی بواسیر ختم

تبلیغی جماعت کے ساتھ ایک دفعہ یو۔ای۔ٹی یونیورسٹی اسلام آباد میں تشکیل ہوئی تو

مجھے خونی بواسیر ہوگئی کافی دن یہ معاملہ رہا۔ پھر ایک دن مفتی صاحب نے ایک عمل بتایا کہ نماز عشاء میں وتر کے دوران پہلی رکعت میں ''سورۃ النصر'' اور دوسری رکعت میں ''سورہ لہب'' اور تیسری رکعت میں ''سورہ اخلاص'' پڑھنی ہے تو پہلے ہی دن یہ عمل کیا تو اللہ تعالیٰ کے کرم سے خونی بواسیر ختم ہوگئی اور اس کے بعد یہ بواسیر نہیں ہوئی حالانکہ لوگ مجھے آپریشن کا کہہ رہے تھے اللہ تعالیٰ نے کرم کیا۔ حضرت صاحب سے دعاؤں کی درخواست ہے۔

(عامر حسین، لاہور)

☆……☆……☆

محترم شکیل احمد صاحب کے مشاہدات

فائدے ہی فائدے

''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ'' پڑھنے سے ہمیشہ ہی فائدہ ہوا ہے۔ عبقری میں جو ناک، ناف اور مقعد میں تیل لگانے والا عمل شائع ہوا تھا اس سے واقعی فائدہ ہوا ہے۔ روحانی پھکی فائدہ مند ہے۔

(شکیل احمد، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمد ایوب صاحب کے مشاہدات

کالی کھانسی کا علاج

السلام علیکم! کالی کھانسی دور کرنے کا نسخہ دیسی مرغی کا ایک انڈہ گیلے کپڑے سے صاف کر کے انڈہ کپ میں ڈال کر سرکہ ڈال دیں انڈہ ڈوب جائے 24 یا 48 گھنٹے میں انڈے کا سخت چھلکا ختم ہو جائے تو انڈے کو دبا دیں سفیدی اور زردی سرکہ میں رہنے دیں انڈے کی جھلی پھینک کر سرکہ اور انڈے کو نصف حصہ شہد میں ملا کر جذب

کرلیں بعد میں مریض کو ایک چمچ صبح وشام دے دیں بچوں کو چھوٹا چمچ دیں۔ چند دن کے استعمال سے انشاءاللہ افاقہ ہوجاتا ہے۔ یہ نسخہ کالی کھانسی والوں پر استعمال کرایا اللہ پاک نے شفاء دی۔

(محمد ایوب، لاہور)

☆……☆……☆

محترم ڈاکٹر حبیب اللہ صاحب کے مشاہدات

مختلف وظائف کے تاثرات

میں ایک عرصہ سے سورہ یٰسین بمعہ سات مبین کے ہمراہ سورہ مزمل کا وظیفہ کررہا ہوں جوکہ میرے چچا مولانا محمد اختر صدیقی آف کمالیہ نے بتایا تھا اور میں نے اگر اس کو چھوڑا تو مجھ پر پریشانیوں کا آنا ہوا اور جب اس میں تسلسل رکھا تو پریشانیوں سے نجات رہی۔

میں موجودہ رمضان المبارک سے سورہ کوثر کا وظیفہ کررہا ہوں جس سے الحمد للہ مجھے خرچ کے سلسلہ میں کوئی پریشانی نہیں ہوتی۔

میں نے انمول خزانہ کو بھی تسلسل سے جاری رکھا ہوا ہے سلسلہ فراوانی رزق اور حالات کی بہتری ہوئی ہے۔ انمول خزانہ نمبر دو یہ ہے ”یَالَطِیفاً ۘ بِخَلقِهٖ یَاعَلِیمًا ۘ بِخَلُقِهٖ یَاخَبِیرًا ۘ بِخَلقِهٖ اُلطُفْ بِیْ یَا لَطِیفُ یَاعَلِیمُ یَاخَبِیرُ“

قبض کیلئے

اسپغول استعمال کرنے سے پہلے سورہ یٰسین کی آیت 58 آٹھ سو مرتبہ پڑھ کر دم کرلیا کریں یہ عمل شفایابی تک جاری رکھنا ہے۔ کھانا کھانے کے بعد موسم کے مطابق امرود، کنو، آلو بخارا، آم، انگور انجیر اور خربوزے کا استعمال ضروری ہے۔

اسپغول کی بھوسی 2 چمچ ہلکے گرم پانی میں گھول کر پی لیا کریں۔

بالوں کو لمبا کرنے اور رونق بڑھائیں

نماز جمعہ کے بعد ایک ہزار مرتبہ ”یا مجیب“ پڑھ کر تیل کی اتنی مقدار پر دم کریں جسے

41 روز میں استعمال کر سکیں۔ پھر اس میں حسب معمول لیموں کے قطرے ملا لیں۔ غسل کرنے سے پہلے یہ تیل ہلکا ہلکا سر میں لگالیں غسل کے بعد تھوڑا سا تیل بالوں کی جڑوں میں لگانا مفید ہے۔ تیل پر دم صرف ایک بار کرنا ہے اور وظیفہ صرف جمعہ کے دن سے شروع کرنا ہے۔

(ڈاکٹر حبیب اللہ صدیقی، ملتان)

☆......☆......☆

محترم محمد علی صاحب کے تجربات

تسبیح خانے کا لوگوں کو بربادی کے راستے سے بچانا

تسبیح خانہ کی روایت بخل شکنی کی ہے اگر اس کی روایت بخل شکنی کی نہ ہوتی ہے تو لوگ دور دراز سے اتنا سفر کر کے نہ آتے صرف حکیم صاحب کی وسعت ظرفی کی وجہ سے دنیا کھنچی چلی آرہی ہے اتنی فراغ دلی سے کام لے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ حکیم صاحب اور ان کی آل اولاد کی عمر درازی کرے۔ ان پر لاکھوں رحمتیں نازل فرمائے جو کہ دنیا کو اندھیروں سے نکال کر روشنی میں لا رہے ہیں لاکھوں گھروں کو تباہ و برباد ہونے سے بچایا جا رہا ہے اور ساتھ ساتھ جانوں کو تباہ ہونے سے بچا رہے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو اپنی رحمتوں میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین۔

ہم بھی دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کی آل اولاد کو لاکھوں رحمتیں اور برکتیں عطا فرمائے۔

آپ کے رسائل تسبیح خانہ سے ہمیں جو فوائد ہوئے ہیں مندرجہ ذیل ہیں۔

گھر میں برکتیں ہی برکتیں

پہلا عمل میں نے جو سورہ کوثر کی برکت والی تھیلی والا کیا اس میں جتنے بھی پیسے ڈالتے ہیں خیر و برکت ہوتی ہے جب سے یہ عمل کیا ہمارے گھر میں برکتیں ہی برکتیں ہیں۔

سورہ کوثر کا دو نفل والا عمل جس کام کیلئے بھی کیا وہ بھی پورا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے آپ نے ہمیں ایک راستہ دیکھایا جس میں خدا کی یاد اور عبادت کا ذریعہ بن گیا دنیا کی سختی سے بچ گئے۔

مریض کو سکون کی نیند آنے لگی

دوسرا عمل "وَاِذَابَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ" والا کیا اس میں بہت فائدہ ہے جب بھی کسی کو جسمانی تکلیف یا درد وغیرہ ہوتا ہے اس کے ذریعے سے جھاڑ پھونک کرتا ہوں اسے سکون ملتا ہے یا درد سے نجات مل جاتی ہے۔ نیند بھی مزے کی آتی ہے اور جو مریض ساری ساری رات تڑپتا ہے اس کو درد سے افاقہ ہوتا ہے۔ دوائیاں کھا کھا کر جسم میں زہر پیدا ہو گیا تھا اس کی وجہ سے مزید دوائی فائدہ دیتی نہ مریض کو سکون آتا تھا اب خدا کے فضل و کرم سے دم کرنے سے مریض سکون کی زندگی گزار رہا ہے۔

معدے کی تکلیف دور ہوگئی

مجھے خود معدہ کی تکلیف تھی جب رات کو سوتا تھا کھایا پیا معدہ ہضم نہیں کرتا تھا۔ ایک قے کی شکل میں آتا رہتا تھا جب سے وضو کے بعد پانی کے تین گھونٹ پینے شروع کیے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ تکلیف ختم ہوگئی ہے۔ پہلے وقفہ وقفہ سے تھوڑی تھوڑی قے آتی تھی ساری رات سو نہیں سکتا تھا اب خدا کا فضل ہے ایسی کوئی تکلیف نہیں ہے اور بھی بہت لوگوں کو بتایا اللہ تعالیٰ نے انہیں بھی شفاء دی اور اب وہ لوگ آپ کو دعائیں دیتے ہیں۔

جنات نے پیسے چوری کرنے چھوڑ دیئے

سورہ بقرہ والا عمل بہت مشکل ہے لیکن میں نے آپ کی وساطت سے مکمل کیا ہے۔ خدا جانتا ہے اس عمل کے بعد اتنے فائدے ہوئے ہیں جو میں بیان نہیں کر سکتا۔ ایک تو ہمارے گھر میں سایہ کا عمل تھا جنات گھر کے برتنوں کو الٹ پلٹ کرتے تھے

اور برتنوں کی زور زور سے آوازیں آتی تھیں ہمیں سونے نہیں دیتے تھے اب یہ سلسلہ بند ہوگیا ہے کسی قسم کی کوئی آواز غیرہ نہیں آتی اور سونے میں بھی کوئی خلل نہیں ڈالتے ہیں۔ گھر سے پہلے پیسے وغیرہ بھی اٹھا کر لے جاتے تھے اب کسی کا روپیہ بھی خورد برد نہیں ہوتا اور بہت سکون ہے۔ روزانہ ایک مرتبہ سورہ بقرہ 41 روز پڑھیں۔

رشتوں کی بندشیں ٹوٹ گئیں

ہمارے کچھ رشتوں کا معاملہ ہے اب وہ بھی ہوگیا ہے پہلے بچوں کے رشتے نہیں ہوتے تھے اور اب رشتے بھی ہوگئے کسی قسم کی کوئی بات نہیں سب معاملات آرام سے طے ہوگئے ہیں۔ کچھ ہمارے بچوں کی تعلیم کا بھی مسئلہ تھا وہ بھی حل ہوگیا ہے جو تعلیم کی طرف رغبت نہیں تھی اب انہوں نے تعلیم کی طرف خصوصی توجہ کرنی شروع کردی ہے اور شوق سے خود پڑھتے ہیں اپنی منازل طے کرتے جا رہے ہیں۔

مختلف پریشانیوں اور بیماریوں سے نجات

ہماری زمین کے مسائل تھے وہ کافی عرصہ سے حل نہیں ہو رہے تھے اب خدا کے فضل و کرم سے حل ہوگئے ہیں اب کیا بتاؤں اللہ تعالیٰ کا خصوصی کرم ہوا ہے۔ بلڈ پریشر کا مسئلہ مجھے بھی تھا اور میں بار بار وضو کرتا تو بلڈ پریشر ڈاؤن ہو جاتا۔ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے اب بلڈ پریشر ختم ہوگیا ہے۔ کافی لوگوں کو بتایا انہوں نے بھی عمل کیا ان کو بھی کافی افاقہ ہوا ہے اور سب لوگ آپ کو دن رات دعاؤں میں یاد رکھتے ہیں۔

(محمد علی، ملتان کینٹ)

☆……☆……☆

محترم مشتاق احمد چشتی صاحب کے مشاہدات

السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کے درجات مزید بلند فرمائے۔ آمین۔ میں تقریباً عرصہ پندرہ سال سے اس شعبہ سے منسلک ہوں اور ہر اچھی چیز کا متلاشی رہا ہوں جو بھی اچھا

عمل جہاں سے ملا وہ کرتا رہا ہوں

سورہ فاتحہ کا عمل کئی طریقوں سے کیا میں اس وقت سورہ فاتحہ والا عمل کافی عرصہ سے فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان کر رہا ہوں اس طرح کرنے سے کسی پر 7 بار پڑھ کر دم کر دوں تو بخار، درد یا جو بھی تکلیف ہو دور ہو جاتی ہے۔

آپ کی کتاب ''جنات کا پیدائشی دوست'' اس میں بھی جو وظائف درج ہیں اپنی مشکلات سے متعلق جو بھی ہوتا ہے کر لیتا ہوں۔

رات کو سوتے وقت 300 مرتبہ یہ درود پاک ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗ'' جو آپ کی کتاب ''خطبات عبقری جلد اولؔ'' میں درج ہے پڑھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ہدیہ بھیجتا رہتا ہوں۔

سورہ کوثر کا ایک سوا لاکھ ختم کر چکا ہوں روزانہ صبح و شام 129 مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر اپنی تنخواہ اور آپ کی برکت والی تھیلی پر دم کرتا ہوں۔ اس سے بھی بہت برکت ہے۔

سورہ قریش کے ورد سے مشکل حل

بچی کا بی اے کا داخلہ مجھے کروانا تھا اور آخری تاریخ تھی گھر سے سورہ قریش کا ورد کرتا ہوا بینک پہنچا فارم تو آسانی سے مل گیا مگر چالان فارم نہ مل سکا بینک والوں نے دوسری شاخ میں جانے کا کہا وہاں بھی نہ ملا اس برانچ والوں نے مین برانچ میں جانے کا کہا وہاں پر بھی چالان فارم دستیاب نہیں تھا بہت فکر ہوئی کہ آخری تاریخ ہے اور چالان فارم نہیں مل رہا عملے سے پوچھا کہ آپ کا ذمہ دار شخص کون ہے انہوں نے اندر جا کر پتہ کرنے کا کہا۔ میں ورد کرتا ہوا اندر جا کر ایک آدمی سے ملا اور اپنی پریشانی بتائی کہ افسوس کی بات ہے داخلہ کروانے کیلئے آپ کی کسی برانچ میں چالان فارم نہیں ہے تو اس شخص نے کہا کہ چالان فارم میں دے دیتا ہوں اس طرح میری مشکل حل ہو گئی۔

داخلہ فارم جمع کروا کر واپس گھر جانے کیلئے سٹاپ پر کھڑا تھا تو سواری دستیاب نہیں تھی میں نے دل میں خیال کیا کہ سورہ قریش تو کار میں سفر کرا دیتی ہے دیکھیں

مجھے بھی سواری ملتی ہے یا نہیں اتنی دیر میں ایک ناواقف شخص جو کہ موٹر سائیکل پر جارہا تھا آیا اور کہا کہ آؤ میں آپ کو آپ کی منزل تک چھوڑ آتا ہوں اس طرح میں باآسانی اپنے گھر پہنچ گیا۔

(مشتاق احمد چشتی، فیصل آباد)

☆……☆……☆

محترم سید خادم حسین صاحب کے تجربات

شدید ایکسڈنٹ میں معمولی چوٹ لگی

میری امی کی آنکھ کا آپریشن تھا اور ہم صبح چھ بجے اپنی امی اور بڑی بہن کو لے کر رحمت ہسپتال کی طرف جارہے تھے ہم رکشے میں بیٹھے تھے اور رکشے والا بڑی تیزی کے ساتھ رکشہ چلا رہا تھا، چوک علامہ اقبال ٹاؤن کے قریب آیا وہ چوک کراس کرنے لگا تو دوسری طرف سے ایک کار آگئی اور دونوں ایک دوسرے میں جا لگے رکشے والا دور جا گرا اور بہت زخمی ہوگیا اور اس کا رکشہ بھی سارا ٹوٹ کر تباہ ہوگیا مگر میں میری امی اور بڑی بہن بچ گئے، ہمیں بس معمولی خراشیں آئیں چوک پر لوگ اکٹھے ہوگئے وہ لوگ بڑے حیران تھے اور کہہ رہے تھے کہ کوئی معجزہ ہوگیا جو آپ بچ گئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ یہ دو انمول خزانے کی برکت کی وجہ سے ہے کیونکہ میں جب گھر سے نکلا تھا تو دو انمول خزانے کا وظیفہ نمبر 2 رکشے میں پڑھ رہا تھا میں شیخوپورہ کا رہنے والا ہوں اور میری بڑی بہن کی شادی لاہور میں ہوئی ہم رات ان کے گھر پر رہے یہ اندازاً کوئی چھ ماہ پہلے کی بات ہے۔

(سید خادم حسین شاہ، شیخوپورہ)

☆……☆……☆

محترم مولانا حافظ تبسم صاحب کے مشاہدات

وظیفے سے لوگوں کو شفاء

طریقہ عمل: مجھے چہل کاف کا عمل فائدے مند رہا۔ میں نے جس کو دم کیا اس کو الحمد للہ فائدہ ہوا بچوں کو دم کیا ان کو فائدہ ہوا میاں بیوی میں ناچاقی ہوتی تو میں ان کو چہل کاف کا پانی دم کر کے دیتا ان کی صلح ہو جاتی۔ ''افحسبتم والا عمل اور اذان والا عمل'' بہت اچھا رہا ہمارے نمبردار صاحب ان کا مرغی خانہ تھا ان کی ہر روز مرغیاں مرجاتی تھیں الحمدللہ میں نے وہاں جا کر ''افحسبتم اور اذان والا عمل'' دس دن کیا الحمدللہ ان کی مرغیاں مرنا بند ہوگئیں۔ سورہ یٰسین والا عمل جب سے میں نے شروع کیا الحمدللہ اس سے بھی کافی فائدہ ہوا بوڑھی عورتیں میرے پاس آئیں تو میں ان کو یٰسین پڑھ کر پانی پر دم کر کے دیتا ہوں ان کو اللہ شفاء دے دیتے ہیں۔

میرے پاس ایک ساتھی آیا کہ میری ڈاڑھ میں شدید درد تھا مجھے اس نے ایک وظیفہ بتایا اس نے مجھے بتایا کہ عشاء کی نماز کے بعد وتر کی پہلی رکعت میں ''والتین'' پڑھیں دوسری رکعت میں ''سورہ کافرون'' تیسری رکعت میں ''سورہ اخلاص'' پڑھیں انشاء اللہ آپ کی ڈاڑھ کو آرام آجائے گا میں نے ایسا ہی کیا مجھے فوراً آرام آگیا میں نے بہت سارے ساتھیوں کو بتایا الحمدللہ جس نے عمل کیا اس نے مجھے دعا دی۔ انشاء اللہ بہت سارے ساتھیوں کو فائدہ ہوا۔

(مولانا حافظ تبسم تحسین، ساہیوال)

☆……☆……☆

محترم محبوب احمد صاحب کے مشاہدات

تسمیہ کا چلہ کیا، سورۃ قل یاالکفرون کا چلا کیا اس کا بہت نفع ملا، سورہ طارق کا چلہ کیا اس کا بہت نفع ملا، سورہ فاتحہ کا بھی چلہ کیا، سورہ قریش کا ورد کر رہا ہوں، سورہ فلق اور سورۃ

الناس دونوں کا ورد جاری ہے، آیت الکرسی کا ورد جاری ہے "بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ" کا ورد جاری ہے روزانہ "اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ" کا ورد جاری ہے، تقریباً 10 سال سے منزل کا اہتمام بلا ناغہ جاری ہے، سورۃ مزمل کا چلہ کیا 41 دفعہ روزانہ پڑھا 41 یوم تک پرہیز کے ساتھ، سورہ مزمل کا چلا کیا روزانہ 113 دفعہ پرہیز کے ساتھ 41 یوم تک، سورۃ یٰسین کو مبینوں کے ساتھ 41 دفعہ پڑھا 41 یوم تک، درود شریف روزانہ کے معمول میں 1000 مرتبہ روزانہ، حزب البحر روزانہ ایک دفعہ کا معمول ہے۔ "یَا وَهَّابُ یَاوَدُوْدُیَا اَللّٰهُ" اسم اعظم کا ورد ایک ہزار دفعہ روزانہ کے معمول میں شامل ہے، سورہ حشر کی آخری آیات مبارکہ کا ورد تقریباً 16 سال سے جاری ہے صبح کی نماز کے بعد اور مغرب کی نماز کے بعد، دعائے امن کا اہتمام تقریباً 15 سال سے جاری ہے صبح کی نماز کے بعد اور مغرب کی نماز کے بعد ان تمام اذکار کے کرنے سے جنات کا جتنا مشکل کام آجائے اللہ کے حکم سے ہو جاتا ہے اس کے بعد جو جادو کا کام ہے اس میں تھوڑی سی مشکل ہوتی ہے اس کے بعد ہو جاتا ہے مگر جو جنات کا کام ہے ایک یا دو دفعہ سورہ مزمل یا منزل پڑھنے سے فوراً اللہ کے حکم سے ہو جاتا ہے۔

ان دس سالوں میں اللہ کے فضل و کرم سے نہ تو کوئی کالے علم والا عامل نہ ٹکرا سکا ہے نہ کوئی جن بہت ایسے مشکل کام آئے اللہ کے فضل و کرم سے ہو گئے اور آخر میں آپ کی دعاؤں کے طلب گار ہیں اور آپکی مکمل توجہ اور دعاؤں کی بہت ضرورت ہے۔

خبیث سے خبیث جن بھاگ جائے گا

سورہ مزمل کو شروع چاند کی پہلی جمعرات کو 41 مرتبہ روزانہ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ 40 یوم تک روزانہ پڑھیں اور اس طرح 40 یوم کے بعد سورۃ آپ کے عمل میں آجائے گی۔ اس کو اگر جنات والے آدمی پر صرف تین دفعہ پڑھنے سے جنات خبیث سے خبیث ہوگا تو حاضر ہو جائے گا اور معافی مانگے گا اور پھر ہمیشہ کیلئے نہیں

آئے گا اگر آپ اس کو 7 مرتبہ یا گیارہ مرتبہ پڑھیں گے تو جنات جل جائیں گے۔

کالے علم کے ماہر عاملوں سے مقابلہ

میں نے اس عمل کے ساتھ بہت سے کالے عمل کے عاملوں کا مقابلہ کیا ہے ان کا عمل رد کیا ہے اور ان کی چیزیں ختم ہوگئیں ہیں۔ ایک عامل شیر شاہ کا رہنے والا تھا اس نے بہت سے گھروں کو اجاڑ رکھا تھا وہ انسان کی کھوپڑی سامنے رکھ کر عمل کرتا تھا۔ طلاق کرانی ہو یا کسی کا کاروبار ختم کرنا ہو یا کسی کو ہلاک کرنا یہ اس کا مشغلہ تھا اب وہ تمام عملیات چھوڑ کر فارغ پھر رہا ہے اس کا دعویٰ تھا کہ جس دکان کو باندھ دیتا تھا وہ کسی سے نہیں کھلتی تھی۔ ایک ہمارا دوست عبدالرشید نقشبندی ہے کسی نے اس کو ایک ایک لاکھ روپے دے کر اس کا پراپرٹی کا کاروبار ختم کردایا تھا اور اس کو بیمار کر دیا تھا وہ بڑا پریشان تھا میرے پاس آیا بہت ہی بیمار تھا اس کو جھٹکے لگتے تھے۔ ایک بڑے عامل نے جواب دے دیا کہ بھائی بہت سخت بندش ہوگئی ہے۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کرکے روزانہ سورہ مزمل 7 مرتبہ پڑھ کر پانی دیا تھا تیسری مرتبہ وہ اپنے آپ کو بالکل درست سمجھنے لگا۔ میں نے ان کو منزل اور سورہ مزمل کا عمل کرایا ہے آج وہ بڑا خوش ہے اسی طرح کاروبار اور صحت اللہ کے فضل وکرم سے ٹھیک ہیں۔

عاملوں کی ناکامی کے بعد عمل سے جن بھاگ گئے

تیسرے تجربہ میں منزل کو روزانہ پانچ دفعہ پڑھنے سے بڑے سے بڑا مسئلہ ہو وہ اللہ کے فضل سے درست ہو جاتا ہے۔ کوٹ ادو کے علاقہ میں ایک سید اصغر صاحب کے گھر کے دروازے کھٹکتے تھے اور دیواروں، چھت پر بھاگنے دوڑنے کی آوازیں آتی تھیں گھر میں تمام افراد پریشان تھے وہ غریب آدمی گھر چھوڑنے پر مجبور ہو گیا حالانکہ قرآن خوانی کرائی اور خواجہ منیر احمد لیہ والے آئے انہوں نے رات کو جب محفل کرائی اسی طرح دیواروں کی آواز اور دروازوں کی آواز ٹریکٹر ٹرالی سے آتی رہی جب وہ جانے لگے تو ان کی قمیص کے دونوں دامن خون آلودہ تھے اور بھی بڑے بڑے پیر آئے

مگر مسئلہ حل نہ ہوا آخر کار میرے پاس آئے میں جب گھر میں داخل ہوا تو کمروں سے بدبو آ رہی تھی اور بڑی پریشانی ہوئی۔ بس میں اللہ کو یاد کر کے عشاء کے بعد "بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ" شروع کر دی رات کے گیارہ بجے تک اور پھر صبح تہجد کی نماز پڑھ کر یہی عمل شروع کر دیا تقریباً 3000 مرتبہ جب پڑھ لیا تو اس کے بعد 7 مرتبہ سورہ مزمل پڑھی اللہ کے حکم سے آج وہ گھر آباد ہے۔

(محبوب احمد، لودھراں)

☆……☆……☆

محترم محمد ناصر صاحب کے مشاہدات

بیمار دوست بالکل ٹھیک ہو گیا

میرا ایک دوست بیمار تھا میں نے اس کے بھائی سے پوچھا تمہارا بھائی کہاں ہے اس نے کہا کہ وہ بہت بیمار ہے میں نے پوچھا کتنے دن ہوئے اس نے بتایا دو یا تین دن ہوئے ہیں میں نے کہا اس کو کہو میں ملنے آیا ہوں وہ کہنے لگا وہ نہیں آئے گا میں نے کہا اس کو میرا نام کہنا وہ آ جائے گا تو ایسا ہی کیا وہ جب باہر آیا تو کہنے لگا کیسے دوست ہو میں بہت بیمار ہوں آپ پوچھنے بھی نہیں آئے؟ میں نے کہا مجھے کیا پتہ آپ کو بیماری ہیں اچھا کوئی بات نہیں اب میں آ گیا ہوں تو اس سے پوچھا وہ کہنے لگا میرے پورے جسم میں بہت درد ہے تو میں نے کہا تھوڑا سا پانی لے آؤ میں نے پانی پر دم کیا اور اسے پلا دیا جب اس نے پانی پیا تو کہنے لگا کہ پانی کا ذائقہ تبدیل ہو گیا ہے تو میں نے سات مرتبہ درود ابراہیمی، سات مرتبہ سورہ فاتحہ، سات مرتبہ آیت الکرسی، تین دفعہ سورۃ الفلق، تین مرتبہ سورۃ الناس، سات مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر اس کے اوپر دم کیا اللہ کے فضل و کرم سے ٹھیک ہو گیا۔

شدید داڑھ درد فوراً ختم ہو گیا

ایک دن میں نماز فجر پڑھ کر گھر گیا ابھی دروازے پر ہی تھا کہ میرا چھوٹا بھائی تقریباً ساتھ یا آٹھ سال کا ہے اس کی داڑھ میں بہت درد تھا کہنے لگا امی داڑھ میں بہت درد ہے۔ میں نے اس کو کہا ادھر آؤ میں نے کہا جہاں درد ہے اس جگہ کو پکڑو میں نے ابجد لکھا اور ایک کیل ہاتھ میں لے لیا پہلے الف پر کیل رکھا اور تین مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھی اور پوچھا کیسا ہے درد اس نے کہا تھوڑا کم ہو گیا ہے تو پھر پکڑو تو تین مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھی اور کیل رکھا پھر اس سے پوچھا کہنے لگا اب درد نہیں ہے ادھر کیل کو درخت میں گاڑھ دیا اس کو تین مرتبہ آزمایا بہت ہی مجرب ہے۔

آیت الکرسی کی فضیلت سے چالان بچ گیا

میں لودھراں شہر میں رکشہ چلاتا ہوں ایک دن مجھے سواریاں بہاولپور کی ملیں کہنے لگیں ہمیں بہاولپور وکٹوریہ ہسپتال جانا ہے میں نے کہا ٹھیک ہے وہاں رکشہ نہیں جانے دیتے تھے وہاں چلا گیا واپس آرہا تھا راستے میں ٹریفک پولیس والوں نے روک لیا کہنے لگا میں چالان کرتا ہوں ایک تو آپ کے پاس کاغذ وغیرہ نہیں دوسرا رکشہ کا داخلہ ادھر بند ہیں۔ میں نے کہا اب ان سے کیسے جان چھڑاؤں تو میں فوراً آیت الکرسی پڑھ کر اس کے اوپر پھونک ماری تو تھوڑی دیر بعد اس نے کہا اب تم جاؤ اور دوبارہ ایسی حرکت نہ کرنا۔ آیت الکرسی کا ہر نماز کے بعد 41 مرتبہ ورد کرتا ہوں اور آخر میں آپ کی دعاؤں کے طلب گار ہوں اور آپ کی مکمل توجہ اور دعاؤں کی بہت ضرورت ہے۔

(محمد ناصر، لودھراں)

☆......☆......☆

محترم محمد حنیف صاحب کے مشاہدات

باری کے بخار کیلئے

میرے نانا جان کے بھائی عامل تھے انہوں نے مجھے تقریباً تیس سال پہلے جب میری عمر تقریباً سولہ سال کی تھی مجھے باری کے بخاری کیلئے آیت ''وما محمد الا رسول '' بتائی اور لکھنے کی اجازت بھی دی بندہ نے جس کو بھی باری کے بخار کیلئے درج بالا آیت لکھ کر دی وہ انشاء اللہ تندرست ہو گیا۔

بندہ کا تجربہ ہے کہ جب بھی کسی چیز پر یا خود اپنے اوپر ''یا رقیب'' 7 بار اور ''یا اللہ'' ''یا حفیظ'' 11 بار پڑھ کر دم کریں تو منجانب اللہ حفاظت ہوتی ہے حتیٰ کہ جانوروں پر اور فصل پر دم کر کے سکون سے بے خطرہ گھر سوئے رہتے ہیں۔

سورہ یٰسین سے اپنڈیکس کے آپریشن سے بچت

بندہ کی بچی جو کہ حافظہ اور عالمہ ہے اس کو اپنڈیکس کا درد شروع ہوا میں بچی کو لے کر کروڑ پکا ہسپتال لیا گیا ڈاکٹر جاوید اقبال نے مریضہ کو چیک کرنے کے بعد کہا کہ اس مریضہ کا آپریشن ہوگا آپریشن تھیٹر میں پہلے سے ایک مریض آپریشن کیلئے موجود ہے پہلے اس کا آپریشن ہوگا اور ہماری مریضہ کیلئے دوائی دی کہ دوائی کھلائیں اور تھوڑی دیر بعد آپریشن ہوگا۔ بچی نے گڑگڑاتے ہوئے سورہ یٰسین کی تلاوت شروع کی اور ڈاکٹر کے آنے تک تلاوت جاری رکھی۔ ڈاکٹر جب آپریشن تھیٹر سے باہر آیا اور مریضہ کو دوبارہ چیک کیا تو کہنے لگا کہ مریضہ کا آپریشن نہیں ہو سکتا آپ دوائی لے جائیں انشاء اللہ ٹھیک ہو جائے گی اور بچی خدا کے فضل اور سورہ یٰسین کی برکت سے ٹھیک ہو گئی۔

جریان و احتلام کا سستا علاج

حکیم عبداللہ صاحب کی کتاب میں ایک نسخہ جریان اور احتلام کے بارے میں پڑھا تھا جس کو بھی دیا وہ انشاء اللہ تندرست ہو گیا۔

پوٹاشیم برومائڈ 6 ماشے، کشتہ قلعی پارہ شورہ والا 1 تولہ، بارہ خوراکیں بنائیں 1 خوراک روزانہ نہار منہ مکھن کے ساتھ لیں۔

جوڑوں کے درد کیلئے

عبقری میں لکھا نسخہ:۔ کلونجی 100 گرام، چھلکا اسپغول 100 گرام، شہد 200 گرام جوڑوں کے درد کیلئے آزمایا کیا ہی خوب پایا ہے۔

اذان سے آگ پر قابو پالیا

بندہ کا پیشہ کاشتکاری ہے میں نے پچھلے سال حاصل پور کے علاقہ شیخ واہن میں پندرہ ایکڑ گندم کاشت کی ہارویسٹر سے گندم کی کٹائی کرائی کٹائی کے تقریباً دس پندرہ دن بعد کپاس کاشت کرنے کی غرض سے میں نے گندم کی بھوسی جو کہ گندم کٹائی کے بعد کھیت میں رہ جاتا ہے جس کو سرائیکی میں ناڑ کہتے ہیں کو عصر کے وقت آگ لگائی اس وقت ہوا جنوب کی طرف چل رہی تھی اور شمال کی طرف کوئی خطرہ نہیں تھا کیونکہ شمال کی طرف سڑک اور کھال تھا مغرب تک تمام آگ پھیل کر تقریباً ختم ہونے کو تھی کہ یکا یک شمال سے زبردست آندھی اٹھی اور آگ کو مخالف طرف یعنی جنوب کی طرف جدھر ہارویسٹر کا بڑا بڑا ناڑ یعنی بھوسہ تھا اور گندم کی بہت ساری ڈھیریاں (گاہ) لگی ہوئی تھیں اچانک آگ بہت زیادہ پھیل گئی ہم دو آدمی تھے کوشش کے باوجود آگ کنٹرول نہ ہوئی۔ سخت پریشانی کے عالم میں آپ کی پہلی کلاس میں بتایا ہوا عمل سات مرتبہ اذان والا یاد آگیا بندہ نے جب سات اذانیں کہیں تو اسی وقت تین ٹریکٹر مدد کیلئے آگئے اور ٹریکٹروں کے پہنچنے سے پہلے پہلے ہم دو آدمیوں نے آگ پر کسیوں سے مٹی ڈالی تقریباً آدھ گھنٹے میں اذان کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے آگ پر ہمیں کنٹرول دے دیا ورنہ ہم بے بس تھے۔

(محمد حنیف، لودھراں)

☆……☆……☆

محترم محمد عرفان صاحب کے مشاہدات

گھر سے شیاطین نکل گئے

تقریباً 4 سال پہلے کوپر روڈ سے آپ کا رسالہ ملا پڑھا اچھا لگا انہی دنوں ہمارے سارے گھر والوں سمیت سب پر جادو جنات کی شکایت تھی آپ سے براہ راست ملا اور پھر آپ نے سورہ فلق، سورہ الناس پڑھنے کیلئے دی جو کہ ہم سب گھر والے پڑھتے رہے اور بہت محنت کی اس سے کافی حد تک آرام آ گیا تھا۔ تقریباً 6 ماہ پڑھا محلے کی مسجد کے عالم دین نے کہا اگر آپ ساتھ پانی پر دم کر کے سارے گھر والے پی لیں اور پانی کے چھینٹے ماریں تو گھر سے وہ تمام چیزیں نکل جائیں گی جو کہ کسی ظالم جادوگر نے عملیات کے ذریعے سینکڑوں چیزوں کی ڈیوٹی لگائی تھی۔ 6 ماہ پڑھنے کے بعد ہم نے چھوڑ دیا تقریباً تین مہینے بعد پھر ویسے ہی طبیعت خراب ہونے لگ گئی کاش مزید اتنی دیر اور پڑھ لیتے۔

2010ء میں مجھ پر پھر کسی حاسد نے سحر کر دیا جو کہ تکلف دہ جادو تھا پھر کسی نے کہا کہ سرگودھا میں امام مسجد عامل جنات ہے اس سے رابطہ کیا تو اس نے بھی یہی کہا آپ کے گھر میں کافی بڑا گروہ ہے اس نے کہا آپ پر اثرات، جادو عملیات میں تقریباً 3 ماہ میں 50 فیصد آرام آیا مطلب ہے جان کو سکون آ گیا۔

اس کے بعد بھی طبیعت خراب ہوتی تھی آپ نے انمول خزانے پڑھنے کیلئے دیے تھے اس سے کافی حد تک آرام گیا۔

جادو جنات کے اثرات ٹل گئے

محلے میں ایک عورت اور اس کے تمام گھر والوں پر جادو کر دیا گیا تھا، میں نے اپنے طور پر انمول خزانے پڑھنے کیلئے دیا اور کہا یہ بہت بڑا وظیفہ ہے۔ لہٰذا آپ یہ انمول خزانے پڑھنے کے دوران اس کی طبیعت بہت خراب ہوئی دباؤ پڑتا جان تنگ ہوئی

میں نے اس کو یہی کہا جادو نکل رہا ہے جسم اور گھر سے لہٰذا اس کو نہ چھوڑیں۔ تقریباً 3 ماہ پڑھنے کے بعد اس کا جادو کافی حد تک ختم ہو گیا اور اس سے بڑی بات یہ ہے کہ اس کے خاوند کو تقریباً 15000 روپے کی نوکری ملی اس کی خوشی کی انتہا نہ رہی اس عورت نے خود کو خواب میں فرشتے کے ساتھ نماز پڑھتے دیکھا جو کہ نورانی چہرہ تھا۔ اس عورت کے بقول کے اس کی بیٹی کو سرورکونین صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی اور گھر میں کبھی کبھی خوشبو بھی آتی ہے شروع شروع میں اور پھر اس طرح ہمسائی عورت نے اپنی بہن کو بھی انمول خزانہ پڑھنے کیلئے دیا اس کا بھی مسئلہ تھا جو حل ہو گیا۔

ادارہ عبقری کی روحانی پھکی سے میری درد کا جادو ختم ہو گیا۔

نوٹ: اور پھر آخر میں میری ذاتی تجرباتی بات ہے کہ انمول خزانے جادو جنات اور اس سے بڑی بات یہ ہے کہ پڑھنے والا اور جس گھر میں پڑھا جائے وہ انشاء اللہ حفاظت میں رہتا ہے۔ جب تک وہ پڑھتا رہتا ہے اس کی دشمنوں اور حسد کرنے والوں سے حفاظت رہتی ہے۔ شکریہ! اس کے کچھ اشارے مجھے خواب میں ملے ہیں کیونکہ مجھے اکثر خواب میں کتے پیچھے لگے اور کاٹتے ہوئے نظر آتے ہیں جب میں نے 2 ماہ انمول خزانے پڑھے وہ کتے جو بھاگتے دوڑتے نظر آئے وہ کتے بہت کمزور ہو گئے جیسے ان کی ہڈیاں نکل آئیں ہوں اور ان سے چلا نہیں جا رہا تھا۔

(محمد عرفان، جڑانوالہ)

☆……☆……☆

محترم حاجی محمد اقبال صاحب کے مشاہدات

بخار، سر درد اور نظر بد سے حفاظت

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! ''فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ'' فوائد: اس آیت سے بچوں کو بخار، سر درد اور نظر بد کا دم کر دیتا ہوں بفضل خدا شفاء ہو جاتی ہے۔ اس آیت سے مجھے ذاتی طور پر جو فوائد و مشاہدات ہوئے ہیں وہ

میں نے تفصیل سے لکھ دیئے ہیں۔ "یَا خَالِقُ یَارَؤُفُ یَاسَلَامُ" "بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ"

(حاجی محمد اقبال، فیصل آباد)

☆……☆……☆

محترم عاصم سعید صاحب کے تجربات

مختلف امراض سے شفاء

السلام علیکم ورحمتہ اللہ برکاتہ! میں نے جو عملیات کیے ہیں ان میں سورہ فاتحہ، آیت الکرسی، سورہ حشر کی آخری تین آیات، سورہ مومنون کی آخری 4 آیات اور معوذتین بمعہ درود ابراہیمی پڑھ کر لوگوں کو دم کر دیتا ہوں بفضل خدا شفاء ہو جاتی ہے۔ میں نے اب تک سر درد، دانت درد، چنبل، خارش، نظر بد، گھبراہٹ، جنات اور جادو کے مریضوں کو دم کیے ہیں بفضل خدا شفایاب ہو گئے۔

(عاصم سعید، فیصل آباد)

☆……☆……☆

محترم حاجی روشن صاحب کے تجربات

چوہے، چھپکلی، کیڑے وغیرہ غائب

ہمارے گھر میں چوہوں کی بہتات تھی میں نے عبقری میں سورۃ الماعون والا عمل پڑھا تھا اور میں نے 7 دفعہ سورۃ الماعون پڑھ کر پھونکی تو گھر سے تمام چوہے، چھپکلی اور لال بیگ وغیرہ تمام کیڑے غائب ہو گئے۔ شکریہ عبقری!

(حاجی روشن دین، صادق آباد)

☆……☆……☆

محترمہ رشیدہ خانم صاحبہ کے مشاہدات

منزل پڑھنے کی افادیت

14 سال پہلے منزل اپنے والد کے پاس دیکھی اس کے افادیت دیکھی بس خود ہی پڑھنا شروع کر دی پھر مجھے مزہ آنا شروع ہوا پھر منزل سے محبت محسوس ہونی شروع ہوئی۔ ایک دن ویسے بیٹے پر دم کیا وہ بہت حساس طبیعت کا ہے، اس نے کہا کہ میرا جسم ہلکا ہوگیا ہے پھر 3 مرتبہ دم کیا تو کہنے لگا کہ جسم بہت ہلکا، فریش، پرسکون ہوگیا ہے۔ پھر میں نے منزل کو زیادہ تر ان لوگوں پر استعمال کیا جن کو جنات یا دوسری چیزیں تنگ کرتی تھیں، خاندان میں نانا کو دادا کو اور میں نے پھر محلے میں، دفتر میں 3 مرتبہ پہلے دن دم کرتی تھی پھر ایک مرتبہ روزانہ دم کرتی تھی کسی کو 41 دن کسی کو 90 دن میں مکمل آرام آجاتا تھا اور آجاتا ہے پھر میں نے درد میں استعمال کیا جسم کے کسی حصے میں درد ہو دم کرتی ہوں تو اللہ کے حکم سے شفاء ہوتی ہے پھر میں نے اسے ڈپریشن دل کی گھبراہٹ بے چینی بے سکونی اور نیند کا نہ آنا اس میں آزمایا پھر علاج کا 100% رزلٹ ملا۔

"یَا سَلَامُ یَا مَالِكُ یَا قُدُّوْسُ" کی برکات

یہ ورد مجھے کسی بزرگ نے خوش ہو کر عطا کیا اسے میں پھوڑے، پھنسی، لڑکیوں کے کیل مہاسے میں تو روزانہ استعمال کرتی ہوں بلکہ یہ تو میں نے اپنے بچوں کو اجازت دے دی ہے کہ اس کا وہ خود استعمال کر کے اپنا علاج کریں اب وہ خود ہی کر لیتے ہیں بیٹی شرمیلی، بیٹا ہوشیار ہے وہ تو ہر ایک کا علاج کرتا ہے چاہے سکول ہو یا کھیل کا گراؤنڈ ہر جگہ علاج کرتا ہے۔ ہاں یاد آیا کھیلتے ہوئے چوٹ لگے یا انفکشن ہو جائے اس کا پہلے دن 3 مرتبہ یا روزانہ ہر 15 منٹ بعد چوٹ کے حساب سے دم کریں جلدی ٹھیک ہو جاتی ہے۔

برسٹ کی گلٹیاں ختم

اس کے علاوہ میں نے 3 عورتوں کو دم کیا جن کی برسٹ میں گلٹیاں تھیں ان عورتوں نے شوکت خانم ہسپتال سے ٹیسٹ کروائے ٹیسٹ کے بعد علاج ہو رہا تھا کہ میں انہیں مل گئی ایک عورت خاندان کی تھی ایک دفتر کی تھی، ایک محلے کی تھی، اچانک ملاقات ہوئی کہنے لگی کی اتنی تیز درد ہوتی ہے کہ برداشت نہیں ہوتا ہے پہلے 3 مرتبہ دم کیا تو ان کی درد ٹھیک ہوئی پھر آہستہ آہستہ اللہ نے انہیں آرام دے دیا۔

گردے کی پتھری ختم

ایک دن میری کلرک نے 2 ہفتے کی چھٹی لی میرے پاس آئی میں نے اس سے پوچھا کہ کیا ہوا؟ تو رونے لگی کہ گردے میں پتھری ہے بہت درد ہوتا ہے ریلوے ہسپتال میں پیر والے دن آپریشن ہے میں نے اسے کہا جمعہ کو آپریشن کروالینا (2 دن آپریشن ہوتے ہیں پیر اور جمعہ) 3 دن مجھے دے دو میں نے تین دم کیا تو اسے آرام آ گیا پھر وہ دم کرواتی رہی اور اسے آرام آ گیا۔ ٹیسٹ کروایا پتھری غائب تھی۔

پیشاب کے قطروں کا علاج

جس بندے کا پیشاب قطرے کی صورت میں گرتا ہو بار بار نکل جاتا ہو یہ دم میں نے اپنے بیٹے پر آزمایا حالانکہ پہلے ڈاکٹر کا علاج کرواتی رہی لیکن آرام نہ آیا ایک دن میں یہ پڑھ رہی تھی تو بیٹا آ گیا اور میں نے اس کے ناف کے نچلے حصے پر پھونک ماری تو کچھ دیر بعد اس نے کہا پہلے سے فرق ہے۔ پھر میں نے اسے کہا کہ وہ خود ہی مسلسل کرتا رہے اس نے کیا اور آرام آ گیا۔

اس کے علاوہ میرے بیٹے نے ایک بات اور مجھے بتائی کہ ورد کرنے سے نچلے حصہ اس کا سویا ہوا بھی ہو تو جان پڑ جاتی ہے خیر میں حیران ہوئی یہ اس کا تجربہ ہے کہ نچلے حصے میں طاقت محسوس ہوتی ہے پیشاب پر بھی کنٹرول ہوتا ہے۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

جو جنات یا ہوائی چیزیں خواب میں تنگ کریں خواب میں ماریں یا عزت خراب کرنے کی کوشش کریں۔ یہ میں نے اس کے لئے استعمال کیا اللہ نے قبول کیا اور ورد کرنے والے کو شفا دی ورد کے کم از کم 3 نصاب لازمی ہوں، کھلا پڑھنا ہے۔

دو عورتیں اور ایک آدمی جن کی عزت خواب میں خراب ہوتی تھی انہیں اس ورد کی برکت سے شفاء ہوئی۔ جنہیں مار پڑتی تھی 6 لوگ ہیں جن پر استعمال کیا اللہ نے انہیں بھی شفاء دی۔ شفا دینے والی اللہ کی ذات ہے راستہ میں نے بتایا شفاء اوپر سے آئی۔

جب تسبیح خانہ قادری ہجویری سے تعلق بنا بیعت ہوئی تو میں اپنی ہر بات سے خط کے ذریعے خبر کردیتی ہوں یہ ساری برکتیں مجھے تسبیح خانہ ہی سے ملی ہیں۔

طبی تجربات ومشاہدات

پیٹ درد اپھارہ قبض، موٹاپا گیس معدے کی تکالیف کیلئے میں نے گھر میں کلونجی میتھرے رائی چھوٹی الائچی کا سفوف بنایا ہوا ہے وہ استعمال کرتی ہوں کیونکہ اس کے استعمال سے وضو نہیں ٹوٹتا پیٹ صاف رہتا ہے۔ کلونجی میتھرے چھٹانک چھٹانک لے لیں چھوٹی الائچی اور رائی آدھی چٹانک ڈال کر سفوف ڈالیں۔ باقی طب کا مجھے اور کوئی تجربہ نہیں ہے۔

آنکھ میں چبھن کا علاج

زیادہ تر علاج میں قرآنی سورتوں سے ہی کرتی ہوں۔ جیسے آنکھ میں درد ہو یا چبھن ہو سورہ فاتحہ 21 دفعہ پڑھ کر آنکھ میں تھوک لگا دیتی ہوں تو اللہ تعالیٰ آرام دے دیتا ہے۔

موشن کا علاج

پیٹ میں درد ہو تو سورہ قریش، معدہ میں درد اور موشن ہوں تو اسم کے اضافہ کے ساتھ پوری آیت الکرسی اور آیت الکرسی کے اندر جو الفاظ "وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ" ہیں 11 مرتبہ پڑھ کر آیت الکرسی مکمل کرنی ہے اور 3 مرتبہ ہر

10 منٹ کے بعد دم کرنا ہے 5 سے 6 مرتبہ کے عمل سے فرق پڑ جاتا ہے یا یہ کہہ لیں مرض قابو میں آ جاتا ہے پھر اس کے بعد وقفہ بڑھا کر دم کرتے رہیں۔

یاد آیا میرے بچوں کے گلے خراب ہو جاتے تھے میں نے یاسلام یامالک یاقدوس گلے پر آزمایا ایک ہی مرتبہ کیا سال ہو گیا گلے دوبارہ خراب نہیں ہوئے۔

(رشیدہ خانم، لاہور)

☆......☆......☆

محترم محمد عبدالرشید بھٹی صاحب کے مشاہدات

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وہ دعا جو آپ پڑھا کرتے تھے جو ایسے قبول ہوئی کہ وہ بیک وقت کسی اور کی کبھی قبول نہیں ہوئی۔ اے اللہ مجھے شہادت کی موت نصیب فرما اپنے راستے میں اور رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے شہر میں موت دینا۔ میری دعا اسی دعا سے شروع ہوئی ہے اور اسی دعا کیوجہ سے مجھے اللہ پاک نے 2010ء میں حج کی سعادت نصیب کی اور آپ ﷺ کے شہر کی زیارت نصیب ہوئی۔ 2009ء کو ایک جمعہ کے روز بعد نماز جمعہ ہم اپنے آفس میں لنچ کر رہے تھے میرے CEO نے آکر اچانک مجھے کہا کہ رشید صاحب آپ کو کبھی حج کا شوق نہیں ہوا؟ میں نے کہا کہ سر میری تو سب سے پہلے دعا ہی یہی ہوتی ہے (درج بالا) کہنے لگے ٹھیک ہے 2010ء میں کمپنی آپ کو حج پر بھیجے گی۔ میں حیران و پریشان کہ مولا یہ کیسے ہو گیا۔ خیر 2010ء آ گیا داخلوں کا زمانہ آیا انہیں دنوں میں یہ ترکی کے دورے پر چلے گئے اسی دوران میں نے پاسپورٹ بھی بنوالیا اور HSL میں فارم، فوٹو، پاسپورٹ جمع کرا دیئے اور ان کو کہا کہ جیسے ہی پیسے ملیں گے آپ کو بھجوادوں گا۔ بینک والوں نے مہربانی کی فارم اپنے پاس محفوظ کر لیے۔ 2010ء میں آخری تاریخ تک ملک بھر میں چند سو فارم جمع ہوئے۔ دوسری دفعہ پھر نئی تاریخ دی گئی پھر بھی کوئی زیادہ فارم جمع نہیں ہوئے۔ مجھے

پریشانی یہ تھی کہ CEO صاحب ترکی سے واپس آئیں تو مجھے رقم ملے گی۔ حکومت نے اب کی بار تیسری دفعہ پھر نئی تاریخ کا اعلان کیا اور اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ CEO واپس آگئے آخری تاریخ سے ایک دن پہلے مجھے پیسے وصول ہوئے جو میں نے اپنے بیٹے کو آن لائن کر دیئے جو اس نے اسی وقت نکال کر بینک میں جمع کروا دیئے۔ 2010ء میں جس نے بھی داخلہ کرایا ان سب کو حج کی سعادت نصیب ہوئی اس دعا کو اپنی دعاؤں کا حصہ بنا لینے سے اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے حج کی سعادت نصیب کرتے ہیں۔

باآسانی سواری کیلئے

روحانی کلاس دوئم کی حاضری کیلئے رات کو نکلا تو پشاور صدر میں رکشے وغیرہ کا انتظار کرنے لگا حالات کی وجہ سے کبھی کبھی سواری کا مسئلہ ہو جاتا ہے، میں نے سورہ قریش پڑھنا شروع کی تو اچانک ایک آٹو رکشہ میرے سامنے آگیا مجھے اس نے بٹھا لیا پہلے سے ایک سواری بیٹھی تھی اس کو اپنی جگہ چھوڑا اور مجھے بس سٹینڈ تک پہنچا دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس سورۃ کی وجہ سے میرے لئے آسانی پیدا فرما دی۔

لاچار مریض کی موت میں آسانی

لاچار مریض جس کے بچنے کے چانس نہ ہوں وہ "یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ" صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان 121 مرتبہ 11 دن تک پڑھیں اگر اللہ پاک نے زندگی رکھی ہے تو صحت مند ہو جائے گا روز آسانی پیدا ہوگی اور اسکو اللہ پاک کی طرف سے آسان موت نصیب ہوگی۔

میرے ایک بھائی کے دوست کا بچہ سخت بیمار تھا اور بچنے کی کوئی امید نہیں رہی اس کو میں نے یہی وظیفہ بتایا تو وہ بچہ پہلے دن ہی فوت ہو گیا اب وہ صاحب کہتے پھرتے ہیں کہ رشید صاحب نے ایسا وظیفہ بتایا ہے کہ میرا بیٹا فوت ہو گیا میں نے کہا اللہ والو! میں نے تو اللہ کا نام دیا تھا اس کا مال تھا اس نے سنبھال لیا میرا کیا قصور ہے۔ روحانی

پھکی سے متعلق عبقری اگست 2012ء میں میرا باکس آیا جس میں میرے ذاتی مشاہدے لکھے تھے کہ یہ پھکی روحانی یا کراماتی پھکی ہے 40 سال سے میں معدے کے درد میں مبتلا تھا اللہ پاک نے روحانی پھکی کی شکل میں مجھے شفاء عنایت فرمائی۔ بہت لوگوں کو اس پھکی پر لگا دیا ہے اور وہ مطمئن ہیں۔ 22 بیماریوں کیلئے انمول تحفہ، جملہ عوارض کیلئے واقعی بہترین ہے۔

(محمد عبدالرشید بھٹی، ڈیرہ اسماعیل خان)

☆……☆……☆

محترم عمر فاروق صاحب کے مشاہدات

نیک اعمال سے اللہ کی غیب سے حفاظت

حضرت صاحب 1999ء سے قبل کوئی اتنا خاص ذوق دینی، سماجی کام، رفاعی کام کے بارے میں نہیں رہا تھا۔ انٹر پاس کرنے کے بعد میڈیکل کا کورس کیا اور بعد میں خاص تربیت کیلئے کچھ عرصہ مقرر ہوا تو میں بے ہوشی (Anosthesie Deth) کو منتخب کیا اس دوران مختلف مراحل پر مختلف حالات و واقعات کا مشاہدہ عمل میں آیا۔

لاہور جنرل ہسپتال میں نیوروسرجری ایمرجنسی ICU اور ہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں کام کرنے کا موقع ملا۔ اس عرصہ میں میرے ہاتھوں میں بہت سے لوگوں نے زندگی کی بازی ہاری اور کئی لوگ شفایاب ہوئے۔ میرا کام تو پیرامیڈیکل سٹاف کا تھا لیکن علاج کے ساتھ ساتھ حوصلہ تسلی خدمت نے ان لوگوں کو دوا سے زیادہ رہنمائی اور دل جوئی نے کام دکھایا۔ جس سے مریض کے چہرے کے دمک چمک اور روشنائی میرے تمام دن کی تھکاوٹ اور کمزوری کو دور کرنے کیلئے کسی پرسکون نیند لاجوب کھانے سے کہیں بڑھ کر تھی۔

جس مرحلہ پر جس کی جس طرح سے جو خدمت کر سکتا تھا کرتا رہا ہوں اور الحمدللہ وہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ کسی کو خون کا عطیہ دیا کسی کو WBC سیل چاہئے تو وہ

دیئے لاہور کا شائد ہی کوئی ہسپتال ہو جس میں جہاں کسی نہ کسی سلسلہ میں جانے کا اتفاق نہ ہوا ہو۔

زلزلہ زدگان کی خدمت کے دوران نوکری ملی

2005ء میں بالاکوٹ، بٹگرام، ایبٹ آباد، مانسہرہ گھر والوں سے اجازت کے نہ ملنے کے باوجود نیوروسرجری کی جنرل ہسپتال کی ٹیم کے ساتھ زلزلہ زدگان کی کچھ ٹوٹی پھوٹی خدمت کرنے کیلئے گیا تھا۔ اسی دوران مجھے PAF کالج اسسٹنٹ لائبریرین کیلئے نوکری کی کال آئی بالاکوٹ میں جو کہ میں اپلائی کر کے بھول چکا تھا۔ آج تک یہ سب کچھ جو کیا اس کا فائدہ یہ ہوا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا خاص کرم و فضل میرے ساتھ شامل حال رکھا ہوا ہے۔ کئی مرتبہ راستوں میں گاڑیاں آگے پیچھے سے اس طرح گزر جاتی ہیں کہ میرے وہم و گمان میں بھی نہیں اور شاید وہ کیفیات میں لفظوں میں بیان بھی نہ کر سکوں۔ نہ جانے کون سی قوت یا طاقت ہے جو مجھے بچا لیتی ہے کہ میں سمجھتا ہوں کہ وہ لوگوں کی دعائیں میرے شامل حال نہ ہوں تو شاید میرے وجود کا ایک بھی حصہ کسی گاڑی سے ٹکرانے کے بعد مل بھی نہ سکے۔ الحمدللہ آج تک کبھی کوئی وبائی بیماری کا شکار نہیں ہوا ہوں۔ والد صاحب، بھائی، عزیز و اقارب، ڈینگی، انجیو پلاسٹی، انجیو گرافی، بواسیر، کمر کے مہروں کے مسائل حادثہ جات وغیرہ میں مبتلا رہے چکے ہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے ہر وقت اور ہر موقع پر میری رہنمائی بھی کی اور حالات کے ساتھ ساتھ تدبیر بھی بجھائی کے کس موقع کو کس طرح بہت بہتر انداز میں اپنے آپ کو لے کر چلنا ہے۔

دوران سفر حفاظت

ایک مرتبہ تاج باغ یا شاید تاج پورہ سکیم سے شالامار ہسپتال والی طرف سے موٹر سائیکل پر نہر پر واپس آ رہا تھا کہ ساتھ ساتھ چلتے ہوئے ایسا محسوس ہوا کہ کسی نے ہوا کے بگولے کی طرح مجھے سڑک پر موٹر سائیکل سمیت گھمانا شروع کر دیا سواری میرے

قابو سے باہر ہوتی ہوئی محسوس ہوتی رہی لیکن اتنے زیادہ رش میں اچانک بہت مشکل سے موٹر سائیکل اور خود کو سنبھالا۔

سورہ کوثر کی برکت سے فضول خرچی ختم

حضرت صاحب آپ سے بیعت ہونے کے بعد سورہ کوثر بمعہ تسمیہ کی برکت سے روزی میں برکت تو ہے ہی اسکے علاوہ پہلے فضول خرچی ہوجایا کرتی تھی لیکن اب وہ سلسلہ ختم ہوگیا ہے دوران سفر اس سورہ کی برکت سے راستے ہموار اور کھلے ملتے ہیں اور جس سواری پر سوار ہوتا ہوں وہ سواری رش کے باوجود گزر جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے دل میں یہ بات ڈالی کہ پرندوں کو دانہ ڈالو پہلے میں نے ایسا کبھی سوچا بھی نہ تھا اب الحمدللہ صبح صبح کو دیکھتا ہوں کہ بے شمار پرندے جمع ہوتے ہیں پانی پیتے اور دانہ کھاتے ہیں۔

تیسری برکت کہ درختوں کے ساتھ ان کی جڑوں میں، شکر، خشخاش کو مکس کرکے ڈال دیتا ہوں اس سب کچھ کرنے سے نہ جانے بہت عجیب سے دل کو تسلی خوشی راحت مسرت محسوس ہوتی ہے جیسے دل مطمئن ہو جاتا ہو۔

بیت الخلاء کی دعا شروع شروع میں وہ پڑھنے کا تسلسل نہیں تھا لیکن اب یہ عالم ہے کہ دعا خود بہ خود زبان پر جاری ہوجاتی ہے اور جب تک دعا پڑھ نہ لوں قدم نہیں ساتھ دیتے۔

مرحومین کو ایصال ثواب کرنے کا فائدہ

میں یہ سمجھتا ہوں کہ مجھے دین کی سمجھ نہیں ہے لیکن تسبیح خانہ کی نسبت سے اب جس سے بھی بات کرتا ہوں وہ شخص دکھ، بیماری اور حالات کے ہاتھوں مارا ہوا ملتا ہے اندازہ ہوا کہ لوگ بہت پریشان دکھی اور ستائے ہوئے ہیں۔ یہ سب کچھ لکھتے ہوئے میرے آنسو اور میرے دل کی دھڑکن قابو میں نہیں کہ کیفیات لفظوں میں کیسے بیان کروں۔

آپ کے درس میں سنا تھا کہ اپنے مرحومین کو پڑھ کر ایصال ثواب کیا کرو، ٹاؤن

شپ سے گنگارام ہسپتال، فاطمہ جناح میڈیکل کالج پہنچے کیلئے لوکل ٹرانسپورٹ کا استعمال کثرت سے رہتا ہے تو راستوں میں میرے 3 قبرستان آتے ہیں، موچی پورہ ٹاؤن شپ، گلبرگ فردوس مارکیٹ، میانی صاحب شروع میں کبھی کبھی میں فاتحہ خوانی پڑھتا تھا کبھی پڑھ لیا کبھی نہ پڑھی۔

اب یہ عالم ہے کہ گھر سے نکلتے ہی زبان پر درود شریف شروع ہو جاتا ہے فاتحہ خوانی، کلمہ طیبہ، آیت الکرسی پڑھ کر جب تک تمام عالم کے مرحومین کہ ہدیہ، ایصال ثواب بخش نہ دوں مجھے عجیب سی بے چینی بے کلی کا احساس سا رہتا ہے اس سب کا آج یہ فائدہ ہوا ہے کہ آخرت، قبر کی زندگی اور روز محشر کی فکر بڑھ گئی ہے۔

عبقری کی بدولت لوگوں کو رسالہ، تسبیح، دو انمول خزانے، موبائل کے ذریعے درس کاپی کر کے دیئے ہیں اور عبقری کی تصانیف خرید کر ہدیہ کرنے کی بدولت اللہ تعالیٰ نے مجھے کرایوں کی تنگی سے نکال کر آج دسمبر 2012ء میں اپنی موٹر سائیکل اپنے خزانہ غیب سے عطا کی جس کیلئے اللہ تعالیٰ کا جس قدر شکر ادا کروں کم ہے۔

حضرت یہ چند لفظ ٹوٹے پھوٹے جو کہ میری زندگی کا حال و احوال ہیں دعا فرمایئے اللہ کے مقرب بندوں میں شامل ہو سکوں۔ دعاؤں کا طلب گار۔

(عمر فاروق لاہور)

☆......☆......☆

محترم مقبول احمد صاحب کے مشاہدات

پاؤں کا شدید درد ہمیشہ کیلئے ختم ہو گیا

2012ء میں عید الفطر کے موقع پر میرے بڑے بھائی جان کے پاؤں میں سخت درد تھا انہوں نے ایک ڈاکٹر سے مشورہ کیا اور دوائی کی ایک خوراک کھائی مگر کوئی فرق نہ پڑا کچھ دیر تو انتظار کیا سب لوگ باتیں کر رہے تھے مگر بھائی جان سخت تکلیف میں تھے۔ میں نے سورہ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان والا عمل کیا اور زیتون کی

تیل کی مالش پر بھی دم کر کے لگایا اور ساتھ ساتھ مسلسل پڑھتا رہا اور دم کرتا رہا۔ تقریباً آدھے گھنٹے بعد وہ درد غائب ہو گیا اس کے بعد آج تک وہ درد دوبارہ نہیں ہوا ہے۔

دل کے مریض کی طبیعت بحال

عیدالاضحیٰ کے موقع پر ہم لوگ اپنے آبائی گاؤں جو کہ ساہیوال کے قریب واقع ہے گئے میرے بڑے بھائی ہارٹ (دل) کے مریض ہیں ان کے پیٹ میں بہت شدید درد ہوا وہاں گاؤں میں کوئی مستند ڈاکٹر بھی نہ تھا اور ہارٹ کے مریض کو اپنے طور پر کوئی دوائی بھی نہیں دی جاسکتی ہم لوگ یہ مشورہ کررہے تھے کہ ان کو فوراً ساہیوال شہر میں لے جایا جائے تاکہ دل کے ڈاکٹر سے متعلقہ ہسپتال میں علاج کروایا جائے۔ میں اپنے بھائیوں میں سب سے چھوٹا ہوں میں نے عرض کیا کہ دم کرنے دیں انشاء اللہ آرام آجائے گا۔ میں نے اپنے دایاں ہاتھ بھائی کے پیٹ پر رکھ کر دم کیا۔ میرے پاس میری بڑی بھابی جو کہ حافظہ ہیں وہ بھی مسلسل پڑھ رہی تھیں بھائی جان کو کافی تکلیف تھی اور تکلیف کی وجہ سے بہت بے چین تھے بہر حال جب دم مکمل ہوا تو ان کو کچھ تکلیف میں کمی محسوس ہوئی اور وہ سو گئے۔ جب اٹھے تو طبیعت بحال ہو چکی تھی، رات کے وقت پیٹ بھر کر کھانا بھی کھایا میں نے سورہ المومنون کی آخری چار آیات اور اذان والا عمل کیا تھا۔

افحسبتم اور اذان کے عمل سے پسلی کا درد ٹھیک ہو گیا

میری بیٹی جس کی عمر تقریباً 8 سال ہے اس کی پسلی میں درد ہوا وہ درد سے تڑپ رہی تھی میں نے اسی طرح زیتون کے تیل جو کہ تسبیح خانہ سے رمضان المبارک کے موقع پر ملا تھا اسکی مالش کرنی شروع کر دی اور ساتھ سورۃ المومنون اور اذان والا عمل بھی کیا اس کو نیند آگئی اور جب وہ اٹھی تو درد غائب تھا۔

گردوں کے مرض میں مبتلاء مریض کو شفاء

ہماری کالونی میں یعنی پونچھ ہاؤس کالونی میں ایک صاحب کو گردوں کا مسئلہ تھا کچھ عرصہ ان کو گردوں کا ڈائیلاسز بھی ہوا تھا ان کی تیمارداری کیلئے گیا تو میں نے بتایا کہ آپ

روٹی کے نوالے پر سورۂ فاتحہ کا دم کر کے کھائیں تو تقریباً ایک ہفتہ کے بعد ان سے دوبارہ ملاقات ہوئی تو انہوں نے بتایا کہ مجھے اس عمل سے کافی فائدہ ہوا ہے۔ میں نے ان کو سورۃ المومنون اور اذان والا عمل بتایا تھا وہ انہوں باقاعدگی سے نہیں کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اب میں انشاء اللہ یہ عمل بھی باقاعدگی سے کروں گا، وہ بہت خوش تھے۔

چوری کا ڈر و خوف نہیں رہتا

گھر سے نکلتے ہوئے ”بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّابِاللّٰہِ“ والی دعا کا میری زندگی کا مشاہدہ ہے کہ کئی سالوں سے میرا یہ معمول ہے کہ گھر سے نکلتے ہوئے یہ دعا زبان پر آجاتی ہے۔ بچوں کو بھی عادی کیا ہوا ہے وہ بھی پڑھتے ہیں جب کہیں جانا ہوتا ہے تو یعنی گھر سے نکلتے وقت آیت الکرسی اور مندرجہ ذیل دعا اور ”یا حفیظ“ 11 مرتبہ پڑھ کر دم کر دیتے ہیں۔ آج تک کبھی کوئی نقصان نہیں ہوا جبکہ ہماری اس سرکاری کالونی میں اکثر و بیشتر چوری ہو جاتی ہے خصوصاً جب گھر میں کوئی موجود نہ ہو۔ ہم لوگ یہ دعائیں پڑھ کر بے فکر ہو جاتے ہیں اور اللہ کا خصوصی کرم ہو جاتا ہے۔

(مقبول احمد ملتان روڈ، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمد ارشد صاحب کے مشاہدات

حضرت جی عرصہ دو سال سے آپ کا مرید ہوں پہلی روحانی کلاس میں بھی شرکت کی تھی پھر آپ سے روحانیت کے سلسلے میں درخواست کی آپ نے سورۂ فاتحہ کا وظیفہ دیا جو 3 دفعہ سوا لاکھ پڑھ چکا ہوں، مزید آپ نے جو حکم دیا وہ بھی کر رہا ہوں۔

پاگل بیٹا ٹھیک ہو گیا

حضرت جی بہت ساری چیزیں میری کوتاہیاں اور ہونیوالے کاموں کا خواب میں پتہ چل جاتا ہے۔ میں نے ”انجستم اور اذان والا عمل“ ایک گھر والوں کو دیا ان کا بیٹا

سکول میں پڑھتے پڑھتے پاگل ہو گیا انہوں نے عمل کیا تو ان کا بیٹا ٹھیک ہو گیا۔

خواب میں جنات اور شیاطین کی آمد

حضرت جی اوپر جو خواب کا ذکر کیا ہے میرے گھر میں کوئی جنات عورتوں کا قبضہ ہے اس کے بارے میں خواب میں بتایا گیا میں نے ''یا قہار'' والا عمل کیا اور تعویذ لکھ کر لگایا ایک دن خواب میں دو عورتیں ملیں برقعہ پہنا ہوا تھا مجھے کندھے سے پکڑ کر کہتی تھیں کہ اٹھو تم عبقری پڑھتے ہو۔ پھر ایک رات میں نے دل میں یہ دعا کی کہ جنات کا اثر ختم ہو گیا یا ہے تو خواب میں بسم اللہ درود شریف اور افحسبتم والا عمل پڑھنے کیلئے کہا۔ ایک بھینس اور اس کا بچہ خواب میں نظر آیا بھینس گری پڑی ہے اس پر عمل پڑھنے کا خواب میں کہا جو بھی پریشانی یا کام ہوتا ہے خواب میں اس کے متعلق بتا دیا جاتا ہے۔ یہ سب سورہ فاتحہ اور آپ کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔

کانوں کا بہنا یا پیپ آنا

حضرت جی دو طبی ٹوٹکے گھر پر آزمائے ہوئے ہیں 100 فیصد آرام آیا ہے۔

گھر میں خاص کر کے چھوٹے بچے جو دودھ پیتے ہیں اکثر کئی لوگوں کو یہ پریشانی ہوتی ہے کہ بچوں کے کان سے مواد نکلنا شروع ہو جاتا ہے لوگ علاج کراتے ہیں مگر کئی لوگوں کو پھر بھی فائدہ نہیں ہوتا کئی بچوں کے اسی طرح کان کے پردے ختم ہو جاتے ہیں۔ ڈاکٹر عورتوں کو کہتے ہیں کہ تم لیٹ کر دودھ پلاتی ہو اس لئے یہ مرض پیدا ہوتا ہے۔ میرے بچوں کو بھی یہ تکلیف رہتی تھی بہت علاج کرایا لیکن ٹھیک نہیں ہوتے تھے وقتی طور پر تھوڑا بہت فرق پڑتا پھر اسی طرح شروع ہو جاتا۔ ایک بوڑھی خاتون کے کہنے پر یہ نسخہ بنایا اور استعمال کیا اس کے بعد آج تک بچوں کے کانوں سے کوئی شکایت نہیں ملی۔ اب سب بچے بڑے ہو چکے ہیں کانوں میں پانی کی وجہ یا خشکی کی وجہ سے جو خارش ہر وقت رہتی تھی وہ بھی ختم ہو جاتی ہے۔

ھوالشافی

سرسوں کا تیل 50 گرام، گڑ 20 گرام، کالی مرچ 7 عدد، مغز بادام 7 عدد، لال مرچ ثابت ڈنڈی سمیت بڑی سائز کی 3 عدد ان سب چیزوں کو تیل میں اچھی طرح جلا لیں بعد میں تیل چھاننی یا کپڑے سے صاف کر لیں اور مواد پھینک دیں تیل کی ڈراپر یا بوتل میں محفوظ کر لیں چار پانچ قطرے رات کو کانوں میں ڈالیں۔ انشاءاللہ کانوں کی تکلیف جاتی رہے گی۔

بہتی آنکھ کا کامیاب علاج

حضرت جی میری عزیزہ اس کا بیٹا تھا بچپن سے اس کی ایک آنکھ ہر وقت سفید رنگ کا مواد لگا رہتا تھا، پہلے تو کسی نے دھیان نہ دیا اسی طرح چھ سات سال کا ہو گیا میں نے اس کو آنکھ کے سرجن سے چیک کرایا کافی دیر وہ علاج کرتا رہا لیکن آنکھ ٹھیک نہ ہوئی اس نے کہا کہ اس کا آپریشن ہوگا جبکہ آپریشن کرانے کی اس کے والدین میں ہمت نہیں تھی۔ ڈاکٹر سے پوچھا کہ یہ کیا وجہ ہے کیوں آنکھ بہتی ہے اور آپریشن کیوں کرانا پڑے گا تو ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ جب یہ پیدا ہوا تھا جب آنکھ کھولتا ہے تو آنکھ کے اندر ایک سوراخ ہوتا ہے وہ بند ہو جاتا ہے یا تالی ہوتی ہے وہ بند ہو جاتی ہے تو اس بچے کی وہ تالی کا منہ کھلا رہ گیا جس کی وجہ سے یہ مواد نکلتا ہے۔ ایک عورت نے اس کا علاج بتایا کہ شبنم کے قطرے صبح صبح اس کی آنکھ میں ڈالا کرو۔ حضرت جی اس بچے کی آنکھ میں صبح شبنم کے قطرے چند دن ڈالنے سے حیرت انگیز طور پر بچے کی آنکھ ٹھیک ہو گئی۔

(محمد ارشد حسین، فیصل آباد)

☆......☆......☆

محترم عارف محمود صاحب کے مشاہدات

السلام علیکم! میرے استاد محترم حکیم محمد طارق محمود صاحب کے دیئے ہوئے روحانی

غسل سے مجھے بہت فائد ہوا۔ حضرت صاحب میری عمر 26 سال ہے میں جب چھوٹا تھا تو بہت بڑے کام کرتا تھا حافظ قرآن ہوں غلبہ شہوت کی وجہ سے برے کام کرنے کو دل کرتا تھا بلکہ کچھ غلط کام کر کے تنگ آ چکا تھا میرے جسم سے گندگی کی بو آتی تھی اکثر لوگ مجھے کہتے تھے آپ کے جسم سے بدبو آتی ہے میں اچھی طرح غسل کرتا تھا تو پھر بھی وہ رہتی تھی جب سے آپ کا درس سنا ہے اس میں آپ نے روحانی غسل کا بتایا تھا میں نے غسل کیا تو میرے جسم سے بدبو ختم ہوگئی رزق میں اضافہ ہوگیا۔ میں کوشش کرتا ہوں کو سب کو اس عمل کے بارے بتاؤں اور جن کو بتایا ہے وہ کہتے ہیں ہمیں اس عمل سے بہت فائدہ ہوا ہے۔

(عارف محمود، ملہوالی)

☆……☆……☆

محترم محمد ذیشان صاحب کے مشاہدات

حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! کچھ مشاہدات آپ کی خدمت میں عرض کر رہا ہوں۔

تسخیر کیلئے

"یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَارِثُہٗ وَرَاحِمُہٗ یَارَحْمٰنُ" تسخیر کیلئے لاجواب عمل ہے۔

چور پکڑنے کیلئے

بندہ نے ایک دفعہ کمیٹی ڈال کر موبائل خریدا جو کہ کچھ عرصہ بعد سکول سے کسی نے اٹھالیا پتہ نہ چل سکا کس نے اٹھایا ہے۔ میں نے یہ عمل کیا عصر کی نماز کے بعد اس کو پڑھنا شروع کیا، نماز مغرب کی اذان تک لاتعداد پڑھا۔ اگر ایک جگہ نہ بیٹھ سکے تو چلتے پھرتے ٹہلتے ہوئے کر سکتے ہیں لیکن درمیان میں کسی سے بات نہیں کرنی الفاظ پر زور دینا ہے اور مقصد کو ذہن میں رکھنا ہے جب مغرب کی اذان شروع ہوجائے تو دعا مانگ کر نماز مغرب ادا کریں۔ 1 دن 3 یا 7 دن اگر توجہ

سے پڑھیں تو پہلے ہی دن کام ہو جائے گا۔ میں اسی رات خواب میں چور سے ہم کلام ہو گیا۔ اس عمل میں تسخیر بہت تیز ہے مجرب است۔ کسی بھی چیز کی تسخیر کیلئے کر سکتے ہیں۔ واللہ علم با الصواب۔

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

ہر جمعرات و جمعہ کی درمیانی رات یا عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز با نیت زیارت کے پڑھیں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 35 بار سورہ اخلاص پڑھیں۔ بعد از نفل 1000 بار "وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ "پڑھیں۔ ہر جمعرات کو یہ عمل کریں نماز و پاکیزگی کا خیال رکھیں۔ 40 جمعرات کریں انشاء اللہ کام بنے گا۔ الحمد للہ اتنی اوقات نہیں ناچیز کی لیکن مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زیارت نصیب ہو چکی ہے۔

ولادت میں آسانی کیلئے

چند دن پہلے میرے ہاں بیٹے کی ولادت ہوئی ہے۔ ہسپتال میں ٹیسٹ ٹھیک تھے۔ لیکن ولادت نہیں ہو رہی تھی۔ ڈاکٹر حیران تھے آخر معاملہ لیٹ کیوں ہو رہا ہے؟ ۔ بعد میں معلوم ہوا کہ کچھ بدلوگوں نے ولادت کو باندھ دیا ہے۔ جب میں نے یہ سنا تو پریشان ہوا فوراً سورہ یسین والا عمل یاد آیا جو آپ نے روحانی کلاس میں بتایا تھا۔ میں نے ایک پانی کی بوتل لے کر وہ عمل کیا اور پانی پر دم کیا اور دعا کی۔ دل ہی دل میں خیال تھا اب کمال دیکھ انشاء اللہ معاملہ حل ہو جائے گا۔ واپس آ کر میں نے اہلیہ کو پانی پلایا تھوڑی دیر کے بعد کسی چیز کی حاضری ہوئی اور وہ چیز چیخنے لگی بیوی کی عجیب سی حالت ہو گئی۔ خیر کچھ دیر کے بعد حالت سنبھلی اور چند گھنٹوں کے بعد ولادت ہوئی۔ الحمد للہ سب کچھ ٹھیک ہو گیا۔ بچہ بھی اسپتال والوں سے جلدی مل گیا اور جلد ہی ہماری چھٹی ہو گئی۔ جبکہ ہمارے سے پہلے آئے ہوئے لوگوں کو ان کے بچے نہیں دیے گئے

تھے۔ سب بہت حیران ہو رہے تھے۔ یہ سب اس عمل کی برکت سے ہوا۔

(یہ عمل حضرت نے روحانی کلاس میں بیان کیا وہاں سے سن لیا جائے)

راستہ پانے کیلئے

جب بھی کہیں ٹریفک میں پھنس جاؤں۔ تو صرف چند بار سورہ الم نشرح پڑھتا ہوں عجیب تاثیر ہے۔ راستہ نکل آتا ہے۔

گہری نیند کیلئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اسے گہری نیند آئے اور فوراً آئے تو وہ صرف تین بار یہ پڑھے "اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یَا اَیُّھَاالَّذِیْنَ اٰمَنُوْ صَلُّوْ عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا" پڑھیں بہت آزمودہ ہے۔ پڑھیں اور اس کا کمال دیکھیں کافی سالوں بوقت ضرورت آزمایا ہے مجرب پایا ہے۔

اللہ تعالیٰ عبقری کو ترقی عطا فرمائے اور سب مسلمانوں کیلئے ذریعہ نجات بنائے۔

(محمد ذیشان، ڈسکہ)

☆……☆……☆

محترم عقیل احمد عباسی صاحب کے مشاہدات

اعمال سے مختلف امراض اور پریشانیوں کا علاج

مجھے جو اعمال حضرت رائے پوری رحمہ اللہ اور ان کے خلیفہ حضرت قاری عطاء الرحمٰن لدھیانوی صاحب رحمہ اللہ سے ملے وہ یہ ہیں اور ان کے بے شمار مشاہدات ہیں۔

1۔ رزق کو بڑھانے کیلئے صبح و شام یعنی فجر و مغرب کی نماز کے بعد بغیر کسی سے بات کیے ہوئے یہ دعا سات بار پڑھیں " اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ وَسِعْتَ عَلَیَّ رِزْقَکَ اَللّٰھُمَّ اعْطُفْ عَلٰی خَلْقِکَ اَللّٰھُمَّ کَمَا صُنْتَ وَجْھِیْ عَنْ سُجُوْدِ غَیْرِکَ فَصُنْ وَجْھِیْ عَنْ مَّسْئَلَۃِ غَیْرِکَ"

2۔ کسی پرانے بخار اور لاعلاج مرض کیلئے سورہ مجادلہ پارہ نمبر اٹھائیس ہر گھنٹے کے بعد تین بار پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے اس کو پلائیں۔

3۔ مشکلات کے حل کیلئے بعد نماز عشاء کم روشنی میں بیٹھ کر اول و آخر طاق عدد درود شریف کے ساتھ تین سو تیرہ یا تین سو سات مرتبہ یہ دعا پڑھیں "یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّااَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ" مذکورہ بالا عمل پڑھتے ہوئے انتہائی عاجزی و انکساری کے ساتھ عمل کریں اور اس کا ثواب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل سے حضرت یونس علیہ السلام کو پہنچائیں۔ سات دن یا اکیس دن تک یہ عمل کریں ہر روز کم سے کم ایک روٹی کی قیمت ضرور کسی فقیر کو دیں یا مسجد کے غلہ میں ڈال دیں۔

4۔ جو حضرات ملازمت کرتے ہیں افسران کو تنگ کرتے ہیں یا تبادلے مختلف جگہوں پر کر دیتے ہیں ان لوگوں کیلئے حضرت رائے پوری رحمہ اللہ کا یہ عمل ان کی منشاء کے مطابق کام کروا دے گا (صرف جائز کام کیلئے)۔ عمل یہ ہے۔ جمعرات کا روزہ رکھیں شام کو افطاری کھیر سے کرنی ہے اس کے بعد کھانا کھا سکتے ہیں عشاء کی نماز سے پہلے غسل کر لیں اور سفید لباس پہنیں خوشبو سے کمرہ، جائے نماز، اور کپڑے کو معطر کر دیں دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجت پڑھیں نماز کی طرح سلام کے بعد سر کو ننگا کر دیں درود ابراہیمی گیارہ بار اول و آخر اب سورہ یٰسین شروع کریں جب پہلے مبین پر پہنچیں تو یہ دعا ستر مرتبہ پڑھیں " حَسْبِیْ عَنْ سُوَالِیْ بِعِلْمِكَ بِحَالِیْ سُبْحٰنَ الْقَاهِرُ اَلْقَادِرُ الْكَافِیْ" اب ہر مبین پر ستر مرتبہ مذکورہ دعا پڑھ کر سورہ کا اختتام کریں اس کا ثواب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے توسط سے سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کو ایصال ثواب کر کے اپنی مراد کیلئے دعا کریں۔ نوٹ اس عمل کی مزید تاثیر بھی ہے تو اپنی سیٹ پر بیٹھ کر ستر مرتبہ یہ دعا پڑھیں اور اپنے مقصد کو ذہن میں رکھیں انشاء اللہ چند ہی

دنوں کے اندر افسر فرمانبردار ہو جائیں گے۔ یہ کام ہر مقصد کیلئے کیا جا سکتا ہے جو عورتیں اپنے خاوند کی وجہ سے پریشان ہیں وہ یہ عمل ضرور کریں۔

5۔ شادیوں کی بندش کیلئے جن لڑکوں اور لڑکیوں کی شادی نہیں ہوئی اور وہ یہ محسوس کر رہے ہیں کہ ان پر بندش ہے وہ حضرات سورہ انعام کے عمل کو ضرور سات چودہ اکیس جمعہ تک کریں۔ عمل یہ ہے جمعہ کی نماز پڑھنے کے بعد اسی جگہ پر بیٹھ کر اول و آخر سات مرتبہ دورد شریف ایک دفعہ سورہ انعام مندرجہ ذیل طریقے سے پڑھیں سورہ انعام شروع کریں اور جب آیت نمبر 134 جس میں لفظ اللہ دو بار آتا ہے پہلے اللہ پر رک کر اپنے مقصد کیلئے خوب گڑ گڑا کر دعا کریں اور آنسو بہائیں۔ دعا کے بعد دوسرے اللہ سے دوبارہ شروع کر کے سورہ کا اختتام کر دیں۔ انشاء اللہ چند ہی ہفتوں میں آپ کی مراد پوری ہو جائے گی۔

مذکورہ عمل کا ایک مشاہدہ یہ ہے کہ چند ماہ پہلے ایک بہت بڑے پولیس افسر ایک دوست کے ذریعے میرے پاس آتے ہی رونا شروع ہو گئے اور کہا کہ میں بہت برے طریقے سے پھنس گیا ہوں انہوں نے کہا کہ میرے خلاف سپریم کورٹ ایف آر کا حکم دینا چاہتی ہے میرے ساتھ چار افسر اور بھی ہیں میں بے قصور ہوں اور میری نوکری ختم ہونے والی ہے اور مجھے جیل میں بھیجنا چاہتے ہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ انشاء اللہ جیل بھی نہیں جائیں گے اور آپ کے خلاف ایف آئی آر بھی نہیں ہو گی تو انہوں نے مجھے کہا کہ میرے پاس ٹائم بہت کم ہے آپ ہی اس کا کوئی حل نکالیں میں نے ان سے کہا کہ آپ یہ عمل اس آنے والی جمعرات کو کریں۔ جمعرات کو انہوں نے یہ عمل پڑھا اور جمعہ والے دن ان کی تاریخ تھی جمعہ والے دن صبح مجھے فون کر کے کہنے لگا کہ اگر اب میں جیل بھی چلا جاؤں تو اب مجھے سکون ہو گیا ہے میں نے ان سے کہا آپ جیل نہیں جائیں گے تاریخ پر جو فیصلہ ہو گا مجھے ضرور بتایئے گا۔ میں مغرب تک ان کا انتظار کرتا رہا ان کا فون نہ آیا مغرب کی نماز کے بعد میں نے ان کے نمبر پر فون

کیا تو وہ اتنے خوش تھے کہ خوشی کی وجہ سے بات بھی نہیں کر سکتے تھے۔ مجھے کہنے لگے کہ میرا ان چیزوں پر آج تک اتنا قوی یقین نہیں تھا لیکن آج میں یہ وثوق سے کہتا ہوں کہ اس سے بڑی دنیا کی کوئی طاقت نہیں ہو سکتی۔ فیصلے کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا کہ باقی افسروں کے خلاف ایف آئی آر ہو گئی ہے اور وہ جیل چلے گئے ہیں جو جج سب سے زیادہ میرے خلاف تھا اس نے مجھے بری کرنے کے آرڈر کر دیئے اور میری نوکری بحال کرنے کا حکم دے دیا۔ چند دنوں کے بعد انہیں صاحب کا پھر فون آیا کہ کچھ افسروں نے مل کر میری ٹرانسفر پشاور کر دی ہے اور میں وہاں جانا نہیں چاہتا تو میں نے دوبارہ ان کو یہی عمل دوہرانے کو کہا۔ ایک ہفتے کے اندر اندر دوبارہ ان کی ٹرانسفر اسلام آباد میں ہو گئی۔ اب بھی وہ اسلام آباد میں عزت سے نوکری کر رہے ہیں۔

6۔ علماء طلباء مجاہدین کے لئے حفاظت کا بہترین عمل ہے ہر روز عصر کی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف طاق عدد کے ساتھ " وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا " ایک سو بار پڑھیں جمعہ کے دن جب امام دو خطبوں کے درمیان بیٹھتا ہے تو طاق عدد میں یہ وظیفہ پڑھیں خطباء حضرات خطبہ کے آخر میں یہ وظیفہ تین مرتبہ با آواز بلند پڑھ کر خطبہ ختم کر دیں۔ اس وظیفے کے بارے میں اتنا ہی کہہ دیتا ہوں جب لال حکمران دور میں علماء، طلباء کو غائب کرنے کا سلسلہ شروع ہوا تھا تو چند ایک علماء جو اس کی ہٹ لسٹ پر تھے مجھ سے انہوں نے کوئی وظیفہ پوچھا تو میں نے مذکورہ وظیفہ حضرت رائے پوری رحمہ اللہ کا بتایا ہوا دیا۔ آج تک وہ علماء الحمد للہ حفاظت اور عزت سے کلمہ حق بلند کر رہے ہیں بہت دفعہ انہوں نے کہا کہ اس وظیفے کی عجیب وغریب تاثیر ہم نے دیکھی ہے۔

دردوں کیلئے لاجواب عمل

آخر میں صرف حضرت رائے پوری رحمہ اللہ کے خلیفہ قاری عطاء الرحمٰن رحمہ اللہ جو میرے عملیات کے استاد اور حکیم بھی تھے ان کا بتایا ہوا نسخہ تحریر کرتا ہوں یہ نسخہ دردوں

کیلئے ہے ”رتن جوت ناریل کا چھلکا، کیکر کا چھلکا، جلوتری، آملہ ہلدی، لونگ اور جائفل ہر ایک ایک تولہ لے کر اس کے ساتھ آدھا کلو تیل تلوں کا اور آدھا کلو السی کا کسی بڑے برتن میں تین کلو پانی ڈال کر آگ پر رکھیں جب پانی ڈیڑھ کلو رہ جائے تو ٹھنڈا کر کے چھان کر بوتل میں ڈال لیں خود بھی استعمال کریں اور لوگوں کو بھی دے سکتے ہیں۔ اس تیل سے رات کو سوتے وقت مالش کرنی ہے۔ میرا آزمایا ہوا نسخہ ہے اور بہت مجرب ہے کئی لوگ یہ مجھ سے بنوا کر بیرون ملک لے کر جاتے ہیں۔

(عقیل احمد عباسی، مری)

☆……☆……☆

محترم محمد سمیع اللہ صاحب کے مشاہدات

جادوئی اثرات کو ختم کریں

میں نے جادو کے اثرات کیلئے کتاب کالی دنیا کالا جادو وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات سے مثلث نقش جو کہ اٹھارہ سے شروع ہوتا ہے اسی طرح جو نقش مثلث 14 سے شروع ہوتا ہے اسی طرح جو نقش 48 سے شروع ہوتا ہے ان نقوش کو تیر بہدف پایا ہے۔ 48 والا نقش دودھ سے باقی دونوں پانی سے کتاب میں لکھے طریقہ سے استعمال کرائے تھوڑی ہی دنوں میں بہت زیادہ فائدہ ہوا۔

نا سمجھ آنے والا مرض

اسی طرح ”يَاحَيُّ حِيْنَ لَا حَيُّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَاحَيُّ“ یہ چینی کی پلیٹ پر زعفران سے آٹھ دن جادو کے مریض کو پلائیں یا کسی بھی قسم کا نا سمجھ آنے والا مرض ہو یا نہ چھوڑنے والا مرض ہو تو میرا تجربہ ہے کہ آٹھ یا سولہ دنوں میں مریض بالکل تندرست ہو جاتا ہے۔

اسی طرح جادو کیلئے اور آسیب زدہ مریض کیلئے دیسی یا فارمی مرغی کا انڈے کو دھو کر

پاک کر کے خشک کر لیں اور پہلے پارہ کی آخری حصہ میں قرآنی آیت " فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ " چودہ مرتبہ انڈے پر لکھیں جو جگہ بچ جائے اس پر ام الصبیان بند شور لکھ کر مریض سے کہیں وہ اپنے گھر کے چولہے یا تندور یا پھر کسی پرانی قبر کے قریب دفن کر دیں دفن کرتے ہوئے کہیں یا اللہ جو کچھ میرے اوپر بیماری یا جادو یا آسیبی جناتی اثرات ہیں میں انکو دفن کرتا ہوں انشاء اللہ مریض جلد ہی تندرست ہو جائے گا۔

اسی طرح کتاب کالی دنیا کالا جادو...... میں موجود جادو اتارنے کا عمل جو کہ ہنڈیا اور ماش کی دال والا ہے اس میں نقش لکھ کر ڈال دیں پونے گھنٹہ آگ پر گرم کر کے اتار لیں ٹھنڈا ہونے دیں پھر جنگل یا ویرانے میں دبا دیں تین دن یہ عمل کرنے سے سخت سے سخت جادو کا اثر ختم ہو جاتا ہے۔ یہ نقش اور عمل کا طریقہ کتاب میں درج ہے جس کا صفحہ نمبر یاد نہیں جہاں بہت ساری علاج ذکر کیے ہیں وہیں یہ عمل بھی مذکور ہے۔ بہت ہی بہترین اور کارآمد عمل مریضوں کو فائدہ دیتا ہے۔

(محمد سمیع اللہ مظفر گڑھ)

☆......☆......☆

محترم قاری نوید احمد صاحب کے مشاہدات

سورہ کوثر کی برکت سے 18 سال بعد بیٹے کی پیدائش

سورہ کوثر کی برکت سے چولستان میں پانچ ایسے خاندان جن میں 18 سال سے زائد عرصہ ہوا کوئی اولاد نہیں تھی۔ سورہ کوثر کثرت سے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ نے کرم نوازی فرمائی اور پھر حمل ہونے کے بعد سورہ بقرہ والا عمل ہر مہینے کے پہلے سات روز کروایا گیا الحمد للہ تین افراد کے گھروں میں اللہ تعالیٰ نے بیٹے جیسی نعمت سے نوازا ہے۔

دوستوں کا قرض اتر گیا

چند ایسے دوست جو قرض کی وجہ سے بہت زیادہ پریشان تھے اللہ تعالیٰ نے سورہ کوثر ہر روز 129 مرتبہ پڑھنے سے قرض سے چھٹکارا دے دیا۔

6 سال سے روٹھی بیوی خود بخود گھر آ گئی

مروٹ سے ایک دوست محمد خلیق احمد اکثر جمعتہ المبارک کی ادائیگی کیلئے جامع مسجد مٹھڑا بنگلہ میں حاضر ہوئے تھے۔ ایک دن نماز جمعہ کے بعد مجھے بتانے لگے کہ میرے گھر میں بہت زیادہ پریشانی ہے میری بیوی 6 سال سے مجھ سے ناراض ہو کر میکے چلی گئی ہے 10 سال سے 14 ایکڑ زمین کا مقدمہ لڑ رہا ہوں مگر فیصلہ نہیں ہو رہا قرض تلے دبا ہوا ہوں۔ کوئی ایسا عمل بتا دیں جس سے میری پریشانیاں حل ہو جائیں بندہ ناچیز نے محمد خلیق کو مقدمے والی زمین میں جا کر اذان دینے کا عمل بتایا کہ ہر روز صبح و شام زمین میں جا کر 7,7 بار اذان دو۔ دوسرا عمل کثرت سے سورہ کوثر کی تلاوت کرو۔ 3 ماہ مسلسل اذان والا عمل اور سورہ کوثر والے عمل سے اس کے سسر نے خود گھر آ کر بیٹی کو چھوڑ دیا اور دونوں میاں بیوی کو کہا کہ اپنے بچوں کے مستقبل کی فکر کرو۔ محمد خلیق نے بتایا کہ وہ بیوی جس کی زبان بہت دراز تھی اب بالکل ٹھیک اور پارسا خاتون بن گئی ہے۔ پھر ہم دونوں میاں بیوی نے سورہ کوثر پڑھنا شروع کر دی اور 12 نومبر 2012ء کو عدالت میں پیشی تھی اور اللہ تعالیٰ نے 10 سال پرانا مقدمہ میرے حق میں کر دیا۔ اور اللہ تعالیٰ نے مجھے بہت بڑے امتحان میں کامیابی عطا فرمائی۔ زمین کی وجہ سے اب میں اپنے قرض اور دیگر پریشانیوں کو حل کر لوں گا۔ سورہ کوثر میں حقیقتاً بہت زیادہ طاقت ہے میں آپ کیلئے اور شیخ طریقت قبلہ حکیم طارق محمود چغتائی صاحب کیلئے بہت دعا گو ہوں۔

میاں بیوی کا مسئلہ حل ہو گیا

ڈاکٹر عبدالمجید صاحب اور ان کی بیوی دونوں میرے پاس تشریف لائے کہ

میں نے دوسری شادی کی ہے دوسری شادی کے بعد میں جب اپنی دوسری بیوی کے قریب جاتا ہوں تو وقت انزال مجھے اور میری بیوی کو بجلی کے جھٹکوں کی طرح جھٹکے لگتے ہیں جس کی وجہ سے مجھے اور میری بیوی کو بہت تکلیف ہوتی ہے جب پہلی بیوی کے پاس جاتا ہوں تو بالکل ٹھیک ہوتا ہوں۔ یہ مسئلہ صرف دوسری بیوی کے پاس جانے سے ہی ہوتا ہے اور اب یہ مسئلہ ہے کہ میں اپنی بیوی کی خواہش بھی پوری نہیں کر پا رہا۔ میری بیوی جو میری پسند کی بیوی تھی اب مجھ سے لڑائی جھگڑا کرتی ہے بندہ ناچیز نے دونوں میاں بیوی کو صبح سورہ فلق 200 مرتبہ اور شام کو سورہ الناس 200 مرتبہ اول آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنے کا بتایا اور ساتھ عبقری دواخانے کی طاقتی گولیاں اور اکسیر البدن کا کھانے کو کہا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے 9 دن بعد ڈاکٹر صاحب دونوں میاں بیوی بندہ ناچیز کو ملنے آئے اور انہوں نے بتایا کہ الحمدللہ ہم دونوں میاں بیوی اب بالکل ٹھیک ہیں، ہمیں جو جو امراض تھے وہ تمام ختم ہو گئے ہیں۔ بندہ ناچیز نے بتایا کہ آپ یہ عمل کم از کم چالیس دن کریں اور پھر مجھ سے رابطہ کریں۔

پورے خاندان کا موذی مرض سے شفاء پانا

ہیڈ فرید رحیم یار خان سے بندہ ناچیز کے پاس ایک خاندان آیا کہ خاندان کی چھ عورتوں اور 5 مردوں اور 2 بچوں کے جسموں پر بڑے بڑے دانے نکلے ہوئے ہیں ہر قسم کا علاج کرایا مگر کوئی فرق نہیں پڑا۔ جلد کے ماہر ڈاکٹر حضرات نے قیمتی سے قیمتی ادویات تجویز کیں مگر کوئی افاقہ نہ ہوا۔ بندہ ناچیز نے گھر کے سربراہ محمد اجمل کو باتیا کہ گھر کے اندر صبح وشام 100 مرتبہ اذان دیں اور سرسوں کے تیل پر 1001 مرتبہ سورہ کافرون پڑھ کر دے دیں۔ گھر کے تمام افراد کو خون صفاء پاؤڈر، جوہر شفائے مدینہ دوائی کے طور پر استعمال کرنے کو دے دیا۔ خدا تعالیٰ کے فضل وکم سے 4 دن کے بعد مجھے انہوں نے بتایا کہ الحمدللہ گھر کے تمام افراد کے جسموں کے دانے غائب ہو گئے ہیں اور ہم کثرت سے اذان والا عمل کر رہے ہیں۔ اذان کے عمل سے ان کے

گھر میں جو بیماری اور جادو تھا وہ سب ختم ہو گیا اور اللہ تعالیٰ نے شفا دے دی۔

یا حفیظ پڑھتے ہی ڈاکو گر گئے

ڈاکٹر محمد عباس ایم بی بی ایس سرجن نے بتایا کہ آپ نے جو وظیفہ گیارہ مرتبہ ”یا حفیظ“ والا بتایا تھا میں جب بھی گاڑی میں بیٹھتا ہوں اس کو پڑھتا ہوں۔ میں اپنے ہسپتال سے 2 لاکھ کا کیش لے کر بہاولپور شہر کی طرف روانہ ہوا تو راستے میں مجھے 4 ڈاکوؤں نے روک لیا ان کے ہاتھ میں دو کلاشنکوف تھیں اور ایک ڈاکو موٹر سائیکل چلا رہا تھا میں نے دل ہی دل میں چند لمحوں کے اندر ”یا حفیظ“ پڑھنا شروع کر دیا میری گاڑی کی بریک لگتے لگتے وہ تینوں ڈاکو اپنے آپ سڑک پر گر گئے اور ان کے ہاتھوں سے کلاشنکوف گر گئی اور میں نے فوراً گاڑی بھگا دی۔ میں بچ گیا اور بعد میں پتہ چلا کہ وہ تینوں ڈاکو پکڑے گئے۔

(قاری نوید احمد رضا، ضلع بہاولپور)

☆……☆……☆

محترم عادل کامران صاحب کے مشاہدات

چھوٹے سے اعمال کمالات کے پہاڑ

1۔ سفر شروع کرنے سے پہلے چھ سورتیں آخری دو رکعت نماز نفل میں پڑھنے سے میرے لئے سفر الحمدللہ آسان ہو جاتا ہے اور اچھا گزرتا ہے۔

2۔ سورہ کوثر والا عمل میں اپنے بٹوے پر ہی کرتا ہوں الحمدللہ میرے بٹوے سے پیسے ختم نہیں ہوتے بلکہ ذات باری تعالیٰ خزانہ غیب سے کفایت فرما دیتے ہیں۔

3۔ ”یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُوَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ“ صبح و شام 313 مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف پڑھتا ہوں اس سے میرے تمام مسئلے اللہ کریم حل فرما دیتے ہیں۔ خواہ کتنے ہی پیچیدہ کیوں نہ ہوں۔ میں جب حضرت جی سے

اپنے مسائل کے سلسلے میں ملا تو B.S.c کا طالب علم تھا میں ایک اچھا طالب علم تھا مگر نجانے کیوں B.S.c میرے لئے مسئلہ بن گیا تھا، پڑھنے کا دل ہی نہیں کرتا تھا اور جب زور دے کر پڑھتا تو عین وقت پر پیپر میں سب کچھ بھول جاتا اور میں نتیجتاً فیل ہو جاتا، بس یہ عمل کرتا رہا اور درس میں شریک ہوتا رہا۔ اللہ تعالیٰ نے ایسا کرم کیا کہ میں پاس ہو گیا بلکہ جس دن میرا Math کا پیپر تھا مجھے یاد ہے وہ سوموار کا دن تھا اس سے پہلے اتوار والے دن خانقاہ شریف میں حلقہ کشف المحجوب تھا میں اس میں بھی شریک ہوا اس حلقہ محفل میں شرکت کی بدولت اگلے دن پیپر بہت ہی اچھا ہوا۔ پھر یہی نہیں بلکہ رزلٹ آنے سے چار دن کم وبیش میں نے خواب میں اپنا رزلٹ دیکھا اور جب حقیقت میں رزلٹ کارڈ میرے ہاتھ میں آیا تو نمبر اتنے ہی تھے جتنے میں نے خواب میں دیکھے تھے۔ سبحان اللہ ۔ یہ سب حضرت جی کی شفقت اور عنایات کی بدولت ممکن ہوا ورنہ میرے سارے اقارب یہ سمجھ بیٹھے تھے کہ اب میں تعلیمی سلسلہ جاری نہیں رکھ سکتا۔ آج الحمدللہ حضرت جی کی شفقت، اللہ کے فضل اور اعمال کی بدولت میری M.S.c مکمل ہونے والی ہے یہ تو میرا تعلیمی حال تھا۔ گھریلو معاملات انتہائی پیچیدگی کا شکار تھے سمجھ ہی نہ آئی تھی کہ کیا کریں، جادو، بندش اور نہ جانے کیا کچھ بس یہی اعمال حضرت جی کی رہنمائی میں کرتا رہا اللہ نے کرم کر دیا اور دن پھرنے لگے۔ بھائی جس کمپنی میں بطور مزدور کام کر رہے تھے وہاں کہ حالات اچھے نہ تھے بس بمشکل گزر بسر ہو رہا تھا۔ حضرت جی نے ان کیلئے دو انمول خزانے پڑھنے کیلئے بتائے ۔ بھائی نے صرف دو انمول خزانہ نمبر 2 پڑھا وہ بھی کچھ عرصہ اللہ پاک نے ایسا کرم کیا کہ کچھ دنوں میں انکی ترقی ہو گئی اور آج وہ اس کمپنی کے منیجر ہیں۔ اب الحمدللہ میرے تینوں بھائی حضرت جی سے بیعت ہیں اور بتدریج دنیاوی و دینی دونوں اعتبار سے بہت بہتری کی طرف جا رہے ہیں۔ میری تعلیمی اسناد دو مرتبہ گم ہوئیں اور اسی وظیفہ کی برکت سے مجھے مل بھی گئیں۔ دوسری مرتبہ جب ڈاکومنٹ گم ہوئے میں سفر میں تھا

میرے بیگ میں تھے مری سے جب مظفر آباد کیلئے گاڑی میں بیٹھنے کیلئے روڈ پر پہنچا تو گاڑی کوئی نہ تھی، ایک گاڑی آئی اس میں بیگ رکھا ابھی خود سوار نہیں ہوا تھا کہ گاڑی والا ٹریفک پولیس کو دیکھ کر گاڑی بھگا کر لے گیا۔ میں اب پریشان ہوگیا اور وظیفہ پڑھنا شروع کر دیا اتنے میں ایک گاڑی اور آئی میں اس پر سوار ہو کر آیا اور مسلسل حالت اضطراب میں پڑھتا رہا ابھی پہلی والی گاڑی راستے میں ہی پھنسی ہوئی تھی کہ میری والی گاڑی پہنچ گئی اور میں نے وہاں جا کر اپنے کاغذات لے لئے۔ اللہ پاک کی فوری مدد آئی اس کے پڑھنے کی برکت سے ورنہ اس طرح روڈ کا بلاک ہونا ممکن نہ تھا اور یوں میرے ڈاکومنٹ مجھے مل گئے۔ درس میں شرکت کی برکت سے اللہ پاک نے میرے اندر تبدیلی پیدا کی اور نماز کی پابندی کی توفیق بھی عطا فرمائی۔ دین اور دنیا دونوں کی خیریں اللہ پاک نے عطا کیں۔

ولادت میں بہت آسانی ہوگئی

ابھی چند دن پہلے کی بات ہے کہ میری بھابھی کے حمل کا دورانیہ مکمل ہو چکا تھا مگر ڈلیوری نہیں ہوئی تھی ایک عامل سے حساب کروایا تو اس نے بندش بتائی اور اپنی طرف سے کچھ پڑھنے کا بتایا میں نے بھائی کو اذان اور افحسبتم والا عمل پڑھنے کو کہا اور خود بھی پڑھتا رہا۔ انٹرنیٹ پر جمعرات والے دن اسی دن درس میں دعا بھی کی جمعرات والے دن رات کو ہی ڈلیوی ہوگئی بالکل نارمل اور گھر میں۔ یہ اس عمل کا کمال ہے بچی نومولود روتی بہت زیادہ تھی اور بڑے پیشاب کی جگہ خون کا پیشاب کرتی تھی بھائی پریشان ہوگئے کہ پتہ نہیں کیا مسئلہ ہے میں نے پھر یہی پڑھ کر اس بچی کے کان میں پھونکنے کا کہا اس عمل کی برکت سے بچی کا پاخانہ بالکل نارمل ہوگیا اور اس کا رونا بھی ختم ہوگیا۔

میرے ایک دوست کا آپریشن تھا، ڈاکٹروں نے اسے بے ہوش کرنے کیلئے انتھیز یا دیا مگر وہ بے ہوش نہ ہوا بلکہ اس دوران وہ انمول خزانہ نمبر 2 پڑھتا رہا وہ خود کہتا ہے کہ اس کے پڑھنے کی بدولت مجھے درد کی شدت کا احساس بہت ہی کم ہوا۔ سرجن

بعد میں کہنے لگے کہ ایسا بہادر آدمی ہم نے پہلی بار دیکھا ہے اور میرا دوست کہتا ہے کہ یہ سب انمول خزانے کی برکت سے ہوا ہے۔

سرکاری نوکری مل گئی

میرا ایک دور کا کزن ہے، میں ٹوٹا پھوٹا ذکر کر رہا ہوتا تو وہ مجھے نوٹ کرتا رہتا کہ یہ کیا پڑھ رہا ہے۔ ایک دن مجھے کہنے لگا کہ یہ کیا پڑھ رہے ہو مجھے بھی بتاؤ تا کہ میں بھی پڑھوں۔ میں تذبذب میں ہوا کہ یہ جو میں پڑھ رہا ہوں یہ تو حضرت جی نے مجھے تشخیص کیا ہے اسے دوں یا نہ دوں۔ پھر فوراً ہی میرے ذہن میں انمول خزانہ بتانے کا خیال آیا میں نے اسے دے دیا۔ اس کے جادو کا مسئلہ تھا وہ بھی حل ہو گیا اور وہ نوکری کی تلاش میں تھا وہ بھی اسے مل گئی حالانکہ یہاں آزاد کشمیر میں سرکاری نوکری حاصل کرنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے لیکن اس کلام کی برکت سے اللہ کریم نے اسے نواز دیا۔

چھوٹے بچوں کی حفاظت

گھر میں چھوٹے بھتیجے سوتے میں اکثر ڈر جاتے تھے میں روحانی کلاس نمبر 2 میں شریک ہوا اس میں حضرت جی نے حروف تہجی کا تعویذ عنایت فرمایا وہ میں نے لکھ کر انہیں دیا اب الحمدللہ با آرام سوتے ہیں اور نظر بد سے اللہ کی ذات حفاظت فرما رہی ہے۔

اعمال سے بد یقین نہ ہوں

اعمال سے پلنے، بڑھنے اور ملنے کا یقین اگر نصیب ہو جائے تو دنیا کی کسی اور چیز کی حاجت نہیں رہتی لیکن یہ یقین بڑی مشکل سے حاصل ہوتا ہے اس کیلئے مسلسل رابطہ شیخ دامت برکاتہم سے رکھنا اشد ضروری ہے ورنہ پیچیدہ اور سخت حالات میں جہاں شیطان جیسا چالاک و عیار دشمن بھی انسان کے ساتھ ہے انسان بھٹک اور بہک کر نہ جانے کہاں سے کہاں پہنچ جائے۔ میرے جتنے بھی مسائل حل ہوئے اس دوران بعض اوقات میں Depress ہو کر مایوس ہونا شروع ہو جاتا اور شیطان طرح طرح کے وسوسے ڈالتا اور دل میں آتا کہ پڑھنا چھوڑ دوں، فضول ہے پڑھنا، کچھ آسانی تو نہیں

ہو رہی بس فضول میں پڑھے جا رہے ہو...... اسی حالت میں حضرت جی سے ملنے چلا گیا بس آج میں حضرت جی سے کہوں گا کہ مجھے اس وظیفے سے کوئی فائدہ تو ہو نہیں رہا تو کوئی اور دے دیں۔ نہیں تو یہ کم از کم میں نہیں پڑھ سکتا۔ یہ خیال دل میں تھا ابھی جب حضرت جی سے ملا تو قربان جاؤں حضرت جی خود ہی فرمانے لگے کہ اور وظیفہ نہ لو اور یہی مستقل پڑھتے رہو۔ بس دل کو تسلی ہوگئی اور یہی پڑھتا رہا۔ اللہ پاک نے کرم فرما دیا اور تمام پیچیدگیاں ایک ایک کر کے سلجھ گئیں اب بھی جب کوئی مسئلہ درپیش ہو تو اسے توجہ اور دھیان کے ساتھ پڑھنے سے سارے مسئلے خود بخود آسان ہو جاتے ہیں اللہ پاک حل فرما دیتے ہیں اور یہ اعمال اللہ کی توفیق سے مستقل ہو رہے ہیں۔

(عادل کامران، مظفر آباد)

☆......☆......☆

محترم مطلوب احمد باجوہ صاحب کے مشاہدات

السلام علیکم ورحمتہ اللہ برکاتہ!

بصد عجز و نیاز آداب و تسلیمات کے ہدیہ کے عرض ہے حضور اعمال شفاء کے چند مشاہدات پیش خدمت ہیں۔

ٹیسٹ میں پاس ہونے کیلئے

بیٹا کریم مصطفیٰ پانچویں کلاس میں سٹی سکول بہاولپور میں زیر تعلیم ہے ماہ نومبر 2012ء میں بچوں کے ماہانہ ٹیسٹ ہو رہے تھے کریم مصطفیٰ نے بتلایا کہ ٹیسٹ سے قبل اس کا کلاس فیلو بہت پریشان تھا کہ اس کے ٹیسٹ کی بالکل تیاری نہیں ہے بیٹے نے بتلایا کہ اول آخر 3 بار درود پاک اور گیارہ دفعہ ''یا حفیظ'' پڑھ کر اپنے اوپر پھونک مار لو بچے نے ایسا ہی کیا ٹیسٹ بہت اچھا ہوا اور سو فیصد مارک ملے۔

ناکارہ گردے نے کام کرنا شروع کر دیا

یکم دسمبر 2012ء کو محمد اکرم سکنہ بہاولپور نے بتلایا کہ اس کے سسر کا ایک گردہ

ایک سال سے بیکار ہو چکا تھا آپریشن کیلئے ڈاکٹر صاحب سے ٹائم لیا ہوا تھا۔ محمد اکرم نے اپنے سالے سے کہا کہ والد کی طرف سے روحانی غسل کریں۔ چنانچہ روحانی غسل بیٹے نے باپ کیلئے کیا اور ہسپتال پہنچنے پر ڈاکٹر صاحب سے چیک کر کے بتلایا کہ گردے نے کام کرنا شروع کر دیا ہے اب آپریشن کی ضرورت نہیں ہے۔

محمد اکرم نے ہی اسی نشست میں کلینک الفاروق سکول بہاولپور میں بتلایا کہ اس کی اہلیہ کو گردے کی تکلیف تھی ہسپتال روانگی سے قبل محمد اکرم نے خود اپنی اہلیہ کیلئے روحانی غسل کیا اور راستہ میں جاتے ہوئے ذکر کرتا گیا۔ ہسپتال پہنچنے تک گردے کی تکلیف ختم ہو چکی تھی اور وہ بخوشی گھر واپس آ گئے۔

انمول خزانے کی فضیلت

میری بھتیجی نے ایف ایس سی کے امتحان کے دنوں میں انمول خزانہ نمبر 2 سوا لاکھ دفعہ اس نیت سے پڑھا کہ اس کے نمبر کم از کم 700 آ جائیں۔ رزلٹ آؤٹ ہونے پر اس کے پورے 700 نمبر آئے عائشہ حیران بھی تھی اور خوش بھی۔ رزلٹ کے اس نے انکشاف کیا کہ اس نے انمول خزانہ نمبر 2 کا وظیفہ کیا تھا اور دعا کے عین مطابق نمبر ملے۔

الٰہی تا ابد آباد آستاں یار رہے   یہ آسرا ہے غریبوں کا برقرار رہے

(مطلوب احمد باجوہ، بہاولپور)

☆……☆……☆

محترم ارشد پرویز صاحب کے مشاہدات

کسی شخص کی ناراضگی اور شر سے بچنا

صبح کو اور شام کو قل شریف ''سورۃ الفلق'' اور ''سورۃ الناس'' تین تین مرتبہ پڑھنا اس طرح کہ جب تیسری مرتبہ سورۃ الفلق پڑھی جائے تو "مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ" دس مرتبہ کسی تکلیف سے بچنے یا کسی کی ناراضگی۔ سے بچنے کی نیت سے پڑھوں تو اس سے بچ جاتا ہوں۔ کسی شخص کے شر سے بچنے کیلئے (اس شخص کا تصور کر کے) دس مرتبہ پڑھوں اگر دو

شخص ہوں تو" من شر ما خلق "20 مرتبہ یعنی جس جس پریشانی اور جس جس تکلیف سے بچنا چاہوں اس پریشانی اور اس تکلیف کیلئے 10،10 مرتبہ " من شر ما خلق" پڑھتا ہوں تو اس تکلیف اور پریشانی سے بچ جاتا ہوں پھر باقی سورہ مکمل کرتا ہوں۔ کسی کام کو جاتا ہوں تو اس کام میں کوئی رکاوٹ یا مشکل سے بچنے کیلئے یہ تینوں سورہ مبارک ایک ایک مرتبہ لیکن " من شر ماخلق " والی آیات 10 مرتبہ پڑھ کر باقی سورہ مکمل کرتا ہوں اس کام میں رکاوٹ نہیں ہوتی اور نہایت ہی آسانی سے ہو جاتا ہے۔

حضرت صاحب بات صحیح طرح بیان نہیں کر سکا امید ہے کہ آپ میری بات سمجھ ہوں گے۔ شکریہ!

(ارشد پرویز، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمد ندیم صاحب کے مشاہدات

حضرت احمد لاہوری رحمہ اللہ کا دور یاد آگیا

استاد محترم حضرت حکیم طارق محمود صاحب دامت برکاتہم اللہ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ آپ کو اللہ جل جلالہ نے خدمت خلق یعنی انسانیت کی بے لوث خدمت کا جذبہ اتنا کوٹ کوٹ کر بھرا کہ یہ جذبہ اور درد دیکھ کر حضرت مولانا احمد علی لاہور رحمہ اللہ کا زمانہ یاد آگیا۔ ان کا مقصد بھی کوئی تعریف نہیں تھا بلکہ یہ میں آپ کا حق سمجھتا ہوں یہ کلمات بطور شکریہ کے ادا کرتا۔ اللہ تعالیٰ جل جلالہ آپ کی دین و دنیا دونوں اچھی کرے۔ آمین۔

لفظ اللہ کے پڑھنے کا فائدہ

حضرت جی آپ سے تعلق سے پہلے میں خود روحانی جسمانی طور پر بیمار تھا جس کی وجہ سے میں بہت سے عاملوں کے پاس گیا منزل وغیرہ پڑھتا تھا مگر افاقہ کامل نہیں ہو سکا تھا۔ آپ کے ہاں پچھلا کورس کر نیکی اللہ تعالیٰ جل جلالہ نے توفیق دی۔ تو اللہ

تعالیٰ جل جلالہ نے مجھے شفاء بخشی میں ڈپریشن کا بھی مریض تھا۔ جب سے جو آپ نے وظیفہ بتا دیا تھا لفظ اللہ والا اس کے مسلسل پڑھنے سے الحمدللہ فائدہ ہوا۔ دوسرا وظیفہ "مَاشَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ" پڑھنے سے بہت فائدہ ہوا۔

(محمد ندیم احمد، بہاولنگر)

☆......☆......☆

محترم مقصود احمد صاحب کے تجربات

حضرت صاحب سے جون 2011ء میں راولپنڈی میں ملاقات کی تھی اور آپ نے ایک عدد وظیفہ دیا تھا۔

چہرے کی سوزش......دم کرنے سے ختم

میں عبقری رسالہ سے "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ" کا وظیفہ پڑھا تھا کہ کسی بھی چیز پر 313 مرتبہ پڑھ کر دم کریں وہ میں اکثر مریضوں پر دم کرتا ہوں اور اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوتا ہے ایک مریض کے دانت کے انفیکشن کی وجہ سے سوج گیا تھا اور مریض درد کی وجہ سے رو رہا تھا میں نے یہ آیت پڑھ کر اس پر دم کیا اور پانی پر دم کر کے دیا اللہ نے کرم کر دیا۔ اسی وقت مریض کو سکون ہو گیا بلکہ چہرے پر سوجن بھی ختم ہو گئی جو ایک ہفتہ سے اینٹی بائیوٹک دوائی کھانے سے کم نہیں ہوئی تھی۔

اعمال سے پاؤں کی تکلیف کا علاج

میری ممانی کے پاؤں پر سوجن ہو گئی اور بہت زیادہ درد ہو رہا تھا کہ پاؤں زمین پر نہیں رکھ سکتی تھیں میں اچانک ان کے گھر گیا تو وہ بہت زیادہ تکلیف میں تھیں میں نے "سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ" 11 مرتبہ پڑھ کر ان کے پاؤں پر تین مرتبہ دم کیا۔ تھوڑی دیر بعد وہ چلنے پھرنے لگیں اور سوجن کم ہو گئی۔ (مقصود احمد خان، راولپنڈی)

☆......☆......☆

محترم محمد عمر فاروق صاحب کے مشاہدات

پہلے بھائی عبقری کے جمعرات کے درس میں آیا کرتے تھے انہی کے ذریعے تعارف ہوا اور میں خود بھی مختلف دروس میں شامل ہوتا رہا اللہ کے فضل و کرم سے دنیوی اور اخروی بے شمار فوائد حاصل ہوئے۔

”افحسبتم اور اذان والا عمل“ بہت مفید ہے۔ القول الجمیل میں 33 آیات جو کہ منزل کے نام سے مشہور ہیں آسیب جادو اور دیگر بیماریوں کیلئے مفید ہیں اور میرا معمول صبح و شام پانی پر دم کر کے پینے کا تھا۔ سورہ کوثر کے عمل سے اللہ نے میرے رزق اور مال سے بہت برکت عطاء فرمائی۔

قوت مردمی کیلئے ایک انتہائی مجرب نسخہ درج ذیل ہے۔

موصلی سفید انڈین 10 گرام، ثعلب مصری، ثعلب پنجہ 10 گرام، چھلکا اسپغول 20 گرام، بادام گری 100 گرام لے کر ان سب کا سفوف بنالیں اور بعد میں اس میں چھلکا ملالیں اور آدھا کلو دودھ میں ایک چمچ ڈال کر کھیر بنالیں اور رات کو سونے سے پہلے استعمال کریں۔ دوائی کھانے کے بعد کچھ کھانا پینا نہیں۔ شام کے کھانے اور دوائی میں کم از کم 3 گھنٹے کا وقفہ ہونا چاہیے۔

آخر میں اللہ سے دعا ہے کہ اللہ آپ کو دین و دنیا کی راحتیں نصیب فرمائے اور ہمیں بھی اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔

(محمد عمر فاروق توحیدی، لاہور)

☆……☆……☆

محترم حافظ خضر حیات صاحب کے تجربات

سب سے بڑا فائدہ آخرت کی فکر اور حصول سکون قلب ہے اور رجوع الی اللہ اور یادالٰہی ہے۔ ایک وظیفہ ” حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ " کی ایک تسبیح پڑھنے سے سفید موتیا میں بہت فائدہ ہوا ہے۔

طبی نسخہ جات و مجربات سے بھی بہت فائدہ ہوا ہے۔

اندھا دھند گولیوں کی بارش سے محفوظ رہا

ایک دفعہ ملتان جیل میں قیدیوں کا افسران کے خلاف ہنگامہ ہوا نتیجتاً پولیس نے جیل میں اندھا دھند گولیاں چلانا شروع کر دیں بندہ کے دوست بھی قیدی تھے انہوں نے سورہ یٰسین کی آیت "سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبِّ الرَّحِيْمِ" پڑھنی شروع کر دی۔ اس دوران بہت سے قیدی زخمی ہوئے اور کئی مر گئے بندہ بالکل صحیح وسلامت محفوظ رہا اور رہائی بھی جلدی ہو گئی ہے۔

تقویت دماغ کیلئے

سبز ہریڑ آورنج ورچھ ہم وزن پیس کر ہمراہ پانی استعمال کریں بے حد مفید ہے۔ اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق بخشے۔ آمین۔

(حافظ خضر حیات، ضلع خوشاب)

☆......☆......☆

محترم منظور احمد صاحب کے مشاہدات

گھر کے قریب ٹرانسفر کیلئے آیت کریمہ

1۔ 1990-91ء کی بات ہے جب میں نوکری کے سلسلہ میں تربیلہ ڈیم پر کمپنی کے ساتھ کام کر رہا تھا ہمارے ایک فورمین کو وظائف سے دلچسپی تھی اس نے ایک دن بیان کیا کہ اگر کوئی شخص آیت کریمہ 500 بار بعد از نماز عشاء اور 500 بار قبل از نماز فجر پڑھے۔ ان دنوں میں گوشت نہ کھائے اور حتی الامکان ہر برائی سے بچے تو اس کی ہر مراد پوری ہوگی۔ 36 ویں دن یا پھر چالیسویں دن میں نے بغیر سوچے سمجھے نوکری گھر کے قریب ہونے کی نیت سے پڑھنا شروع کر دیا۔ جب 36 دن ہوئے تو صبح ہی

مجھے یہ پیغام مل گیا کہ آپ کی ٹرانسفر بھائی پھیرو میں کردی گئی ہے۔ وہاں کام صرف دو ماہ کا تھا اور پھر مجھے منگلا ڈیم کی سائٹ پر جانا پڑا۔

2۔ کتاب طب روحانی کا ایک وظیفہ (مولف کا نام یاد نہیں) تقریباً 2002ء کا واقعہ ہے کسی بھی بیماری کیلئے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا سلام تین ہزار مرتبہ پڑھانا ہے۔ شرائط: غسل کرنا ہے، سفید کپڑے پہننے ہیں، قبلہ رخ ہو کر پڑھنا ہے۔ میں نے اس کو اپنے لئے پڑھا تین دنوں میں طبیعت بالکل ٹھیک ہو گئی اس کی مدت تین یا پانچ یا سات دن ہے۔ ڈیوٹی بلوچستان میں پسنی کے قریب تھی چوتھے دن غسل کیلئے نہ ہونے کی وجہ سے وضو کر کے پڑھ لیا۔ لیکن جب صبح اٹھا تو ایک تہائی جسم درد کر رہا تھا۔ پانچویں دن بھی پانی نہ ہونے کی وجہ سے ویسے ہی پڑھ لیا لیکن جسم 2,3 حصہ درد ہونا شروع ہو گیا۔ پھر دو دن کا وقفہ کیا اور پھر تین دن شرائط کے ساتھ پڑھا اور طبیعت نارمل ہو گئی۔

(منظور احمد ولد چوہدری علی محمد)

☆……☆……☆

محترم محمد احمد رضا صاحب کے مشاہدات

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! میرے مشاہدہ میں جو باتیں آئی ہیں وہ عرض کرتا ہوں۔

نہ ختم ہونیوالے موہکوں کا کامیاب علاج

نوشہرہ ورکاں میں ایک آدمی موہکوں کا دم کرتا ہے میں اس کے پاس ملنے گیا میرے ہاتھ پر تقریباً 125 موہکے تھے جو دوائی وغیرہ سے زیادہ ہوتے تھے کم نہیں ہو رہے تھے۔ اس نے مجھے سورہ الانعام کی آیت نمبر 45 کا وظیفہ بتایا کہ جتنے موہکوں مونجھ کی رسی لے کر دم کریں اور ایک گرہ لگاتے جائیں۔ میں نے مونجھ کی رسی لے کر دم کرنا شروع کر دیا اور ساتھ ساتھ گرہیں بھی لگاتا گیا جب عمل مکمل ہو گیا پھر اس

کو روڑی میں دبانے کو کہا دبا کر 4 نفل شکرانے کی نیت کر کے گھر آ گیا۔ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے 4 یوم میں سارے کے سارے موہکے ختم ہو گئے جیسے کہ تھے ہی نہیں۔

اس کے بعد مجھے اس نے اجازت دے دی کہ تم کسی دوسرے کو اگر ضرورت ہو تو دم کر دیا کرو اب میں دم کرتا ہوں ہر قسم کے موہکے چاہے بواسیر ہی کا کیوں نہ ہو اللہ کے فضل و کرم سے موہکے ختم ہو جاتے ہیں۔ یہ سلسلہ سالہا سال سے جاری ہے اور فی سبیل اللہ ہے کسی سے کو رقم وغیرہ یا نذرانہ کا تقاضا نہیں کیا جاتا۔ پھر میں نے اس کو اپنی طرف سے ہرنیوں پر بھی آزمایا ہے جو کہ 100 فیصد درست ہے پایا ہے۔

اکثر بچوں کو ہرنی کا نقص ہو جاتا ہے اس پر بھی یہ عمل بہت ہی مفید ہے اس کے ساتھ میں دیسی تیل دم کر دیتا ہوں۔ میں اس عمل کو اگر کوئی درد ریحی والا مریض آئے تو اس پر یہ عمل اور " بسم اللہ الذی لا یضر .... " والا عمل بھی کرتا ہوں اس سے بھی شفاء ہو جاتی ہے۔

یہ ہی عمل دشمن کیلئے بھی میں نے آزمایا ہے میرے ایک دوست ہیں لاہور کے ان کا کاروباری مسئلہ تھا انہوں نے بتایا کہ ایک آدمی تنگ کرتا ہے اس کے لئے روزانہ 100 بار کسی بھی وقت پڑھ لیا کرتا تھا اس کا کام ہو گیا۔

جادوگر کا جادو ٹوٹ گیا

ایک آدمی جو کہ میرا دوست تھا وہ دوسری شادی کرنا چاہتا تھا اس کی بیوی اس کو اجازت نہیں دے رہی تھی اس نے کسی جادوگر کو 40 ہزار روپے دیئے کہ میری بیوی مان جائے یا مر جائے۔ مجھے جب اس کا علم ہوا تو میں نے اس کی بیوی کو تیسرا کلمہ پڑھنے کو کہا روزانہ 300 بار اس نے پڑھنا شروع کر دیا تو 2 ماہ بعد جادوگر سر پکڑ کر بیٹھ گیا کہ تمہاری بیوی کچھ پڑھتی ہے میرا عمل چل نہیں رہا اس نے آ کر پوچھا کہ تم کیا پڑھتی ہو اس نے کہا تیسرا کلمہ تو اس نے پوچھا تم کو کس نے کہا تھا کہنے لگی اس نے میرا نام لے لیا وہ میرا دوست مجھ سے لڑنے کیلئے آ گیا اور کہنے لگا آپ نے میرے 40 ہزار مروا

دیئے ہیں اور ناراض ہو کر چلا گیا اس کے بعد اس نے میرے پاس آنا چھوڑ دیا۔

(محمد احمد رضا، ساہیوال)

☆……☆……☆

محترم عبدالقادر صاحب کے مشاہدات

یا حفیظ سے اپنی حفاظت

میں اپنی موٹر سائیکل سے اکثر گر جاتا تھا جب سے میں نے گیارہ بار ''یا حفیظ'' کا عمل شروع کیا تو اللہ نے کرم کیا اب میں کبھی بھی نہیں گرتا۔ گھر سے نکلنے والی دعا کا اہتمام کرتا ہوں تو اللہ تعالیٰ مدد کرتے ہیں۔ گھر سے باہر لڑائی جھگڑے اور کسی بھی پریشانی سے محفوظ رہتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے نماز و قرآن پڑھنے کی توفیق دیدی

عجیب کشمکش میں مبتلا تھا ہر وقت اداس اور اپنے آپ گم سم رہنے کا عادی تھا۔ جب عبقری میں ''یا قہار'' والا عمل آیا تو صرف دو دن پڑھنے سے اللہ نے کرم کیا نماز اور قرآن پڑھنے کی توفیق مل گئی اور باقاعدہ طور پر قرآن مجید قاری صاحب کو سنا بھی رہا ہوں اور ساتھ ساتھ دوسرے اعمال کی بھی توفیق مل گئی ہے۔ مثلاً صبح و شام کی تسبیح اور کبھی کبھی اللہ تعالیٰ تہجد پڑھنے کی بھی توفیق دے دیتے ہیں اللہ تعالیٰ ثابت قدم رکھے۔

(عبدالقادر ولد غلام رسول، ضلع خانیوال

☆……☆……☆

محترم حکیم عبدالماجد صاحب کے تجربات

نشہ چھڑانے کے لئے

نشہ چھڑانے کیلئے نسخہ جس کے استعمال سے نشہ کی طلب مٹ جاتی ہے اور طلب کا

پیدا ہونا بھی اصل فساد ہے۔ نشہ چاہے ہیروئن کا ہی کیوں نہ ہو۔

دھنیا 5 تولہ، زیرہ سفید 5 تولہ، سونٹھ ڈیڑھ تولہ، کالی مرچ 1 تولہ، لہسن تازہ ڈیڑھ گرام ان تمام اجزاء کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس لیں اور مکس کر لیں۔ 1 چھوٹا چمچ تین وقت حسب طبیعت و برداشت کھالیں۔ دوران استعمال گائے کا گھی زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔ دواء جاری رکھیں جب تک جسم مکمل بحال نہ ہو جائے۔ غذاء میں شوربہ والا سالن استعمال کریں۔ دوائی سالن میں ڈال کر بھی استعمال کر سکتے ہیں بطور مصالحہ دوران علاج اگر بکری کا دودھ استعمال کریں تو زیادہ فائدہ ہوگا۔

اس نسخے کو نشہ کرنے والے مریض پر استعمال کیا بہت فائدہ ہوا۔

(حکیم عبدالماجد، ضلع خانیوال)

☆......☆......☆

محترم اعجاز احمد شیخ صاحب کے مشاہدات

حسن اخلاق تسبیح خانہ کی روایت

تسبیح خانہ کی روایت بہت اچھی ہے لوگ بہت اچھے، اخلاق والے اور ملنسار ہیں ہم میں کوتاہی ہے یہاں پر ہر طرف اللہ تبارک وتعالیٰ کی ہر وقت رحمت نازل ہوتی رہتی ہے۔ پنڈی سے یہاں پہنچ کر دل کو بہت اطمینان اور سکون ملا میرے تمام گھر والے ہر جمعرات کو آپ کا درس باقاعدگی سے سنتے ہیں اور ابھی میری بیٹی نے اطلاع دی ہے کہ تمام گھر والے آج کلاس میں شرکت کر رہے ہیں۔ آپ لوگوں کی خدمت کر رہے ہیں ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس تسبیح خانہ پر کروڑوں رحمتیں نازل فرمائیں۔ آمین۔

(اعجاز احمد شیخ، راولپنڈی)

☆......☆......☆

محترم عامر رشید صاحب کے مشاہدات

حضرت جی میں تقریباً چھ ماہ قبل پہلی مرتبہ آپ کے پاس حاضر ہوا آپ نے ادویات بھی دیں اور وظیفہ "یَا حَیُّ یَاقَیُّوْمُ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ" پڑھنے کو دیا اس کا مجھے بہت فائدہ ہوا۔ پھر دوبارہ ملاقات میں میں نے بیعت کر لی اور اب میں آپ کے بتائے ہوئے سارے عمل کرتا ہوں۔ مثلاً روحانی غسل، برکت والی تھیلی والا عمل، 11 مرتبہ بسم اللہ، 11 مرتبہ یا حفیظ، اذان والا عمل اور سورہ مومنون والے وظائف کرتا ہوں۔ (عامر رشید، کوئٹہ)

☆……☆……☆

محترم گلفام یوسف صاحب کے مشاہدات

السلام علیکم! اگست 2012ء سے عبقری رسالہ پڑھنا شروع کیا بہت پسند آیا ابھی اس میں دیئے گئے وظائف پر کوئی خاص عمل درآمد نہیں کیا۔ مجھے اپنے بیٹے کے آپریشن کیلئے کافی رقم کی ضرورت تھی جو میرے پاس نہیں تھی میں نے کسی ایک درس میں سنا کہ ایک دفعہ کسی صحابی کے گھر کھانے کیلئے کچھ نہیں تھا انھوں نے اپنی اہلیہ سے کہا میں جا کر دو نفل قضائے حاجت پڑھ کر آتا ہوں اللہ تعالیٰ کچھ بندوبست کر دے گا۔ یہ پوری حدیث میں نے سنی تو میں نے بھی روزانہ دو نفل قضائے حاجت پڑھنے شروع کیے تو چند دن بعد رقم کیلئے اللہ نے کسی سے مانگے بغیر بندوبست کر دیا۔

(گلفام یوسف، ساہیوال)

☆……☆……☆

محترم محمد اکرم خان صاحب کے مشاہدات

میں شعبہ کے اعتبار سے ایک ہومیو پیتھک ڈاکٹر ہوں میں تقریباً عرصہ پانچ سات سال سے اس شعبہ سے منسلک ہوں۔ تقریباً عرصہ ایک سال سے عبقری رسالہ کا

قاری ہوں جس سے مجھے بے شمار روحانی دینی ودنیاوی فوائد حاصل ہوئے ہیں۔ سب سے زیادہ توجہ اب نماز پر دی جاتی ہے جو کہ اس سے پہلے باقاعدگی سے نہیں پڑھی جاتی تھی ہر چھوٹے بڑے کی عزت کی جاتی ہے۔

یاحفیظ سے بغیر لاک گاڑی کی حفاظت

رسالہ عبقری میں بے شمار ایسے چھوٹے چھوٹے وظائف ہیں جن سے میں نے بہت استفادہ حاصل کیا۔ مثال کے طور پر میرے پاس ایک مہران گاڑی ہے جس کے دروازے لاک نہیں ہوتے میں نے عبقری میں پڑھا تھا کہ "یَاحَفِیْظُ" کے پڑھنے سے ہر چیز محفوظ رہتی ہے اور میں نے کئی مرتبہ تجربہ کیا ہے کہ جب بھی اپنی گاڑی کھڑی کر کے جاتا ہوں اور "یا حفیظ" پڑھ کر جاتا ہوں تو واپسی پر میری گاڑی بالکل محفوظ حالت میں ہوتی ہے اور جب بھی کبھی لمبے سفر پر روانہ ہوں تو ہمیشہ "یا حفیظ" پڑھ لیتا ہوں اور اللہ کی برکت سے خیریت سے اپنی منزل پر پہنچ جاتا ہوں اور راستے میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔ (محمد اکرم خان ولد محمد مراد، ضلع خانیوال)

☆......☆......☆

محترم حافظ مزمل اقبال صاحب کے تاثرات

عبقری رسالہ کے وظائف......روحانی سکون

میں عرصہ تین سال سے عبقری رسالہ کا قاری ہوں میں اس میں سے کچھ پڑھ رہا ہوں جس کی وجہ سے میں اپنے آپ کو روحانی طور پر بہت سکون میں محسوس کر رہا ہوں۔

(حافظ مزمل اقبال، ضلع سیالکوٹ)

☆......☆......☆

محترم قاری محمد اکرم صاحب کے مشاہدات

دو انمول خزانے کی فضیلت

محترم مکرم میرے مرشد میرے شیخ جو آپ کی میرے دل میں محبت ہے وہ تو اللہ

رب العزت کی ذات جانتی ہے۔ بندہ کچھ عرصہ پہلے ایک خط لکھ چکا ہے لیکن وہ شاید آپ تک نہیں پہنچا۔ بات یہ ہے کہ رمضان المبارک میں بندہ کے ہاتھ ایک کتابچہ آیا جس کا نام تقریباً ''دو انمول خزانہ'' تھا پڑھا بڑا نفع ہوا گھر میں پڑھوایا گھر والوں نے بڑے شوق سے پڑھا اور میری بیوی نے ایک دن خواب میں دیکھا کہ ایک سفید پوش بزرگ ہیں جو مسلسل یہ آیت ''لقد جاءکم .... آخر تک'' پڑھتے رہے اور اس کے بہت زیادہ فضائل بیان فرمائے اور آخر میں یہ فرمایا کہ اس کے بہت فضائل ہیں اس کو پڑھو اور پڑھتے رہو دوسروں کو نفع دو اور دوسری بات یہ ہے کہ بندہ نے رمضان المبارک میں یہ خواب دیکھا اول تو میں اوپر چھت پر سویا ہوا تھا اور گھر والوں نے مجھے جگایا اور مجھے اس قدر نیند آئی تھی کہ نیچے آتے ہی پھر سو گیا نیچے سوتے ہی مجھے ایسی خوشبو آئی کہ بندہ نے کبھی بھی ایسی خوشبو نہ سونگی تھی۔ آنکھ کھلی تو دوبارہ بند کر لی دوبارہ وہی خوشبو آئی تو بڑا حیران ہوا۔ زبردستی بیوی نے مجھے اٹھا لیا سحری کا وقت ختم ہونے والا ہے تو میں اٹھا تو پوچھا آپ کو خوشبو آئی؟ سب نے کہا ہمیں تو بالکل نہیں آئی۔ اور مجھے یقین تھا کہ ''یا قھار'' کے اتنے فضائل ہیں کیونکہ بندہ عرصہ 6 سال سے عملیات سیکھ رہا ہے لیکن ایسا نہیں دیکھا۔ چند مرتبہ میں ''یا قھار'' پڑھ کر سویا تھا اور مجھے اس دن کے بعد یقین ہو گیا کہ اس کے پیچھے بہت بڑا اخلاص ہے بڑی طاقت اللہ نے ان عظیم ہستیوں کو عطا فرمائی ہے علامہ لاہوتی اور آپ حضرات سے خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے۔ دل تو بہت چاہتا ہے کہ آپ حضرات کی خدمت میں زندگی گزار دوں لیکن ...... یہ معافی نامہ قبول فرمائیں لکھنے میں تاخیر ہوئی۔ تفصیل تو میں 4 صفحوں پر لکھ چکا ہوں لیکن آپ تک نہیں پہنچ سکی۔

دکان پر عبقری کو دیکھا تو یقین جانیں حیران ہوا اور اب تک ہر مہینہ کو جب یکم ہوتی ہے تو میں ہر دکان پر جا کر تلاش کرتا ہوں کبھی تو دو کو اور کبھی ایک کو مل جاتا ہے جب تک اس کو نہ پڑھوں سوال پیدا نہیں ہوتا کہ مجھے نیند آجائے اور جب یہ میرے ہاتھ میں

ہوتا ہے تو بیوی بچے دور ہو جاتے ہیں ایسا عشق کہ کسی کی بات سننا گوارا نہیں ہوتا ہے۔

(قاری محمد اکرم ولد محمد اسلم، مظفر گڑھ)

☆……☆……☆

محترم جنید اقبال صاحب کے مشاہدات

ابو کی ناراضگی ختم ہوگئی

عبقری ویب سائٹ پر پڑھا تھا (سورہ قریش دل نرم کرنے کیلئے) میرے ابو بہت سخت ہیں مجھ سے ناراض ہو گئے پانچ ماہ ہو گئے میرے تایا جی نے بھی ان کو سمجھایا یا پھوپھو نے بھی سمجھایا لیکن ابو کی ناراضگی ختم نہیں ہوئی پھر میں نے عبقری سے دیکھ کر عمل شروع کیا فجر اور عصر کی نماز کے بعد سورہ قریش 21 دفعہ دل ہی دل میں پڑھی اور ابو کا تصور کر کے دم کر دی قریباً 1 ماہ کے بعد ہی میری بہن نے بتایا کہ ابو تمہیں یاد کر رہے ہیں اور ابو کو میری یاد آ رہی ہے۔

صبح جب سو کر آنکھ کھلی تو صرف 20 دفعہ ”یا مقتدر“ اول و آخر درود شریف پڑھنے سے میرے شوہر کے دن کے تمام کام جلد اور اچھے طریقے سے ہو جاتے ہیں یعنی کوئی رکاوٹ نہیں ہوتی۔

کھیعص کے کمالات

ان حروف کو الگ الگ ایک ایک انگلی پر پڑھ کر انگلی بند کر لیں جب مٹھی بن جائے تو پورے ہاتھ کو کھول دیں اور جو شخص غصے میں ہوں اس کے سامنے یہ عمل کریں تو آپ سے نرمی سے ہی بات کرے گا چاہے اس کو کتنا ہی غصہ کیوں نہ ہو۔

(جنید اقبال بٹ، گوالمنڈی)

☆……☆……☆

محترم مظفر حسین صاحب کے تجربات

شدید پیچش فوراً بند ہو گئے

ایک دفعہ مجھے کھجوروں کے باغ میں جانے کا اتفاق ہوا اتفاقاً گرمیوں کا موسم تھا کھجوریں خوب لگی ہوئی تھیں مجھے اجازت مل گئی کہ آپ باغ میں جائیں۔ پودے چھوٹے چھوٹے تھے میرا ہاتھ کھجوروں تک پہنچ سکتا تھا میں نے جب دیکھا یہ کھجوریں کھا سکتا ہوں۔ اللہ پاک کی شان مختلف پودوں کے پاس گیا اور جو پکی اور رسی ہوئی کھجوریں تھیں کھانی شروع کر دیں میں نے جی بھر کر کھائیں اور بہت زیادہ کھا گیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ مجھے پیچش لگ گئے اور قریب ہی پانی کا نالا چل رہا تھا پاک وہاں پاک ہونے کیلئے جاتا تو پھر حاجت ہو جاتی یہ سلسلہ جاری رہا اور پیٹ میں کھجوروں کی وجہ سے تپش محسوس ہو رہی تھی اسی پریشانی کے عالم میں میں ادھر ادھر گھوم رہا تھا تو اللہ پاک کی شان ظاہر ہوئی وہاں پر تربوز لگے ہوئے تھے ان پر میری نظر پڑ گئی میں نے ایک تربوز کو توڑا اور کھانا شروع کر دیا جس کے کھانے کے بعد مجھے سکون مل گیا اور پیچش بھی فوراً بند ہو گئے۔ اللہ پاک کی شان سے یہ فیض عام کیلئے لکھ رہا ہوں۔

جوہر شفاء مدینہ کے نسخے سے فائدہ

عبقری رسالہ میرے دوست نے مجھے دیا اس کو میں نے پڑھا اور پڑھنے کے بعد بچوں کو پڑھنے کیلئے دیا میری بچی نے اس کو پڑھا تو اس کی نظر جوہر شفاء مدینہ کے نسخہ پر پڑی تو اس نے مجھے بتایا کہ ابو جی آپ ان چیزوں کی سمجھ رکھتے ہیں دیکھو کتنے فائدے لکھیں ہیں میں نے اس نسخہ کو بنایا اور استعمال کیا واقعی یہ ہر گھر کی ضرورت ہے جس کو استعمال کرایا فوری اثر دیکھا طبیعت بوجھل ہوئی تو تھوڑا پانی کے ساتھ کھا لیا۔

کراماتی تیل کی مالش کے فوائد

کراماتی تیل کے بارے میں پڑھا اور خرید لیا درد میں اور سوجن میں جس کو بھی لگایا

یا مالش کی فوری اثر ہوا اور دودھ کے ساتھ دس قطرے پیئے اچھا رزلٹ ملا۔ بہت بہت شکریہ!

گرمیوں میں شربت الائچی صندل شہد والا استعمال کیا سکون ملا۔

دانت درد پر میں نے کراماتی تیل استعمال کیا آرام آ گیا۔

(مظفر حسین ولد طالب حسین، فیصل آباد)

☆......☆......☆

محترم ارباب رابیل صاحب کے مشاہدات

درود پاک سے جنت پائیں

جمعرات اور جمعہ کی درمیان رات کو ایک درود شریف ہے جو وہ درود شریف کم از کم ایک دفعہ پڑھ لے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو مرنے کے بعد خود اپنے ہاتھوں سے قبر میں اتاریں گے۔ " اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ۨالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَاَصْحٰبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ "

جمعہ کے دن جو شخص "یَا بَارِئُ " 100 بار پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس شخص کو مرنے کے بعد جب اس کو لوگ دفن کریں گے تو اللہ تعالیٰ اس کو قبر میں نہیں رہنے دیں گے اسے جنت الفردوس میں لے جائیں گے۔

(ارباب رابیل، ضلع گجرات)

☆......☆......☆

محترم عبدالوہاب صاحب کے مشاہدات

چھوٹے اعمال اور بے بہا فوائد

مسواک کا اگر استعمال باقاعدگی سے نہ کیا جائے تو انسان گناہ کا شکار ہو جاتا ہے۔ ''یا حفیظ'' سے بھرپور حفاظت ملتی ہے انسان حادثات سے بچ جاتا ہے۔ پانچ سورتیں

اور چھ بار بسم اللہ پڑھ کر سفر شروع کیا جائے تو اللہ پاک عافیت اور آرام والا سفر عطا کرتے ہیں۔ حادثات سے محفوظ ہوتا ہے کم وقت میں زیادہ سفر ہوتا ہے۔ ’’یا باعث یا نور‘‘ سے دل کے گناہ مٹ جاتے ہیں فجر کی نماز میں اٹھنے کیلئے آسانی ہوتی ہے۔ جب بھی روحانی غسل کروں تو واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ میرے جسم سے گند اور گناہوں کا بوجھ اتر چکا ہے۔

(عبدالوہاب چٹھہ، اسلام آباد

☆......☆......☆

محترم حمیداللہ سرحدی صاحب کے مشاہدات

الحمدللہ عبقری کے وظائف بہت ہیں سب سے پہلا وظیفہ جو مجھے کسی نے بتایا تھا اور میں نے اس کو آزمایا اس کا مجھے اور لوگوں کو بہت فائدہ ہوا اس لئے اب میں اس کو عبقری کے نام کرتا ہوں۔ ایک مرتبہ سورہ قریش پھر سات بار سورہ فاتحہ پھر ایک مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھ کر دم کریں انشاءاللہ شفاء ملے گی۔

نہ دعویٰ نہ وعدہ شفاء من جانب اللہ

(حمیداللہ سرحدی، لاہور)

☆......☆......☆

محترم نعمان انجم صاحب کے مشاہدات

عبقری کے وظائف سے مشاہدات

میں نے 2007ء میں طبیہ کالج سے کورس کیا میرے والد صاحب عملیات کافی جانتے ہیں اور مجھے بھی ان کو دیکھ کر شوق پیدا ہوا عبقری رسالہ کا خوب مطالعہ کرتا ہوں اس میں طبی نسخہ جات بھی بہت مفید ثابت ہوئے ہیں اور روحانی علاج بھی بہت ہی

مؤثر ثابت ہوئے ہیں۔ میں پہلی مرتبہ اس مجلس میں آیا ہوں اور مجھے یہاں آ کر بہت خوشی ہوئی اور بہت کچھ سیکھنے کو ملا ہے۔ اب سیکھنے کا شوق اور زیادہ بڑھ گیا ہے۔ میرے والد صاحب عبقری کے وظائف لوگوں کو بھی بتاتے ہیں جس سے لوگوں کی بڑی بڑی پریشانیاں مصیبتیں دور ہوگئی۔

(نعمان انجم، لاہور)

☆……☆……☆

محترم زاہد علی صاحب کے مشاہدات

بستر پر پیشاب کرنیوالے بچوں کیلئے عمل

میرا اور کئی دوستوں کا تجربہ ہے کہ سورہ ھود کی آیات نمبر 44 جو بچے یا بڑے بستر پر پیشاب کر دیتے ہیں ان کیلئے 21 مرتبہ پڑھ کر اپنی پر دم کر کے پلائیں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔ (زاہد علی ولد عبدالشکور، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمد زاہد صاحب کے تجربات

جلے ہوئے کیلئے خاص نسخہ

آزمایا ہوا میری والدہ محترمہ مرحومہ کا نسخہ جلے ہوئے کیلئے ان بجھا چونا پانی میں بھگو کر رکھیں جب ٹھنڈا ہو جائے تو تین چار بار ہلائیں پھر پڑا رہنے دیں جب پانی نتھر کر اوپر آ جائے تو پانی اتار لیں جتنا پانی اترے اتنا میٹھا تیل یا سرسوں کا تیل ڈال کر مکس کر دیں جلی ہوئی جگہ پر بار بار لگائیں انشاء اللہ نہ زخم ہوگا نہ ہی جلن ہوگی اور نہ چھالا پڑے گا۔ جلے ہوئے کیلئے بہترین نسخہ ہے۔

(محمد زاہد، لاہور)

☆……☆……☆

محترم نوشیر خان صاحب کے تاثرات

عبقری رسالے کے ٹوٹکوں سے فوائد

محترم حکیم طارق محمود صاحب السلام علیکم! ایک عرصہ سے آپ کے رسالہ عبقری کا قاری ہوں عبقری سے ایک روحانی تعلق سے عبقری اور بالواسطہ آپ سے تعلق ہی ہے۔ عبقری کے طبی مضامین اور ٹوٹکوں سے مجھے ذاتی طور پر کافی فائدہ ہوا ہے۔ جب سے عبقری پڑھنا شروع کیا ہے الحمدللہ ڈاکٹروں سے جان چھوٹ گئی ہے۔

(نوشیر خان شیر، لاہور)

☆......☆......☆

محترم طارق علی صاحب کے مشاہدات

دو انمول خزانہ نے نماز کا پابند بنا دیا

میں ہر نماز کے بعد دو انمول خزانے میں سے خزانہ نمبر 1 پڑھتا ہوں جس کا فائدہ یہ محسوس ہوا کہ میری نماز نہیں چھوٹتی میں انمول خزانہ تقریباً 28 جولائی 2011ء سے چند دن پہلے کا پڑھ رہا ہوں۔ پہلے دل کرتا تھا نماز پڑھنے کو لیکن نماز نہیں پڑھ سکتا تھا۔ خزانہ نمبر 1 پڑھنے سے اگر چھوڑنا چاہوں تو بھی نماز نہیں چھوڑ سکتا۔ یعنی کہ اگر سستی کی وجہ سے نماز چھوڑنے کا وسوسہ آئے اور اگر میں گہری نیند کے اندر بھی ہوں تو محسوس ایسا ہوتا ہے کہ کوئی طاقت ہے جو مجھے نماز کی طرف لے جاتی ہے جو کہ صرف اللہ کی رحمت ہے۔

سورہ فاتحہ کے عمل سے بہن کی شادی ہوگئی

دوسرا مشاہدہ یہ ہے کہ آپ نے مجھے سورہ فاتحہ کا وظیفہ دیا تھا جو کہ میں دو نصاب پورے کر چکا ہوں اور تیسرا جاری ہے۔ میری بہن کا رشتہ نہیں ہو رہا تھا جو کہ مجھ سے بڑی ہے اس کا رشتہ بھی ہو گیا اور یکم نومبر کو شادی بھی ہو چکی ہے۔

تیسرا مشاہدہ یہ ہے کہ میں آپ سے 6 ستمبر 2011ء کو غالباً بیعت ہوا تھا اس

سے پہلے مجھے کوئی خواب وغیرہ نہیں آتے تھے لیکن آپ سے بیعت کے بعد سے میں چند خواب دیکھ چکا ہوں جو کہ اکثر بے ربط سے ہیں لیکن حاضر خدمت ہیں۔

سب سے پہلے میں نے یہ خواب دیکھا کہ میں اپنے فیکٹری ایریا میں ہوں کہ اوپر دیکھتا ہوں کہ آسمان کا رنگ ہلکا نیلا شوخ ہو گیا ہے پہلے میں ڈرتا ہوں لیکن پھر میں یہ سوچتا ہوں کہ یہ پیش گوئی ہے کہ آخر زمانے میں آسمان کا رنگ بدل جائے گا۔ حالانکہ میرے علم میں ایسی کوئی بات نہیں ہے۔

پھر میں کملی والے صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان سوچ کر خوش ہوتا ہوں کہ چلو اچھا ہوا جو لوگ دین سے دور ہوتے جا رہے تھے یا دین کا مذاق اڑاتے تھے ان کو اب سمجھ آ گئی ہوگی اور ان کی آنکھیں کھل گئی ہوں گی۔ پھر کیا دیکھتا ہوں کہ آسمان سے کوئی چیز نکل کر نیچے آتی ہے تو وہ قالین ہوتا ہے اوپر بڑا معلوم ہوتا ہے اور نیچے آکر اس کا سائز کم ہو جاتا ہے اور کھڑا ہو جاتا ہے اس کے نیچے والی جانب لکھا ہوتا ہے محمد رسول اللہ (ﷺ) احمد رسول (ﷺ) جب وہ نیچے اتر رہا ہوتا ہے تو اس کے پیچھے والی جانب دیکھتا ہوں کہ وہاں سنہری رنگ سے خوش خط کر کے چاروں قل شریف لکھے ہوتے ہیں لوگ اس قالین کے نیچے آتے ہوئے کیمروں سے تصویریں لے رہے ہیں اور میں دل ہی دل میں خوش ہو رہا ہوں کہ دیکھا اب لوگوں کو کامل یقین ہو جائے گا۔

دوسرا خواب یہ ہے کہ دیکھتا ہوں کہ ساحل سمندر پر کچھ لڑکے اور لڑکیاں نیم برہنہ لباس پہن کر والی بال کھیل رہے ہیں اور کچھ لوگ جنہوں نے سفید لباس اور سفید عمامے پہنے ہوتے ہیں اور سب باریش ہوتے ہیں ان کو ہدایت کرنے جاتے ہیں تو وہ لوگ بات سننے کی بجائے ان لوگوں کو مار ڈالتے ہیں یہ دیکھ کر میں زار و قطار روتا ہوں کہ ان جاہل لوگوں نے میرے آقا کملی والے صلی اللہ علیہ وسلم کو شہید کر دیا ہے۔

تیسرا خواب یہ ہے کہ میں دیکھتا ہوں کہ آپ سامنے منبر پر بیٹھے ہیں اور میں آپ

کے سامنے بیٹھ کر لنگر کھا رہا ہوں اور باقی لوگ کھا کر جا چکے ہیں اور میں کھا رہوں میں سالن مانگتا ہوں تو مجھے پلیٹ میں مٹر کا سالن دیا جاتا ہے اور میں محسوس کرتا ہوں کہ آپ مجھے گہری نگاہوں سے دیکھ رہے ہیں اور پھر تھوڑی دیر بعد اٹھ کر چلے جاتے ہیں۔

تیسرا خواب روحانی عطر کے بارے میں آیا کہ پہلے میرے دل میں روحانی عطر کے بارے میں وسوسے آئے میں ایک عطر لگا کر سویا گرمیوں کے دن تھے دوسرے دن پھر روحانی عطر لگایا اور سو گیا کیا دیکھتا ہوں کہ جماعت کیلئے صفیں تیار ہیں آپ آتے ہیں اور آگے پہلے والی صف کی طرف جاتے ہوئے میری طرف دیکھتے ہیں میں بھی جماعت کیلئے کھڑا تھا۔ صبح اٹھ کر سوچا کہ روحانی عطر کے بارے میں وسوسے ختم کر دیئے ہیں اس کے بعد سے میں روحانی عطر اکثر استعمال کرتا ہوں میری جیب میں اکثر روحانی عطر ہوتا ہے۔

ایک دن خواب دیکھتا ہوں کہ دو نوعمر لڑکے میرے سامنے ہیں میرے دل میں آتا ہے کہ یہ جنات ہیں اور مجھے نقصان پہنچائیں گے میں سوچتا ہوں کہ ان کو ابھی مزہ چکھاتا ہوں۔ یہ سوچ کر میں سلسلے والی تسبیحات میں سے درود شریف پڑھتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ ابھی اس درود شریف کے نور سے جل کر راکھ ہو جائیں گے لیکن میں پڑھ رہا ہوں اور ان کو کچھ نہیں ہو رہا۔ میں سوچتا ہوں کہ یہ لگتا ہے کہ مسلمان ہیں اس لئے یہ جل کر راکھ نہیں ہوئے اور پھر اپنا دل ان سے صاف کر لیتا ہوں۔

ایک بار دیکھا کہ واش روم کمرے جتنا بڑا ہے اور اس کو مزید وسعت دینے کیلئے توڑ پھوڑ کر رہے ہیں کہ مجھے محسوس ہوتا ہے کہ کوئی چھپا ہوا ہے پھر سوچتا ہوں کہ یہ جنات کا بڑا دیو ہے میرے ہاتھ میں کوئی راڈ نما چیز ہے میں وہ اس کے سر پر مارتا ہوں جس سے وہ مر جاتا ہے پھر میں اس کی لاش کو چھپانے کیلئے پھرتا ہوں۔ ان کے علاوہ چند خواب بے ربطہ سے ہیں۔ (طارق علی ولد میاں محمد علی، لاہور)

☆……☆……☆

محترم بابر علی فرید صاحب کے مشاہدات

آگ لگی موٹر سائیکل پر سورۃ کوثر کی برکت

عرصہ دو سال سے میں تسبیح خانہ سے اللہ کے فضل و کرم سے فیض حاصل کر رہا ہوں آپ حکیم صاحب نے ایک مرتبہ فرمایا تھا کہ سورہ کوثر کا پڑھنا آپ کیلئے باعث برکت ہے الحمد للہ میں خود بھی پڑھتا ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتا ہوں سورہ کوثر جب سے میں نے پڑھنا شروع کی ہے تب سے میرے ہر کام میں اللہ کی رحمت اور برکت شامل ہوئی ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ میں اپنی موٹر سائیکل میں پٹرول ڈلوا کر نکلا ہی تھا کہ مین سڑک پر آ کر میری موٹر سائیکل کا پٹرول پائپ اتر گیا اور چلتے چلتے موٹر سائیکل میں آگ بھڑک اٹھی آس پاس سے گزرنے والوں نے بتایا کہ آپ کی موٹر سائیکل کو آگ لگی ہوئی ہے میں سورہ کوثر پڑھتا ہوا جا رہا تھا موٹر سائیکل روکی اپنی قمیص اتار کر آگ بجھائی اور کچھ دیر کھڑا رہنے کے بعد سورہ کوثر پڑھی اور موٹر سائیکل پر پھونک ماری اور پٹرول پائپ لگا کر سٹارٹ کی اور اللہ کی رحمت اور سورہ کوثر کی برکت سے میں اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہو گیا سب لوگ حیران ہو گئے کہ آگ ٹینکی تک لگی تھی اور مجھے ذرا بھی خراش تک نہ آئی۔

اسی طرح جب سورہ کوثر پڑھ لیتا ہوں پٹرول ڈلواتے وقت تو اللہ کی بہت رحمت رہتی ہے۔

غریب لڑکی کی شادی میں کھانے کی برکت

ہمارے محلے میں ایک غریب گھرانہ ہے ان کی بیٹی کی شادی تھی بارات میں کم لوگ بلائے تھے جو زیادہ آ گئے جس کی وجہ سے لڑکی کے گھر والے پریشان تھے میں بھی انتظامیہ میں تھا میں نے 142 مرتبہ سورہ کوثر پڑھی اور دیگ پر پھونک ماردی۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت ایسی ہوئی کہ سب نے خوشی کا اظہار کیا اور تمام کھانا آسانی سے پورا

ہوگیا۔ میں یہ ماجرہ دیکھ کر سجدہ میں گر گیا اور شکر ادا کیا۔

(بابر علی فرید ولد محمد فرید، منصورہ)

☆......☆......☆

محترم محمد لطیف صاحب کے مشاہدات

انجستم اور اذان کا عمل

عرصہ دو سال سے تسبیح خانہ آرہا ہوں اور عبقری عرصہ تین سال سے پڑھ رہا ہوں۔ انجستم اور اذان والا عمل پڑھا تو مجھے کافی بہتر محسوس ہوا جسمانی تکلیف تھی وہ بھی ختم ہوگئی۔

اب بھی آپ کی ہدایات پر عمل کرنا چاہتا ہوں ایک مسلمان کی حیثیت سے زندگی گزارنا چاہتا ہوں۔

(محمد لطیف بھلی، لاہور کینٹ)

☆......☆......☆

محترم محمد عدین شمسی صاحب کے مشاہدات

یاحفیظ اور گاڑی کی حفاظت

چند ماہ پہلے کی بات ہے ہماری گاڑی کی ڈگی خراب تھی بہت کوشش کے باوجود بھی اس کا لاک ٹھیک نہیں ہوسکا۔ رات کا وقت تھا میں نے گاڑی کھڑی کر کے 11 بار یا حفیظ پڑھ کر گاڑی پر پھونک دیا۔ صبح اٹھ کر دیکھا تو الحمدللہ گاڑی کی ڈگی لاک تھی۔

دروازے کا تالا ٹوٹنا ختم ہوگیا

ایک صاحب نے بتایا کہ ان کے گھر کی چھت کا روز دروازہ کھل جاتا ہے تالا لگاتے ہیں مگر روز تالا ٹوٹ کر دروازہ کھل جاتا ہے اور چھت پر کسی کے چلنے کی آواز آتی ہے کئی مرتبہ رات کو پہرے دیئے۔ جتنی دیر پہرہ دیتے کوئی نہ آتا اور جیسے ہی واپس

نیچے آتے تو وہی آوازیں آنا شروع ہو جائیں۔ میں نے ان کو اذان والا عمل بتایا 7 مرتبہ اذان اول و آخر 3 بار درود شریف ہر نماز کے بعد چھت کے دروازہ پر بیٹھ کر پڑھیں۔ الحمدللہ چند روز میں ان کا مسئلہ حل ہو گیا اور سب آواز آنا ختم ہو گئیں۔

ڈراؤنے خواب سے نجات

میرے دوست ہیں ان کی بہن کی ڈلیوری تھی ڈلیوری سے ایک ہفتہ پہلے سے ان کو ڈراؤنے خواب آرہے تھے کہ ان کے گھر کچھ لوگ گھس گئے ہیں اور زبردستی بچے کو کھینچ کر لے کر جا رہے ہیں وہ بہت پریشان تھیں۔ پھر ڈاکٹر نے ڈرایا ہوا تھا آپریشن ہے ان کو ہر نماز کے بعد 7 مرتبہ اذان کا عمل بتایا اور ''یا باسط یا فتاح یا کریم'' پڑھنے کا بتایا کہ مستقل پڑھیں الحمدللہ نہ آپریشن ہوا اور نہ ہی کوئی خواب دوبارہ آیا۔

بجلی کے بل میں حیرت انگیز کمی

گرمیوں کے موسم میں اپنے ایک دوست کو سورہ کوثر کا 129 مرتبہ پڑھنے والا عمل بتایا کہ جو 129 مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر اپنے بجلی کے میٹر پر پھونکے گا اس کے بل میں عافیت ہو گی۔ ان کو عمل بتایا اور انہوں نے صبح و شام یہ عمل کیا بتانے لگے کہ دو اے سی، ائیر کولر، 2 استریاں، دو فریج استعمال ہوتے ہیں اور حیرت انگیز طور پر بل صرف 2500 روپے آیا جبکہ ہزاروں میں آنا چاہیے تھا۔

(محمد عدین شمسی، لاہور)

☆……☆……☆

محترم بشیر احمد صاحب کے مشاہدات

تسبیحات کا معمول

بسم اللہ کی تسبیح روزانہ صبح شام ایک بار، درود خضری ایک تسبیح روزانہ ایک، استغفار کی تسبیح روزانہ، یا عزیز روزانہ 3125 مرتبہ، یا وہاب روزانہ ایک ہزار مرتبہ الحمدللہ

ان تسبیحات کی وجہ سے مجھے کافی آسانی ہوتی ہے۔

ناممکن طور پر سواری مل گئی

میں عبقری درس میں شامل ہوا میری بیٹی بھی ساتھ تھی درس سے فارغ ہونے کے بعد ہم اسی رات واپس بھکر جانا تھا مزنگ سے راوی اڈا پہنچے تو وہاں آخری ٹائم نکل چکے تھے ایک ٹائم جس میں بالکل جگہ نہیں تھی میرے ساتھ خاتون تھی گاڑی والوں نے کہا جگہ نہیں ہے ہم باپ بیٹی تھوڑی دیر پریشان ہوئے فوراً میں نے اللہ تعالیٰ جل شانہ سے کہا کہ ہم تو درس سن کے آرہے ہیں اور ہمارے لئے گاڑی میں جگہ نہیں ہے۔ یہی خیال میں تھا فوراً کنڈیکٹر بھاگتا ہوا آیا اور کہا کہ آپ آجائیں 2 سیٹیں خالی ہیں جن لوگوں نے وہ سیٹیں بک کرائیں تھیں وہ نہیں آئے اور اس طرح ہمارا سفر بہت اچھا گزرا اور آخر ہم باپ بیٹی صبح باخیر وعافیت گھر پہنچ گئے۔

گھریلو معاشی حالات میں بہتری

میرے گھریلو حالات یعنی معاشی حالات بہت خراب ہوگئے تھے میں 22-12-12 کو درس میں شامل ہوا تو کسی ساتھی نے سورہ کوثر والا عمل بتایا میں نے اسی دن سے سورہ کوثر والا عمل شروع کردیا جو کہ کافی فائدہ ہورہا ہے۔

روزانہ استعمال ہونیوالا پٹرول 3 دن چلنے لگا

الجسم اور اذان والا عمل بھی روزانہ کررہا ہوں میرے پاس یاماہا موٹر سائیکل ہے جس میں 200 روپے کا پٹرول روزانہ ڈلواتا تھا جب سے میں نے یہ عمل شروع کیا ہے میں نے ایک دن 200 روپے کا پٹرول ڈلوایا اور 3 دن تک پٹرول ڈلوانے کی ضرورت نہ پڑی اور موٹر سائیکل روزانہ اتنا ہی فاصلہ طے کرتی رہی۔

(بشیر احمد ولد غلام محمد، بھکر)

☆……☆……☆

محترم حفیظ اللہ صاحب کے مشاہدات

دوانمول خزانہ نمبر 1 پڑھنے سے عزت ملنے لگی

حضرت اقدس حکیم طارق محمود چغتائی مجذوبی مدظلہ العالی السلام علیکم! حضرت سے ملاقات کیلئے 8 سال پہلے حاضر ہوا تھا کافی مسائل تھے ازحد پریشان تھا۔ حضرت صاحب آپ نے شفقت فرماتے ہوئے دوانمول خزانہ عطا کیا تھا۔

1۔ حضرت اس کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ نے اولاد دے دی۔

2۔ حضرت اس کو پڑھنے سے میرا دشمن جب بھی سر اٹھاتا، شرارت کرتا اللہ تعالیٰ اس کو ذلیل کرنے کا پہلے ہی انتظام فرمادیتے ہیں۔

3۔ حضرت روزگار میں بھی اللہ تعالیٰ بہت برکت عطا فرمادی ہے۔

4۔ حضرت بیماریوں سے بہت پریشان تھا حالت یہ تھی کہ زمین کے اوپر رہنے کے بجائے زمین کے نیچے جانے کو ترجیح دیتا تھا اب اللہ تعالیٰ کے فضل اور آپ کی دعاؤں سے مکمل طور پر صحت مند ہوں۔

5۔ حضرت پہلے لوگوں کی نظر میں عزت نہیں تھی اب اللہ تعالیٰ نے بہت عزت دی ہے۔

(نام: حفیظ اللہ بن جنڈوڈا، لاہور)

☆......☆......☆

محترم چوہدری امجد صاحب کے مشاہدات

"یا قہار" پڑھنے سے نمازوں کی پابندی

2009ء سے عبقری کا قاری ہوں مارچ 2012ء میں حکیم صاحب کے درس میں گجرات میں شرکت کی آپ نے فرمایا تھا کہ "یَاخَالِقُ یَا مُصَوِّرُ یَاجَمِیْلُ "کیا

کریں جس کو میں اٹھتے بیٹھتے کرتا رہا اس کا فائدہ یہ ہوا کہ پہلے اکثر نمازیں قضا ہو جاتی تھیں اس کے کرنے سے کبھی کبھی کوئی نماز قضا ہوتی۔ پہلے میں خاموش قاری تھا پھر میں نے اپنے مسائل خط میں لکھ کر بھیجے آپ نے مجھے یا قہار کا ورد دیا آپ کی اس نظر کرم کی وجہ سے مجھے بے حد خوشی ہوئی اور میں نے ''یا قہار'' کا ورد شروع کر دیا۔ اس سے مسائل تو حل نہیں ہوئے لیکن نمازوں میں مزید بہتری آ گئی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ سب سے بڑی کامیابی ہے کہ اللہ کریم نے اپنی بندگی میں قبول فرما لیا ہے۔

عبقری میں جو کچھ پڑھتا ہوں وہ دوسرے لوگوں تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہوں چاہتا ہوں کہ عبقری کا نام ہر زبان پر آ جائے اور لوگوں کی زندگی میں اعمال سے ملنے کا شعور پختہ ہو جائے کیونکہ دوائیوں کے ردعمل ہوتے لوگوں کو شفاء کی بجائے نقصان بھی ہو سکتا ہے لیکن اعمال سے نفع ہی نفع ہے۔

بواسیر کی تکلیف سے نجات

مجھے کچھ سالوں سے بواسیر تھی بادی بواسیر جلن اور خارش ہوتی اور تکلیف بھی ہوتی میں نے جامن کا بہت زیادہ استعمال کیا روزانہ ایک کلو تک جامن کھاتا تھا ایک سیزن تقریباً روزانہ استعمال کرتا تھا مالک نے کرم کر دیا اس کے بعد حال دل میں پڑھا کہ ہر نماز میں پہلی رکعت میں سورہ قریش اور دوسری میں سورہ نصر پڑھنی ہے تقریباً ڈیڑھ سال سے ایسا کر رہا ہوں جس کی وجہ سے تکلیف نہیں ہو رہی۔

انسانیت کی خدمت اور خیر خواہی کیلئے کوشاں

طب اور عملیات کی روحانی کلاس میں شرکت محض اللہ کی رضا اور آپ کے دیدار کی خاطر کر رہا ہوں چاہتا ہوں کہ اللہ راضی ہو جائے۔ آپ اللہ کی مخلوق کی خدمت کرتے اللہ کی مخلوق کے درد کو محسوس کرتے ہیں اور انسانوں کی خیر خواہی اور بھلائی کیلئے کوشاں ہیں اور یہ اولیاء اور انبیاء کا کام ہے اللہ کے نیک بندوں سے اللہ خوش ہوتا ہے میں اس لئے اس کلاس میں آیا ہوں کہ مجھ سے بھی راضی ہو جائے۔ ورنہ زندگی میں تلخیاں ہی

تلخیاں ہیں اللہ کریم کرم فرمائے۔ آمین۔

(چوہدری امجد جاوید، ضلع گجرات)

☆......☆......☆

محترم قاری محمد عارف صاحب کے مشاہدات

جریان واحتلام کیلئے مجرب عمل

جریان واحتلام کیلئے مجرب نسخے 1 کیکر پھلی اور مصری ہم وزن کوٹ پیس کر سفوف بنالیں چھوٹی چمچ صبح وشام نیم گرم دودھ سے کھالیں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے فائدہ ہوگا۔ یہ دوائی میں نے 50 سے زائد مریضوں کو دی ہے سب کو فائدہ ہوا ہے صرف نام کے چند ایک کہا کہ فائدہ نہیں ہوا اس میں نے مزید بہو پھلی کا اضافہ کیا تو اس کے مزید فوائد حاصل ہوئے ہیں یہ دوائی جریان احتلام اور سرعت انزال اور مزی کے قطروں میں مفید ہے۔

جڑ پان، عقر قرحا، جائفل ہم وزن کوٹ پیس کر سفوف بنالیں یہ جریان احتلام کیلئے مفید ہے فل سائز کیپسول میں بھر لیں صبح وشام ایک ایک کیپسول نیم گرم دودھ سے لے لیں۔

حکیم عبداللہ صاحب رحمہ اللہ کا نسخہ ہے جو میں نے بھی ذاتی طور پر آزمایا ہے اللہ تعالیٰ ان کی قبر کو رحمت سے بھر دے یہ نسخہ آگ کے اوپر پانی سمجھ لیں ایسا اثر کرتا ہے آدھا پاؤ پھٹکڑی سفید بریاں کرلیں توے کے اوپر ڈالیں اور بالکل پانی خشک ہوجائے تو اس کے بعد کوٹ پیس کر سفوف بنالیں پھر پانی کے ساتھ چھوٹی چمچ آدمی سے بھی کم صبح وشام استعمال کریں۔

(قاری محمد عارف، پھلانوالی)

☆......☆......☆

محترم محمد ظاہر شاہ صاحب کے تجربات

اللہ رب العزت نے تمام انسانیت کے دونوں جہانوں کی کامیابی کو ایمان، عمل میں رکھا ہے۔ جو بندہ اللہ رب العزت کے احکامات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک طریقے پر پورا اترے گا تو اللہ رب العزت دنیا و آخرت میں کامیاب و کامران کرے گا اور جو بندہ اپنی خواہش کے مطابق زندگی گزارے گا تو دونوں جہانوں میں ناکام ہوگا۔ ساری انسانیت کا یقین مخلوق سے ہٹ کر خالق کائنات پر آجائے۔ اور ایسا اسباب ہٹ کر اعمال پر یقین بن جائیں۔ اللہ رب العزت ہم سب کو توفیق عطا فرمائے۔ میں پہلی مرتبہ اس بابرکت ماحول میں آچکا ہوں اللہ پاک ہماری تربیت فرمادیں۔ اور حضرت صاحب کی برکات زیادہ سے زیادہ فائدہ لینے والا بنادیں۔ آمین۔

آیت الکرسی……گولوں کی بارش سے حفاظت

جب ہمارے سوات کے حالات خراب تھے اور خصوصاً ہماری بستی پر مارٹر گولوں کی بارش ہورہی تھی اس وقت میں نے اپنے بال بچوں کو ایک کمرے میں بٹھا کر لاتعداد بار آیت الکرسی کا ورد کرتے تھے جس کی برکت سے ہمارا گھر بالکل محفوظ رہا اور پڑوس کے گھروں پر مارٹر گولے لگنے کی وجہ سے کافی جانی و مالی نقصان ہوا تھا۔

معدے کا بوجھ اتر گیا

میرے معدے پر بوجھ سا رہتا تھا جس کی وجہ سے کبھی کبھی سینہ میں زبردست درد ہوتا تھا حتیٰ کہ بعض اوقات اٹھنا بیٹھنا بھی مشکل ہوجاتا تھا ایک حکیم صاحب کے کہنے پر دہی میں تھوڑا سا سرسوں کا تیل ملا کر پی لیا بس تھوڑے ہی دنوں میں مجھے آرام آگیا اور ابھی ایک مہینہ ہوگیا کہ مجھے دوبارہ شکایت نہیں ہوئی۔

(محمد ظاہر شاہ، ضلع سوات)

☆……☆……☆

محترم محمد معین صاحب کے مشاہدات

چھوٹے اعمال سے کامیاب علاج

1۔ ''یاحفیظ'' کے وظیفہ سے موٹر سائیکل کی ڈرائیونگ 1 دن میں سیکھ لی جب بھی گھر سے نکلتا ہوں تو ''یاحفیظ'' 11 مرتبہ پڑھنے سے تمام دن حفاظت رہتی ہے۔

2۔ وضو کے بعد تین گھونٹ والے عمل سے میری ایڑھیوں کا درد جو عرصہ تقریباً 5 سال سے تھا ختم ہو گیا ہے الحمدللہ۔

3۔ 129 مرتبہ سورہ کوثر پڑھنے سے روحانی رزق بہت بڑھا ہے الحمدللہ 1 سال سے زیادہ عرصہ ہو گیا ہے تہجد کی نعمت اور دعا میں رونے والی نعمت میسر ہوئی ہے۔

4۔ روحانی غسل سے میری خراب جلد، کمر میں خارش ہونے سے زخم ہو گئے تھے وہ ٹھیک ہو گئی۔

(محمد معین، نور پور)

☆......☆......☆

محترم محمد عمر صاحب کے مشاہدات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم السلام علیکم ! حضرت صاحب میں کچھ مشاہدات آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔

میں نے ایک عورت کو سورہ البقرہ کا عمل دیا تو وہ مسلسل پڑھتی رہی تو اللہ پاک نے اسے بیٹا عطا کیا۔

ڈاکٹروں کے بتائے آپریشن سے بچت

میرے سسرال میں ایک عورت تھی اس کو بڑا آپریشن کا بتایا گیا جس سے وہ بہت پریشان اور ڈری ہوئی تھی ڈاکٹروں نے اسے بتایا تھا کہ بچہ ایک طرف بڑا ہوا ہے اس لیے بڑا آپریشن کرنے پڑے گا۔ میری بیوی نے اسے دو انمول خزانے بھی دیئے

ہوئے تھے اور سورہ یوسف کا بھی کہا کہ وہ پڑھتی رہی لیکن جب اس عورت کے 9 ماہ مکمل ہونے کے قریب آئے تو وہ اور پریشان ہوگئی۔ میری بیوی نے مجھے اس کے بارے میں بتایا تو میں نے اس کو کہا کہ شیشے والا عمل کرلے یعنی "بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ" پڑھے تو اس نے دو تین دن کیا تو چھوٹے آپریشن کے ساتھ بچے کی ولادت ہوئی اور وہ بہت خوش تھی۔

ایک عورت کا چوتھے مہینے میں بچہ ضائع ہوگیا تو اس کے بعد اس کے جسم میں زہر پھیل گیا تو اس کو بہت تکلیف ہو رہی تھی تو میں اپنے چھوٹے بیٹے کو بتایا کہ اس کے کان میں اذان پڑھو لیکن اس کا وقت مقرر تھا اور وہ فوت ہوگئی بعد میں مجھے میرے چچا کے بیٹے نے بتایا کہ جب ہم اس کے کان میں اذان پڑھتے تھے تو اس کو سکون ہو جاتا تھا۔

روٹھی بیوی میکے سے واپس آ گئی

میرے چچا کے بیٹے کی بیوی ناراض تھی اور وہ اپنے میکے چلے گئی یہاں تک بات پہنچ گئی کہ اس کو طلاق دے دی جائے تو میں نے اپنے چچا کے بیٹے کو شیشے والا عمل "بِسْمِ اللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ" دیا اور روحانی غسل بھی بتایا اس نے ایک دو دن کیا میں نے پوچھا تو بتانے لگا اس کا بہت اثر ہوا ہے۔ اور پھر ایک دن خواب میں مجھے آپ کی زیارت ہوئی جس میں مجھے ایسا لگا کہ میں کسی کو ٹیکہ لگا رہا ہوں تو آپ نے پوچھا کہ وہ کدھر ہے تو میں نے کہا: حضرت صاحب یہ راتوں رات امیر ہونا چاہتا ہے۔ آپ نے تھوڑی دیر سر جھکانے کے بعد کہا کام ہو جائے گا۔ بعد میں آپ کے ساتھ ملتا ہوں تو آپ نے میری طرف دیکھا تو جیسے کپکپی طاری ہوگئی ہو اس خواب کے بعد میرے چچا کے بیٹے کی بیوی واپس اپنے گھر آ گئی اور وہ کہتا ہے کہ واقعی اس عمل میں بہت طاقت ہے۔

(محمد عمر، شکر گڑھ)

☆……☆……☆

محترم دلدار محمد صاحب کے مشاہدات

طب سے تقریباً 20,22 سے تعلق ہے دوران ملازمت بھی طب کا کام کر رہا ہوں اور اب بھی جاری ہے نسخے والے وغیرہ کو تیار کر کے دوستوں کو یا پھر جو بھی مرض بتائے تو اس کے مطابق اسے نسخہ تیار کر کے دیتا ہوں مثال کے طور پر جو نسخے تیار کرتا ہوں درج ذیل ہیں۔ دماغی کمزوری، پیٹ درد کی پھکی، لیکوریا کیلئے، کوشش کرتا ہوں کہ دوا بھی غذا ہی ہو۔

دماغی کمزوری کے بارے میں ملاحظہ فرمائیں اجزاء درج ذیل ہیں۔

مغز بادام مقشر پاؤ، کوزہ مصری پاؤ، الائچی خورد 2 تولہ، سونف انڈین پاؤ۔ گاجر کا پانی جس میں سونف بھیگ جائے اور تقریباً ایک انچ پانی کے اوپر رہے۔

پھکی کے اجزاء: فلفل گرد، ست پودینہ، تخم جوز ماثل، نوشادر، سیاہ نمک، رنگ بدلنے کیلئے گیرو۔ اسی طرح لیکوریا کیلئے خشک چھال دیسی کیکر، انار کے خشک چھلکے ہم وزن۔ منجن بھی تیار کرتا ہوں صرف نمک اور لیموں کا پانی۔ دائمی قبض کیلئے رات کو سیب دودھ کے ساتھ اور صبح خالی پیٹ ایک عدد سیب اور کتابوں کی مدد سے اور بھی نسخے استعمال کرتا ہوں۔

(دلدار محمد، لاہور)

☆……☆……☆

محترم بلال احمد صاحب کے مشاہدات

روزانہ کا معمول

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، درود پاک، سبحان اللہ، الحمد للہ، اللہ اکبر، استغفر اللہ، یا ذوالجلال ولاکرام، یا حی یا قیوم، کلمہ طیبہ، سورۂ فاتحہ اور آیت الکرسی پڑھنا روزانہ کا

معمول جس سے ہر کام میں آسانی اور پریشانیاں ختم ہو جاتی ہیں۔

(بلال احمد، ساہیوال)

☆……☆……☆

محترم سید مخدوم حسین صاحب کے مشاہدات

حکیم صاحب کے بتائے ہوئے بے شمار وظائف سے میں نے خود استفادہ کیا ہے اور اپنے گاؤں میں دوسرے بہت سارے لوگوں کو بھی بتایا اور اس عمل سے ان تمام لوگوں کو بھی بے شمار فوائد حاصل ہوئے ہیں جن میں سے چند ایک بیان کروں گا۔

''سورۃ کوثر'' کا عمل امیں نے خود بھی کیئے اور دوسروں کو بھی بتائے۔ بے شمار لوگوں کے گھروں میں لڑائی جھگڑا رہتا تھا ماں باپ اپنی نافرمان اولاد سے پریشان تھے وظیفہ پڑھنے سے نافرمان اولاد اپنے ماں باپ کی تابعدار ہوئی۔

''یَاوَاسِعُ یَافَتَّاحُ یَاکَرِیْمُ'' پڑھنے سے اور بے روزگار لوگوں کو ان کے مقصد کی جاب ملی اور وہ لڑکیاں اور لڑکے جن کی شادی نہیں ہو رہی تھی یا جن کے رشتے آتے تھے مگر ایک بار آنے کے بعد دوبارہ نہیں آتے تھے یہ وظائف پڑھنے سے ان کے ہر طرح کے مسائل حل ہوئے۔ میں خود اور وہ تمام لوگ جنہوں نے حکیم صاحب کے بتائے ہوئے اعمال پر عمل کیا وہ سب حکیم صاحب کے بہت شکر گزار ہیں کہ ان کے بتائے ہوئے آسان وظائف سے ان کے مسائل حل ہوئے۔ اللہ تعالیٰ حکیم صاحب کو زندگی دے اور اسی طرح ہماری رہنمائی کرتے رہیں اور ہم ان کی بکس اور ان کے اعمال سے استفادہ حاصل کرتے رہیں۔ شکریہ!

(سید مخدوم حسین، ضلع خانیوال)

☆……☆……☆

محترم سہیل احمد صاحب کے تجربات

وظیفہ سے مکان کی تعمیر کیلئے پیسوں کا بندوبست

بندہ ناچیز نے ایک مکان خریدا اسے تعمیر کرنے کیلئے پیسوں کی ضرورت تھی جس کا بندوبست نہیں ہو رہا تھا سب رشتے داروں نے انکار کر دیا ایسے میں عبقری رسالہ میں علامہ لاہوتی کا وظیفہ "وَلَسَوۡفَ يُعۡطِيۡكَ رَبُّكَ فَتَرۡضٰى" شروع کیا کچھ ہفتوں بعد میرے ہم زلف کا فون آیا اور پیسے دینے کا بندوبست کر دیا۔ جب سے عبقری پڑھا ہے اعمال میں خوب محنت ہو رہی ہے اللہ جانے میرے گھر میں "دو انمول خزانہ" کہاں سے آیا کسی گھر والے کو کوئی پتہ نہیں ہے۔ عبقری نے میری اور میری بیوی کی زندگی بدل دی ہے اللہ تعالیٰ حضرت صاحب کی زندگی میں صحت اور برکت عطا فرمائے۔ آمین۔

(سہیل احمد، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمد یونس صاحب کے مشاہدات

ہر کام غیب کے خزانوں سے پورا ہو جاتا ہے

سورہ کوثر 129 دفعہ صبح پڑھنے سے رقم میں برکت ہے ضرورتیں غیب سے پوری ہو جاتی ہیں تقریباً 13 سال سے درود پاک 313 دفعہ بعد نماز عشاء پڑھ رہا ہوں ہر کام غیب سے پورا ہو جاتا ہے اور تسخیر بھی ہے۔

(محمد یونس خان، لاہور)

☆……☆……☆

محترم چوہدری نذیر احمد صاحب کے مشاہدات

مالی پریشانیاں دور ہوگئیں

باقاعدہ عملیات سے روحانی طور پر کافی فائدہ ہو رہا ہے الحمد شریف اور دیگر قرآنی آیات کے باقاعدہ عملیات سے کافی سکون مل رہا ہے۔ ذہنی و جسمانی پریشانیاں ختم ہو رہی ہیں وظائف سے اللہ عزوجل کی مہربانیاں ہو رہی ہیں۔ "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ" کا وظیفہ باکمال وظیفہ ہے۔ "لقد جاء کم رسول" (سورۃ توبہ کی آخری دو آیات) کا وظیفہ بھی لاجواب ہے۔ جس سے مالی پریشانیاں ختم ہوگئیں ہیں۔ (چوہدری نذیر احمد، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمد اعجاز خان صاحب کے تجربات

گردے کی پتھری کیلئے مفید

کلتھی کے بیج ثابت مسر کی طرح لگتے ہیں ہر پنساری سٹور پر باآسانی مل جاتے ہیں۔ کلتھی کے بیج آدھا پاؤ لے لیں کھلے برتن میں چار کلو پانی ڈال دیں، پانی میں بیج ڈال کر ابال لیں پانی کا رنگ قہوہ کی شکل اختیار کرلے گا اتار کر کپڑے سے چھان لیں اور پانی کو ٹھنڈا کر کے آدھا لیٹر خالی بوتل میں بھر لیں اگر آپ چاہیں تو پانی میں چینی، نمک استعمال کر سکتے ہیں ورنہ سادہ ہی پی لیں۔ پانی کھانا کھانے سے پہلے یا بعد میں بھی پی سکتے ہیں۔ اس کا فائدہ یہ ہے کہ جس جگہ پتھری ہے وہ نکل جائے گی اور وہ جگہ بھی پر ہوجائے گی۔ مجھے عرصہ 20 سال سے مرض تھا اب نہیں ہے اور میں اللہ کے فضل و کرم سے اس نسخہ کے استعمال سے بالکل ٹھیک ہوں۔

احتیاط: چاول، پالک اور ٹماٹر سے پرہیز کرنا ہے اگر ٹماٹر بہت ضروری استعمال

کرنا ہے چھلکا اتار لیں لیکن زیادہ بہتر ہے استعمال نہ کریں۔

(محمد اعجاز خان، چاہ میراں، لاہور)

☆......☆......☆

محترم عامر رشید صاحب کے مشاہدات

دو رکعت نفل حاجت سے مشکل کا حل

دو رکعت نفل حاجت جس مشکل کیلئے بھی پڑھتا ہوں اللہ وہی مشکل حل فرما دیتے ہیں بارہا آزما چکا ہوں۔ ایک دفعہ میری کمپنی میں ایک کلائنٹ کے ساتھ 40000 کا فرق آ گیا اور وہ کہہ رہا تھا کہ میں نے پیسے دے دیئے ہیں لیکن میرے پاس کوئی ریکارڈ موجود نہیں تھا جس پر دو نفل حاجت پڑھنے کی دیر تھی وہ بندہ مان گیا کہ میں نے چالیس ہزار نہیں دیئے اور 3 دن کے بعد اللہ نے میری پریشانی دور کر دی۔

سورہ قریش کا عمل پڑھنے سے ٹریفک کی روانی

جب بھی راستے میں ٹریفک بلاک ہو تو میں میں سورۂ قریش پڑھنا شروع کر دیتا ہوں اور اپنا مسئلہ حل کروا لیتا ہوں بارہا آزما چکا ہوں۔

(عامر رشید، لاہور)

☆......☆......☆

محترم حکیم میاں افتخار احمد صاحب کے مشاہدات

وضو کے تین گھونٹ پانی سے کاروبار میں وسعت

تقریباً ایک سال سے درس ہر جمعرات کو سنتا ہوں پہلے بھی عبقری رسالہ سے کافی نسخہ جات کے تجربہ اور روحانیت سے استفادہ حاصل ہوا مگر اب بہت سے مشاہدات سے الحمدللہ مستفید ہوا ہوں بہت سی مسنون دعاؤں کا فائدہ ہوا جو درس سے حاصل

ہوئی تھیں ۔ غسل اور بیت الخلاء کی دعا ، وضو کے تین گھونٹ پانی سے بھی بہت سی بیماریوں سے نجات ملی ہے اور گھریلو زندگی میں بہتری آئی ہے کاروبار میں عزت اور وسعت کے دروازے کھلتے نظر آتے ہیں مزید دعاؤں کا طلبگار ہوں ۔

(حکیم میاں افتخار احمد، سرگودھا)

☆......☆......☆

محترم بدرالزماں صاحب کے مشاہدات

طبی اور روحانی علاج کیلئے مختلف ٹوٹکے

میرا تعلق نقشبندی سلسلے ہے میں مکمل طور پر عامل کا کام نہیں کرتا ہوں بس ضرورت کے تحت دم کر دیتا ہوں ۔

1 ۔ یرقان کیلئے نیم کی ٹہنیاں پتوں کے ساتھ لیکر مریض کے گرد ٹہنیاں گھماتے ہوئے 4+3+3 کر کے ہر ٹہنی پر گیارہ بار پڑھتے ہوئے دم کرتا ہوں اس طرح کل 121 بار دم کرتا ہوں ۔ 3 یوم تک اللہ تعالیٰ کے فضل سے مریض صحت یاب ہو جاتا ہے اور میں اس کی نہ کوئی فیس اور نہ ہی نذرانے وصول کرتا ہوں ۔

2 ۔ گردے کی پتھری ہو تو چالیس دن کھیرا کھانے کی ہدایت کرتا ہوں ۔

3 ۔ ہر مریض پر سورہ فاتحہ سات بار پڑھ کر دم کرتا ہوں ۔

4 ۔ میرے مرشد رحمہ اللہ نے خوف کے عالم میں سورہ قریش پڑھنے کا فرمایا تھا ایک بار دشمنوں میں گھر گیا سورہ قریش پڑھتا رہا ان میں سے ایک نے جو ان میں سے ہی تھا اس نے کہا کہ اسے چھوڑ دو اور میری جان چھوٹ گئی ۔

(بدرالزماں فاروقی، کراچی)

☆......☆......☆

محترم حافظ محمد رمضان صاحب کے مشاہدات

سنگین نوعیت کے 10 مقدمات سے خلاصی

میں 2001ء میں مختلف مقدمات میں گرفتار ہوکر اڈیالہ جیل راولپنڈی پابند سلاسل ہوا جو تمام جھوٹے اور بے بنیاد تھے جن میں 302 بھی تھی میں ایک غریب باپ کا بیٹا اور مڈل کلاس سے تعلق رکھتا تھا سیاسی مخالف کے بیس پر میرے اوپر تقریباً 12 مقدمات قائم کیے گئے تھے۔ مختصر میرا ایک کیس 302 راولپنڈی دہشتگردی کی عدالت میں چل رہا تھا اس دوران میں نے ”اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ یَااَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ، اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ یَااَللّٰهُ یَارَحِیْمُ “ کا عمل شروع کیا ہوا تھا۔ جمعرات کا دن تھا میں نے رات کو خواب دیکھا کہ ایک سفید رنگ کا گھوڑا ہے اور میں اس پر سوار ہوکر سبزے کے گرد چکر لگا رہا ہوں جب صبح ہوئی تو جج صاحب جیل ٹرائل کیلئے آئے اور میرا بلاوا ہوا جب میں عدالت میں گیا تو مجھے 302 کے مشہور کیس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم اور عمل کی برکت سے بری کردیا۔ اس طرح میرے تمام کیس الحمدللہ بری ہوگئے۔ میں گورنمنٹ ملازم تھا مجھے ملازمت سے فارغ کردیا گیا تھا اللہ تعالیٰ نے مجھے دوبارہ ملازمت پر بحال کردیا۔ اب میں لوگوں کی خدمت کرتا ہوں میں نے بہت لوگوں کو یہ عمل کروایا اور الحمدللہ سب کو بہت فائدہ ہوا۔ کچھ عرصہ بعد گورنمنٹ آف پاکستان نے اسی کیس میں میرے خلاف ہائی کورٹ میں رِٹ دائر کردی اور وہاں بھی میرے حق میں فیصلہ ہوا اور میری بریت بحال رہی۔ میرے اوپر تقریباً 10 لاکھ سے زیادہ قرض ہوگیا تھا وہ بھی اللہ تعالیٰ نے غیب سے اتار دیا۔ سول جج ٹیکسلا رضا اللہ خان کے پاس میرا کیس تھا جج نے بغیر شہادتوں کے مجھ سے قرآن مجید سن کر مجھے بری کردیا۔

(حافظ محمد رمضان، راولپنڈی)

☆……☆……☆

محترم حکیم محمد انور مطیع صاحب کے مشاہدات

اللہ شافی

مقوی خاص

فلفل دراز 12 تولہ، رائی 12 تولہ، کشتہ فولاد 4 تولہ، کشتہ اذراقی 3 تولہ، سم الفاء 3 ماشہ

ترکیب: سم الفاء کے علاوہ سب ادویہ کا سفوف بنالیں۔ بعد میں سم الفاء کھرل کر کے تمام نسخہ میں اچھی طرح کھرل کر کے ملالیں۔

مقدار خوراک

حب نخوذی صبح وشام ہمراہ آب تازہ

فوائد

تمام اعصابی امراض خاص کر نزلہ زکام پرانی کھانسی بخار کہنہ، ضعف باہ اور دردوں کیلئے انتہائی مفید ہے۔ خاص کر ہیضہ کیلئے بہت مؤثر ہے ہیضہ کا مرض جب درجہ چہارم تک پہنچ جائے اور مسلسل پاخانوں کی وجہ سے جسم کا پانی ختم ہونے کے قریب ہو تو اس کا استعمال آب شفاء حیات ثابت ہوتا ہے۔ اس صورت میں اس کی 2 تا 3 رتی کی مقدار ہر پندرہ منٹ بعد پانی سے استعمال کرائی جائے تو مریض اللہ کے فضل کرم سے موت کے منہ میں جانے سے بچ جاتا ہے۔

سنڈھ 5 تولہ، ستاور 3 تولہ، فلفل سیاہ 1 تولہ ہڑتال ورقیہ 1 تولہ

ترکیب ہڑتال کو اچھی طرح کھرل کر کے بعد میں پہلی تین اشیاء کا سفوف بنا کر شامل کریں اور دو تا 4 گھنٹے مسلسل کھرل کریں۔

مقدار خوراک 1 تا ل 2 ماشہ ہمراہ پانی دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد

گردے اور پتے کی پتھریوں کیلئے انتہائی مفید ہے۔ ہیپاٹائٹس کا مؤثر اور

کامیاب علاج ہے۔ یرقان اور سوزاک میں انتہائی مفید ہے۔

(حکیم محمد انور مطیع، ملتان)

☆......☆......☆

محترم حکیم عبدالستار صاحب کے تجربات

اللہ شافی

خونی وبادی بواسیر کا کامیاب علاج

چھلکا ریٹھا 5 تولہ، رائی 5 تولہ، گندھک آملہ سار 5 تولہ، قلمی شورہ 5 تولہ

ترکیب: تمام ادویہ کا سفوف تیار کریں اور بڑے سائز کے کیپسول بھر لیں 1 تا 2 کیپسول ہمراہ آب تازہ دن میں تین مرتبہ۔ بواسیر سے ہونے والی جلن، درد اور خون اللہ کے فضل وکرم سے پہلے روز ہی ختم ہو جائے گا۔

بابچی 5 تولہ، اجوائن 5 تولہ، رائی 5 تولہ، گندھک آملہ سار 15 تولہ

ترکیب: تمام ادویہ کا سفوف تیار کریں 1 تا 2 ماشہ ہمراہ آب تازہ دن میں تین مرتبہ سورش عضلات کیلئے انتہائی مفید ہے۔ پتے اور مثانے کی پتھری کو ریت بنا کر نکال دیتی ہے قبض اور خارش میں بھی مفید ہے۔

(حکیم عبدالستار، ملتان)

☆......☆......☆

محترم محمد افضل صاحب کے مشاہدات

الحمدللہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بخیل نہیں آپ سے استدعا ہے کہ میرے لئے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بخل سے بچائیں۔ آمین۔

میں نے ماہ رمضان تسبیح خانہ میں گزارا ہے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور حضرت جی آپ کی توجہ اور نگاہ کرم سے اس کا کافی اثر ہوا ہے۔ آہستہ آہستہ میرے معمولات میں

تبدیلی رونما ہو رہی ہے۔ الحمدللہ آپ سے ملاقات کا شرف بھی حاصل ہوا اور آپ نے سورۂ فاتحہ کا عمل اور '' اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ '' کا وظیفہ عنایت فرمایا تھا اس کو باقاعدگی سے کر رہا ہوں۔ میرے عمل کرنے میں کوئی کمی یا کوتاہی ہے ابھی تک اس کے ثمرات ظاہر ہونا شروع نہیں ہوئے۔ آپ سے استدعا ہے کہ میرے لئے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے اعمال بطریق احسن کرنیکی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔ آپ سے دعاؤں کی درخواست ہے۔

(محمد افضل، ضلع جہلم)

☆......☆......☆

محترم انجینئر اعجاز خان صاحب کے مشاہدات

روزانہ کے معمولات میں تسبیحات

میں سرکاری ملازم ہوں اور انشاء اللہ اگلے سال میں ترقیک ر کے DEU ہوں 23 سال کی سروس میں بفضل خدا رشوت خوری سے اجتناب کیا ہے باقاعدہ نماز پڑھتا ہوں۔ تسبیحات روزانہ پڑھتا ہوں، قرآن بھی پڑھتا ہوں میں بیدردی کی حالت میں جب آنکھیں بند کر کے ذکر کرتا ہوں تو روشنی کا ایک نقطہ دیکھتا ہوں جو پھیلتا ہے شاید یہ اللہ کا کرم ہے میں بخیل نہیں ہوں اور ہر ماہ لوگوں کی مالی اعانت کرتا ہوں میرے لئے ضرور دعا کریں۔

تسبیحات کی وجہ سے میری زندگی میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ دو انمول خزانہ روزانہ پڑھتا ہوں اللہ کا بڑا کرم ہے ایک احساس ضرور ہوتا ہے کہ تسبیحات شروع کی زندگی میں پڑھتا تو زندگی بہت چین سے گزر جاتی اب بھی اللہ کا بڑا کرم ہے لیکن احساس ندامت ہے میں آپ کیلئے بھی دعا گو ہوں آپ بڑا کام کر رہے ہیں۔

(انجینئر اعجاز خان، پشاور)

☆......☆......☆

محترم محمد ظفر اقبال صاحب کے مشاہدات

اذان والے عمل کا فیض

السلام علیکم حکیم صاحب اللہ تعالیٰ آپ کو لمبی عطا فرمائے اللہ تعالیٰ آپ کی جان میں مال میں عزت میں بلند مرتبہ عطا فرمائے۔ حکیم صاحب آج سے چھ سات مہینے پہلے ایک دکان سے عبقری رسالہ پڑھا ماشاء اللہ دل کو بہت اچھا لگا بلکہ بہت سکون ملا سارے گھر والوں کو پڑھایا بلکہ دوسرے رشتہ داروں کو بتایا۔ آپ کا یہ سلسلہ بہت اچھا ہے میں یہ رسالہ شوق سے پڑھتا ہوں بلکہ ہر مہینہ انتظار بے تابی سے رہتا ہے۔ آپ کی بہت سی کتابیں بھی بہت اچھی ہیں جو پریشانی ہوتی ہے ان کتابوں اور رسالہ سے دیکھ کر وہ عمل کر لیتا ہوں اور اللہ تعالیٰ وہ مشکل پریشانی حل کر دیتے ہیں۔ اذان والا عمل بہت اچھا ہے میں نے اپنی بہن کو کتاب لا کر دی اس نے اپنے گھر میں اذان والا عمل شروع کیا تو بہت فائدے ہوئے۔ اس کے بچے روتے یا تنگ کرتے تو وہ اذان والا عمل کر کے بچوں کے کان میں پھونک ماردیتی وہ ٹھیک ہو جاتے۔

تسبیح خانے میں آکر دل کو سکون ملتا ہے

حکیم صاحب رسالہ میں جو نسخہ لکھے ہوئے ہوتے ہیں وہ پنساری کی دکان سے لے کر بنا لیتا ہوں اللہ تعالیٰ شفاء دیتا ہے آپ کے رسالہ میں جنات کا پیدائشی دوست جناب علامہ لاہوتی بہت اچھا ہے حکیم صاحب میں آپ سے بھی پیار کرتا ہوں آپ مجھے بہت اچھے لگتے ہیں۔ آپ کے تسبیح خانہ میں بھی آتا ہوں جمعرات کو آپ کو دیکھ کر دل کو سکون ملتا ہے محفل مجذوبی بہت اچھی ہے اگر تسبیح خانہ میں نیچے جگہ نہ ملے تو محفل مجذوبی میں آپ کا دیدار نصیب ہو جاتا ہے۔ میں علامہ لاہوتی کو سلام کہنا چاہتا ہوں اور صحابی بابا کو بھی سلام کہنا چاہتا ہوں۔ حکیم صاحب آپ سب بہت اچھے ہیں میں دل سے آپ کیلئے دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کے تسبیح خانہ اور عبقری کو دن دگنی

رات چگنی ترقی عطا فرمائیں۔ آمین۔

(محمد ظفر اقبال، لاہور)

☆……☆……☆

محترم رضوان ریاض صاحب کے مشاہدات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم! وہی نام سب سے بڑا ہے جو ہمارے پروردگار کا ہے اس کے نام اور ذکر میں بے پناہ طاقت ہے۔ خاکسار کو وہ کچھ ملا اور وہ پایا جو صرف اور کسی بزرگ کے سامنے ذکر کر سکتا ہے۔ بخیل نہیں اگر زندگی میں حضرت صاحب سے ملاقات ہوئی تو ان سے عرض کروں گا۔

طب کے حوالے سے (ارجن) درخت کے بارے میں پڑھا ایک دن دکان پر کام کر رہا تھا کہ ایک شخص آیا اس کی سانس پھولی ہوئی تھی چلا نہیں جا رہا تھا جب میں نے پوچھا تو انگلی کے اشارے سے دو فوٹو کاپیاں کرنے کا کہنے لگا۔ میں نے دو فوٹو کاپی کر دی پھر جب 15 منٹ بعد کچھ ٹھیک ہوا تو اس نے بتایا اس کے تین والو بند ہیں اور چوتھا جب بند ہو جاتا ہے تو بے ہوش ہو جاتا ہوں اور جب خدا کا کرم ہوتا ہے ہوش آ جاتا ہے۔ میں نے اس کو خدا کے نام پر تسلی دی اور بتایا کہ ارجن کے درخت سے فائدہ لو خدا نے اس میں بہت کچھ رکھا ہے۔

وہ شخص چلا گیا پھر ایک سال بعد ایک شخص سائیکل پر آیا سائیکل کھڑی کی اور دکان میں آ کر کہنے لگا یہ کاپی کر دیں۔ میں نے کاپی کر دی اور وہ پیسے دے کر جانے لگا تو اس نے کہا آپ نے مجھے پہچانا نہیں؟ میں نے کہا نہیں۔ اس نے کہا میں وہی ہوں جس کے تین دل کے تین والو بند تھے آپ نے 6 پتے ارجن درخت کے 6 گلاس پانی میں ابال کر 24 گھنٹے پینے کو کہا تھا جب اس کا پتا نہ ہو اس کی چھال اس کام آتی ہے۔

وہ کہنے لگا میں نے مسلسل 6 ماہ استعمال کیا اور اللہ کے کرم سے میرے والو کھل

گئے۔ میں شوگر کا مریض تھا وہ ٹھیک ہوگئی، میرے جسم میں ہڈیوں اور پٹھوں میں درد ہوتا تھا وہ ٹھیک ہوگیا، میرا پیشاب نکل جاتا ہے اس سے صحت ہوگئی۔ اس نے کہا میں جب دل کے ہسپتال گیا تو ڈاکٹر اپنی کرسی سے کھڑا ہوگیا اور کہنے لگا میں تو اسی وقت تم کو ختم کر بیٹھا تھا جب تم کو گھر بھیجا تھا۔ اس نے میرا مکمل ٹیسٹ لیا اور بتایا کہ تمہارے 4 والو ٹھیک ہیں۔ اللہ کریم کا شکر ہے جسے بھی یہ کرنے کیلئے کہا اللہ کریم نے اس کو صحت عطا فرمائی۔ اصل میں یقین کامل سے جب کوئی دوائی کھائی جائے تو اللہ کریم کرم فرمادیتے ہیں۔

(رضوان ریاض، لاہور)

☆……☆……☆

محترم قاری نیاز احمد صاحب کے مشاہدات

"یاقہار" جنات کیلئے تیر بہدف عمل

حضرت صاحب ایک عمل جو میں نے جنات کا پیدائشی دوست کتاب سے حاصل کیا اور آگے میں نے کافی لوگوں پر آزمایا جو تیر بہدف نکلا لیکن ایک بات جب سے یہ عمل میں نے لوگوں کو بتانا شروع کیا اس وقت سے جنات مجھے کہتے ہیں کہ یہ عمل اور یہ وظائف لوگوں کو نہ بتایا کرو وہ عمل یہ ہے "یاقھار" کو کالی سیاہی کے ساتھ الگ الگ حروف کر کے 41 بار لکھنا ہے اور باقی میں نے یاقھار کے فضائل لوگوں کو بتاتا ہوں تاکہ مخلوق کو ہم سے فائدہ پہنچے کیونکہ مخلوق بہت پریشان ہے۔

بسم اللہ سے سر درد کا مجرب علاج

ایک وظیفہ بسم اللہ کا جسے سر درد ہو اس کو لکھ کر دیتا ہوں کہ وہ تعویذ بنا کر سر پر باندھ لے تو سر درد ختم ہوجاتا ہے۔ حضرت صاحب ایک دفعہ میں اپنے سسرال گیا میں نے یہ تعویذ ایک بچی کو لکھ کر دیا اس کے سر میں ہمیشہ درد رہتا تھا اس نے سر پر باندھا جب تک اس کے سر پر وہ تعویذ رہا اسے درد نہیں ہوا حتیٰ کہ گاؤں میں جسے سر درد ہوتا وہ

تعویذ اس بچی سے لے جاتے ہیں اور سر پر باندھ لیتے ہیں اور سر درد ختم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح یہ تعویذ شوگر کیلئے بھی مجرب پایا ہے لکھ کر گلے میں باندھنے سے یعنی جس کو مرض ہو اس کیلئے تعویذ بنا کر دیتا ہوں تو اسے فوراً آرام آجاتا ہے جس بچی کو میں نے تعویذ دیا وہ میری بیوی کی ہمشیرہ تھی۔

(قاری نیاز احمد، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمود احمد صاحب کے مشاہدات

"یاقہار" جنات کیلئے تیر بہدف عمل

میرے والد محترم کی عمر 95 سال ہے ماشاء اللہ تندرست ہیں میں ان کی صحت، عمر درازی اور خاتمہ ایمان کیلئے بھی دعا گو ہوں۔ میں نے عبقری رسالے میں یاقہار کے عمل کا پڑھا تھا یہ عمل میں نے مسلسل 61 دن پانی میں پاؤں رکھ کر ایک وقت مقررہ میں 1100 دفعہ کیا ہے۔ اب روزانہ ہر نماز کے بعد 129 دفعہ ''یاقہار'' پڑھ لیتا ہوں اور سورہ ناس کا عمل ایک دفعہ ہر نماز کے بعد کرتا ہوں، گھر کے ہر کمرے میں ''ی، ا، ق، ھ، ا، ر'' 41 دفعہ لکھ کر لگا دیئے ہیں۔ نیز "ولسوف یعطیك ربك فترضی" اکثر بلا تعداد اٹھتے بیٹھتے پڑھتا رہتا ہوں حصار کا عمل 5 دفعہ صبح کی نماز کے بعد روزانہ پڑھتا ہوں۔ مزید منزل کا عمل صبح کی نماز اور مغرب کی نماز کے بعد ایک دفعہ پڑھ لیتا ہوں۔ صبح نماز کے بعد ایک تسبیح اسم ذات ''اللہ'' اور درود شریف ایک تسبیح پڑھتا ہوں۔ دو سال قبل رمضان شریف میں اسم ذات اللہ اور صلی اللہ علیہ وسلم کا ورد ایک لاکھ مرتبہ وقت مقررہ پر کر چکا ہوں۔

گاڑی لوٹنے سے حفاظت

ایک سال قبل کی بات ہے کہ میں اپنے گھر والوں کے ساتھ شام کے بعد فیصل آباد جا رہا تھا گاڑی میرا بیٹا چلا رہا تھا جو کہ سپیشلسٹ ڈاکٹر ہے جونہی ہم نے سکیاں پل لاہور

کراس کیا تو دو فائر کی آواز آئی ایسا لگا کہ شاید کسی نے شادی کیلئے پٹاخے چلائے ہیں، بیٹے نے گاڑی نہیں روکی، دو فرلانگ آگے جا کر پتہ لگا کہ گاڑی کے فرنٹ شیشے پر کچھ لگا ہے اور وہ کریک ہوگیا۔ گاڑی سڑک کے ایک طرف روکی وہاں ایک دکان قریب تھی تھوڑی دیر میں ایک آدمی موٹر سائیکل پر پیچھے سے آیا اور کہا کہ اسے ڈاکوؤں نے سڑک پر لوٹ لیا ہے اور تمہاری اس گاڑی پر بھی دو فائر کئے تھے۔ آپ نے اچھا کیا کہ گاڑی نہیں روکی ورنہ وہ لوٹ مار کرنے کے بعد گاڑی بھی لے جاتے۔ اس کی باتیں سن کر ہم نے اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں جانی و مالی نقصان سے محفوظ رکھا۔

گاڑی میں سوار ہوتے وقت ایک دعا پڑھی تھی "سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا ھٰذَا وما کنالہ مقرنین و انا الاربنا لمنقلبون" درود شریف 3 بار: "اللهم حفظ هذا السيارة من جميع الحوادث و حرق النار اللهم حفظ هو لا ء اراكبعين السيارة من جميع الحوادث و حرق النار، اللهم حفظنا من كل بلاء الدينا"

اس کے علاوہ منزل کا تعویذ جو کہ منزل کا عمل 3 دفعہ پڑھ کر لکھا گیا تھا وہ بھی گاڑی کی حفاظت کیلئے گاڑی میں رکھا تھا۔ نیز چھوٹا سا کلام پاک آگے سٹیرنگ کے سامنے ڈیش پر رکھا تھا ان سب اعمال کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے اپنی خاص مہربانی سے ہم سب کو حادثے ونقصان سے محفوظ رکھا۔ پہلی گولی گاڑی کے سامنے سٹیرنگ کے بالکل سامنے شیشے میں لگی آگے نکل کر ڈرائیور کو نقصان نہ ہوا۔ دوسری گولی ٹائر کے قریب بونٹ کے نیچے لگی اور ٹائر کو پنکچر نہ کرسکی دونوں گولیوں سے اللہ تعالیٰ نے ہم سب کی حفاظت فرمائی یہ اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ومہربانی ہے۔

آپ کے تسبیح خانہ کا نظام قابل تعریف ہے، عبقری رسالہ بھی قابل ستائش ہے آخر میں ایک بار پھر آپ کی صحت، درازی عمر اور خاتمہ ایمان کیلئے دعا ہے۔ "اللھم امتنا علی التوحید و الایمان آمین۔ (محمود احمد، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمد عامر برنی صاحب کے مشاہدات

عرصہ دراز کا مرض ختم ہو گیا

"مَاشَاءَ اللّٰہُ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ" کا عمل حضرت صاحب نے ایک درس میں فرمایا تھا۔ نظر بد اگر کھانے پر لگ جائے تو اس کے توڑ کا عمل بتایا جس چیز پر نظر لگی ہو اس کو کھانے سے پہلے اوپر دی ہوئی آیت پڑھتے جائیں اور جو شخص سامنے بیٹھا ہو وہ بھی پڑھے۔ میں نے عرصہ بیس سال سے انڈا کھانا چھوڑ دیا تھا میں جب چھوٹا تھا تو ایک عورت کے مسلسل گھورنے کا عمل یاد ہے جو مجھ کو انڈا کھاتے ہوئے گھورے جا رہی تھی بچہ تھا اس کے گھورنے اور دیکھنے کا عمل عجیب تھا نظروں میں پیوست ہو گیا آج بھی سوچوں تو وہ عورت آنکھیں نکالیں سیٹ سے پیچھے مڑ کر دیکھنے سے محسوس ہوتی ہے۔

کافی عرصے سے معلوم نہیں ہوا پیٹ میں شدید درد کیوں ہوتا ہے پھر آہستہ آہستہ معلوم ہوا کہ انڈا کھاؤ تو درد شروع ہو جاتا ہے۔ پھر انڈا تھوڑا کھایا تب بھی ویسا ہی درد جس میں انڈا ملا ہو اور مجھے معلوم نہ بھی ہو تو پیٹ میں درد شروع ہو جاتا تھا۔ پھر میں معلوم کرتا تو جواب ملتا کے تھوڑا سا انڈا ملایا تھا۔ دل چاہنے کے باوجود انڈے کو کھانا دیکھنا اور سوچنا چھوڑ دیا تھا جبکہ بچپن میں تو انڈا میٹھا انڈا (پیاز کے ساتھ) آملیٹ اور ابلا سب کھانے کا شوق تھا جو کہ میں بھول گیا تھا۔

حضرت صاحب کا درس سن کر دل میں انڈا کھانے کی لگن جاگ اٹھی گھر پہنچا اور بیگم کو کہا کہ انڈا بنا کر لے آؤ۔ بیگم حیران ہوئی کیونکہ میری بیگم نے انڈا مجھے کھلانے کے کئی طریقے اور گر استعمال کئے تھے لیکن جب مجھے تکلیف شروع ہو جاتی تو بتاتی تھی کہ آپ کا وہم دور کرنا چاہتی تھی اور کافی کوششوں کے بعد اس نے بھی کوشش ترک کر دی تھی۔ آج یہ سن کر مجھے دیکھ رہی تھی پھر میں نے حضرت صاحب کے درس میں دیا گیا عمل سنایا اور ایک عرصے کے بعد انڈا بنوا کر کھایا۔ ساتھ ساتھ آیت پڑھتا گیا

ایک عرصے کے بعد پورا انڈا کھایا اور کوئی درد محسوس نہیں ہوا۔ اب جب کبھی دل چاہتا ہے تو انڈا کھاتے ہوئے پڑھتا جاتا ہوں درد کی تکلیف نہ ہونے کے برابر ہے۔

تسبیح خانے کے لنگر سے شفاء

میں یورک ایسڈ کا مریض ہوں دال گوشت سے پرہیز کرتا ہوں لیکن جب بھی لنگر کھاتا ہوں تکلیف کا احساس نہیں ہوتا۔ الحمد للہ شکر الحمد للہ اب میں عرصہ 3 سال سے تسبیح خانہ آ رہا ہوں جب سے لنگر کھا رہا ہوں تکلیف نہیں ہوتی۔

(محمد عامر برنی، فتح گڑھ، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محمد عزیز الدین صاحب کے مشاہدات

کلمہ شہادت سے دل کی تکلیف کا علاج

آپ کے رسالے میں دل کے درد کے فوری آرام کیلئے کلمہ شہادت کی انگلی باوضو درد کے وقت اپنے دل پر کپڑے کے نیچے محمد صلی اللہ علیہ وسلم لکھنے سے آرام آجاتا ہے۔ مجھے دل کی تکلیف ہے سفر کے دوران ٹرین میں مجھے شدید درد ہوا تو میں نے کلمہ شہادت والا عمل کیا جس سے میری تکلیفیں دور ہوگئیں۔ ایسا کئی بار ہوا جو یہ عمل کرنے سے تکلیف دور ہوگئی۔

(محمد عزیز الدین عرفان، لاہور)

☆……☆……☆

محترم عبدالسلام صاحب کے تجربات

پیسے صرف کرنے کا معمول

درس سننے کی برکت سے اب یہ حالت ہوگئی ہے کہ کوشش کی جاتی ہے کہ حسب توفیق زیادہ سے زیادہ اللہ کی راہ اور نیک کاموں میں رقم خرچ کی جائے۔ دینی

درسگاہوں، مساجد، مدارس کو ترجیح دی جاتی ہے۔ باقاعدہ حسب توفیق زکوٰۃ وخیرات کی جاتی ہے، اپنی طرف سے حتی المقدار کوشش کی جاتی ہے کہ رقم ضائع نہ ہو اور زیادہ سے زیادہ مفید کاموں میں استعمال ہو مختصراً فضول خرچی، لغویات سے پرہیز کی مکمل کوشش کی جاتی ہے۔ دیگر دوستوں، احباب، بچوں کو بھی ترغیب دی جاتی ہے کہ فضول خرچی سے پرہیز کیا جائے اور وہی رقم نیک کاموں میں خرچ کی جائے۔

نزلہ کھانسی کا آزمودہ علاج

نزلہ کی صورت میں ناک بند کر کے ہاتھ سے پانی پیا جائے یعنی سانس نہ لیا جائے بذریعہ ناک نزلہ میں افاقہ ہوتا ہے۔ شدید سے شدید کھانسی کی حالت میں ملٹھی کوٹ کر اندر سے گودا (پاؤڈر) نکال کر شہد کے ساتھ ملا کر کھانے سے افاقہ ہوتا ہے۔ آزمودہ عمل ہے۔

(عبدالسلام، لاہور)

☆……☆……☆

محترم خالد پرویز صاحب کے مشاہدات

میں ایک سرکاری ملازم ہوں، کمپیوٹر پر ڈیٹا انٹری کا کام کرتا ہوں، ہمارا کام پبلک ڈیلنگ نہیں ہے، صرف گورنمنٹ کا کام ہوتا ہے جو ہم نے کرنا ہوتا ہے۔ میں نے ایک کتاب میں اللہ تعالیٰ کے ناموں کے متعلق پڑھا اس میں اللہ تعالیٰ کا نام " یااحد " کی خاصیت یہ بتائی گئی کہ آپ اسے 101 دفعہ پڑھ کر اپنے ہاتھ پر پھونک کر چہرے پر پھیر لیں آپ جس کام کیلئے جس کے پاس جائیں گے آپ کا کام کردے گا یا اللہ تعالیٰ آپ کیلئے بہتر سبب پیدا فرما دیں گے۔ میں کافی عرصہ سے روزانہ صبح اس نام کی ایک تسبیح کر لیتا ہوں اور پھر جہاں جس کام کیلئے جانا ہوتا ہے اس نام "یااحد" کی ایک تسبیح کر کے ہاتھوں پر پھونک کر چہرے پر پھیر لیتا ہوں تو انشاء اللہ میرا کام بہت جلد یا بہتر سبب بن جاتا ہے اور بغیر رشوت دیئے کام ہو جاتا ہے۔

بخار کے متعلق مشاہدہ و تجربہ

تقریباً دس گیارہ سال کی بات ہے مجھے بخار ہو جاتا تھا دو تین ماہ بعد سخت بخار ہوتا دوائی کھاتا اتر جاتا پھر ہو جاتا۔ میں نے ایک کتاب میں ایک ٹوٹکہ بخار کے متعلق پڑھا ۔ جو میں نے بنا کر استعمال کیا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کامیاب ہوا اور بہت ہی اچھا ہے اور میں نے اپنے عزیز و اقارب کو دیا۔ جس نے بھی بنا کر استعمال کیا بہت ہی فائدہ ہوا ہے۔ جس کا بخار ڈاکٹر کی دوائی سے نہیں اترتا تھا اس نے بھی استعمال کیا اسے بھی اللہ تعالیٰ نے شفاء دی۔

ھوالشافی / نسخہ

کٹکی کوڑ 1 تولہ نر کچور 1 تولہ، نوشادر 1 ماشہ اس کا سفوف بنالیں اور ایک چٹکی تازہ پانی کے ساتھ کھانے کے 15 منٹ بعد یا چائے کے ساتھ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

(خالد پرویز، لاہور)

☆……☆……☆

محترم رضوان انور صاحب کے مشاہدات

عبقری سے تعلق کے بعد ملا خواب میں وظیفہ……

عبقری سے اللہ الصمد کا ورد عطا ہوا پھر خواب میں "قُلْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا للّٰہُ اَسْتَغِیْثُ" پڑھنے کیلئے عطا ہوا۔

تقریباً روزانہ 1000 مرتبہ کلمہ طیبہ کا ورد جاری ہے الحمدللہ سوا لاکھ پڑھ چکا ہوں روزانہ 100 مرتبہ تیسرا کلمہ اور درود، روزانہ صبح و شام نماز کے بعد ایک دفعہ الحمد شریف تین دفعہ سورہ اخلاص ایک دفعہ آیت الکرسی 7 بار یا رحمٰن 11 بار یا فتاح 33 بار یا متکبر 33 بار یا قیوم 33 بار یا عادل (عدل) 33 بار یا قابض 7 بار یا ممیت 33 بار یا قادر 33 بار یا آخر روزانہ صبح 80 بار بسم اللہ مکمل پڑھتا ہوں ۔ روزانہ 500 بار یا ودود یا کبیر اور 500 بار یا حی یا قیوم یا ذوالجلال والاکرام پڑھتا ہوں ان اعمال کی وجہ سے

میری زندگی میں بہت خیر و برکت ہے۔

(ر، ا، لاہور)

☆......☆......☆

محترم محمد مشتاق صاحب کے مشاہدات

الحمدللہ بیٹے کی شادی ہوگئی

تسبیح خانہ میں کئی بار حاضر ہوا اور درس سنتا رہا ہوں آپ کے تسبیح خانہ میں درس بہت اچھا ہے حضرت صاحب بہت اچھا ارشاد فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو صحت یاب فرمائے ہماری دعا ہے کہ حضرت صاحب نے ہمارے بیٹے کی شادی کیلئے وظیفہ دیا تھا جس کے کرنے سے الحمدللہ بیٹے کی شادی بھی ہوگئی اور اب اس کے ماشاء اللہ دو بیٹے ہیں۔ ”رَبِّ اِنِّیْ لِمَا اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ“ یہ عمل چلتے پھرتے روزانہ 1100 مرتبہ پڑھنا تھا۔

(محمد مشتاق، لاہور)

☆......☆......☆

محترم محمد عاطف صاحب کے مشاہدات

شادی میں رکاوٹیں ختم ہوگئیں

السلام علیکم کے بعد عرض ہے کہ مجھے کتابیں پڑھنے کا شوق تھا بازار میں کتابیں دیکھ رہا تھا تو عبقری پر نظر پڑی تو عین میرے شوق کے مطابق تھا تو عبقری میں ایک عمل پڑھا جو یہ ہے کہ جس لڑکی کی شادی نہیں ہوتی یا رکاوٹ بندش ہے تو اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ تمام مشکلات حل کر دیتے ہیں۔ میں نے عمل اپنی بھانجی کو دیا تو اللہ نے عمل کی برکت سے میری بھانجی کے رشتے کا فوراً بندوبست کر دیا۔ رشتہ نہ آنے کی وجہ یہ تھی کہ بھانجی کا قد بہت چھوٹا تھا۔ اسی طرح دو اور لوگوں کو بھی عمل بتایا تو ان پر بھی اللہ تعالیٰ نے رحم فرمایا۔ یہ عمل میرے تجربات میں ہے 11 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر

قرآن پاک شروع سے پڑھنا ہے اور جہاں تک پڑھا ہے تو قرآن پاک بند کرنے سے پہلے 11 مرتبہ درود ابراہیمی پڑھنا ہے۔ دن میں چاہے ایک بار یا دس بار کوئی پابندی نہیں ہے۔ انشاء اللہ ابھی قرآن پورا ابھی نہ پڑھا ہوگا کہ اس عمل کی برکت سے کیسی بھی مشکل ہو دور ہو جائے گی۔ نیت کر کے پڑھیں یعنی اللہ تیری رضا کیلئے تیرے محبوب کی سنت کے مطابق پڑھ رہا/رہی ہوں اس قرآن کی برکت سے میری مشکل بندش اور ہر رکاوٹ دور فرما۔ آمین۔

سر درد پھوڑا پھنسی وغیرہ کیلئے جب بھی میں نے 41 بسم اللہ پوری پڑھ کر دم کیا تو اللہ پاک نے اس عمل کی برکت سے شفاء دی۔ یہ عمل 7,8 بار کیا ہے۔

گردے کے مریض کو دم کرنے سے شفاء

میں کارخانے میں کپڑے سلائی کرتا ہوں تو کام کرتے وقت ایک لڑکا سلیم جو نشہ کرتا تھا اس کے دائیں گردے میں شدید درد ہونے لگا میں سمجھا کہ نشہ نہ کرنے کی وجہ سے ایسا ہو رہا ہے میں نے کہا ڈاکٹر کے پاس جا کر گردے چیک کروا لو لیکن اس نے کہا مجھے دم کر دو۔ میں نے بسم اللہ پوری 100 مرتبہ پڑھ کر دم کر دی پھر وہ کام کرنے لگا 2 دن بعد میں نے اسے پوچھا ڈاکٹر سے گردے چیک کروائے؟ تو خوشی سے کہنے لگا کہ جب تم نے دم کیا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے شفاء دے دی تھی۔ بسم اللہ کی برکت ہے کہ نشہ والے شخص کو بھی شفاء مل گئی اب وہ بھی تندرست کام کر رہا ہے۔

ہم زلف کی مشکلیں ٹل گئیں

میرا سالہ جو دال چاول بیچتا ہے اس نے اپنی طاقت یعنی آمدنی سے بڑھ کر بازار میں کمیٹی ڈال لی جو ماہانہ 4000 روپے تھی اور کمیٹی کی کل رقم 40000 روپے تھی۔ سلسلہ نقشبندی میں بیعت بھی ہے بار بار تنگ اور پریشان رہتا تھا وہ اپنے مرشد سے ہر بار دعا کیلئے کہتا تھا کہ حضرت دعا کریں میری کمیٹی نکل آئے لیکن نہیں نکلتی تھی۔ میں تسبیح خانہ جمعرات کے درس میں آیا ہوا تھا کہ حکیم صاحب سے سورت یٰسین کا عمل ملا جب

میں درس سے فارغ ہو کر گھر گیا تو میرا سالہ اور اس کی بیوی آئے اور کہنے لگے ہمارے لئے دعا کریں ہم بہت مشکل میں پھنسے ہوئے ہیں کہنے لگے اگر کمیٹی نہ نکلی تو بہت قرض کے نیچے آ گئے ہیں تو میں نے ان کو سورت یٰسین والا عمل بتایا اور کہا کمیٹی کی پرچی پر نام کیا لکھا ہے تو اس نے اپنا اور بیٹے کا نام بتایا لیکن پتہ نہیں کیا ہوا میرے دل میں آیا کہ نام بدل دو اور سورت یٰسین والا عمل 3 بار کرنے کو کہا لیکن وہ قرآن نہیں پڑھا ہوا تھا اس لئے لفظ یٰسین 700 بار والا عمل کہا جب وہ گھر گئے اور عمل شروع کیا تو اس کی برکت سے میرے سالے کی مشکلیں حل ہو گئیں اور اس کی کمیٹی بھی نکل آئی۔

آسان ڈلیوری اور مشکل آسان

افجستم اور اذان والا عمل یہ تو وہ خزانے ہیں جو یقین کے ساتھ پڑھنے والا بندہ ہو میں نہیں مانتا کہ اللہ بیماری یا مشکل یا نظر بد جادو جنات ختم نہ ہوں بس بات یقین کی ہے مجھے کیسی بھی مشکل ہو اس عمل کو پڑھ کر دم کر دیتا ہوں اللہ مشکل حل کر دیتا ہے۔ 3 عورتوں کو ڈلیوری میں بہت مشکل تھی ایک کا بڑا آپریشن تھا اس پر عمل کرنے سے آپریشن نارمل ہوا۔ ایک عورت کہتی تھی اللہ میری مشکل آسان کر دے وہ بھی اس عمل کی برکت سے ٹھیک اور آسان ہوا میں خود بھی اس عمل کو کرتا ہوں اور دوسروں کو بھی بتاتا ہوں اور یقین کے ساتھ کرنے کو کہتا ہوں اور بتاتا ہوں جب مشکل آن پڑے کیونکہ لوگ قدر نہیں کرتے۔ بہت لوگوں کو بتایا اچانک بیماریاں جو گھر میں بچوں کو ہوتی ہیں مثلاً بخار، ریشہ وغیرہ تو یہ ہی عمل پڑھ کر دم کرتا ہوں اللہ شفاء دیتا ہے۔

گھر کے افراد کی حادثات سے حفاظت

میں نے عبقری میں حفاظت کا عمل پڑھا تھا اس وقت سے اب تک تقریباً چھ ماہ ہو گئے ہیں پڑھ رہا ہوں اللہ کے فضل و کرم سے آج تک بچوں کی، میری اور والدین کی حفاظت ہوتی ہے۔ یا حفیظ 11 مرتبہ، بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَ نَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ" 7 مرتبہ، گھر سے نکلنے کی دعا 3 مرتبہ اول و آخر درود شریف 7 مرتبہ اس عمل کی

برکت سے ہم حادثات وغیرہ سے محفوظ رہتے ہیں۔ (محمد عاطف حمید، لاہور)

☆……☆……☆

محترم مسعود صادق صاحب کے مشاہدات

عبقری رسالہ سے رہنمائی

جناب میں کافی عرصہ سے عبقری کا قاری ہوں مجھے اس سے بڑی حد تک دن بدن فائدہ پہنچ رہا ہے۔ بہت ساری بیماریاں اور مصیبتیں اس رسالہ کی وجہ سے حل ہو جاتی ہیں ۔ میں نے آج تک کوئی بندہ خدا نہیں جانا جو کہ بے لوث عوام الناس کی خدمت کر رہا ہے لیکن آپ میں ایسی باتیں اور چیزیں ظاہر ہو رہی ہے جو کہ کسی اور میں نہیں ہیں۔

(مسعود صادق، لاہور)

☆……☆……☆

محترم ارشاد احمد وٹو صاحب کے مشاہدات

بچوں کی روزی کے اسباب

میں نے جون 2011ء میں تسبیح خانہ سے اپنا تعلق استوار کر لیا۔ اس وقت میں معاشی طور پر بہت کمزور تھا۔ ''محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ'' کا عمل کیا اس سے میرے معاملات میں بہت آسانیاں پیدا ہو گئیں۔ اب سورہ الم نشرح سوا لاکھ کر رہا ہوں اور اللہ کے فضل و کرم سے 90 فیصد مسائل حل ہو گئے ہیں۔ باقی کے حل کے بھی آثار پیدا ہو رہے ہیں اللہ سے قربت کا جو تجربہ و مشاہدہ ہو رہا ہے وہ لاجواب ہے۔ پانچ وقت کا نمازی بھی ہو گیا ہوں سارا خاندان ماشاء اللہ نمازی ہے، بچوں کی روزی کے اسباب پیدا ہو رہے ہیں۔ دعا فرمائیں باقی بھی دینی و دنیوی معاملات حل ہو جائیں۔

(ارشاد احمد وٹو، لاہور)

☆……☆……☆

محترم شفقت محمود صاحب کے تجربات

جناب محترم حکیم صاحب السلام علیکم! ایک سال قبل آپ کا رسالہ میں نے پڑھا تو مزید حکمت سیکھنے کا شوق بھی پیدا ہوا۔ میں نے ایم ایس سی کیا ہے اور اب حال ہی میں میں نے سرگودھا یونیورسٹی میں ایم اے کے پیپرز دیئے ہیں میں آپ کے رسالہ ایک خاص عمل برائے کامیابی امتحان رات کو 313 مرتبہ ”یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَاب“ اور صبح کی نماز کے بعد 313 مرتبہ ”اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ“ بھی پڑھنے لگا ہوں۔ مزید آپ کے رسالہ میں جھنگ کے پرنسپل صاحب نے جو اسمائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑھنے کے بارے میں لکھا تھا میں اب وہ بھی روزانہ کوشش کر کے پڑھ لیتا ہوں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہی جل تھل ہوگیا

2010ء میں جولائی میں میں نے اپنے مکان پر لینٹر ڈلوانا تھا موسم انتہائی گرم تھا مگر میں نے صبح کی نماز پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اے اللہ! اگر آج موسم ٹھنڈا ہو جائے اور بارش ہو جائے تو وہ رقم جو میں نے اپنے ذہن میں برف کے دو بلاک منگوانے کیلئے مختص کی تھی اسے میں صدقہ کردوں گا۔ تو یقین جانئے حکیم صاحب کہ صبح اچانک بادل ظاہر ہوئے اور اتنی بارش برسی کے جل تھل ہوگیا اور سارا دن موسم خوشگوار رہا تو میں نے لینٹر سے فارغ ہو کر وہ رقم صدقہ کردی اللہ تعالیٰ اسے قبول کرے۔

اس کے علاوہ حکیم صاحب مجھے جب بھی کوئی ضرورت پیش آتی ہے تو میں اسے اپنے اللہ تعالیٰ کے سامنے رکھ کر یہ کہتا ہوں کہ تو میرا رب ہے میں کسی اور کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلاؤں گا کیونکہ تیرے رب ہوتے ہوئے مجھے کسی اور کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے حیا آتی ہے تو یقین جانئے کہ میرا رب میرا بھرم رکھ لیتا ہے اور مجھے رسوا نہیں کرتا۔

حکیم صاحب میں نے آپ کی کتاب ”مجھے شفاء کیسے ملی“ خریدی ہے اور مکمل پڑھی ہے اس سے مختلف نسخہ جات خود گھر پر تیار کرتا ہوں اور خود بھی استعمال کرتا ہوں

اور مفت اوروں کو بھی دیتا ہوں۔

شیرازی قہوہ

یہ تو ہر وقت ہمارے گھر میں موجود رہتا ہے مہمانوں کو بھی پلاتا ہوں خود بھی استعمال کرتا ہوں گھر والوں اور بچوں کو بھی کراتا ہوں بہت ہی کمال کی چیز ہے اس کے علاوہ کلونجی کا خالص قہوہ بھی تیار کرتا ہوں۔

حکیم صاحب ایک خاص وظیفہ جو کہ میرے معمول میں سے ہے اس کا ذکر کرنا چاہتا ہوں۔ پہلے کافی سوچتا تھا کہ آپ کو لکھ کر ارسال کر دوں مگر کاہلی اور سستی کی وجہ سے دیر ہی ہوتی رہی ہے۔

جناب میری جب بھی کوئی چیز گم ہو جائے تو میں فوراً ''انا للہ وانا الیہ راجعون'' پڑھنا شروع کر دیتا ہوں تو مجھے وہ گم شدہ چیز فوراً مل جاتی ہے۔

ذیل میں صرف ایک واقعہ تحریر کر رہا ہوں۔

قیمتی گمشدہ فائل

ہوا کچھ اس طرح کہ میں نے 2004ء میں سی سی بی محکمہ سوشل ویلفیئر اٹک میں کافی دوڑ دھوپ اور سرمایہ خرچ کرنے کے بعد رجسٹرڈ کرائی تھی اور مجھے اس کا رجسٹریشن کارڈ مل گیا تھا۔ مختلف کاموں کے سلسلے میں مجھے حسن ابدال جانا پڑتا تھا تو ان دنوں وہ مکمل فائل اصل رجسٹریشن سرٹیفکیٹ اور دیگر کاغذات اسی میں موجد تھے اتفاق سے میں نے احاطہ ٹیکسلا سے کچھ کاپیاں فوٹوسٹیٹ والے سے کرائیں اور وہ ساری فائل میں وہیں بھول گیا اور قسمت کہ جب دکان پر صفائی کی گئی تو وہ فائل اٹھا کر پرانے سامان میں پھینک دی گئی جب مجھے اس سرٹیفکیٹ کی ضرورت پڑی تو تلاش بسیار کے بعد بھی نہ ملی تو میرے دل میں اور دماغ کو شدید صدمہ پہنچا کہ میری ساری محنت ضائع ہو گئی اور کسی نے چرا لی ہے۔ تو میں نے فوراً وظیفہ مذکورہ پڑھنا شروع کر دیا۔ دن گزرتے گئے لیکن مجھے جب بھی یاد آتی تھی تو یہ

وظیفہ پڑھتا تھا اور یقین تھا کہ مجھے وہ کاغذات ضرور ملیں گے ورنہ کوئی متبادل انتظام اللہ تعالیٰ پیدا کردے گا۔ ایک دن کافی عرصہ کے بعد میرے گاؤں کے ایک لڑکے نے مجھے اطلاع دی کہ آپ کے کاغذات فلاں فوٹوسٹیٹ والے کے پاس پڑے ہیں جب میں وہاں پہنچا تو میرے تمام کاغذات مکمل محفوظ تھے۔ میں نے اللہ کا شکر ادا کیا کہ یہ اس وظیفہ کی برکت سے ہے۔ جناب پھر میں نے اس سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر یونین کونسل کے تقریباً چھ گاؤں میں تقریباً 28,00,000 روپے کا گلیوں کا کام کروادیا۔ یہ میرے اللہ کا محض فضل ہے۔

آپ مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے گا اور میری مزید رہنمائی فرمائیے گا۔ شکریہ!

(شفقت محمود، ضلع اٹک)

☆……☆……☆

محترم محمد شفیق صاحب کے تجربات

سورہ کوثر کے عمل کی بدولت بہنوں کی شادی

ہم لوگ اپنی بہنوں کی شادی کے سلسلے میں حضرت حکیم صاحب سے ملے۔ حکیم صاحب نے ہمیں سورہ کوثر کا عمل دیا اور کہا کہ آپ کے تمام کام اس سورہ کوثر کی برکت سے ہی بنیں گے ہم لوگوں نے مل کر سورہ کوثر کو 3 سے 4 ہزار روزانہ کی بنیاد پر پڑھنا شروع کردیا۔ صبح وشام 129 دفعہ اس کے علاوہ تھا اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے پچھلے سال 8 نومبر 2011ء کو ایک بہن کی شادی کی اور اس سال 4 نومبر 2012ء کو دوسری بہن کی شادی کی۔ یہ سب حضرت حکیم صاحب کی دعا اور اللہ کی مہربانی ہے۔

چوری کے شبہ سے خلاصی

میں پی ٹی سی ایل میں ملازمت کرتا ہوں عید الاضحیٰ سے دو دن پہلے میرے آفس سے دو لیپ ٹاپ چوری ہوگئے جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا پھر حکیم صاحب

کے اسسٹنٹ سے ملا انہوں نے مجھے انجستم کا عمل 41 دن صبح وشام پڑھنے کو کہا اذان کے بغیر پہلے دن ہم سب گھر والوں نے مل کر 1000 مرتبہ پڑھا تو اللہ کی مہربانی سے ایک لیپ ٹاپ اگلے دن مل گیا۔ دوسرا نہیں ملا میں نے یہ عمل جاری رکھا اور صبح وشام کے علاوہ ہر نماز کے بعد 41 مرتبہ پڑھتا رہا۔ اللہ کی کرم نوازی سے دوسرا لیپ ٹاپ بھی ایک مہینے بعد مل گیا میرے دفتر والوں کو میرے اوپر شک تھا یا پھر وہ مجھے جان بوجھ کر پھنسانا چاہتے تھے لیکن اس عمل کی برکت سے میری جان چھوٹ گئی۔

سواری اور ایکسیڈنٹ سے حفاظت

پچھلے سال روحانی کلاس میں حضرت حکیم صاحب نے سواری کی حفاظت کا عمل بتایا کہ جو بھی اپنی سواری پر بیٹھ کر 3 دفعہ اذان پڑھے گا اس کو اور اس کی سواری کو نقصان نہیں ہوگا میرا کام زیادہ تر فیلڈ ورک ہے تو میری موٹر سائیکل کے اکثر ایکسیڈنٹ ہوتا رہتا تھا تو میں نے یہ عمل کرنا شروع کر دیا اللہ کی مہربانی سے پھر کبھی ایکسیڈنٹ نہیں ہوا۔ اب اگر جس دن میں نہ پڑھوں اس دن میرا نقصان ہو جاتا ہے۔ لہٰذا میں نے اس اذان والے عمل کو مستقل بنا لیا ہے اور اب میں ٹھیک رہتا ہوں۔

(محمد شفیق، لاہور)

☆……☆……☆

محترم محسن محمود کے مشاہدات

چھوٹے چھوٹے وظائف کے کمالات

محترم حکیم صاحب میں مری کا رہنے والا ہوں میں نے جو اپنی زندگی میں روحانی تجربات کیے ہیں درج ذیل ہیں۔

محترم حکیم صاحب میرے پاس گاؤں کے جتنے بھی لوگ آتے ہیں اگر کسی کو داڑھ میں درد ہو تو میں ان کو سورہ فاتحہ ایک بار اور سات بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر دم کرتا

ہوں تو وہ اسی وقت اچھا ہو گیا۔

جب میں کبھی سفر پر جاتا ہوں تو مجھے گاڑی کی پریشانی ہوتی ہے تو میں سورہ قریش پڑھنا شروع کر دیتا اور اللہ کے فضل و کرم سے مجھے اچھی سواری مل جاتی ہے اور زیادہ پریشانی کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔

سر درد کیلئے محرم عورتوں کے سر پر ہاتھ رکھ کر ایک بار درود ابراہیمی اور درمیان میں سورہ فاتحہ اور آخر میں پھر درود شریف پڑھ کر دم کرتا ہوں اور اللہ کے فضل و کرم سے آرام آجاتا ہے اور غیر محرم کو بغیر ہاتھ رکھے 7 بار سورہ کوثر پڑھ کر دم کر دیتا ہوں اللہ تعالیٰ انہیں بھی شفاء دے دیتا ہے۔

جب سے میں نے اپنا ہوش سنبھالا ہے اللہ کے فضل و کرم سے مجھے کان اور دانتوں میں بھی درد نہیں ہوا اس کی وجہ یہ ہے کہ مجھے جب چھینک آتی میں " اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ '' پڑھتا ہوں اور مجھے آج تک دانت اور کان کی تکلیف نہیں ہوئی۔

جب میں کہیں سفر جاتا ہوں تو سوار ہونے کے بعد سفر کی دعا پڑھ لیتا ہو اور آج تک اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کبھی ایکسیڈنٹ نہیں ہوا۔

طب کے حوالے سے میں نے پہلے گلے کیلئے کے نسخے کو آزمایا اور کامیاب پایا جسکو بھی اس نسخے کے بارے میں بتایا اس کو شفاء ملی۔ نسخہ: ایک گلاس نیم گرم پانی میں ایک عدد لیموں ڈال دیں اور حسب ذائقہ نمک ملا کر اس کے تین گرارے کریں اور باقی پانی جو بچ جائے اس کو پی لیں انشاء اللہ آپ کا گلا بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔

کوئی بچہ بہت رو رہا ہو تو میں اس کو معوذتین پڑھ کر تین بار پھونک دیتا ہوں وہ اسی وقت چپ ہو جاتا ہے۔

جب سے میں نے دعا انس پڑھنا شروع کی ہے اس وقت سے ہمارے گھر میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کوئی ناگہانی آفت نہیں آئی۔

"بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّمَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَافِی السَّمَاءِ

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمِ" دعا صبح وشام 3 بار پوری پڑھتا ہوں اس کی برکت سے مجھے کبھی موذی چیز نے نقصان نہیں پہنچایا۔

شہد کی مکھی کاٹے تو اس کو درود ابراہیمی طاق تعداد میں پڑھ کر دم کر دیتا ہوں اسے فوراً آرام آجاتا ہے۔

(محسن محمود، پنڈی)

☆……☆……☆

حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی صاحب کی روحانی، طبی، نفسیاتی، تصوف، جادو، جنات اور اسلام اور جدید سائنس جیسے مختلف موضوعات پر تاریخی اور تحقیقی کتب "تالیفات"

چیف ایڈیٹر ماہنامہ عبقری لاہور **Chief Editor** Ubqari Magazine Lahore	**چیئرمین** عبقری ٹرسٹ رجسٹرڈ **Chairman** Ubqari Trust Registered	**نگران** عالمی مرکز روحانیت و امن **Patron** The Centre of Peace and Spirituality	**مصنف ومؤلف** 170 کتب تراجم دنیا کی کئی زبانوں میں **Author & Writer** 170 Books (In various languages)
خلیفہ مجاز حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ "خانقاہ قادری ہجویری" **Khalifa Majaaz** Hazrat Syed Mohammad Abdullah Hajveri(RA) Khanqah Qadri Hajveri	**صدارتی ایوارڈ 1991ء** میتھڈ آف ٹریٹمنٹ **Presidential Award** "Method of Treatment"	**پی، ایچ، ڈی** ہربل ہیلتھ امریکہ **Ph.D** Herbal Health (USA)	**کالم نگار** عالمی اخبارات، جرائد و رسائل **Column Writer** International Papers and Magazines
	سرپرست عبقری مراقبہ سینٹر **Director** Ubqari Meditation Center	**جاروب کش** • تسبیح خانہ • روحانی منزل • درود محل • دارالتوبہ **Jatob Kash** Tasbih Khana Rohani Manzil Darod Mahal Darul Taubah	

خاندانی الجھنیں

1۔ الجھے لوگ سلجھے اصول
2۔ گھریلو الجھنیں اور ماہرین کے تجربات
3۔ شگفتہ باتیں، بکھرے موتی، انمول یادیں
4۔ بڑوں کی زندگی کے ان گنت تجربات
5۔ گھروں میں ابدی سکون اور خوشیوں کا راز
6۔ شاداب زندگی کے راز نبوی طریقے، جدید سائنس
7۔ کامیاب شادی کے 17 اصول نبوی طریقے، جدید سائنس
8۔ خاندانی مسائل کا طبی و نفسیاتی تجزیہ
9۔ بے قرار زندگی سے خوشگوار زندگی تک
10۔ شاندار زندگی گزارنے کے جاندار اصول
11۔ پرکشش زندگی کے گر نبوی طریقے جدید سائنس
12۔ شادی شدہ زندگی ہنسی خوشی گزارنے کے راز

نفسیاتی الجھنیں

1۔ ٹینشن کا سائنسی اور روحانی علاج
2۔ ڈپریشن سے نجات پانے والے
3۔ پرسکون زندگی کی تلاش، نبوی طریقے، جدید سائنس
4۔ جذبات اور خیالات کے روگ، نبوی طریقے اور جدید سائنس
5۔ شفا بخش خیالات کی کرشمہ سازیاں، نبوی طریقے، جدید سائنس

اسلام اور جدید سائنس

1۔ تعلیمات نبوی ﷺ اور جدید سائنس
2۔ فیضان سنت اور جدید سائنس
3۔ باپ کا تقدس، اسلام اور جدید سائنس
4۔ ماں کا تقدس، اسلام اور جدید سائنس
5۔ تربیت اولاد، اسلام اور جدید سائنس
6۔ سنت نبوی ﷺ اور جدید سائنس (جلد نمبر 1)
7۔ سنت نبوی ﷺ اور جدید سائنس (جلد نمبر 2)

8۔ سنت نبوی ؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 3)

9۔ سنت نبوی ؐ اور جدید سائنس (جلد نمبر 4)

10۔ جادو جنات اسلام اور جدید سائنس

11۔ موت کے سائنسی اور روحانی انکشافات

12۔ معاشرت نبوی ؐ اور جدید سائنس

جسمانی امراض اور جدید سائنسی تحقیقات

1۔ ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی روحانی اور سائنسی ترکیب

2۔ پرسکون نیند' نبوی طریقے اور جدید سائنس

3۔ پتھری اور ڈائیلسز' علاج نبوی ؐ اور جدید سائنس

4۔ امراض معدہ' علاج نبوی ؐ اور جدید سائنس

5۔ شوگر کا سائنسی اور روحانی علاج

6۔ ہیپاٹائٹس کا سائنسی اور روحانی علاج

7۔ شاندار جوانی' جاندار بڑھاپا

8۔ موٹاپے سے نجات' علاج نبوی ؐ اور جدید سائنس

9۔ کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج

10۔ جڑی بوٹیوں کے کمالات اور جدید سائنسی تحقیقات

11۔ وٹامن جسمانی صحت کیلئے کیوں ضروری ہیں؟

12۔ ہائی بلڈ پریشر کا روحانی اور سائنسی علاج

13۔ صحت بخش خوش ذائقہ خوراکیں اور سائنسی اصول

طبی کتب

1۔ رنگ برنگی سبزیاں' دوا بھی' شفا بھی

2۔ پھلوں سے صحت و خوبصورتی

3۔ حسن و صحت کیلئے انمول ٹانک

4۔ شوگر کا کامیاب علاج

5۔ شافی دوائیں' شافی علاج

6۔ تندرستی کے دس راز دان ٹانک

7۔ حیرت انگیز حافظہ ناممکن نہیں

8۔ حکماء کی زندگیوں کے طبی نچوڑ

9۔ معالج اور مریضوں کے تجربات

10۔ طبی تجربات و مشاہدات

11۔ کینسر کو شکست

12۔ انوکھی بیماریاں' انوکھے علاج

13۔ میرے طبی رازوں کا خزانہ

14۔ آزمودہ گھریلو معالج

15۔ الرجی سے نجات کے قدرتی طریقے

16۔ قبض سے چھٹکارا

17۔ خوبصورت اور گھنے بال

18۔ عبقری ادویات کی شفایابی

شخصیات و تاریخی کتب

1۔ گلوکاری سے پرہیزگاری تک

2۔ مشاہیر کی آپ بیتیاں

3۔ 1947ء کے مظالم کی کہانی' خود مظلوموں کی زبانی

4۔ بھارتی مسلمانوں پر کیا گزری؟

5۔ شہید پاکستان

6۔ جیلوں میں بیتے لمحات کی کہانی مشاہیر کی زبانی

7۔ مولانا طارق جمیل شخصیت و کمالات

8۔ مولانا طارق جمیل کے ہمراہ

9۔ عظمت اہل بیت ؓ

10۔ صادق دوست اور قلعہ ڈیراور

خواتین

1۔ سدا بہار حسن کی ضامن غذائیں
2۔ خواتین کے حسن و جمال کے قیمتی راز
3۔ عورت اسلام اور جدید سائنس
4۔ خواتین کی اسلامی زندگی کے سائنسی حقائق
5۔ حسن لازوال کی قاتل بیماریاں

روحانیات و عملیات

1۔ روحانی غسل کے کرشمات
2۔ مشکلات سے نجات پانے والوں کے روحانی تجربات
3۔ دو انمول خزانے (اردو)
4۔ سورۂ بقرہ سے شرطیہ (انشاء اللہ) بیٹا پائیں
5۔ جنات کی چوریاں روکنے کا فیصلہ کن عمل
6۔ مالدار بنانے کا آزمودہ راز
7۔ گھریلو الجھنوں کا روحانی اور قرآنی علاج
8۔ جادو جنات کے پُراسرار حقائق اور آزمودہ روحانی علاج
9۔ ایک روحانی عامل کی خفیہ ڈائری
10۔ کامیاب عامل بنئے
11۔ روحانیت' جادو اور وہم
12۔ بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف
13۔ روزگار کی پریشانی کا آزمودہ وظیفہ
14۔ گھریلو الجھنوں کا روحانی علاج
15۔ بدترین خصلتوں کا بہترین علاج
16۔ کھنڈرات سے ملی خاندانی بیاض
17۔ مایوس خاندانی مشکلات کا پُرتاثیر روحانی علاج
18۔ روحانی دنیا کے انوکھے بھید
19۔ کشف اور پُراسرار روحانی قوتوں کا حصول
20۔ افحسبتم اور اذان کے کرشمات
21۔ جنات کا پیدائشی دوست (جلد اول)
22۔ وضو کے بعد تین گھونٹ پانی کے کرشمات
23۔ سورۂ یٰسین کے کرشمات
24۔ عامل کامل بننے کے راز
25۔ گھریلو الجھنوں سے چھٹکارا پانے والے
26۔ مجھے وظائف سے غیبی مدد کیسے ملی؟
27۔ مشکلات کے پہاڑ اور میرے روحانی تجربات
28۔ سترہ وظائف سے زندگی آسان
29۔ حٰم لا ینصرون کے کرشمات
30۔ موتی مسجد کے عمل کے کرشمات
31۔ مجھے شفاء کیسے ملی؟
32۔ کالی دنیا کالا جادو' وظائف اولیاء اور سائنسی تحقیقات
33۔ صلوٰۃ التسبیح کے کرشمات
34۔ مثالی حافظہ اور آزمودہ نبوی عمل
35۔ حالِ دل
36۔ علماء اہل حدیث کے آزمودہ عملیات

صوفی ازم اور اصلاح باطنی

1۔ صوفی ازم سے روشنی کا سفر
2۔ صوفی ازم کے روشن ستارے
3۔ صوفی ازم اور قبولیت دعا
4۔ صوفی ازم اور باطنی سکون
5۔ خطبات عبقری (جلد اول)
6۔ خطبات عبقری (جلد دوئم)

7۔ خطبات عبقری (جلد سوئم)

8۔ خطبات عبقری (جلد چہارم)

9۔ اقوال اولیاء

10۔ آداب معرفت

11۔ معرفت کے متلاشی

12۔ صوفی ازم اور ٹینشن فری لائف

13۔ روحانی پاکیزگی

14۔ شاہراہ معرفت پر کامیابی کا سفر

15۔ توبہ کے کمالات

16۔ کمالات اولیاء

17۔ شجرہ طیبہ قادری ہجویری

18۔ ندامت کے آنسو

19۔ علماء اہل حدیث کا ذوق تصوف

20۔ علماء اہل حدیث کی سچی کرامات

21۔ اسلاف اہل حدیث کی رواداریاں

22۔ علماء اہل حدیث اور تصوف کی خوشبو

فطرت کے انوکھے مناظر

1۔ جانوروں کے انوکھے چشم دید واقعات

علاج نبویؐ اور جدید سائنس

1۔ صحت مند عادات نبویؐ طریقے اور جدید سائنس

2۔ مہلک دوائیں، نبوی دوائیں اور جدید سائنس

3۔ مہلک غذائیں، نبویؐ غذائیں اور جدید سائنس

4۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد1)

5۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد2)

6۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد3)

7۔ معالجات نبویؐ اور جدید سائنس (جلد4)

8۔ نباتات قرآنی اور جدید سائنس

9۔ نبویؐ دسترخوان، صحت وتندرستی کے راز اور جدید سائنس

10۔ مہلک عادات، نبویؐ طریقے اور جدید سائنس

11۔ قدرتی ٹانک اور علاج نبویؐ

12۔ غلطیوں کی اصلاح، نبویؐ طریقے اور جدید سائنس

13۔ شہد کی کرامات

14۔ کلونجی کے کرشمات

نوجوانوں کے مسائل

1۔ ازدواجی مسائل علاج نبویؐ اور جدید سائنس

2۔ نوجوانوں کی جنسی الجھنیں، علاج نبویؐ اور جدید سائنس

3۔ نوجوانوں کے جنسی مسائل، علاج نبویؐ اور جدید سائنس

4۔ جنسی پاکیزگی، نبویؐ علاج واحتیاط اور جدید سائنس

5۔ جوانی کی حفاظت کیسے کی جائے؟

6۔ عشق، اسلام اور جدید سائنس

7۔ جنسی زندگی، اسلام اور جدید سائنس

8۔ مایوس نوجوان ویران جوانی

9۔ جنس، جوانی، اسلام اور جدید

دیگر زبانوں میں تراجم

1۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد اول)

(انگلش، ہندی، فرنچ، بنگلہ، وغیرہ)

2۔ سنت نبویؐ اور جدید سائنس (جلد دوئم)

(انگلش، ہندی، فرنچ، بنگلہ، وغیرہ)

3۔ دوانمول خزانے (انگلش)

4۔ آسان نیکیوں کے حیرت انگیز فضائل (انگلش)

متفرقات

1۔جیل کا جہنم
2۔رمضان المبارک کے روحانی وجسمانی ٹوٹکے
3۔حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ
4۔غیر مسلموں کی عبادت گاہوں کا تحفظ ان کے حقوق اور ہماری ذمہ داریاں
5۔پیغمبر اسلامؐ کا غیر مسلموں سے حسن سلوک
6۔مجاہد یا دہشت گرد۔

حضور ﷺ سارے جہانوں کیلئے رحمت

1۔ سخت تکلیفیں سہنے کے باوجود بھی آپ ﷺ نے تکلیفیں دینے والے کے حق میں بددعا نہیں فرمائی بلکہ فرمایا میں لعنت کرنے والا نہیں ہوں بلکہ میں تو صرف رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

2۔ غزوہ احد میں آپ ﷺ کو کئی زخم آئے، دندان مبارک شہید ہو گئے، خون مبارک سے چہرہ اور کپڑے بھر گئے، لیکن اس سب کے باوجود بھی آپ ﷺ نے جو دعا فرمائی وہ یہ ہے کہ میں لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا گیا۔ اے اللہ! میری قوم کا یہ گناہ معاف کردے کیونکہ وہ نہیں جانتے۔

3۔ حضرت اسما بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول کریم ﷺ کے عہد مبارک میں میری والدہ میرے پاس تشریف لائیں وہ مشرکہ تھیں میں نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں یہ صورتحال عرض کی کہ وہ مجھ سے کچھ مانگتی ہیں کیا میں ان کے ساتھ صلہ رحمی کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں (اس مذہبی اختلاف کے باوجود) تو اپنی ماں کے ساتھ صلہ رحمی کر۔

4۔آپ ﷺ ایک مرتبہ خوشنما نجرانی چادر زیب تن فرمائے تشریف لے جارہے تھے کہ ایک اعرابی آیا اور اس نے چادر کو پکڑ کر زور سے کھینچا اور کہا اس مال میں سے ہمیں بھی دو۔ آپ ﷺ نے مڑ کر دیکھا اور مسکرانے لگے اور آپ ﷺ نے اسے مال دینے کا حکم دیا۔

زندگی کا سکون ''ماہنامہ عبقری''

مشکلات کتنی بھی سخت، کسی بھی قسم کی ہوں، گھریلو، عدالتی، جیلوں، ہسپتالوں، سکولوں، کالج، اولاد، میاں بیوی، ساس، نند، دیورانی، جیٹھانی اور کسی بھی قسم کی الجھنیں ہوں یا معاشی مشکلات ہو جادو جنات کے سخت ترین اثرات جو آپ کو مایوس کر دیں تو اس وقت آپ پڑھیں......!

ماہنامہ عبقری لاہور

بلا رنگ و نسل دکھی انسانیت کی خدمت ادارہ عبقری کا مشن ہے، آپ بھی اس روشنی کو دوسروں تک پھیلائیے۔ خود پڑھیے جیلوں، ہسپتالوں میں موجود پریشان لوگوں تک پہنچا کر ان کی دادرسی کیجئے۔ اگر کسی ایک کے بھی دل سے دعا نکل گئی تو یقیناً ہماری دنیا و آخرت سنور جائے گی۔

ہر قسم کی پریشانیوں اور مشکلات سے حل کیلئے مغرب تا عشاء تسبیح خانہ قادری ہجویری لاہور میں ہونے والا درس دنیا بھر میں آن لائن سنئے

www.ubqari.org

مرکز روحانیت و امن 78/3 عبقری سٹریٹ، نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور

042-37425801,37425802-3

اللہ پاک سے دوستی کا نہایت آسان عمل

حضرت قطب الاقطاب مرشدی خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ ایک عمل ہے تو نہایت ہی آسان لیکن اس میں تاثیر یہ ہے کہ یہ عمل انسان کو بستر پر بیٹھے بیٹھے ولی بنا دیتا ہے۔ پھر عمل کی وضاحت فرمائی کہ: دعا کرتے وقت چشم تصور میں دل کو اپنے اٹھے ہوئے ہاتھوں میں رکھیں اور سوچیں کہ میرا سیاہ دل میرے ہاتھوں میں ہے اور اپنے رب سے یہ دعا کریں کہ "یا الٰہی...... !یہ میرا سیاہ دل ہے...... ! تو اسے سفید اور شفاف بنادے...... ! ایسا بنادے کہ جو تیرے قابل ہوجائے...... !" روتے روتے یہ دعا کرتے رہیں اور اگر رونا نہ آئے تو رونے کی شکل ہی بنالیں۔ اور پھر تصور ہی میں یہ سمجھیں کہ میرا دل دھل گیا اور پھر اس پاکیزہ دل کو چہرے پر ہاتھ پھیرتے ہوئے واپس اپنی جگہ لگالو۔

اگر اس کو اپنی زندگی کا معمول بنالو، چند دن کی کوشش سے آپ کو دوائے دل اور صفائے دل کی نعمت اپنی آنکھوں سے نظر آنا شروع ہوجائے گی۔ بس.... !شرط یہ ہے کہ طالب کی ندامت سچی ہو۔

☆☆☆☆☆

ہمارا عزم...... دکھی انسانیت کی خدمت

چراغ سے چراغ جلتا ہے اور دل سے نکلی بات دکھوں کو جلا کر راکھ میں ملا کر راحت وروشنی کا ذریعہ بنتی ہے۔ جو میرے پاس ہے وہ آپ کا ہے اور جو آپ کو ملا، وہ عالم بھر کی تمام انسانیت کیلئے ہے۔ بخل شکنی ہی فقیری کا حصہ ہے۔ فقیر اور مجذوب کی دنیا بھی عجیب ہوتی ہے، جو منہ سے نکلا نفع ہی نفع اور فائدہ ہی فائدہ۔

زیر نظر کتابچہ صرف معلوماتی تحریر نہیں، بلکہ بیتے عمل کی سچی کہانیاں ہیں، جو وحی سے مزین عمل کی برکت کا نتیجہ ہیں۔ جنہیں فقیر، اعلیٰ عہدیدار، پریشان حال اور ہر طرف سے مایوس لوگوں نے زندگی کا معمول بنایا...... تو چونک اٹھے......! کہ اب تک ہم کہاں بھولے بھٹکے رہے۔ آپ بھی اٹھیں اور ابھی اپنائیں......! اور شفایابی کے شفاف نور سے لبریز سمندر سے اپنے سارے روگ دھوڈالیں، آفتوں کو ٹلوا کر سکون وعافیت کے سانچے میں ڈھال کر نئی صبح اور نئی شام کی امنگ پیدا کریں۔ جو آزمائیں......! ہمیں لکھنا نہ بھولیں......! بلکہ ضرور لکھیں تا کہ صدقہ جاریہ رہے، منتظر رہیں گے۔


گردے، ڈائیلسز اور پتھری
کا
سائنسی اور روحانی علاج

خواتین کے حسن و جمال
کے قیمتی راز


علماء اہلحدیث
کے آزمودہ عملیات

سدابہار حسن کی
ضامن غذائیں


قدرتی ٹانک
اور
علاج نبوی ﷺ


قدرت کا
انعام اور انتقام


ربنا اٰتنا فی الدنیا...
کے کرشمات


جنات سے
سچی ملاقاتیں

دفتر ماہنامہ "عبقری"

78/3 مرکز روحانیت و امن، عبقری اسٹریٹ نزد قرطبہ مسجد مزنگ چونگی لاہور
فون: 042-37425801, 0322-4688313
Email: contact@ubqari.org, Website: www.ubqari.org